علم شماریات ایک اہم مضمون ہے۔ زمانۂ قدیم سے لیکر آج تک مختلف طریقوں سے علم شماریات کا استعمال ہوتا رہا ہے۔ ہر دور میں اس کے معنی اور تعریف کی وضاحت کی گئی ہے۔

لفظ Statistics لاطینی لفظ "Status" اور "Statisticum" "Statisticus" اور جرمن لفظ Statistik، اطالوی لفظ Statista اور فرانسیسی لفظ Statistique سے ماخوذ ہے۔ اس کو Political State یا Government سے مراد لیا جاتا ہے۔ قدیم دور (Ancient Period) میں Statistics کو Science of State یا Science of Kings کے طور پر استعمال کیا گیا تھا۔ 1602ء میں شیکسپیئر نے اپنے ڈرامہ Hamlet میں لفظ Statist کا استعمال کیا تھا۔ 1662ء میں John Grount اور William Petty نے مردم شماری کے لیے علم Statistics کو استعمال کیا تھا۔ 1749ء میں جرمنی میں اس لفظ کو استعمال کیا گیا۔ وقت کے بدلنے کے ساتھ ساتھ دنیا بھر میں اس کا استعمال نارمل ہوا اور آج کے دور میں علم شماریات (Statistics) کو ملک کی مردم شماری، سماجی و معاشی مختلف پہلوؤں کے مطالعہ میں استعمال کرتے ہیں۔ Statistics کو اردو زبان میں علم شماریات میں اعداد شمار بھی کہتے ہیں۔

Prof.Prasanta Chandra Mahalamobis کو ہندوستانی علم شماریات کا باوا آدم (Father of Indian Statistics) کہتے ہیں۔ اسی طرح برطانوی ماہر شماریات Sir Ronald Fisher کو جدید شماریات کا باوا آدم (Father of Modern Statistics) کہتے ہیں۔ علم شماریات اطلاقی ریاضی (Applied Mathematics) سے تعلق رکھتی ہے۔ رونالڈ فشر، Florence Nightingale، John Graunt، کارل پیرسن، مہالونوبس، John Tuhey عالمی سطح کے چند اہم ماہرین شماریات ہیں۔

علم شماریات کو مختلف ماہرین نے مختلف تعریفات پیش کیے ہیں۔

Prof. Batingtoo کے مطابق ''علم شماریات کو 'Science of Estimates and Probabilities' کہتے ہیں''۔

Croxton and Cowdon کے مطابق ''علم شماریات عددی مواد کو حاصل کرنے پیشکش اور تجزیہ سے تعلق رکھتا ہے''۔

Selligman کے مطابق ''علم شماریات تحقیق میں مواد کی درجہ بندی اور پیشکش سے تعلق رکھتی ہے''۔

Webster کے مطابق ''علم شماریات کسی ریاست کے حقائق کی وضاحت کرتے ہیں''۔

A.L. Bowley کے مطابق ''شماریات حساب کاری کا علم (Science of Counting) ہے''۔

دوسری تعریف میں شماریات کو(Science of Average)یعنی اوسط کے مطالعہ کو شماریات قرار دیا۔

Youle and Kendal کے مطابق ''شماریات مقداری مواد سے تعلق رکھتا ہے، جس کو مختلف وجوہات کے تحت استعمال کرتے ہیں''۔

---

## 4.4 شماریات کی وسعت(Scope of Statistics)

علم شماریات کے معنی اور تعریف سے واقف ہو چکے ہیں۔آپ کو اندازہ ہو چکا ہے کہ علم شماریات کا دائرہ کافی وسیع ہے۔اس کو ہر چھوٹے و بڑے تاجرین صنعتکار، پھیری کے کاروبار کرنے والے تاجرین، دوکاندار، ترکاری فروش وغیرہ وغیرہ بھی استعمال کرتے ہیں۔ تعلیمی اداروں میں اس کا خاص استعمال ہوتا ہے۔کامیابی کے مختلف سطحیں بنائی جاتی ہیں۔اول، دوم، سوم، امتیازی نشانات وغیرہ اور فیصد مقرر کیا جاتا ہے۔ہر سال تعلیمی ادارے جماعت دہم یا اعلیٰ جماعتوں کی کامیابی کی فہرست اور تناسب جاری کرتے ہیں۔تاکہ تعلیمی ادارے کی کارکردگی سے لوگ واقف ہو سکیں۔طبّی ادارے یعنی شفاخانے، دواخانے، دارالمطالعہ، امداد باہمی ادارے و تاجرین، صنعتکار اپنی سالانہ کارکردگی کو رپورٹ کی شکل میں شائع کرتے ہیں۔ذیل میں علم شماریات کی وضاحت کی گئی ہے۔

کاروباری انتظامیہ میں شماریات Statistics in Business Management

علم شماریات ایک اہم علم ہے۔اس کو ہر ایک اپنی ضرورت اور مقصد کے تحت استعمال کرتے ہیں۔کاروباری انتظامیہ کے تمام فیصلے شماریات کے پس منظر میں طے کیے جاتے ہیں۔یہ علم کاروبار کی کامیابی اور ناکامی کے عوامل کی نشاندہی کرتی ہے۔کاروبار کی نوعیت، قسم، مقام، حالات وغیرہ کے اعتبار سے سرمایہ کی موزوں سرمایہ کاری، کاروبار کے مختلف اثاثوں کی خریدی، خام مال ومزدوروں کا تعین، مقدار پیداوار کا تعین، ذخیرہ کی حکمت عملی، تشہیر، صارفین تک سامان کی منتقلی وغیرہ مختلف منورملات میں علم شماریات کے مختلف تکنیک کی مدد لی جاتی ہے۔

معاشی منصوبہ بندی (Economic Planning)

ہر ملک معاشی ترقی واستحکام پر مختلف منصوبوں کی تشکیل دیتی ہے۔استحکام کو قوت بخشنے والے پراجکٹ کی منظوری وغیرہ میں علم شماریات کارآمد ثابت ہوتی ہے۔ موجودہ معاشی ترقی کے پس منظر میں معاشی مسائل کی نشاندہی، مسائل کے حل کے تدابیر، وقت کا تعین، درکار سرمایہ کی مقدار، ممکنہ نتائج، ممکنہ شرح ترقی، معشیت کے مختلف شعبوں پر اثرات وغیرہ وغیرہ اہم امور ہیں۔جن کو معاشی منصوبہ بندی کے دوران غور وخوص کیا جاتا ہے۔ ہر ملک مختلف سماجی و معاشی مسائل سے دوچار ہوتا ہے۔ مسائل کے ممکنہ حل کے لیے حکمت عملی کو قطعیت دینے کے دوران شماری پیمانوں کا استعمال کیا جاتا ہے۔

### انتظامیہ میں علم شماریات Statistics in Administration

آپ نے دیکھا کہ علم شماریات ایک وسیع مضمون ہے۔ ہر مضمون اس کو مختلف طریقوں سے استعمال کرتا ہے۔ صنعتی و دفتری انتظامیہ میں بھی شماریات کے مختلف پہلوؤں کا استعمال کیا جاتا ہے۔ صنعتی انتظامیہ، دفتری انتظامیہ، سرمایہ کا انتظامیہ، ملازمین کی بھرتی، ذخیرہ کا انتظامیہ، پیداوار کا انتظامیہ وغیرہ مختلف انتظامی میدان میں شماریات کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اس علم کی روشنی میں ضرورت کے تحت وسائل پیداوار کا استعمال کر سکتے ہیں۔ کفایت شعاری اور وسائل کے صحیح استعمال کی ترکیب حاصل ہوتی ہے۔ جس سے ہر شعبہ کی کارکردگی ہمت افزاء ہوتی ہے۔

### تعلیم Education

تعلیم ایک اہم شعبہ ہے، جس پر معشیت کے مختلف پلر قائم ہوتے ہیں۔ ہر ملک کی معاشی سرگرمی اس ملک کی تعلیمی سرگرمیوں پر منحصر ہوتی ہے۔ ملک میں شعبہ تعلیم کی کارکردگی کا پتہ لگانے، تعلیم کو بلند کرنے، تعلیمی سرگرمیوں کو رائج کرنے، سائنسی تحقیقاتی اداروں کو قائم کرنے، ملک کی شرح خواندگی میں اضافہ کرنے، تعلیم کو روزگار سے جوڑنے، کامیابی کا تناسب بڑھانے، سائنسی و سماجی علوم کو رائج کرنے، دیہی و شہری تعلیمی تفاوت کو کم کرنے وغیرہ مختلف مسائل کو حل کرنے میں شماریات اہم کردار ادا کرتا ہے۔

### صنعت Industry

ہر ملک کی معشیت پر صنعتیں راست طور پر اثرانداز ہوتے ہیں۔ جن ممالک میں قدرتی ذخائر یا وسائل کافی مقدار میں پائے جاتے ہوں، وہاں پر صنعتوں کی کثرت پائی جاتی ہے۔ صنعتوں کے قیام سے قبل قدرتی وسائل کا پتہ لگانے، صنعتوں کے قیام کے مراحل کو تکمیل دینے، صنعتوں کے قیام سے حاصل ممکنہ نتائج کا تعین کرنے وغیرہ اہم امور ہیں جن کو صنعتی پالیسی اختیار کرنے کے دوران غور وخوص کیا جاتا ہے۔ ملک میں چھوٹے پیمانے کی صنعتوں، درمیانی یا بڑے پیمانے کی صنعتوں کے درمیان توازن پیدا کرنے، صنعتوں کی مقام پذیری، صنعتی پیداوار اور فروخت وطلب میں توازن پیدا کرنے وغیرہ مختلف منور مللات میں شماریات کارگرد ثابت ہوتی ہے۔

---

## 4.5 شماریات کی اہمیت (Importance of Statistics)

---

دنیا کا ہر علم اپنی اپنی منفرد اہمیت وافادیت رکھتا ہے۔ نارمل طور پر علم ریاضی کو اہمیت کے اعتبار سے منفرد مقام دیا جاتا ہے۔ اسی طرح سائنسی علوم اور سماجی علوم کو بھی مختلف میدانوں میں اہمیت دی جاتی ہے۔ علم شماریات بھی اہمیت وافادیت کے اعتبار سے کافی منفرد مقام رکھتا ہے۔ سابقہ جماعتوں میں حاصل نشانات کی بنیاد پر اپنی کامیابی کا فیصد معلوم کر چکے ہیں۔ ملک کی گھریلو پیداوار، روزگار، شرح پیدائش و اموات، درآمدات و برآمدات وغیرہ علم شماریات کی مدد سے بہتر طور پر پیش کر سکتے ہیں۔ علم شماریات کی اہمیت کو مختلف علوم کے پس منظر میں آسانی کے ساتھ سمجھ سکتے ہیں۔ ہر علم میں اس کا ایک ہی طریقے سے استعمال نہیں کیا جاتا ہے۔ مضمون کی اہمیت واستعمال کے پس منظر میں علم شماریات کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ذیل میں مختلف مضامین کے پس منظر میں علم شماریات کی اہمیت کو بتلایا گیا ہے۔

## 1۔ معاشیات Economics

علم معاشیات ایک اہم علم ہے۔ کسی ملک کی آمدنی و اخراجات کی کیفیت، شرح پیدائش و اموات، صنعتوں کی تعداد، روزگار کی سطح، بیروزگاری کی سطح، شہری و دیہاتی سہولتیں، صنعتوں کی پیداوار، چھوٹے پیمانے کی صنعتیں، ریاست اور مرکزی حکومت کے موازنہ کی پیشکش سطح غربت، معیار زندگی، درآمدات و برآمدات وغیرہ علم معاشیات سے تعلق رکھتے ہیں۔ انہیں علم شماریات کی مدد سے بہتر طور پر تجزیہ کر سکتے ہیں۔ فیصد یا تناسب وغیرہ علم شماریات کے ہی حصے ہیں۔ اس کو نارمل فہم بنانے کے لیے اعداد کو گراف کی شکل میں بھی پیش کر سکتے ہیں۔ علم شماریات کے زبان میں پیش کرنے سے ہر شخص آسانی کے ساتھ سمجھ سکتا ہے۔ اسی طرح روزگار کو بڑھانے، شرح تعلیم یا خواندگی میں اضافہ، قومی آمدنی میں اضافہ، گھریلو پیداوار میں اضافہ وغیرہ وغیرہ مختلف میدانوں میں ترقی و نمو کے لیے حکمت عملی اختیار کرنے میں بھی علم شماریات کو استعمال کیا جاتا ہے۔ سرکاری اعتبار سے ملازمین میں تنخواہ کی ادائیگی، بونس کی اجرائی، رعایت، شرح سود کا تعین، بنک کاری نظام وغیرہ بھی علم شماریات کا استعمال کرتے ہیں۔ علم شماریات کا استعمال کے بغیر نتائج کا بہتر طور پر تجزیہ کرنا ممکن نہیں۔

## 2۔ کاروباری انتظامیہ (Business Management)

کاروبار ایک اہم معاشی سرگرمی ہے۔ ہر چھوٹے و بڑے تجارتی اداروں کا اہم مقصد منافع کمانا ہوتا ہے۔ اسی مقصد کے تحت مختلف تاجرین حکمت عملی اختیار کرتے ہیں۔ کاروبار مختلف اقسام کے ہیں۔ پھیری کا کاروبار، موسمی کاروبار، ترکاری و میوہ فروش، کرایہ دوکان، ٹیلر شاپ وغیرہ وغیرہ چند چھوٹے پیمانے کے کاروبار ہیں۔ اسی طرح کپڑے، جوتے، لوہے فولاد، کمپیوٹر ٹکنالوجی وغیرہ وغیرہ چند بڑے پیمانے کے کاروبار ہیں۔ شہروں میں واقع بڑے بڑے مال سنٹر بھی اہم کاروباری ادارے ہیں۔ آپ کو اسکول کے ایام یاد ہونگے۔ اسکول کے اوقات میں اسکول کے باہر آئسکریم اور پھلی، جام، بیر وغیرہ فروخت کرنے کے لیے معمولی تھیلے پر جمائے رکھتے ہیں۔ اسی طرح موسم گرما میں سڑکوں پر شربت کے مختلف اسٹال لگتے ہیں۔ کیا آپ جانتے ہیں یہ سب علم شماریات کا کس طرح استعمال کرتے ہیں۔ اوقات، قیمت خرید، قیمت فروخت کا تعین کرنا، شرح منافع و نقصان کا اندازہ لگانا، صارفین کو راغب کرنا، مقدار پیداوار کا تعین کرنا، لاگتوں پر کنٹرول کرنا، آمدنی و اخراجات میں توازن پیدا کرنا، موسم کے اعتبار سے کاروبار چلانا وغیرہ وغیرہ تمام امور علم شماریات سے تعلق رکھتے ہیں۔ جن کو تاجر مختلف زاویوں سے استعمال کرتا ہے۔

## 3۔ مالیاتی انتظامیہ (Finance Management)

ہر تاجر بیش ترین منافع حاصل کرنا چاہتا ہے۔ ہر تاجر کے پاس مالیہ کے محدود ذرائع ہوتے ہیں۔ محدود سرمایہ کو اس طرح سرمایہ کاری کرنا چاہتا ہے جس سے اس کو زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل ہو سکے۔ کاروبار کی نوعیت کے اعتبار سے سرمایہ کی رقم مختص کی جاتی ہے۔ چھوٹے کاروبار کے لیے سرمایہ کی کم ضرورت ہوگی۔ کاروبار میں ضرورت سے زائد رقم سرمایہ کاری کی جائے تو زائد سرمایہ سے تاجر کو فائدہ کے بجائے نقصان ہوگا۔ مثلاً گلی کوچوں میں پھر پھر کر آئسکریم فروخت کرنے والا تاجر یا کسی ٹفن سنٹر کا مالک مقدار پیداوار طے کرنے سے قبل وقت، حالات، مقامی صارفین کی تعداد، موسم، گرما، سرما، بارش، آب و ہوا وغیرہ مختلف عوامل کو مد نظر رکھتا ہے۔ ان ہی عوامل کے مد نظر سرمایہ بھی مشغول کرتا ہے۔ کیونکہ تعطیلات، برسات، شدید گرمی وغیرہ ایام میں صارفین کی کم تعداد پائی جاتی ہے۔ بڑے بڑے صنعتکار مالیہ

مشغول کرنے سے قبل ممکنہ فوائد اور اس کے متعلق مختلف حکمت عملیوں کو قطعیت دیتے ہیں۔ پھر کسی موزوں پیداوار پر سرمایہ کاری کو قطعیت دی جاتی ہے۔ کاروبار کی نوعیت یا کاروبار کے اعتبار سے سرمایہ مشغول کرنا کامیاب کاروبار کی نشانی ہے۔ فاضل رقومات کو محفوظ رکھا جاتا ہے تاکہ اس سے کچھ آمدنی حاصل کرسکے۔ غیر ضروری سرمایہ کاری سے بچنے کے لیے علم شماریات کے مختلف پہلوؤں کا استعمال کیا جاتا ہے۔

4۔ علم سماجیات Sociology

علم سماجیات ایک اہم علم ہے۔اس میں سماج سے متعلق مختلف امور کا تجزیہ کیا جاتا ہے۔ طبقات، سماج کے رہن سہن، طور طریقے، رسم و رواج، مرد اور خواتین کی تعداد، مذہبی رسم و رواج، عیدین و تہوار، گھریلو یا خاندانی طور طریقے، زبان، شرح خواندگی، روزگار کی سطح، بیروزگاری کی شرح وغیرہ وغیرہ مختلف سماجی پہلو ہیں جو سماجیات سے تعلق رکھتے ہیں۔ علم شماریات کی مدد سے سماج کے ان مختلف پہلوؤں کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ مختلف امور کو تناسب یا فیصد میں ظاہر کیا جاتا ہے۔ مملکت کے استحطام کے لیے کن کن تناسبوں میں اضافہ کرنا لازمی ہے۔ اس پر حکمت عملی اختیار کی جاتی ہے۔

5۔ علم تاریخ History

علم تاریخ ایک اہم مضمون ہے۔اس میں تاریخی حکمرانوں، بادشاہوں، راجاؤں کی حکومت اور طرز عمل کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ زمانۂ قدیم سے دور حاضر تک دنیا کے مختلف علاقوں کے مختلف حکمرانوں کی زندگی، طرز حکومت، طور طریقے وغیرہ وغیرہ کے متعلق مطالعہ کیا جاتا ہے۔ دور حاضر کی طرح تاریخی دور میں کتنے فیصد افراد تعلیم یافتہ تھے،افراد کا رہن سہن، طور طریقے، روزگار، بیروزگار، آمدنی، معیار زندگی، ترقیات، کاروبار، صنعتوں یا پیداواری اداروں کی نوعیت، مقدار پیداوار، درآمدات و برآمدات، کرنسی نظام، نظم وضبط، بندوبست وغیرہ مختلف تاریخی پس منظر کو شماریات کے پس منظر میں ظاہر کرتے ہیں۔ جس سے تاریخ کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔

6۔ علم ریاضی Mathematics

علم ریاضی ایک اہم مضمون ہے۔ ہر دور میں اس مضمون کی اہمیت کو قبول کیا جاتا ہے۔ گنتی، اعداد کی درجہ بندی، حساب کتاب، زاویئے فیصد، تناسب وغیرہ علم ریاضی سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ تمام اعداد شمار میں استعمال کیے جاتے ہیں۔ علم ریاضی اور علم اعداد شمار کا آپس میں گہرا تعلق پایا جاتا ہے۔ان ہی کے مختلف پہلو علم ریاضی میں کافی استعمال میں آتے ہیں۔ علم ریاضی کے مسائل کو حل کرنے میں شماریات کی مدد لی جاتی ہے۔

## 4.6 شماریات کے آلات (Tools of Statistics)

شماریات ایک اہم علم ہے۔ جس میں ہر چھوٹے و بڑے تجارتی، قومی و بین الاقوامی منورملات کا تجزیہ کیا جاتا ہے۔ لین دین کے منورملات، کاروبار کی معاشی سرگرمیوں وغیرہ کے اعتبار سے شماریات کے مختلف ضوابط کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اوسط، وسطانیہ، بہتانیہ، کوریلیشن، احتمال وغیرہ نارمل طور پر تجارت میں استعمال مختلف ضوابط ہیں، جس کی مدد سے نتائج اخذ ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ کاروبار یا غیر کاروباری منورملات کی جانچ و پڑتال کے لیے بھی ان کا استعمال کرتے ہیں۔ تحقیق میں مواد کو تجزیہ کرنے، نتائج اخذ کرنے کے لیے

شماریات میں مختلف ضابطہ تکنیک طریقے، ماڈلس کو استعمال کرتے ہیں۔انہیں آلاتِ شماریات کہتے ہیں۔ F.Test، T.Test، Regression Analysis،Chai Square Test، چنداہم شماریات کے آلات ہیں۔ان کی مدد سے حاصل مواد کا سائنسی نقطۂ نظر سے درست انداز میں تجزیہ کرتے ہوئے نتائج کو حاصل کر سکتے ہیں۔

ہتھوڑی، اسکروڈرائیور، پھوڑا، تھرمامیٹر، بادپیا، استھٹسکوپ، مختلف آلات یااوزار ہیں جس کی ایک طبعی شکل ہے۔ جن کو مختلف افعال جانچ وپڑتال میں استعمال کرتے ہیں۔ شماریات میں استعمال تکنیک یاضوابط یاماڈلس کی کوئی طبعی ساخت نہیں ہے۔ بلکہ غیر لمسی آلات ہیں۔ جن کو مطالعہ کرنے، تجزیہ کرنے، نتائج اخذ کرنے، منصوبہ بندی، کنڑول، کارکردگی وغیرہ کی جانچ کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ ذیل میں چنداہم شماریات میں استعمال آلات کی وضاحت کی گئی ہے۔

F - Test.1    T - Test.2    Chi Square Test.3

Z - Test.4    Regression Analysis.5    Anova (Analysis of Variance).6

1۔ فشر ٹسٹ (F-Test): ایف ٹسٹ شماریات میں استعمال ہونے والا ایک اہم ٹسٹ ہے۔ یہ Null-Hypothesis میں استعمال ہوتاہے۔Georg W. Snotecor نےSir Ronald Fisher کے اعزاز میں اس ٹسٹ کوF-Test کانام دیاہے۔

اس ٹسٹ کے اہم مفروضات:

اس ٹسٹ کودومتغیرات(Two Variances) کے تقابل کے لیےاستعمال کیاجاتاہے۔ہر وقت اس کی قدر مثبت میں حاصل ہوتی ہے۔ دیے گئے دو اقسام کے نمونوں کے معیاری انحراف (Standard Deviation) کا تقابل کرنے اور ان کی صحت (Variabllity) کی جانچ کے لیےاستعمال کرتے ہیں۔

2۔ ٹی - ٹسٹ (T - Test): ٹی ٹسٹ شماریات میں استعمال ایک اہم ٹسٹ ہے۔ T Distribution کو سب سے پہلے Helmert and Luroth نے 1876ء میں پیش کیا۔ Willian Sealy Gosset نے 1908 میں سب سے پہلے Biometrika میں شائع کیا۔ ٹی ٹسٹ کو Students T. Distribution بھی کہاجاتاہے۔ جہاں پر یہ ملازم تھے وہاں پر اپنے نام کے بجائے محقق یاملازمین اپنے قلمی نام سے مقالے شائع کرنے کی اجازت تھی۔ گوسٹ (Gosset) آئیر لینڈ کے Guinness Brewery میں ملازم تھے۔ چھوٹے نمونہ بندی کے مسائل کو حل کرنے میں دلچسپی رکھتے تھے۔

3۔ کائی اسکوائر ٹسٹ(Chi-Square Test): کائی اسکوائر ٹسٹ شماریات میں استعمال ہونے والاایک اہم ٹسٹ ہے۔اس ٹسٹ کو 1900 ویں صدی میں پیرسن کے کائی اسکوائر پر اپنا تحقیق مقالہ شائع کیا۔ جو جدید شماریات(Modern Statistics) کے بنیاد میں فراہم کیے ہیں۔

4۔ زیڈ ٹسٹ(Z - Test): زیڈ ٹسٹ شماریات میں استعمال ایک اہم آلہ ہے۔ نمونوں کی تعداد زیادہ ہونے پر اس ٹسٹ کواستعمال کیا جاتا ہے۔ نارمل طور پر نمونوں کی تعداد30 سے زیادہ ہونے پر زیڈ ٹسٹ کو استعمال کیا جاتا ہے۔ جب دو اقسام کے نمونوں کے جمیعت (Population) کے اوسط(Mean) اور تغیرات(Variance) معلوم ہوں تب اس کواستعمال کیاجاتاہے۔

### تغیرات کا تجزیہ Analysis of Variance (ANOVA)

تغیرات کا تجزیہ علم شماریات میں استعمال ایک اہم آلہ ہے۔اس کو ماہر شماریات رونالڈ فشر (Ronald Fisher) نے پیش کیا۔ یہ Law of Total Variance کے اصول پر مبنی ہے۔ سر رونالڈ فشر نے سب سے پہلے اصطلاح (Variance) کو استعمال کیا۔ 1925 میں اپنی کتاب "Statistical Method for Research Work" میں Analysis of Variance پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ ANOVA کو Fisher Analysis of Variance بھی کہتے ہیں۔ دو یا زائد گروپ کے درمیان پائے جانے والے تعلق کو اخذ کرنے کے لیے ANOVA ٹسٹ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ تین یا اس سے زائد متغیرات (Variables) کو ٹسٹ کرنے کے لیے اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔

ANOVA دو اقسام کے ہیں۔

1. One way ANOVA Test
2. Two way ANOVA Test

---

## 4.7 مرکزی رجحان کے معنی اور تعریف

## (Meaning and Definitions of Measures of Central Tendency)

---

علم شماریات ایک اہم علم ہے جو کسی ملک، صنعت، فیکٹری، تعلیمی ادارے، تجارت کے منور مللات کو آسان اعداد میں پیش کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ مرکزی رجحان کے مفہوم کو ذیل مین وضاحت کی گئی ہے۔

1۔ مرکزی رجحان کے پیمانے علم شماریات میں استعمال ہونے والے واحد اعداد ہیں جو متعلقہ اعداد کی ترجمانی کرتے ہیں۔

2۔ مرکزی رجحان کے پیمانے حاصل مواد سے اخذ کردہ واحد اعداد ہوتے ہیں جو مواد کی عکاسی کرتے ہیں۔

3۔ مرکزی رجحان کے پیمانے شماریات (Descriptive Statistic) کی ایک شاخ ہے حاصل مواد کا درمیانی عدد ہوتا ہے جو تمام اعداد کی نمائندگی کرتا ہے۔

4۔ ایسا عدد جو مواد کی خصوصیات اور صفات کو ظاہر کرتا ہے جو مرکزی رجحان کے پیمانے کہلاتے ہیں۔

5۔ ایسا عدد جو اعداد کے اوسط یا درمیانی عدد کو ظاہر کرتا ہے وہ مرکزی رجحان کا پیمانہ کہلاتا ہے۔

### 4.7.1 نوعیت (Nature)

مرکزی رجحان کے پیمانے علم شماریات کے اہم پہلوؤں میں سے ایک ہے۔ سماجی علوم کے ہر مضمون میں استعمال میں آتے ہیں۔ مرکزی رجحان کے پیمانے دراصل حاصل مواد کا درمیانی یا وسطی عدد ہوتا ہے۔ دیگر تمام اعداد اس ہی اعداد کے اطراف پائے جاتے ہیں۔ یہ سلسلہ وار مواد کا درمیانی عدد ہوتا ہے۔ یہ مواد کا خلاصہ پیش کرتا ہے یہ دئے گئے اعداد کا اوسط ہوتا ہے۔اس اعداد کی مدد سے مجموعی کارکردگی کا

اندازہ قائم ہوتا ہے اکثر ادارے ان ہی اعداد کو بنیاد بناتے ہوئے اپنی پیداوار کی مثبت عملی اختیار کرتے ہیں، تعلیمی ادارے سالانہ کارکردگی کو ظاہر کرنے کے لیے ان اعداد کا استعمال کرتے ہیں۔ یہ انفرادی اور اجتماعی طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔

چھوٹے پیمانے کے تاجرین زبانی حساب کتاب کے ذریعہ ان کی یومیہ آمدنی واخراجات کا حساب کرلیتے ہیں۔ چھوٹے وبڑے پیمانے کی صنعتوں کے لیے یہ موزوں نہیں ہے۔ صنعتوں کے پیداوار بھاری مقدار میں ہوتے ہیں۔ یہ سالانہ کھاتے تیار کرتے ہیں۔ صنعتیں بازاری طلب اور منصوبہ بندی کو مد نظر رکھتے ہوئے پیداوار جاری کرتے ہیں پیداوروں منصوبہ بندی کے دوران، مقدار پیداوار، لاگت، بازاری طلب ، قیمت، شئے کی نوعیت، ساخت وغیرہ مختلف عوامل کو پیش نظر رکھا جاتا ہے۔ اسکول کے بچوں کے لیے جوتے تیار کرنے والی صنعتیں بغیر حساب کے جوتے تیار نہیں کرتے بلکہ جوتے تیار کرنے پر قبل جوتوں کے مختلف سائز اور مدارس کی تعداد، طلبا کی تعداد، علاقے، شہر، دیہات عوام کی آمدنی کی سطح وغیرہ مختلف عوامل کو مد نظر رکھتے ہوئے جوتوں کے سائز اور ان کی تعداد کا تعین کرتے ہیں۔ جوتوں کے سائز اور ان کی تعداد کے تعین کے دوران طلبا کی اور طالبات کی تعداد کا بھی تجزیہ کرتے ہیں۔ ایک موزوں مقدار کا تعین کرتے ہوئے پیداوار کو جاری کرتے ہیں۔ اس طرح ہر چھوٹے وبڑے صنعتیں حسابات کی مدد سے مقدار پیداوار کا تعین کرتے ہیں اوسط، وسطانیہ وبہتانیہ جامع انداز میں مختلف بھاری پیمانے کے صنعتوں میں کثرت سے استعمال ہوتے ہیں۔

### 4.7.2 اقسام (Types)

اعداد کا تجزیہ کرتے ہوئے نتائج اخذ کرنے میں علم شماریات اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اعداد کی نوعیت کے اعتبار سے ان کا تجزیہ کیا جاتا ہے۔ مرکزی رجحان کے تین اہم اقسام ہیں۔

1۔ اوسط　　2۔ وسطانیہ　　3۔ بہتانیہ

ہر ایک کے متعلق تفصیلی مطالعہ کیجئے۔

1۔ اوسط　　Arithemetic mean or Average

اوسط مرکزی رجحان کی پیائش کی ایک اہم قسم ہے۔ اوسط دئے گئے اعداد کی مرکزی عدد کے حیثیت سے نمائندگی کرتا ہے۔ جس ضابطے کی مدد سے محسوب کیا جاتا ہے اوسط کو حسب ذیل دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ اکائی 10 میں اوسط پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے۔

(i) ہندسی اوسط (Gementic Mean)　　(ii) ہارمونک اوسط (Harmonic Mean)

(iii) اوزنی اوسط (Weighted Arithmetic Mean)

اوزنی اوسط　　Weighted Arithmetic Mean

اوزنی اوسط مرکزی رجحان کے پیمانوں میں اوسط کی ایک اہم قسم ہے۔ جس میں دیے ہوئے اعداد کی وزن کی بنیاد پر اوسط محسوب کیا جاتا ہے۔ اوزانی اوسط کو محسوب کرنے کا ضابطہ

$$\text{اوزانی اوسط} = \frac{\sum WX}{WX}$$

مثال 1: ذیل میں ایک گھر کے ماہانہ اخراجات کی تفصیل دی گئی ہے۔ جس کی مدد سے اوزانی اوسط محسوب کیجئے۔

| متفرق | لباس | تعلیم | ادویات | غذا | اخراجات |
|---|---|---|---|---|---|
| 10 | 20 | 20 | 20 | 30 | فیصد |
| 1 | 1 | 1 | 1 | 2 | وزن |

حل: اوزانی اوسط Weighted Average

| WX | وزن | فیصد(W) | تفصیلات(X) | سلسلہ نمبر |
|---|---|---|---|---|
| 60 | 2 | 30 | غذا | 1 |
| 20 | 1 | 20 | ادویات | 2 |
| 20 | 1 | 20 | تعلیم | 3 |
| 20 | 1 | 20 | لباس | 4 |
| 10 | 1 | 10 | متفرق | 5 |
| 130 | 6 | | | |

$$WX = \frac{\sum WX}{WX} = \frac{130}{6} = 21.6$$

وزنی اوسط $WX = 21.6$

مثال 2: ذیل میں ایک کالم میں طلبا کی تعداد اور ان کی کامیابی کا فیصد دیا گیا ہے۔ جن کی مدد سے وزنی اوسط محسوب کیجئے۔

| ایم سی اے | ایم بی اے | ایم کام | ایم اے | کورس |
|---|---|---|---|---|
| 400 | 300 | 200 | 100 | طلبا کی تعداد |
| 95 | 85 | 90 | 80 | کامیابی کا فیصد |

حل: اوزانی اوسط کی تحسیب (Calculation of Weighted Average)

| WX | کامیابی کی فیصد | طلبا کی تعداد | کورس | سلسلہ نمبرات |
|---|---|---|---|---|
| 8000 | 80 | 100 | M.A | 1 |
| 18000 | 90 | 200 | M.Co, | 2 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 3 | M.B.A | 300 | 85 | 25500 |
| 4 | M.C.A | 400 | 95 | 38000 |
| | | 1000 | | 89500 |

$$WX = \frac{\sum wx}{\sum wx}$$

$$= \frac{89500}{1000}$$

وزنی اوسط= 89.5

2۔ وسطانیہ Median

وسطانیہ مرکزی رجحان کا ایک اہم قسم کا پیمانہ ہے جو دیے گئے اعداد کی درمیانی یا وسطی نقطہ کی حیثیت سے نمائندگی کرتا ہے۔یعنی وسطانیہ دیے گئے اعداد کا بالکل درمیانی یا وسطی نقطہ یا عدد ہوتا ہے۔دئے گئے اعداد کو گھٹتی ہوئی یا بڑھتی ہوئی ترتیب میں ترتیب دینے پر ان کے درمیانی عدد کو وسطانیہ کہتے ہیں۔دیے گئے اعداد کی تعداد طاق ہونے پر وسطانیہ کی قدر آسانی سے اخذ کی جاسکتی ہے۔اس کے برخلاف دئے گئے اعداد کی تعداد جفت میں ہوں تب درمیانی دو اعداد کا اوسط وسطانیہ (Median) کہلاتا ہے۔اس میں درمیانی دو اعداد کے حاصل جمع کو'2'سے تقسیم کیا جاتا ہے۔جس پر وسطانیہ حاصل ہوتا ہے۔اکائی 11 میں وسطانیہ پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے۔

3۔ بہتانیہ یا کثیریہ Mode

بہتانیہ یا کثیریہ مرکزی رجحان کی پیائش کا ایک اہم قسم ہے۔دیے گئے اعداد ہیں سب سے زیادہ مرتبہ دہرائے جانے والے عدد کو بہتانیہ یا کثیریہ (Mode) کہتے ہیں۔دیے گئے اعداد منفی، مثبت، طاق، جفت کسی بھی نوعیت کے ہو سکتے ہیں۔اعداد میں سب سے زیادہ مرتبہ دہرانے والا عدد یا کثرت سے آیا ہوا عدد بہتانیہ کہلاتا ہے۔اعداد کی تعداد کم ہونے پر مشاہدے کی مدد سے بہتانیہ کو محسوب کیا جاسکتا ہے۔اسی طرح اعداد کی تعداد کثیر مقدار میں ہونے پر ضابطہ کے استعمال کی مدد سے بہتانیہ کو محسوب کیا جاتا ہے۔اکائی 12 میں بہتانیہ پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے۔

## 4.7.3 حسابی اوسط کے معنی اور تعریف (Meaning and Definition of Arithmetic Mean)

حسابی اوسط کو مرکزی رجحان کا ایک اہم پیمانے کے اس کی تفہیم کے لیے ذیل میں چند اہم تعریفات دیے گئے ہیں۔

1۔ حسابی اوسط کو آسان الفاظ mean یا Average یا اوسط کہا جاتا ہے۔

2۔ ایسا عدد جو دیے گئے اعداد کے مجموعے کو تعداد سے تقسیم کرنے پر حاصل ہوتا ہے وہ حسابی اوسط کہلاتا ہے۔

3۔ ایسا عدد جو دیے گئے مواد کی مرکزی حیثیت سے نمائندگی کرتا ہو وہ حسابی اوسط کہلاتا ہے۔

4۔ حسابی اوسط دیے گئے اعداد کے مجموعہ کی نمائندگی کرتا ہے۔

مثال 1: ایک جماعت کے سائنس مضمون میں 10 طلبا کے حاصل نشانات دئے گئے ہیں جن کی عدد سے اوسط محسوب کیجئے۔

72 50 33 71 65 42 45 61 42 89

حل: دس طلبا کے حاصل نشانات کو جمع کر لیا جائے۔

تمام طلبا کی نشانات کا کل یا مجموعہ کو طلبا کی تعداد سے تقسیم کرنے پر اوسط حاصل ہوگا۔

$$= 72 + 50 + 33 + 71 + 65 + 42 + 45 + 61 + 42 + 89 = 570$$

$N = 10$ طلبا کی تعداد     $\sum X = 570$ نشانات کا کل     $57 =$ اوسط $= 570/10 =$ اوسط

### 4.7.3.1 اوسط محسوب کرنے کا بالراست طریقہ

(Indirect Method of Calculation of Arthmetic mean)

اوپر کی مثال کو بالراست طریقہ پر اوسط کو محسوب کیا جاتا ہے۔ اس طریقہ کے تحت ذیل مراحل ہیں۔

1۔ دیے گئے اعداد میں سے کسی ایک عدد کو فرض کر لیں۔

2۔ مفروضہ عدد میں سے دیے گئے اعداد کو تفریق کریں جس سے انحراف حاصل ہوتا ہے۔

3۔ انحرافات کو جمع کریں۔

4۔ ذیل کے ضابطہ پر عمل کریں۔

$$X= A+ \sum d/N$$

$$72+50+33+71+65+42+45+61+42+89$$

ان میں سے عدد 65 کو فرض کیا گیا

دیے گئے اعداد کو اس عدد میں سے تفریق کرتے ہوئے مثبت (+) اور منفی (-) علامات کے ساتھ اعداد کو ظاہر کریں۔ جمع اعداد کو جمع کر لیا اور تفریق علامت کے اعداد کو علیحدہ جمع کریں۔ جمع علامت کے اعداد کا مجموعہ +37 اور تفریق علامات کے اعداد کا مجموعہ – 117 ہے ان دونوں کا فرق -80 ہے۔ منفی علامات کے اعداد زیادہ ہیں اس لیے منفی علامت میں ظاہر کیا جاتا ہے۔

ذیل کے ضابطہ میں قیمتیں درج کریں۔

$$X = A + \sum d / \sum N$$

$$= 65 + \frac{-80}{10}$$

$$= 65 - 8$$

$\bar{\sum}$ اوسط $= 57$

مندرجہ ذیل کے راست یا بالراست دونوں طریقوں سے اوسط 57 حاصل ہوتا ہے۔

### 4.7.3.2 غیر مسلسل سلسلہ میں اوسط کا تخمینہ (Calculation of Mean in case of Discrete Series)

تعددی سلسلہ (Discrete Series) علم شماریات میں مواد کو پیش کرنے کا اہم سلسلہ ہے اس طریقہ میں معطیات (Data) اور ان کی تعداد کو جدول کی شکل میں مواد پیش کیا جاتا ہے اس جدول میں وقفہ جماعت (Class Interval) نہیں پایا جاتا اس میں مواد کو دو کالم میں پیش کیا جاتا ہے۔ پہلا کالم میں عدد اور دوسرا کالم تعداد (Frequency) بتلائی جاتی ہے۔

تعددی سلسلہ (Discrete Series) میں راست طریقے سے اوسط محسوب کرنے کا طریقہ (Direct Method):

راست طریقہ کے تحت اوسط محسوب کرنے کے لیے معطیات اور تعداد کے حاصل ضرب کے مجموعہ کو تعدد کی جملہ تعداد سے تقسیم کرنے پر اوسط حاصل ہوتا ہے۔ اس طریقہ پر اوسط محسوب کرنے کے لیے اس ضابطہ کو استعمال کریں۔

$$\bar{\Sigma} = \sum fx / \sum F$$

مثال 2: ذیل میں شماریات میں حاصل نشانات اور طلبا کی تعداد دی گئی ہے۔ ان کی مدد سے اوسط محسوب کیجئے۔

| نشانات | 35 | 55 | 60 | 65 | 70 | 80 | 85 | 90 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طلبا کی تعداد | 4 | 5 | 8 | 6 | 9 | 10 | 6 | 2 |

حل : راست طریقہ کے تحت اوسط محسوب کرنا۔

| (X) | (F) | (fx) |
|---|---|---|
| 35 | 4 | 140(35x4) |
| 55 | 5 | 275(55x5) |
| 60 | 8 | 480(60x8) |
| 65 | 6 | 390(65x6) |
| 70 | 9 | 630(70x9) |
| 80 | 10 | 800(80x10) |
| 85 | 6 | 510(85x6) |
| 90 | 2 | 180(90x2) |
|  | 50=∑x | 340=∑fx |

$$\bar{\Sigma} = \sum fx / \sum x$$

$= 3405 / 50$

اوسط$\overline{\sum} = 68.1$

**بالراست طریقے پراوسط محسوب کرنا(Indirect Method)**

اس طریقہ میں دیے گئے معطیات میں سے کسی ایک عدد کو فرض کرتے ہوئے فرق شدہ اعداد کو منفی یا مثبت علامت کے ساتھ ظاہر کریں پھران کو تعدد(F) سے ضرب دیں۔اور ضابطہ میں قیمت درج کریں۔ بالراست طریقہ پر اوسط محسوب کرنے کا ضابطہ۔

$$X = A + \sum fd / \sum f$$

جہاں پر A=فرض کیا ہوا عدد fd=حاصل ضرب کا مجموعہ f=تعدد کا حاصل جمع

مثال 3 :مثال تین کو استعمال کرتے ہوئے بالراست طریقہ پر اوسط محسوب کیجئے۔

حل :بالراست طریقہ پر اوسط محسوب کرنے کا طریقہ:

| نشانات(X) | تعدد(F) | d = 65 | Fd |
|---|---|---|---|
| 35 | 4 | -3- | -120 (4x -30) |
| 55 | 5 | -10 | -50 (5x-10) |
| 60 | 8 | -5 | -40(8x-5) |
| 65 | 6 | 0 | 0(6x0) |
| 70 | 9 | +5 | +45(9x5) |
| 80 | 10 | +15 | +150(10x15) |
| 85 | 6 | +20 | +120 (6x20) |
| 90 | 2 | +20 | +50(2x25) |
| | 50=sf | -0 | -210<br>+365<br>155=∑fd |

$$\bar{\sum}=A+\sum fd/\sum f$$
$$= 65 + 155/50$$
$$=65 + 3.1$$
اوسط= 68.1

مندرجہ بالا پر دونوں طریقوں پر اوسط 68.1 حاصل ہوا ہے۔

### 4.7.3.3 مسلسل سلسلہ کے تحت اوسط کو محسوب کرنا

**(Calculation of Arthmetic Average in case of Continuous Series)**

مسلسل سلسلہ (Continuous Series) علم شماریات میں مواد کو ترتیب وار پیش کرنے کا ایک اہم طریقہ ہے اس طریقہ میں مواد کو وقفہ جماعت (Calss Interval) تعدد (Frequency) کے ساتھ بتلایا جاتا ہے۔ معطیات کی تعداد زیادہ ہونے کی صورت میں جدول وقفہ جماعت یا مسلسل سلسلہ کو استعمال کیا جاتا ہے۔ دیے گئے معطیات کی تعداد اور ان کی اونچی اور نچلی سطح کو مد نظر رکھتے ہوئے وقفہ جماعت کی موزوں سطح کا تعین کیا جاتا ہے نارمل طور پر 5 یا 10 وقفہ جماعت کے ساتھ جدول تیار کیا جاتا ہے۔ راست اور بالراست اور اختصاری طریقہ (Step Devition) کے طریقہ پر اوسط کو محسوب کیا جا سکتا ہے۔

مسلسل سلسلہ میں راست طریقہ کے تحت اوسط محسوب کرنا (Calculation of Mode in Direct Method)

مسلسل سلسلہ یا راست طریقہ پر اوسط محسوب کرنے کے لیے ذیل کے مراحل پر عمل کریں۔

1۔ وسطی نقطہ محسوب کریں

2۔ وسطی نقطہ اور تعدد کو ضرب دیں اور اس کا کل محسوب کریں۔

3۔ ضابطہ میں قدریں کو درج کریں۔

$$= \sum mf/\sum f\bar{X}$$

جہاں پر $\bar{X}$= اوسط کی علامت ہے

mf کا حاصل جمع $=\sum mf$

$\sum f$= تعدد کا حاصل جمع

مثال 4: ذیل میں ایک صنعت میں کام کرنے والے مزدوروں کی توسیع تنخواہوں کے تفصیلات دیے گئے ہیں ان کی مدد سے اوسط محسوب کیجیے۔

| وقفہ جماعت تنخواہ (f) | 1000-1500 | 1500-2000 | 2000-2500 | 2500-3000 | 3000-3500 | 3500-4000 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ملازمین کی تعداد (x) | 5 | 7 | 12 | 10 | 9 | 7 |

حل: اوسط محسوب کرنے کا طریقہ ذیل میں بتلایا گیا ہے۔

| وقفہ جماعت تنخواہیں (C-I) | ملازمین کی تعداد (F) | وسطی نقطہ (M) | 2 x3 mf |
|---|---|---|---|
| 1000-1500 | 5 | 1250 | (1250x5) 6250 |
| 1500-2000 | 7 | 1750 | (1750x7) 12250 |
| 2000-2500 | 12 | 2250 | (2250x12) 27000 |
| 2500-3000 | 10 | 2750 | (2750x10) 27500 |
| 3000-3500 | 9 | 3250 | (3250x9) 29250 |
| 3500-4000 | 7 | 3750 | (3750x7) 26250 |
| Total | 50 | | ∑mf=128500 |

وسطی نقطہ: وقفہ جماعت کے اوپری اور نچلی سطح کے حاصل جمع کو 2 سے تقسیم کرنے پر وسطی نقطہ حاصل ہوتا ہے۔

مثلاً: 1000 + 1500=2500/2 = 1250

اوسط= Smf/Sf = 128500 / 50 = 2570

اوسط اجرت $\bar{X}$ = 2570 روپے

**بالراست طریقہ پر اوسط محسوب کرنے کا طریقہ (Calculation of Average by Indirect Method)**

بالراست طریقہ پر بھی اوسط محسوب کیا جا سکتا ہے اس کے لیے ذیل کے مراحل پر عمل کریں:۔

1۔ وقفہ جماعت کا وسطی نقطہ محسوب کریں۔

2۔ وسطی نقطہ میں سے کسی ایک عدد کو فرض کرتے ہوئے اعداد کے فرق کو منفی و مثبت کے ساتھ ظاہر کریں۔

3۔ حاصل عدد کو تعدد سے ضرب دیں۔

4۔ ضابطہ میں قدریں درج کریں۔

| وقفہ جماعت اجرت روپے (x) | تعداد (f) | وسطی نقطہ (m) | d=2250 | Fd |
|---|---|---|---|---|
| 1000-1500 | 5 | 1250 | -1000 | -5000 |
| 1500-2000 | 7 | 1750 | -500 | -3500 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 2000-2500 | 12 | 2250 | 0 | 0 |
| 2500-3000 | 10 | 2750 | +500 | +5000 |
| 3000-3500 | 9 | 3250 | +1000 | +9000 |
| 3500-4000 | 7 | 3750 | +1500 | +10500 |
| | | | | -8500<br>+24500<br>+16000 |

طریقہ عمل:(1)وسطی نقطہ 2,250روپے کو فرض کیا گیا ہے۔

(2)فرض کئے ہوئے عدد سے تفریق کرتے ہوئے مثبت و منفی کے ساتھ اعداد

(3)تعدد کے ساتھ حاصل ضرب محسوب کریں۔

$$\bar{X}_{\text{اوسط}} = A + \frac{\Sigma fd}{\Sigma f}$$

$$= 2250 + 16000 / 50$$

$$= 2250 + 320$$

$\bar{X}$ اوسط= 2250روپے

اوسط محسوب کرنے کا اختصار یا انحراف(Step Deviation)کا طریقہ:

اختصار کے طریقہ کے تحت انحراف کے اعداد(d) کو کسی موزوں عدد سے تقسیم کیا جاتا ہے اس تقسیم شدہ عدد کو d1 سے ظاہر کیا جاتا ہے ذیل میں اختصار کے طریقہ کے تحت اوسط کو محسوب کرنے کا طریقہ کی وضاحت کی گئی ہے۔

1۔ وقفہ جماعت سے وسطی نقطہ محسوب کریں

2۔ وسطی نقطہ سے کسی ایک عدد کو فرض کرتے ہوئے اعداد کے فرق کو منفی و مثبت کے ساتھ ظاہر کریں اور ان اعداد کو کسی موزوں عدد سے تقسیم کریں۔

3۔ تقسیم سے حاصل اعداد کو تعدد سے ضرب دیں۔

4۔ ضابطہ میں قدریں درج کریں۔ بالراست طریقہ پر اوسط کی تحسیب:

| وقفہ جماعت اجرت | تعداد(f) | وسطی نقطہ(M) | d=2250 | $d^1/100$ | $fd^1$ |
|---|---|---|---|---|---|
| 1000-1500 | 5 | 1250 | -1000 | -10 | -50 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1500-2000 | 7 | 1750 | -500 | -5 | -35 |
| 2000-2500 | 12 | 2250 | 0 | 0 | 0 |
| 2500-3000 | 10 | 2750 | +500 | +5 | +50 |
| 3000-3500 | 9 | 3250 | +1000 | +10 | +90 |
| 3500-4000 | 7 | 3750 | +1500 | +15 | +105 |
| | | | | | -85<br>+245<br>$\sum fd^1$+160 |

1۔ اس مثال میں وسطی نقطہ 2.250 کو فرض کرتے ہوئے تفریق کرنے کے بعد حاصل امداد کو 100 سے تقسیم کیا گیا ہے اس کالم کو $d^1$ سے ظاہر کیا گیا۔

2۔ تقسیم کے بعد حاصل اعداد کو تعدد سے ضرب دیں اور ضابطہ میں قدریں درج کریں۔

جہاں پر $\sum fd1 = 160$

$\sum R = 50$

$C =$

$$= A + \frac{\sum fd1}{\sum f} X C \bar{X}$$

$$= 2250 + \frac{160}{50} \text{ x } 100$$

$$= 2250 + 3.2 \text{ x } 100$$

$$= 2250 + 320$$

$$\bar{X}_{\text{اوسط}} = 2570$$

## 4.7.3.4 حسابی اوسط کے خصوصیات (Properties or Features of Arthmetic Mean)

حسابی اوسط کے چند اہم خصوصیات کو ذیل میں بتلایا گیا ہے۔

1۔ حسابی اوسط میں دئے گئے معطیات یا اعداد کے انحرافات کا مجموعہ ہمیشہ صفر ہوتا ہے۔ یعنی $\Sigma(X-X)=0$

2۔ حسابی اوسط کے انحرافات کے مربعوں (Square Deviation) کا حاصل جمع اقل ترین ہوتا ہے یعنی $\Sigma(X-X)^2$

3۔ حسابی اوسط کے ماول کی عدد یا مدات کا جمع کرنے یا تفریق کرنے سے حسابی اوسط کی قدر متاثر نہیں ہوتی۔

4۔ حسابی اوسط دئے گئے معطیات کے درمیانی رشتہ یا مقام رکھتا ہے۔

5۔ حسابی اوسط کی قدر منفی، مثبت یا تفریق ہو سکتی ہے۔

## حسابی اوسط کے خوبیاں Merits of Arthmetic Mean

حسابی اوسط کے اہم خوبیوں کو ذیل میں بتلایا گیا ہے۔

1۔ حسابی اوسط کو حسابی ضابطوں کی مدد سے آسانی سے محسوب کیا جا سکتا ہے۔

2۔ حسابی اوسط کو ہر تعلیم یافتہ اور غیر تعلیم یافتہ شخص آسانی سے سمجھ سکتا ہے۔

3۔ حسابی اوسط کو تعلیمی، غیر تعلیمی، کھیل کود، ذخائر ملکی منور ملات، درآمدت برآمدات منصوبہ بندی، محصول سازی، قیمت سازی، اخراجات میں تخفیف، نفع ونقصان وغیرہ ہر میدان میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

4۔ حسابی اوسط قابل اعتبار ہوتا ہے۔

5۔ حسابی اوسط دیے گئے تمام مدات کا نمائندہ ہوتا ہے۔

6۔ حسابی اوسط کو مستقبل منصوبہ بندی وغیرہ کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

7۔ ہر قسم کے مواد کا حسابی اوسط محسوب کیا جا سکتا ہے۔ مختلف طریقوں سے حسابی اوسط کو محسوب کرنے پر حسابی اوسط کی مساوی قدر حاصل ہوتی ہے۔

### خامیاں (Demerits)

حسابی اوسط کے چند اہم خامیوں کو ذیل میں بتلایا گیا ہے۔

1۔ حسابی اوسط کو محسوب کرنے کے دوران معمولی سے غلطی بھی غلط نتائج حاصل ہو سکتے ہیں۔

2۔ حسابی اوسط کو صرف مقداروں (Quantitive) صورت میں اخذ کیا جا سکتا ہے لیکن یہ معیاروں (Qualitative) منور ملات جیسے ایمانداری عادت وغیرہ میں حسابی اوسط کو محسوب کرنا ممکن نہیں۔

3۔ دیے گئے مواد میں کسی ایک مواد کی عدم دستیابی سے صحت کے ساتھ حسابی اوسط کو محسوب کرنا ممکن نہیں۔

4۔ اوسط کا ترسیمی اظہار ممکن ہیں۔

## 4.7.4 وسطانیہ کے معنی وتعریف (Meaning and Definitions of Median)

وسطانیہ علم شماریات میں استعمال ہونے والا اہم پیمانہ ہے

☆ وسطانیہ کی تفہیم کے لیے اس کے چند تعریفات کو ذیل میں دیے گئے ہیں۔

☆ وسطانیہ دیے گئے اعداد یا معطیات کا وسطی نقطہ ہوتا ہے۔

☆ وسطانیہ مرکزی رجحان کا ایک اہم پیمانہ ہے دیے گئے اعداد کو گھٹتی ہوئی یا بڑھتی ہوئی ترتیب میں ترتیب دینے پر حاصل درمیانی عدد کو وسطانیہ کہتے ہیں۔

☆ وسطانیہ اعداد کا درمیانی عدد ہوتا ہے جس کہ دائیں اور بائیں جانب مساوی مقدار میں اعداد پائے جاتے ہیں۔

☆ وسطانیہ اعداد کا درمیانی عدد ہوتا ہے جو دیے گئے مورد کو دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔

### 4.7.4.1 وسطانیہ کی نوعیت(Nature of Median)

وسطانیہ مرکزی رجحان کے پیمانوں میں سے ایک اہم پیمانہ ہے وسطانیہ ایک ایسا وسطی نقطہ ہے جو دیے گئے اعداد کے بالکل وسطی مقام پر ایک نصف حصہ اس سے اوپر اور باقی نصف حصہ اس کے نچلے پایا جاتا ہے وسطانیہ دیے گئے معطیات کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے وسطانیہ سے اوپری اعداد اور نچلے اعداد کے تجزیہ سے مختلف پہلو وُجود میں آتے ہیں۔

Al-Biruni نے Mid-Range کی اصطلاح استعمال کی جو وسطانیہ کو ظاہر کرتی ہے۔وسطانیہ کا تصور 13ویں صدی عیسوی میں زیر بحث رہی لیکن وسیع پیمانے پر سائنٹفک انداز میں اس کو وسعت حاصل نہیں ہوئی۔ برطانوی ماہر ریاضی Edward Wright نے اپنی کتاب "Certaine Errors in Navigation" میں 1599 میں پہلی مرتبہ وسطانیہ کو پیش کیا۔ 1843 میں Antoine Augustin Courrot نے پہلی مرتبہ اصطلاح وسطانیہ (Valewr Median) median کو احتمالی تقسیم میں دو مساوی حصوں میں تقسیم کے لیے استعمال کیا تھا۔

### 4.7.4.2 وسطانیہ کی خصوصیات(Properties or Features of Median)

وسطانیہ کے خصوصیات کو ذیل میں بتلایا گیا ہے۔

1۔ وسطانیہ دیے گئے اعداد کا درمیانی عدد ہوتا ہے۔

2۔ وسطانیہ کو محسوب کرنے کے لیے دیے گئے اعداد کو بڑھتے ہونے یا گھٹتی ہوئی ترتیب میں ترتیب دیا جاتا ہے۔

3۔ وسطانیہ اعداد یا مواد (Data) کی تعداد سے متاثر ہوتا ہے۔

4۔ وسطانیہ کو ترسیم کی مدد سے ظاہر کیا جا سکتا ہے۔

5۔ معیاری صفت کو ظاہر کرنے کے لیے وسطانیہ ایک اہم پیمانہ ہے۔

### 4.7.4.3 وسطانیہ کے فوائد و خامیاں(Merits and Demerits of median)

وسطانیہ علم شماریات کا ایک اہم پیمانہ ہے اس کے چند اہم خوبیوں یا فوائد کو ذیل میں بتلایا گیا ہے۔

فوائد Merits

1۔ وسطانیہ کو محسوب کرنا کافی آسان ہے اس کی تحسیب میں کوئی مشکلات نہیں ہے۔

2۔ وسطانیہ کی تفہیم کافی آسان ہیں۔

3۔ وسطانیہ کو گراف میں آسانی سے پیش کر سکتے ہیں۔

4۔ وسطانیہ میں دیے ہوئے اعداد کا وسطی یا درمیانی عدد ہوتا ہے یہ اوسط سے غیر متاثر ہوتا ہے۔

5۔ وسطانیہ کو گروہ اور غیر گروہ بند مواد دونوں صورتوں میں آسانی سے محسوب کر سکتے ہیں۔

6۔ وسطانیہ کی معیاری پیمائش میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

7۔ اوسط تعلیم یافتہ شخص بھی وسطانیہ کو آسانی محسوب کر سکتا ہے۔

خامیاں Demerits

وسطانیہ کے چند اہم خامیوں کو ذیل میں بتلایا گیا ہے۔

1۔ وسطانیہ کو محسوب کرنے کے لیے دئے ہوئے اعداد کو گھٹتی ہوئی یا بڑھتی ہوئی ترتیب میں ترتیب دینا لازمی ہے بصورت دیگر اس کو محسوب کرنا کافی مشکل ہے۔

2۔ جفت اعداد کی صورت میں وسطانیہ کو محسوب کرنا کافی آسان ہے لیکن طاق اعداد کی صورت میں مشکل پیش آتی ہے۔

3۔ وسطانیہ کو الجبرائی انداز میں استعمال ممکن نہیں۔

4۔ وسطانیہ کو کسری اور فیصد سے ظاہر نہیں کیا جا سکتا۔

5۔ اعداد میں تبدیلی کے ساتھ وسطانیہ کی قدر میں تبدیلی واقع ہوتا ہے۔

### 4.7.4.4 وسطانیہ کی تحسیب(Calculation of Median)

حسابی اوسط کی طرح وسطانیہ کو دیے گئے اعداد یا مواد کی بنیاد پر محسوب کیا جاتا ہے ذیل میں دو طرح کے مواد پائے جاتے ہیں۔

(i) غیر گروہ بند مواد (ii) گروہ بند مواد

1۔ غیر گروہ بند مواد کی صورت میں وسطانیہ کی تحسیب:

دیا گیا مواد کی جدول یا گروپ کی شکل میں نہ پایا جاتا ہو تو اس کو غیر گروہ بند مواد کہتے ہیں ایسی صورت میں مواد بے ترتیب پایا جاتا ہے اعداد ترتیب میں نہیں پائے جاتے' دیے گئے اعداد کو بڑھتی ہوئی یا گھٹتی ہوئی ترتیب میں ترتیب دیا جاتا ہے ان اعداد کا درمیانی عدد وسطانیہ کہلاتا ہے اس کے لیے ذیل کا ضابطہ استعمال کیا جاتا ہے۔

Md =

جہاں پر Md=میڈین یا وسطانیہ کی علامت

N=مواد کی تعداد

I=ضابطہ کے مطابق ایک جمع کرنا

مثال(1): دیے گئے اعداد کا وسطانیہ محسوب کیجئے۔ 15, 4,18,2,9,7,5,16

حل: دیے گئے اعداد کو بڑھتی ہوئی یا گھٹتی ہوئی ترتیب میں ترتیب دیں یہاں پر بڑھتی ہوئی ترتیب میں اعداد کو ترتیب دیا گیا ہے۔

2, 4, 5, 7, 8, 9, 15, 16, 18

$$\text{Md} = \left(\frac{N+1}{2}\right) th\ Item \qquad 9 = \text{N}$$ جہاں پر

$$= \left(\frac{9+1}{2}\right)$$

$$= \left(\frac{10}{2}\right)$$

$$Md = 5^{th} \text{ Item}$$

دیے گئے اعداد کا پانچواں عدد وسطانیہ ہوگا اوپر ترتیب دیے گئے مواد میں پانچواں عدد 8 ہے اس لیے ان اعداد میں وسطانیہ 8 ہے۔

طاق اعداد کی صورت میں وسطانیہ راست طور پر محسوب کیا جاتا ہے۔

مثال(2): ذیل میں دیے گئے اعداد کا وسطانیہ محسوب کیجئے۔ 65, 70, 55, 49, 38, 32, 72, 80, 30, 35, 51, 51

حل: دئے گئے اعداد کو بڑھتی ہوئی یا گھٹتی ہوئی ترتیب میں ترتیب دیں یہاں پر بڑھتی ہوئی ترتیب میں ترتیب دیا گیا

30, 32, 35, 38, 37, 49, 51, 65, 70, 72, 80

وسطانیہ $= \left(\frac{N+1}{2}\right) th\ Item$

دیے گئے اعداد کی تعداد 12 یعنی جفت ہے

وسطانیہ $= \left(\frac{N+1}{2}\right) th\ Item$

$= \frac{13}{2}$th item

وسطانیہ = 6.5 واں عدد

وسطانیہ 6.5 واں عدد سے مراد چھٹواں اور ساتواں عدد کا اوسط وسطانیہ ہوگا۔

ترتیب دیے گئے اعداد میں چھٹواں عدد 49 اور ساتواں عدد 51 ہے اس لیے ان دونوں کا اوسط وسطانیہ ہوگا۔

وسطانیہ = 7 واں عدد + 6 واں عدد

2

$= \frac{49+51}{2}$

$= \frac{100}{2}$

Md وسطانیہ = 50

گروہ بند مواد میں وسطانیہ کی تحسیب Calculation of Median in Group of Data

ایسا مواد جو جدول یا گروپ کی شکل میں پیش کیا گیا ہو اس کو گروہ بند مواد کہتے ہیں اس کے دو اقسام ہیں۔

(a) غیر مسلسل سلسلہ (Discrete Series) (b) مسلسل سلسلہ (Continuous Series)

(a) غیر مسلسل سلسلہ میں وسطانیہ کو محسوب کرنا:

غیر مسلسل سلسلہ گروہ بند مواد کی ایک قسم ہے اس میں مواد سلسلہ وار نہیں پایا جاتا لیکن مواد کو ترتیب وار دو جدول میں پیش کیا جاتا ہو اس کو غیر مسلسل سلسلہ کہتے ہیں اس صورت میں وسطانیہ محسوب کرنے کے لیے دیے گئے جدول کے ساتھ یکجائی تعدد کا تیسرا کالم بنائیں تعدد میں اگلے تعدد کو جمع کرتے ہوئے یکجائی تعدد جمع کریں۔ ضابطہ میں قدریں درج کرتے ہوئے وسطانیہ کو جو محسوب کیا جاتا ہے۔

$$\text{وسطانیہ}=\left(\frac{N+1}{2}\right) th\ Item$$

مثال(3): ذیل میں ایک جماعت میں حاصل نشانات اور طلبا کی تعداد دی گئی ہے جب کہ مدد سے وسطانیہ محسوب کیجئے۔

| نشانات(X) | 15 | 20 | 25 | 30 | 35 | 40 | 45 | 50 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تعدد(F) | 4 | 6 | 8 | 9 | 3 | 5 | 4 | 1 |

حل : دیے گئے مواد کو ذیل میں ترتیب دیں۔

| نشانات | تعداد(F) | یکجائی تعدد CF |
|---|---|---|
| 15 | 4 | 4 |
| 20 | 6 | 10 (4+6) |
| 25 | 8 | 18(10+8) |
| 30 | 9 | 27 (18+9) |
| 35 | 3 | 30 (27+3) |
| 40 | 5 | 35(30+5) |
| 45 | 4 | 39(35+4) |
| 50 | 1 | 40(39+1) |
| | 40 | |

$$\text{وسطانیہ}=\left(\frac{N+1}{2}\right) th\ Item$$

$$=\left(\frac{40+1}{2}\right)$$

$$=\left(\frac{41}{2}\right)\text{th item}$$

20.5 واں عدد = وسطانیہ

20.5 واں عدد یکجائی تعدد کے 27 میں آتا ہے اس کے مقابلے میں موجود عدد 30 وسطانیہ ہوتا ہے۔

(b) مسلسل سلسلہ میں وسطانیہ کو محسوب کرنا:

مسلسل سلسلہ مواد کو پیش کرنے ایک اہم طریقہ اس میں مواد کو مسلسل وقفہ جماعت کے ساتھ جدول میں پیش کیا جاتا ہے۔اس طریقہ میں دیے گئے سوال کے ساتھ تیسرا کالم یکجائی تعدد کا بنایا جاتا ہے۔تعدد کے مجموعہ کو 2 سے تقسیم کرنے پر حاصل عدد کو یکجائی تعدد میں نشاندہی کی جاتی ہے اس کے مقابل وقفہ جماعت میں وسطانیہ پایا جاتا ہے ذیل کے ضابطہ کی مدد سے وسطانیہ محسوب کیا جاتا ہے۔

$$\text{Md. } L_1 + \frac{\frac{N}{4} - 4}{F1} \text{xi}$$

جہاں پر:

Md: وسطانیہ کی ملامت

N: تعدد کی جملہ تعداد

$L_1$: وسطانیہ لائن کے وقفہ جماعت کی نچلی سطح

$F_1$: وسطانیہ لائن سے پہلے کی لائن میں موجود یکجائی تعدد

i: وقفہ جماعت کی لمبائی یا سعت

مثال 4: ذیل میں ایک اسٹور میں کام کرنے والے مزدور اور ان کی یومیہ اجرت کے تفصیلات دیے گئے ہیں جن کی مدد سے وسطانیہ محسوب کیجئے۔

| ملازمین کی تعداد (F) | وقفہ جماعت تنخواہ (X) |
|---|---|
| 2 | 400-500 |
| 3 | 500-600 |
| 5 | 600-700 |
| 8 | 700-800 |
| 4 | 800-900 |
| 10 | 900-1000 |
| 6 | 1000-1100 |
| 2 | 1100-1200 |

حل :دیے گئے جدول کو اس طرح تیار کیجئے۔

| وقفہ جماعت تنخواہ(C.I) | ملازمین کی تعداد(F) | یکجائی تعدد(CF) |
|---|---|---|
| 400-500 | 2 | 2 |
| 500-600 | 3 | 5(2+3) |
| 600-700 | 5 | 10(5+5) |
| 700-800 | 8 | 18(10+8) C |
| 800-900 | 4 F1 | 22(18+4) |
| 900-1000 | 10 | 32(22+10) |
| 1000-1100 | 6 | 38(32+6) |
| 1100-1200 | 2 | 40 |
| | 40 | |

وسطانیہ کی قدر کی قطار کو معلوم کرنے کے لیے

$$=\left(\frac{N+1}{2}\right) th\ Item$$

$$=\left(\frac{40}{2}\right)$$

$$= 20 \text{ th item}$$

20 کو یکجائی تعدد کی قطار میں نشاندہی کرتے ہوئے ایک لکیر کھینچ لیجیے اس قطار میں آئے وقفہ جماعت میں نچلی حد کو $L_1$ اور اوپری حد کو $L_2$ کہتے ہیں اور اس کے سامنے تعدد کو F اور اس قطار کے اوپری یکجائی تعدد کو C سے تعبیر کہتے ہیں ضابطہ میں قدریں درج کریں 20 واں عدد یکجائی تعدد 22 کی قطار میں آتا ہے اس کے سامنے وقفہ جماعت 800-900 ہے جو وسطانیہ کی لائین ہے۔

$$L_1 + \frac{\frac{N}{2}-C}{F1} Md = X\ i$$

جہاں

$18 = C$ $\quad$ $4 = F_1$ $\quad$ $20 = N/2$ $\quad$ $800 = L_1$

C=18 $\quad$ F1=4 $\quad$ N/2 =20 $\quad$ L1=800 جہاں

i: وقفہ جماعت کی لمبائی 10=

قیمتیں درج کرنے پر

$$Md = 800 + \frac{20-18}{2} \times 100$$
$$= 800 + \frac{2}{4} 100$$
$$= 800 + \frac{200}{4}$$
$$= 800 + 50$$

وسطانیہ Median = 850

وسطانیہ کو محسوب کرنے کا دوسرا ضابطہ اس طرح ہے۔

$$Md = L_1 + \frac{L^2 - L^1}{F} (m-c)$$
$$= 800 + \frac{900-800}{4} (20-18)$$
$$= 800 + \frac{100}{4} (2)$$
$$800 + \frac{200}{4}$$
$$= 800 + 50$$

وسطانیہ= 850

### 4.7.4.5 تقسیمی قدریں (Partition Values)

وسطانیہ دیے گئے معطیات کی وسطی قدریں ہوتی ہے جو دیے گئے اعداد کو دو مساوی حصوں میں تقسیم کرتی ہے تجزیہ کے لیے اعداد کو مزید کئی حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں جو اس طرح ہیں۔

1۔چوتھائیہ 2۔ عشریہ 3۔صدویہ

1۔ چوتھائیہ Quartiles

دیے گئے اعداد یا قدروں کو چار حصوں میں تقسیم کرنے پر حاصل ہر ایک حصہ کو چوتھائیہ کہتے ہیں ہر چوتھائیہ کو $Q_3$, $Q_2$, $Q_1$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ پہلا چوتھائیہ کو زیریں چوتھائیہ کہتے ہیں یہ 25% کو ظاہر کرتا ہے $Q_2$ کو 50% سے ظاہر کرتے ہیں۔ تیسرا چوتھائیہ $Q_3$، 75% کو ظاہر کرتا ہے $Q_3$ کو بالائی چوتھائیہ کہتے ہیں $Q_3$ اور $Q_1$ کے درمیانی وسعت کو ( Inter quartile range) بین چوتھائی سعت کہتے ہیں۔

2۔ چوتھائیوں کو محسوب کرنا Calculation Quartiles

غیر گروہ بندی غیر مسلسل اور مسلسل سلسلہ میں چوتھائیوں کو محسوب کیا جاتا ہے۔

غیر گروہ بندی میں چوتھائیہ کو محسوب کرنا:

غیر گروہ بندی میں مواد ترتیب یا جدول کی شکل میں نہیں پایا جاتا بلکہ بے ترتیب مواد پایا جاتا ہے غیر گروہ بند مواد کی صورت میں دیے گئے اعداد کو بڑھتی ہوئی یا گھٹتی ہوئی ترتیب میں ترتیب دیا جائے ذیل کے ضابطہ کی مدد چوتھائیہ محسوب کیا جاتا ہے۔

$$Q1 = \quad (\frac{N+1}{4})th\ term$$

$$Q1 = \quad 2(\frac{20+1}{4})th\ term$$

$$Q1 = \quad 3(\frac{21+1}{4})th\ term$$

مثال5: ذیل میں ایک جماعت کے 20 طلبہ کے 100 نشانات میں سے حاصل نشانات دیے گئے ہیں Q1،Q2 اور Q3 محسوب کیجئے

35, 65, 70, 90, 95, 60, 80, 82, 74, 95, 55, 61, 67, 78, 91, 40, 53, 41, 52, 63

$$Q_1 = \left(\frac{N+1}{4}\right)^{\text{th item}}$$

حل: دیے گئے اعداد کو اور ترتیب میں ترتیب دیں اور ضابطہ میں قدریں درج کریں

$$Q1 = \quad (\frac{N+1}{4})th\ term$$

$$Q1 = \quad (\frac{20+1}{4})th\ term$$

$$Q1 = \quad (\frac{21}{4})th\ term$$

Q1=5.25

35, 40, 41, 52, 53, 55, 60, 61, 63, 65, 67, 70, 74, 78, 80, 82, 90, 91, 95, 97

$$Q_1 = 5\text{th item} + \frac{1}{4}\ (6\text{th item} - 5\text{th item})$$

اوپر اعداد کی بڑھتی ہوئی ترتیب میں اعداد کو ترتیب دیا گیا ہے اس میں پانچواں عدد 53 اور چھٹواں عدد 55 ہے۔

$$=53 + \frac{1}{4} (55-53)$$

$$= 53 + \frac{1}{4} X 2$$

$$53 + \frac{2}{4}$$

$$53 + 0.5$$

$$Q_1 = 53.5$$

$$Q_2 = 2\left(\frac{20+1}{4}\right)\text{th item}$$

$$= 2\left(\frac{20+1}{4}\right)\text{th item}$$

$$= 2\left(\frac{21}{4}\right)\text{th item}$$

$$= 2X5.25$$

$$= 10.5 \text{ th item}$$

اوپر بڑھتی ہوئی ترتیب میں اعداد کو ترتیب دیا گیا ہے اس میں دسواں عدد 65 اور گیارواں عدد 67 ہے۔

$$Q_2 = 10\text{th item} + \frac{1}{4} (11\text{th item}-10\text{th item})$$

$$= 65 + \frac{1}{4} (67-65)$$

$$= 65 + \frac{1}{4} (2)$$

$$= 65 + \frac{1}{4} X_2 = 65 + \frac{2}{4}$$

$$= 65+0.5$$

$$Q_2 = 65.5$$

$$Q_3 = 3\left(\frac{N+1}{4}\right) \text{th item}$$

$$= 3\left(\frac{20+1}{4}\right) \text{th item}$$

$$= 3\left(\frac{21}{4}\right) \text{th item}$$

$$= 3\,(5.25)$$

$$Q_3 = 15.75 \text{ th item}$$

اوپر ترتیب دے گئے اعداد میں پندرہواں اور سولہواں عدد کے درمیان وسطانیہ ہوتا ہے پندرہواں عدد 80 اور سولہواں عدد 82 ہے۔

$$Q_3 = 15\text{th item} + \frac{1}{4}\,(16\text{th item} - 15\text{th item})$$

$$= 80 + + \frac{1}{4}\,(82\text{-}80) \text{ th item}$$

$$= 80 + \frac{1}{4}\,(2)$$

$$= 80 + \frac{2}{4}$$

$$= 80 + 0.5$$

$$= 80.5$$

## مسلسل سلسلہ میں چوتھائیوں کی تحسیب (Calculation of Quartiles in Continuous Series)

مسلسل سلسلہ مواد کو پیش کرنے کا ایک اہم طریقہ ہے اس طریقہ میں مواد وقفہ جماعت تعدد کے ساتھ ترتیب میں پایا جاتا ہے۔

مثال 6: ذیل میں دیے گئے تفصیلات کی مدد سے وسطانیہ اور چوتھائیوں کو محسوب کیجیے۔

| نشانات وقفہ جماعت (CI) | 0-10 | 10-20 | 20-30 | 30-40 | 40-50 | 50-60 | 60-70 | 70-80 | 80-90 | 90-100 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طلبا کی تعداد (F) | 2 | 4 | 6 | 8 | 11 | 7 | 12 | 13 | 9 | 8 |

حل

| نشانات | طلبا کی تعداد (F) | یکجائی تعدد (CF) |
|---|---|---|
| 0-10 | 2 | 2 |
| 10-20 | 4 | 6 (2+4) |
| 20-30 | 6 | 12 (2+8) |
| 30-40 | 8 | 20 (12+8) |
| 40-50 | 11 | 31 (20+11) |
| 50-60 | 7 | 38 (31+7) C |
| 60-70 | 12F1 | 50 (38+12) |
| 70-80 | 13 | 63 (50+13) |
| 80-90 | 9 | 72 (63+9) |
| 90-100 | 8 | 80 (72+8) |
| | N = 80 | |

Median line N = $\left(\frac{N}{4}\right)$ th item $\left(\frac{80}{4}\right)$ = 40th item

یکجائی تعدد میں 40واں عدد شمار ہونے والے قطار کو منتخب کریں یہ وقفہ جماعت 60-70 کی قطار میں واقع ہے۔

$$Md = L_1 + \frac{\frac{N}{2} - C}{F1} Xi$$

جہاں پر $60 = L_1$، $38 = C \quad 12 = F_1 \quad 40 = N/2$

قیمتیں درج کرنے پر $= 60 + \left(\frac{40-38}{12}\right) x\ 10$

$$= 60 + \frac{2}{12} X10$$

$$= 60 + \frac{20}{12}$$

$$60 + 1.67$$

Md وسطانیہ $= 61.67$

پہلے چوتھائیہ $Q_1$ کی تحسیب = کل تعدد کو چار سے تقسیم کریں۔

$$\text{Quarties Line} = \left(\frac{N}{4}\right) \text{th item}$$

$$= \left(\frac{80}{4}\right) = 20 \text{ th item}$$

یکجائی تعداد میں 20عدد والے قطار کو منتخب کریں اور ذیل کے ضابطہ میں قیمتیں درج کریں یہ وقفہ جماعت 30-40 کے قطار میں واقع ہے۔

$$Q_1 = L_1 + \frac{3\left(\frac{N}{4} - C\right)}{F1} Xi$$

جہاں پر $30 = L_1$ $\quad 8 = F_1$ $\quad 12 = C$ $\quad 10 = i$

قیمتیں درج کرتے ہیں

$$= 30 + \frac{20-12}{8} \text{ X } 10$$

$$= 30 + \frac{8}{8} \text{ X } 10$$

$$= 30 + \frac{80}{8}$$

$$= 30 + 10$$

$$Q_1 = 40$$

$$Q_3 = 3 \left(\frac{N}{4}\right) \text{th item}$$

$$= 3 \text{ x } \left(\frac{80}{4}\right) \text{th item}$$

$$= 3 \text{ x } 20$$

$$Q_3 \text{ Line} = 60 \text{ thitem}$$

یکجائی تعداد میں 60عدد والے قطار کو منتخب کریں اور ذیل کے ضابطہ میں قیمتیں درج کریں یہ وقفہ جماعت 70-80 کے قطار میں واقع ہے۔

$$Q_3 = L_1 + \frac{3\left(\frac{N}{4} - C\right)}{F1} Xi$$

جہاں پر $70 = L_1$ $50 = C$ $13 = F_1$ $10 = i$

قیمتیں درج کرتے ہیں

$$= 70 + \frac{60-50}{13} X10$$

$$= 70 + \frac{10}{13} x\ 10$$

$$= 70 + \frac{100}{13}$$

$$= 70 + 7.692$$

$$Q_1 = 77.692$$

3۔ عشریے Deciles

عشریہ ایک عربی لفظ ہے دیے گئے اعداد کو 10 مساوی حصوں میں تقسیم کرنے پر حاصل ہر ایک حصہ عشرہ کہلاتا ہے۔ ہر حصہ میں تمام عدد کا 10% پر مشتمل ہوتا ہے اس کو علامت $D_1$ سے ظاہر کیا جاتا ہے پہلا عشریہ $D_1$' دوسرا عشریہ $D_2$ کہلاتا ہے۔

4۔ صدویہ Percentile

دیے گئے اعداد یا معطیات کو 100 مساوی حصوں میں تقسیم کرنے پر حاصل ہر ایک حصہ 1% ہوتا ہے جن کو صدویہ کہتے ہیں یہ کل تعداد کا 1% ہوتا ہے اس کو $P_1$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ دسویں صدویہ کو $P_{10}$' پچاسویں صدویہ کو $P_{50}$ وغیرہ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

## 4.7.5 بہتانیہ کے معنی اور تعریف (Meaning and Definitions of Mode)

بہتانیہ یا کثیرہ کی آسان تفہیم کے لیے ذیل کے تفریقات کا مطالعہ کیجئے۔

1۔ ایسا عدد جو سب سے زیادہ مرتبہ دہرایا جاتا ہو وہ بہتانیہ کہلاتا ہے۔

2۔ ایسا عدد جو کثرت سے واقع ہوتا ہو وہ بہتانیہ یا کثریہ کہلاتا ہے۔

3۔ دیے گئے معطیات (data) میں سب سے زیادہ مرتبہ دہرائے جانے والے عدد کو بہتانیہ یا کثریہ کہتے ہیں۔

4۔ Zizek کے مطابق بہتانیہ دیے گئے اعداد میں سب سے زیادہ مرتبہ دہرانے والا عدد ہوتا ہے اس کے اطراف اعداد پھیلے ہوئے ہوتے ہیں۔

5۔ A.M Tuttle کے مطابق دیے ہوئے اعداد کے اطراف میں سب سے زیادہ مرتبہ دہرانے والا عدد ہوتا ہے۔

6۔ ماہر شماریات کارل پیرسن(Karl Pearson)نے 1895میں اصطلاح Modeاستعمال کیا ۔لفظ Modeدراصل فرانسی لفظ "ala mode"سے ماخوذ ہے جس کے لفظی معنی "Fashimable"کے ہیں۔ala modeکے انگریزی معنیStylish

Fashonableسے مراد لیاجاتاہے کثرت سے دہرائے جانے والے رواج کو فیشن سے مراد لیاجاتاہے۔

### 4.7.5.1 نوعیت اور دائرہ کار(Nature and Scope)

بہتانیہ مرکزی رجحان کی پیمائش کاایک اہم آلہ ہے یہ ہر چھوٹے و بڑے پیداوار اداروں، صنعتوں، منصوبوں سرکاری وغیرہ و سرکاری منور ملات وغیرہ میں کثرت سے استعمال ہوتاہے۔دیے گئے اعداد میں سب سے زیادہ مرتبہ دہرانے والا عدد بہتانیہ یا کثیریہ کہلاتاہے۔باقی اعداداِسی عدد کے اطراف پائے جاتے ہیں۔علم شماریات ایک اہم ریاضیاتی مضمون ہے سماجی و ملکی مسائل کی نشاندہی اور ان کے حل کے لیے اس کااستعمال کیاجاتاہے۔ہندوستان میں ہر 10سال میں مردم شماری کی جاتی ہے۔عمر، جنس، تعلیم، علاقہ، شہر، دیہات، ذات، مذہب، زبان وغیرہ وغیرہ مختلف انداز میں تجزیہ کیاجاتاہے حاصل نتائج کو مسائل حل کرنے اور وسائل کا بہتر استعمال کے لیے حکمت عمل اختیار کرنے میں استعمال کرتے ہیں۔اس طرح قومی پیداوار، قومی درآمدات و برآمدات، شرح پیدائیش واموات، روزگار، بے روزگاری، چھوٹے صنعتیں، بھاری پیمانے کی صنعتیں وغیرہ کے مطالعہ کے ذریعہ معشیت کے بنیادی مسائل کو حل کر سکتے ہیں۔

کثیریہ کے مطالعہ سے مندرجہ ذیل نکات اخذ کیے جاسکتے ہیں۔

1۔ سب سے زیادہ آبادی کس عمر میں موجود ہے۔

2۔ سب سے زیادہ بے روزگاری کس عمر کے افراد یں شامل ہے۔

3۔ سب سے زیادہ تعلیم یافتہ طبقہ کہاں موجود ہے۔

4۔ سب سے زیادہ غیر تعلیم یافتہ افراد کہاں پر موجود ہیں۔

5۔ سب سے زیادہ مسائل کونسے حصہ میں حل کرنا ضروری ہے۔

6۔ سب سے زیادہ آبادی کی گنجائیت کہاں پائی جاتی ہے۔

### 4.7.5.2 خصوصیات(Features)

بہتانیہ کی اہم خصوصیات کو ذیل میں بتلایا گیاہے۔

1۔ بہتانیہ سب سے زیادہ مرتبہ دہرائے جانے والا عدد ہوتاہے یہ مرکزی رجحان کے اہم پیمانوں میں سے ایک ہے۔

2۔ معطیات یااعداد میں تبدیلی کے ساتھ بہتانیہ میں بھی تبدیلی واقع ہوتی ہے۔

3۔ معمولی مواد کی صورت میں بھی بہتانیہ کو محسوب کیاجاسکتاہے۔

4۔ بہتانیہ دیے گئے اعداد و شمار کی ترجمانی کرتاہے۔

### 4.7.5.3 فوائد وخوبیاں(Advantages or Merits)

بہتانیہ کے فوائد کو ذیل میں ظاہر کیا گیا:

1۔ بہتانیہ ایک آسان اور قابل فہم اصطلاح ہے جس کو ہر نارمل و خاص فرد آسان سے سمجھ سکتا اور اس کی تحسیب کافی آسان ہے۔

2۔ بہتانیہ کا معیشت کے ہر شعبے میں استعمال کیا جاتا ہے۔

3۔ تجارتی و صنعتی میدان میں بہتانیہ کو کثرت سے استعمال ہوتا ہے۔

4۔ صنعتیں، چھوٹے و بڑے پیداواری ادارے منصوبہ بندی میں بہتانیہ کا کثرت سے استعمال کرتے ہیں اور اسی کی بنیاد پر حکمت عملی طے کرتے ہیں۔

5۔ ہر چھوٹے و بڑے پیداواری اداروں سرکاروں وغیرہ سرکاری تنظیموں کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لیے بہتانیہ کا استعمال کرتے ہیں۔

6۔ بہتانیہ معیاری مواد(Qualitative Data)میں کافی استعمال ہوتا ہے۔

7۔ بہتانیہ کوOpen-endedجدول میں بھی آسانی سے اخذ کیا جاسکتا ہے۔

8۔ بہتانیہ کو ترسیمی شکل میں آسانی سے ظاہر کر سکتے ہیں۔

9۔ بہتانیہ معطیات کا بہتر نمائندگی کرتا ہے۔

10۔ بہتانیہExtreme Valueسے متاثر نہیں ہوتاExtreme Valueکی عدم موجودگی ہیں بھی بہتانیہ کو محسوب کیا جاتا ہے۔

11۔ صارفین کی اکثریت کی خواہش کو معلوم کرنے کے لیے بہتانیہ کا استعمال کیا جاتا ہے۔

خامیاں Disadvantages

بہتانیہ کے خامیوں کو ذیل میں بتلا گیا ہے۔

1۔ بہتانیہ کی تحسیب آسان ہونے کے باوجود بعض اوقات تحسیب یا مشکلات درپیش ہوتے ہیں بہتانیہ کی واضح انداز میں جامع تعریف نہیں ہے۔

2۔ الجبرائی منورملات میں بہتانیہ کی تحسیب ممکن نہیں۔

3۔ مواد کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ بہتانیہ میں بھی تبدیلی واقع ہوتی ہے اس طرح بہتانیہ کو مستقل تصور کرنا ممکن نہیں۔

4۔ بہتانیہ الجبرائی طرز میں ظاہر نہیں کر سکتے۔

5۔ Bimodelاورmultimodelمیں مواد کی صورت میں بہتانیہ کی تحسیب ممکن نہیں۔

6۔ نمونوں یا مواد کی تبدیلی کے ساتھ بہتانیہ میں بھی تبدیلی واقع ہوتی ہے۔

7۔ بہتانیہ کوئی مستقل عدد نہیں ہے جو مسائل کو حل کرنے میں سازگار ہو۔

8۔ بہتانیہ دیے گئے مواد یا معطیات کی نمائندگی نہیں کرتا۔

9۔ بہتانیہ کو محسوب کرنے کے مختلف ضوابطہ ہیں ضوابطہ میں تبدیلی سے نتائج میں بھی تبدیلی واقع ہوتی ہے۔

10۔ بہتانیہ کی واضح تعریف موجود نہیں ہے۔

### 4.7.5.4 استعمالات یا اطلاق (Uses or Application)

بہتانیہ کے اہم استعمالات کو ذیل میں بتلایا گیا ہے۔

1۔ تعلیمی میدان 2۔ صنعتی میدان

3۔ منصوبہ بندی 4۔ تجارتی میدان

1۔ تعلیمی میدان

تعلیمی میدان میں بہتانیہ کا جامع و وسیع معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے تعلیمی پالیسی بھی بہتانیہ کی بنیاد پر قائم کی جاتی ہے۔ سماجی ضرورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کثرت کے ساتھ طلب شدہ مضامین کو نصاب میں شامل کرنے میں بہتانیہ کا سہارا لیا جاتا ہے۔ تعلیم بالغان، تعلیم اطفال، اسکولی تعلیم، روزگار پر مبنی تعلیم، تکنیکل تعلیم، سائنسی تعلیم وغیرہ کی فراہمی مختلف منورملات میں بہتانیہ کا استعمال کیا جاتا ہے۔

2۔ صنعتی میدان

صنعتی میدان میں بہتانیہ کا کثرت سے استعمال کیا جاتا ہے ہر چھوٹے و بڑے پیداوری و صنعتی اداروں میں اس کا استعمال کیا جاتا ہے ریڈی میڈ ملبوسات تیار کرنے والی صنعتیں، جوتے چپل کی صنعتیں ضروریات زندگی کے سامان (ظروف) تیار کرنے والی صنعتیں وغیرہ۔ بازار میں سب سے زیادہ مقدار میں جس سائز یا ڈیزائن کی طلب ہو اسی کی سائز میں چپل، جوتے ملبوسات وغیرہ تیار کیے جاتے ہیں۔ بہتانیہ صنعتی پیداوار یا مقدار اور سائز کے تعین میں مدد ملتی ہے۔ جس سے صنعتی وسائل یا پیداواروں کے ضائع ہونے سے محفوظ رہتے ہیں۔

3۔ منصوبہ بندی

منصوبے مستقبل کے لیے مدون کیے جاتے ہیں۔ منصوبوں کی تدوین کے دوران بہتانیہ کا کثرت سے استعمال کیا جاتا ہے۔ صنعتی و پیداواری ادارے اپنے پیداواری کا تعین کرنا، پیداواری کی تقسیم، صارفین تک رسائی کی حکمت عملی وغیرہ میں کثیریہ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اسی کے سبب کاروبار کو فروغ اور استحکام حاصل ہوتا ہے۔ کثیریہ کو نظرانداز کرنے کی صورت میں اس کے فوائد سے محروم ہونے کا خدشہ بڑھتا ہے۔ اور ایک کامیابی تجارتی حکمت عملی کو اختیار کرنا مشکل اور دشوار ہوتا ہے۔

4۔ تجارتی میدان

ہر چھوٹے و بڑے تاجرین کثیریہ کو مدنظر رکھتے ہوئے تجارتی حکمت عملی اختیار کرتے ہیں۔ ذخیرہ اندازی، قیمت سازی، صارفین سے تعلقات، مال کی نکاسی، تجارتی اوقات کا تعین وغیرہ وغیرہ منورملات میں کثیریہ کا استعمال کرتے ہیں۔

## 4.7.5.5 بہتانیہ کی تحسیب(Computation of Mode)

مواد کی فراہمی کی بنیاد پر بہتانیہ کو مختلف طریقوں سے محسوب کیا جاتا ہے آپ جانتے ہیں کہ مواد یا معطیات غیر گروہ بند(Un grouped) گروہ بند(Grouped)کی شکل میں ہوتا ہے۔ذیل میں بہتانیہ کی تحسیب کے طریقوں کی وضاحت کی گئی ہے۔

غیر گروہ بند مواد Ungrouped Data

ایسا مواد بے ترتیب یا گروہ کی شکل میں نہ پایا جاتا ہواس کو غیر گروہ بند مواد کہتے ہیں۔اس میں مواد بے ترتیب پھیلا ہوا ہوتا ہے۔یعنی غیر گروہ بند مواد ایک ایسا مواد ہے جس میں معطیات(Data)بے ترتیب ہوتے ہیں یعنی گروہ یا جماعت یا ترتیب سے نہیں پایا جاتا ہے۔معطیات کی تعداد کم ہونے پر مشاہدہ کے ذریعہ آسانی سے محسوب کیا جاسکتا ہے۔

ذیل میں جماعت پنجم کے 10 طلبا کی عمریں دی گئی ہیں۔

عمریں سال میں:10, 10, 11, 10, 11, 12, 10, 12, 11, 10

مندرجہ بالا مثال میں ظاہر ہوتا ہے کہ جماعت پنجم میں 10 سال کی عمر والے طلبا کی تعداد زیادہ ہے اس طرح بہتانیہ 10 (mode)سال ہوگا۔

انفرادی سلسلہ(Calculation of mode in individual Series)میں بہتانیہ کی تحسیب

ایسے معطیات جو بے ترتیب یا گروہ بندی میں نہ ہو اعداد یا معطیات انفرادی طور پر دئے گئے ہوں انہیں انفرادی سلسلہ کہتے ہیں۔

مثلاً: 2, 8, 2, 6, 9, 5, 4, 7, 3, 2, 6, 8اس مثال میں اعداد کی کوئی ترتیب نہیں ہے بلکہ یہ بے ترتیب پھیلے ہوئے ہیں۔

انفرادی سلسلہ میں بہتانیہ کی تحسیب کے مراحل:

انفرادی سلسلہ میں بہتانیہ(mode)کو محسوب کرنے کے لیے ذیل کے مراحل پر عمل کریں۔

1۔ دیے گئے اعداد کو صعودی(بڑھتی ہوئی) یا نزولی(گھٹتی ہوئی) ترتیب میں ترتیب دیں۔

2۔ دیے گئے اعداد میں سب سے زیادہ مرتبہ دہرائے جانے والا عدد بہتانیہ کہلاتا ہے اس کی نشاندہی کیجئے۔

3۔ بہتانیہ کو علامت 'Z' سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

نوٹ: دیے گئے اعداد میں کوئی بھی عدد سب سے زیادہ مرتبہ نہ دہرانے پر بہتانیہ کو محسوب نہیں کیا جاسکتا ہے۔

مثال: ذیل میں دیے گئے اعداد کا بہتانیہ محسوب کیجئے۔

17, 15, 10, 8, 12, 15, 21, 24, 15, 8, 6, 9, 15, 18, 21

حل: دیے گئے اعداد یا معطیات کو صعودی(بڑھتی ہوئی) ترتیب میں ترتیب دیں(چھوٹے عدد سے بڑے عدد کی جانب رخ ہونا)

Z=6, 8, 8, 9, 10, 12, 15, 15, 15,15, 17, 18, 21, 21, 24

مندرجہ بالا اعداد میں عدد 15 چار مرتبہ دہرایا گیا ہے اس لیے بہتانیہ 15 ہوگا۔یعنی Z=15

نوٹ: صعودی (بڑھتی) ہوئی ترتیب چھوٹے عدد سے شروع کر کے ترتیب وار بڑے اعداد ترتیب دیا جاتا ہے اور آخر میں سب سے بڑا عدد حاصل ہوتا ہے۔ نزولی ترتیب میں بڑے عدد سے شروع کیا جاتا ہے اور آخر میں سب سے چھوٹے عدد حاصل ہوتا ہے۔ مشاہدے کے ذریعہ سب سے زیادہ مرتبہ دہرائے جانے والا عدد بہتانیہ کو اخذ کر سکتے ہیں۔

بعض اوقات بہتانیہ کی تحسیب ممکن نہ ہونے کی صورت میں ذیل کے ضابطہ کی مدد سے بہتانیہ کو محسوب کیا جا سکتا ہے۔

Mode= 3 Median- 2 Mean

تعددی یا مجرد سلسلہ میں بہتانیہ کی تحسیب Calculation of Mode in Discrete series

دیے گئے معطیات ترتیب وار دو قطار میں ترتیب ہوں اس کو Discrete Series کہتے ہیں۔ پہلے قطار میں اعداد اور دوسرے قطار میں ان کی تعداد کو بتلایا جاتا ہے ذیل میں Discrete Series کی مثال دیا گیا ہے۔

| اعداد | 9 | 11 | 15 | 19 | 22 | 23 | 28 | 29 | 32 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تعدد | 2 | 6 | 12 | 17 | 8 | 9 | 7 | 5 | 4 |

مندرجہ بالا دو قطار میں سے ہیں اعداد اور دوسرے قطاریں ان کی تعداد کو بتلایا گیا ہے۔

مثال 2: ذیل میں دیے گئے مواد کی مدد سے بہتانیہ محسوب کیجئے۔

| عمر (X) | 12 | 13 | 18 | 21 | 25 | 30 | 35 | 40 | 42 | 45 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تعدد (F) | 3 | 5 | 6 | 9 | 10 | 15 | 11 | 8 | 6 | 6 |

حل: سب سے زیادہ دو مرتبہ دہرائے جانے والے مواد کو بہتانیہ کہتے ہیں مشاہدہ کی مدد سے 30 عدد 15 مرتبہ دہرایا ہے اس لیے موڈ (mode) 30 عدد ہو گا۔ حسابی اعتبار سے اس کو حسب ذیل طریقوں سے محسوب کیا جاتا ہے۔

گروپ بندی جدول (Grouping Table)

| عمر(x) | تعدد(F) | II | III | IV | V | VI |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 12 | 3 | - | - | - | - | - |
| 13 | 5 | 8(3+5) | - | 14(3+5+6) | - | - |
| 18 | 6 | - | 11 (5+6) | - | 20 (5+6+9) | - |
| 21 | - | 15 | - | - | - | - |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 25 | 10 | - | 19 (9+10) | 34 (9+19+15) | - | 25 (6+9+10) |
| 30 | 15 | 25 | - | - | 36 (10+15+11) | - |
| 35 | 11 | - | 26 (15+11) | - | - | 34 (15+11+8) |
| 40 | 8 | 19 | - | 25 | - | - |
| 42 | 6 | - | 14 (8+6) | - | 20(8+6+6) | - |
| 45 | 6 | 12 | - | - | - | - |

تجزیاتی جدول(Analysis Table)

| Colum | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | Total |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 12 | | | | | | | |
| 13 | | | | | | | |
| 18 | | | | | | | |
| 21 | | | | ✔ | | | 1 |
| 25 | | ✔ | | ✔ | ✔ | | 3 |
| 30 | ✔ | ✔ | ✔ | ✔ | ✔ | ✔ | 6 |
| 35 | | | ✔ | | ✔ | ✔ | 3 |
| 40 | | | | | | ✔ | 1 |
| 42 | | | | | | | |
| 45 | | | | | | | |

مندرجہ بالا تجزیاتی جدول میں 30 عدد 6 مرتبہ دہرایا ہے اس لیے بہتانیہ 30 ہوگا۔

بہتانیہ کی تحسیب کے لیے ذیل کے مراحل پر عمل کریں۔

1۔ دیے گئے جدول میں مزید 5 کالم قطار ترتیب دیں۔

2۔ قطار (کالم) ایک تعدد کو ظاہر کریگا۔

3۔ قطار II میں پہلے دو تعدد کے جوڑ کا حاصل جمع کو بتلائیں۔ مثلاً (3+5=8, 6+9=15, 10+15=25, 8+6=14)

4۔ قطار III میں پہلے تعدد کو چھوڑ کر دو تعدد کے جوڑ کے حاصل جمع کو بتلائیں۔

(5+6=11, 9+10=19, 15+11=26, 8+6=14)

(14=6+8,26=11+15,19=10+9,11=6+5)

5۔ چوتھے قطار میں پہلے تین تعدد کے حاصل جمع کو بتلائیں۔ (3+5+6=14, 9+10+15=34, 14=6+3 11+8+6=25)

6۔ پانچویں قطار میں پہلے تعدد کو چھوڑ کر تین تعدد کے حاصل جمع کو بتلائیں۔

(5+6+9=20, 10+15+11=36, 8+6+6=20)

7۔ چھٹویں قطار میں تعدد کے پہلے دو اعداد کو چھوڑ کر تین تعدد کے حاصل جمع کو بتلائیں۔

(6+9+10=25, 15+11+8=34)

8۔ تجزیاتی جدول تیار کریں اس میں 8 قطار ہونگے۔

9۔ گروپ بندی جدول میں ہر کالم میں سب سے بڑے عدد کی نشاندہی کرتے ہوئے تجزیاتی جدول ہیں جن اعداد کو جمع کرنے سے بڑا اعدد حاصل ہوا ہے ان کے سامنے (✔) صحیح کا نشان لگائیں۔

10۔ سب سے زیادہ مرتبہ دہرائے ہوا عدد بہتانیہ ہوگا۔

## مسلسل سلسلہ میں بہتانیہ کی تحسیب Calculation of mode in Continuous Series

معطیات یا اعداد کو وقفہ جماعت کے ساتھ جدول میں پیش کیا جائے۔ وہ Continuous Series کہلاتا ہے اس جدول میں سوال کی موزونیت کے اعتبار سے وقفہ جماعت اور تعدد (F) کی تعداد دی جاتی ہے۔ ذیل کے ضابطہ کی عدد سے بہتانیہ محسوب کیا جاتا ہے۔

$$Mo = L_1 + \frac{F_1 - F_0}{2F_1 - F_0 - F_2} X Cl$$

جہاں پر Mo= بہتانیہ کی علامت

$L_1$= وقفہ جماعت کی نچلی سطح

$F_1$= بہتانیہ کے وقفہ جماعت کی تعدد

$F_0$= بہتانیہ کے وقفہ جماعت سے پہلے کی تعدد

$F_2$= بہتانیہ کے وقفہ جماعت کے بعد کا تعدد

$C_1=$ وقفہ جماعت (Class Interval)

مثال 3: ذیل میں ایک صنعت میں کام کرنے والے مزدوری کی یومیہ اجرت دی گئی ہے۔ جن سے بہتانیہ محسوب کیجئے۔

| وقفہ جماعت روپے | 500-600 | 600-700 | 700-800 | 800-900 | 900-1000 | 1000-1100 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مزدوروں کی تعداد (F) | 4 | 7 | 9 | 5 | 4 | 1 |

حل:

| وقفہ جماعت روپے | مزدوروں کی تعدد |
|---|---|
| 500-600 | 4 |
| 600-700 | 7 $F_0$ |
| 700-800 | 9 $F_1$ |
| 800-900 | 5 $F_2$ |
| 900-1000 | 4 |
| 1000-1100 | 1 |
| | 30 |

1۔ مشاہدہ کے ذریعہ اخذ ہوتا ہے کہ وقفہ جماعت 700-800 میں سب سے زیادہ مزدوروں کی تعدد ہے تب بہتانیہ بھی اسی وقفہ جماعت میں ہوگا۔

2۔ علامتوں کے اعتبار سے اعداد کو تعین کریں۔5=L1=700, 9=F1, 7=F0, F2ضابطوں میں قدروں کو درج کریں۔

$$= 30 + \frac{17-7}{2(17)-7-8} X10$$

$$= 30 + \frac{10}{34-15} X10$$

$$= 30 + \frac{100}{19}$$

$$= 30 + 4.2$$

4.2= 3

آپ نے حسابی یا ضابطہ کی مدد سے بہتانیہ کے تحسیب کے طریقہ سے واقف ہو چکے ہیں بہتانیہ کو ترسیم کی مدد سے بھی ظاہر کیا جاتا ہے۔ ترسیم کے ذریعہ بہتانیہ کو اخز کرنے کے لیے ذیل کے طریقہ کار کو اختیار کریں۔

1۔ ترسیمی کاغذ پر X اور Y محسور کے خطوط ڈالیں

2۔ افقی خط X محور پر وقفہ جماعت اور محودی خط Y محور پر تعدد (F) کو بتلائیں۔

3۔ تعدد (Frequency) کی مدد سے ہسٹو گرام تیار کریں۔

4۔ سب سے زیادہ تعدد والے ہٹو گرام سے پہلے اور بعد کے متصل کونوں سے خطوط کھینچے (مثال ترسیمی کاغذ پر دیکھے)۔

5۔ کھینچے ہوئے خطوط سے حاصل نقطہ تقاطع بہتانیہ ہو گا۔

6۔ نقطہ تقاطع سے X محور تک لکیر کھینچے جو بہتانیہ پر قائم ہو گا۔

7۔ مثال کی مدد سے بتلائے گئے ترمیمی اظہار کا مشاہدہ کیجئے۔

ذیل کے مثال میں ترسیم کی مدد سے بہتانیہ کی تحسیب کو بتلایا گیا:

مثال 4: ذیل میں ایک مضمون میں حاصل کردہ نشانات اور طلبا کی تعداد دی گئی جن کی مدد سے ترسیم پر بہتانیہ تحسیب کیجیے۔

| 70-80 | 60-70 | 50-60 | 40-50 | 30-40 | 20-30 | 10-20 | 0-10 | نشانات وقفہ جماعت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 2 | 6 | 5 | 8 | 17 | 7 | 3 | 2 | طلبا کی تعداد |

حل: ذیل میں ترسیمی کاغذ پر X محور پر نشانات اور Y محور پر طلبا کی تعداد کو بتلایا گیا ہے۔

حسابی اعتبار سے بہتانیہ کی تحسیب

$$Mo = L1 + \frac{F1 - Fo}{2F1 - Fo - F2} XCI$$

10=CI ' 8=F2 ' 7=Fo ' 17=F1 ' 30=L1

قیمتیں درج کرنے پر

$$= 30 + \frac{17 - 7}{2(17) - 7 - 8} X10$$

$$= 30 + \frac{10}{34 - 15} X10$$

$$= 30 + \frac{100}{19}$$

$$= 30 + 4.2$$

$$Mo = 34.2$$

ترسیمی کاغذ پر بہتانیہ وقفہ جماعت 30-40 کے درمیان واقع ہے ترسیمی کاغذ پر ٹھیک طور پر اعداد کو ظاہر کرنے سے بہتانیہ کی صحیح قدر اخز ہوتی ہے ضابطہ کی مدد سے اخز کردہ بہتانیہ کی قدر 34.2 ہے جو وقفہ جماعت 30-40 کے درمیانی واقع ہے۔

بہتانیہ (کثیریہ) کا ترسیمی تعین Graphical Determination

آپ نے حسابی یا ضابطہ کی مدد سے بہتانیہ کے تحسیب کے طریقہ سے واقف ہو چکے ہیں۔ مگر بہتانیہ کو ترسیم کی مدد سے بھی ظاہر کیا جاتا ہے۔ ترسیم کے ذریعہ بہتانیہ کو اخذ کرنے کے لیے ذیل کے طریقہ کار کو اختیار کریں۔

1۔ ترسیمی کاغذ پر x اور y محسور کے خطوط ڈالیں۔

2۔ افقی خط x محور پر وقفہ جماعت اور عمودی خط y محور پر تعدد (F) کو بتلائیں۔

3۔ تعدد (Frequency) کی مدد سے ہسٹو گرام تیار کریں۔

4۔ سب سے زیادہ تعدد والے ہسٹو گرام سے پہلے اور بعد کے مستقل کونوں سے خطوط کھینچیے۔ (مثال ترسیمی کاغذ پر دیکھیے)۔

5۔ کھینچے ہوئے خطوط سے حاصل نقطہ تقاطع بہتانیہ ہوگا۔

6۔ نقطہ تقاطع سے x محسور تک لکیر کھینچے جو بہتانیہ پر قائم ہوگا۔

7۔ مثال کی مدد سے بتلائے گیے ترسیمی اظہار کا مشاہدہ کیجیے۔

ذیل کے مثال میں ترسیم کی مدد سے بہتانیہ کی تحسیب کو بتلایا گیا ہے۔

مثال 5: ذیل میں ایک مضمون میں حاصل کردہ نشانات اور طلبا کی تعداد دی گئی ہے جن کی مدد سے ترسیم پر بہتانیہ محسوب کیجیے۔

| نشانات وقفہ جماعت | 0-10 | 10-20 | 20-30 | 30-40 | 40-50 | 50-60 | 60-70 | 70-80 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طلباء کی تعداد | 2 | 3 | 7 | 17 | 8 | 5 | 6 | 2 |




حل: ذیل میں ترسیمی کاغذ تعدد کرتے ہوئے سفید کاغذ پر نشانات اور طلباء کی تعداد کو بتلایا گیا ہے۔

حسابی اعتبار سے بہتانیہ کی تحسیب

$$M_o = L_1 + \frac{F_1 - F_o}{2F_1 - F_o - F_2} \times CI$$

$$10 = CI \ ' \ 8 = F_2 \ ' \ 7 = F_o \ ' \ 17 = F_1 \ ' \ 30 = L_1$$

قیمتیں درج کرنے پر

$$= 30 + \frac{17 - 7}{2(17) - 7 - 8} \times 10$$

$$= 30 + \frac{10}{34 - 15} \times 10$$

$$= 30 + \frac{100}{19} \times 10$$

$$= 30 + 4.2$$

بہتانیہ $M_O = 34.2$

ترسیمی کاغذ پر بہتانیہ وقفہ جماعت 30-40 کے درمیان واقع ترسیمی کاغذ پر ٹھیک طور پر اعداد کو ظاہر کرنے سے بہتانیہ کی صحیح قدر اخذ ہوتی ہے۔ ضابطہ کی مدد سے اخذ کردہ بہتانیہ کی قدر 34.2 ہے جو وقفہ جماعت 30-40 کے درمیان واقع ہے۔

## 4.8 اکتسابی نتائج (Learning Outcome)

طلباء نے شماریات کے تصور، معنی اور تعریف کے ساتھ ساتھ کاروبار اور تحقیق میں اس کی گنجائش اور اہمیت کے بارے میں ٹھوس سمجھ حاصل کی ہے۔ انہوں نے سیکھا ہے کہ کس طرح اعداد و شمار فیصلہ سازی میں معاونت کے لیے ڈیٹا اکٹھا کرنے، ترتیب دینے، خلاصہ کرنے اور تشریح کرنے کے لیے ایک طاقتور ٹول کے طور پر کام کرتے ہیں۔ طلباء اب اعداد و شمار کے مختلف شماریاتی ٹولز کو مؤثر طریقے سے شناخت اور استعمال کر سکتے ہیں۔ مزید برآں، انہوں نے مرکزی رجحان کے اقدامات کے بارے میں علم تیار کیا ہے، بشمول ان کے معنی، تعریفیں، اور اطلاقات، جو انہیں بڑے ڈیٹا سیٹوں کا خلاصہ کرنے اور عام اقدار کی شناخت کرنے کے قابل بناتے ہیں۔ مجموعی طور پر، سیکھنے والے اعداد و شمار کو منظم طریقے سے تجزیہ کرنے اور باخبر کاروباری فیصلے کرنے کے لیے شماریاتی تصورات کو لاگو کرنے کے لیے لیس ہیں۔

## 4.8 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

خالی جگہوں کو پر کیجیے۔

1۔ لفظ Mode.........زبان سے ماخوذ ہے۔

2۔ بہتانیہ کی تعریف...........ہے۔

3۔ مسلسل سلسلہ میں بہتانیہ کو محسوب کرنے کا ضابطہ...........ہے۔

4۔ بہتانیہ کو........علامت سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

5۔ 700-600 کا وسطی نقطہ.........ہے۔

6۔ طاق اعداد کی مثالیں.............ہیں۔

7۔ جفت اعدا کی مثالیں..............ہیں۔

8۔ $Q_1$ کو محسوب کرنے کا ضابطہ..........ہے۔

9۔ مسلسل سلسلہ میں وسطانیہ کو محسوب کرنے کا ضابطہ...........ہے۔

10۔ 12 ’5 ’15 ’8 ’2 ’7 کی بڑھتی ہوئی ترتیب...........ہے۔

## مختصر جوابات کے حامل سوالات

1۔ ذیل کے معطیات کی عدد سے بہتانیہ محسوب کیجئے۔

20, 18, 22, 16, 15, 20, 26, 22, 23, 22, 15, 18, 22

2۔ ذیل کے مواد کی عدد سے بہتانیہ محسوب کیجئے۔

| 20 | 19 | 18 | 14 | 12 | 9 | تعدد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 10 | 6 | 2 | 3 | 4 | 3 | F |

## طویل جوابات کے حامل سوالت

6۔ بہتانیہ کی وضاحت کرتے ہوئے اس کے فوائد اور خامیوں کو بیان کیجئے۔

7۔ بہتانیہ کے استعمالات پر تفصیلی نوٹ لکھئے۔

8۔ ذیل کے مواد کی مدد سے بہتانیہ محسوب کیجئے۔

| 60-70 | 50-60 | 40-50 | 30-40 | 20-30 | 10-20 | 0-10 | وقفہ جماعت(I) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 4 | 4 | 8 | 5 | 4 | 2 | 3 | تعدد(F) |

9۔ ذیل میں ایک جماعت کے مضمون شماریات میں حاصل کردہ نشانات دیے گئے ہیں۔ گروپ جدول کی مدد سے بہتانیہ محسوب کیجئے۔

| وقفہ جماعت نشانات | 0-10 | 10-20 | 20-30 | 30-40 | 40-50 | 50-60 | 60-70 | 70-80 | 80-90 | 90-100 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طلبا کی تعداد | 3 | 1 | 5 | 7 | 8 | 6 | 7 | 8 | 3 | 2 |

1۔ وسطانیہ سے کیا مراد ہے۔

2۔ وسطانیہ کے فوائد اور خامیوں کو بیان کیجئے۔

3۔ ذیل کے اعداد کے مدد سے وسطانیہ محسوب کیجئے 3’ 8’ 12’ 9’ 7’ 15’ 18’ 22

4۔ وسطانیہ کے خصوصیات بیان کیجئے۔

5۔ زیریں چوتھائیہ اور بالائی چوتھائیہ سے کیا مراد ہے۔

6۔ ذیل کے تفصیلات کی عدد سے وسطانیہ محسوب کیجئے۔

| نشانات X | 35 | 45 | 55 | 65 | 75 | 85 | 95 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تعوز F | 4 | 3 | 9 | 5 | 4 | 2 | 3 |

7۔ ذیل کے تفصیلات کی عدد سے وسطانیہ محسوب کیجئے۔

| نشانات X | 0-10 | 10-20 | 20-30 | 30-40 | 40-50 | 50-60 | 60-70 | 70-80 | 80-90 | 90-100 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طلباء کی تعداد F | 3 | 2 | 7 | 9 | 11 | 13 | 6 | 5 | 3 | 1 |

8۔ ذیل میں ایک صنعت میں کام کرنے والے مزدوروں کی یومیہ اجرت اور تعدادی گرامس کی مدد سے وسطانیہ محسوب کیجئے۔

| اجرت رہے X | 300-400 | 400-500 | 500-600 | 600-700 | 700-800 | 800-900 | 900-1000 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مزدوروں کی تعداد F | 3 | 4 | 8 | 6 | 4 | 3 | 2 |

9۔ ذیل میں دیئے گئے تفصیلات کی مدد سے $Q_1$, $Q_2$ اور $Q_3$ محسوب کیجئے۔

| وقفہ جماعت نشانات | 0-10 | 10-20 | 20-30 | 30-40 | 40-50 | 50-60 | 60-70 | 70-80 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تعداد F | 1 | 3 | 5 | 7 | 11 | 9 | 2 | 2 |

10۔ وسطانیہ محسوب کرنے کے مختلف طریقوں میں وضاحت کیجئے۔

# اکائی 5۔ انتشار کی تحسیب

(Measurement of Dispersion)


| | | |
|---|---|---|
| 5.0 | تمہید | Introduction |
| 5.1 | مقاصد | Objectives |
| 5.2 | معنی اور تعریف | Meaning and Definition |
| 5.3 | انتشار کی اہمیت | Importance of Dispersion |
| 5.4 | اچھے انتشار کے اہم خصوصیات | Features of Good Dispersion |
| 5.5 | انتشار کی نوعیت | Nature of Dispersion |
| 5.6 | معیاری انحراف کے معنی اور تعریف | Meaning and Definition of Standard Deviation |
| 5.7 | اکتسابی نتائج | |
| 5.8 | نمونہ امتحانی سوالات | Model Examination Questions |


## 5.0 تمہید (Introduction)

ہر تاجر صنعت کار یا پیدا کنندے کاروبار کے موقف کو اخذ کرنے کے لیے ریاضی و شماریات کے مختلف پیمانوں کا استعمال کرتے ہیں۔ نارمل منافع، خالص، منافع، اخراجات کا تناسب، اوسط، وسطانیہ اور بہتانیہ وغیرہ چند اہم مقبول طریقے ہیں جو کاروبار کے ساتھ ساتھ کھیل کود تعلیمی اداروں میں استعمال کرتے ہیں۔ تعلیمی کارکردگی کو ظاہر کرنے کے لیے اوسط کا زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔ کرکٹ کے مقابلوں کے دوران میدان میں آنے والے کھلاڑیوں کا تعارف پیش کیا جاتا ہے۔ کھلاڑی کے اعظم ترین اسکور، رن، وکٹ اور چھکے کے ساتھ ساتھ اقل ترین مظاہرہ کا بھی ذکر کیا جاتا ہے۔ علم ریاضی میں قدرت کا حاصل طالب علم ریاضی میں زیادہ نشانات حاصل کر سکتا ہے۔ لیکن کسی دوسرے مضمون میں اس کے برعکس نشانات حاصل ہو سکتے ہیں روشنی یا شعاع لا متناہی حد تک پھیل جاتی ہے۔ شعاعوں کا دور تک پھیل جانا یا منتشر ہونا ایک بنیادی صفت ہے۔ اعداد یا معطیات کے درمیان شدید فرق انتشار کہلاتا ہے۔ اس اکائی میں آپ انتشار کے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔

## 5.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کے مطالعہ کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- انتشار کے معنی و مفہوم کو بیان کر سکیں گے۔
- انتشار کی اہمیت کی وضاحت کر سکیں گے۔
- انتشار کے استعمالات کی وضاحت کر سکیں گے۔
- انتشار کو اخذ کرنے کے طریقوں کی وضاحت کر سکیں گے۔

## 5.2 معنی اور تعریف (Meaning and Definition)

انتشار کے معنی و مفہوم کی تشریح کے لیے ذیل کے تعریفات کا مطالعہ کیجئے۔

1۔ دیے ہوئے معطیات کا پھیلاؤ انتشار کہلاتا ہے۔

2۔ دیے ہوئے معطیات یا مواد مرکزی رجحان کے مساوی نہ ہو انتشار کہلاتا ہے۔

3۔ معطیات یا مواد کا مرکزی رجحان سے مختلف ہونا انتشار کہلاتا ہے۔

4۔ حسابی اوسط کے انحراف انتشار کہلاتا ہے۔

5۔ دیے ہوئے اعداد یا معطیات میں تسلسل یا یکسانیت کا نہ ہونا انتشار کہلاتا ہے۔

Simpson and Kafka کے مطابق اوسط (Average) بذات خود تمام مواد کے متعلق معلومات فراہم نہیں کرتا یا مواد کی خصوصیات کو ظاہر نہیں کرتا تب تک اس کے اطراف پھیلے ہوئے اعداد کا مطالعہ نہ کریں یعنی اوسط سے اسی وقت موزوں مطلب اخذ کر سکتے ہیں جب کہ اس کے اطراف کے مواد کے متعلق معلومات حاصل کریں۔

علم شماریات میں انتشار کو Variability یا Scatler یا Speed بھی کہا جاتا ہے۔ مواد کا پھیلاؤ، انتشار کو ظاہر کرتا ہے۔ وسیع یا بڑے علاقے پر محیط یا پھیلاؤ کو ظاہر کرتا ہے۔ علم شماریات میں یہ مواد کا پھیلاؤ کو انتشار سے مراد لیا جاتا ہے۔ نقطہ Dispersion یونانی (Greek) لفظ 'Disapora' سے ماخوذ ہے۔ یہ لاطینی لفظ Dispersine سے ماخوذ ہے۔ جس کے معنی پھیلاؤ یا دور تک پھیلنا سے ہے۔ انتشار علم ریاضی کے ساتھ ساتھ دیگر علوم میں اکثر استعمال ہوتا ہے مواد یا دیے ہوئے اعداد کا پھیلاؤ انتشار کہلاتا ہے۔ انتشار کو ہم اپنی روز مرہ زندگی میں استعمال کرتے رہتے ہیں ایک نارمل مثال کے ذریعہ انتشار کے مفہوم کی وضاحت ہوتی ہے۔ ایک کاغذ کے چند چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کو فرش پر پھینک دیں جس جگہ یا جہاں تک کاغذ کے ٹکڑے پھیلے ہو وہاں تک انتشار کہلائے گا۔ کھیل کود کے دوران پانی کے پائپ سے پچکاری کے پھیلاؤ پر غور کیجئے۔ خوشی کے موقع پر پھولوں کو ہوا میں پھیلاتے ہیں۔ برقی بلب سے نکلنے والی شعاعوں پر غور کیجئے۔ روشنی کے پھیلاؤ کا علاقہ اس کا انتشار کہلاتا ہے۔

## 5.3 انتشار کی اہمیت(Importance of Dispersion)

انتشار علم شماریات کا ایک اہم حصہ ہے۔ جس کو مختلف مقاصد کے تحت استعمال کیا جاتا ہے۔ شعبہ تجارت، درآمدات و برآمدات، پیداور معیار، اہداف کا تعین وغیرہ مختلف میدانوں میں اس کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ذیل میں انتشار کی اہمیت کو بیان کیا گیا ہے۔

1۔ تغیرات کے اسباب کا پتہ لگانا: انتشار کی مدد سے مواد یا معطیات پر مختلف عوامل کے اثرات کا آسانی سے پتہ چلایا جا سکتا ہے۔

2۔ نمونہ بندی کی صحت کی جانچ: مختلف تحقیقی میدان میں آبادی سے حاصل نمونوں کی صحت مندی کے ساتھ جانچنے میں انتشار کا استعمال کیا جاتا ہے۔

3۔ اوسط کی جانچ یا اعتبار کرنا:

اوسط علم شماریات کا نارمل و مقبول پہلو ہے۔ اوسط کی قدر کی سچائی کی جانچ اور قابل اعتبار کو محسوب کرنے کے لیے انتشار کا استعمال کیا جاتا ہے۔ حاصل مواد یا نتائج اوسط کے قریب ہو یا انتشار قابل نظر انداز مواد میں ہو تب حاصل مواد پر اعتبار میں اضافہ ہوتا ہے۔ اور نتائج کو قبول کیا جاتا ہے۔ اس طرح حاصل نتائج اوسط سے دور یا اوسط اور حاصل نتائج میں کافی فرق ہو تو اس پر کم اعتبار قبول کیا جاتا ہے۔

شماریات کے دوسرے پیمانوں کی پیمائش:

انتشار کی مدد سے علم شماریات کے مختلف قدروں کو محسوب کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ Fvalue کوریلیشن کی قدر Regression،Degree of Correction وغیرہ کو محسوب کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

تحقیق میں استعمال: انتشار کو محققین اپنی تحقیقی نتائج کو اخذ کرنے میں استعمال کرتے ہیں خاص کر سماجی علوم یا سماجی مسائل یا سماجیات کے موضوع پر اس کا خاص استعمال ہوتا ہے۔ سماجی، آمدنی، تعلیم، سماجی و معاشی موقف معیار زندگی، آمدنی کی سطح وغیرہ کے تخمینہ میں انتشار کا استعمال کیا جاتا ہے۔

**ماحولیات کے تبدیلی کے اثر کا مطالعہ:** انتشار کی مدد سے موسم و ماحول میں تبدیل کے اثرات کا مطالعہ کے لیے ہی استعمال کیا جاتا ہے۔ رزو بروز موسمی تبدیلی، ماحولیات میں تبدیلی، صنعتوں میں تبدیلی، رسم و رواج میں تبدیلی سے سماج پر اثر انداز مختلف عوامل کا مطالعہ کرنے میں انتشار کا استعمال کیا جاتا ہے۔ انتشار کو متغیرات کی تبدیلی اور اس کے معکوس اثرات کو مطالعہ کرنے کے ساتھ ساتھ بااصول کنٹرول میں مدد ملتی ہے۔

## 5.4 اچھے انتشار کی اہم خصوصیات(Features of Good Dispersion)

انتشار کے چند اہم مثالی خصوصیات کو ذیل میں بتلایا گیا ہے۔

1۔ انتشار قابل فہم اور ہر عام آدمی کے لیے قابل قبول ہوتا ہے۔

2۔ مختلف طریقوں سے انتشار کی قدر یا قیمت یکساں حاصل ہونی چاہیے۔ مختلف طریقوں کو اختیار کرنے کے باوجود حاصل نتائج میں مشترک ہوں۔

3۔ انتشار تمام مواد کی نمائندگی کرتا ہے۔

4۔ انتشار کو الجبرائی انداز میں پیش کیا جاتا ہے۔

## 5.5 اوسط انحراف (Mean Deviation)

اوسط انحراف کے معنی اور تعریف کی تفہیم کے لیے حسب ذیل تعریفات کا مطالعہ کیجئے۔

1۔ دیے ہوئے اعداد کا اوسط (Average) سے تقابل کرتے ہوئے فرق کو محسوب کرنا اوسط انحراف کہلاتا ہے۔

2۔ اوسط انحراف ایک اہم پیمانہ ہے جس کی مدد سے فراہم کیے گئے اعداد کا اوسط کی مدد سے انحراف محسوب کرنا اوسط انحراف کہلاتا ہے۔

3۔ دیے گئے اعداد اور اوسط کے درمیان انحراف کو اوسط انحراف کہلاتا ہے۔

4۔ دیے ہوئے اعداد سے حاصل اوسط اور حقیقی اعداد کے درمیان فرق کو اوسط انحراف کہتے ہیں۔

### 5.5.1 اوسط انحراف کی خصوصیات (Features of Mean Deviation)

اوسط انحراف کے چند اہم خصوصیات کو ذیل میں بتلایا گیا ہے۔

1۔ اوسط انحراف کا تعلق دیے ہوئے اعداد پر منحصر ہوتے ہیں۔

2۔ یہ دیے ہوئے اعداد اور اوسط کے درمیان فرق کو ظاہر کرتا ہے۔

3۔ اوسط انحراف کی تفہیم کافی آسان ہے۔

4۔ اوسط انحراف کی معاشی میدان، کاروبار، صنعتی پیداوار، کامرس، تجارت منصوبہ بندی، موازنہ سازی وغیرہ مختلف میدانوں میں استعمال ہوتا ہے۔

### 5.5.2 اوسط انحراف کی خامیاں (Limitations of Mean Deviation)

اوسط انحراف کے چند اہم خامیوں کو ذیل میں بتلایا گیا ہے۔

1۔ اوسط انحراف کا الجبرائی انداز پیش کرنا مشکل ہے۔

2۔ اوسط انحراف کا انحصار دیے ہوئے اعداد پر منحصر ہے۔

3۔ اوسط انحراف کا سائنسی انداز میں تخمینہ ممکن نہیں ہے۔

4۔ اوسط انحراف میں حسابی علامتوں کو نظر انداز کیا گیا ہے۔

5۔ اوسط انحراف کے نتائج صد فیصد درست ہونا لازمی نہیں ہے۔

6۔ علم سماجیات میں اوسط انحراف کا بہت ہی کم استعمال ہوتا ہے۔

### 5.5.3 انفرادی سلسلے میں انحراف کا تعین کرنا

(Determination of Deviation in case of Individual Series)

انفرادی سلسلے میں اوسط انحراف کا تعین کے لیے ذیل کے مراحل پر عمل کریں۔

1۔ دیے ہوئے اعداد کا اوسط محسوب کریں۔

2۔ دیے ہوئے اعداد کا اوسط سے تقابل کرتے ہیں انحراف محسوب کریں۔

3۔ ضابطہ میں قیمت درج کریں۔

$$MD = \frac{\Sigma|D|}{N}$$

نوٹ: دو عمودی خط کے درمیان D ہے انہیں ماڈ D پڑھا جائے۔

مثال 1: دیے ہوئے اعداد کی مدد سے اوسط انحراف محسوب کیجئے۔

3,8,6,7,5,2,4,5

حل: دیے ہوئے اعداد کا اوسط محسوب کریں۔

40=3+8+6+7+5+2+4+5 اوسط

$$\overline{X} = \frac{\Sigma X}{4} = \frac{40}{8} = 5$$ اوسط

اوسط انحراف کو ذیل کے شکل میں وضاحت کی گئی ہے۔

| اعداد (X) | -X-X= $\overline{X}$=5 |
|---|---|
| 5 | 0 |
| 4 | 1 |
| 2 | 3 |
| 5 | 0 |
| 7 | 2 |
| 6 | 1 |
| 8 | 3 |
| 3 | 2 |

| | |
|---|---|
| | Ed=12 |

$$MD = \frac{\Sigma|D|}{N}$$
$$= \frac{12}{8}$$

اوسط انحراف $MD=1.5$

### 5.5.4 اوسط انحراف کی قدر ضربی (Coefficient of Mean Deviation)

اوسط انحراف کو اوسط سے تقسیم کرنے پر حاصل عدد اوسط انحراف کی قدر ضربی کہلاتا ہے۔ یہ دراصل اوسط انحراف اور اوسط کے درمیان تعلق کو ظاہر کرتی ہے۔ ذیل کے ضابطے کی مدد سے اوسط انحراف کی قدر ضربی محسوب کیا جاتا ہے۔

Coefficient of Mean Deviation = Mean Deviation / Mean

مثال:2 ذیل کے اعداد کی مدد سے اوسط انحراف کی قدر ضربی محسوب کی جاتی ہے۔

اوسط انحراف 1.5=، اوسط 5=

Coefficient of Mean Deviation = Mean Deviation (with mean) / Mean

5/1.5=

Coefficient of Mean Deviation = 0.3

### 5.5.5 تعددی سلسلہ میں اوسط انحراف کی تحسیب

(Computation of Mean Deviation in Discrete Series)

تعددی سلسلہ میں دو قطار میں مواد فراہم کیا جاتا ہے۔ پہلے قطار میں اعداد کی کیفیت (X) اور دوسرے قطار میں ان کی تعداد (F) کو ظاہر کیا جاتا ہے۔

مثال 3: ذیل میں دیے گئے مواد کی مدد سے اوسط انحراف اور اس کی قدر ضربی محسوب کیجئے۔

| نشانات(X) | 10 | 20 | 30 | 40 | 50 |
|---|---|---|---|---|---|
| طلباء کی تعداد(F) | 1 | 3 | 5 | 4 | 2 |

حل: اوسط کی مدد سے اوسط انحراف کی تحسیب:

| نشانات(X) | طلبا کی تعداد(F) | fx (3) | $X-\bar{X}$ (4) | 2x4 $FX-(X-\bar{X})$ (5) |
|---|---|---|---|---|
| 10 | 1 | 10 | 22 | 22 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 20 | 3 | 60 | 12 | 36 |
| 30 | 5 | 150 | 2 | 10 |
| 40 | 4 | 160 | 8 | 32 |
| 50 | 2 | 100 | 18 | 36 |
| | Sf=15 | Sfd=480 | | Sfd=136 |

15=Sf, 480=Sfx قیمتیں درج کرنے پر

$$\text{اوسط}\ \overline{X} = \frac{\Sigma fx}{\Sigma N}$$

$$= \frac{480}{15}$$

$$\text{اوسط}\ \overline{X} = 32$$

$$= \frac{\Sigma fdy}{\Sigma F}$$

$$\text{Mean Deviation (with mean)} = \frac{136}{15}$$

Mean Deviation (with mean) = 9.06

Coefficient of Mean Deviation = Mean Deviation / Mean

32 = (Mean)اوسط        9.06 = (Mean Deviation) اوسط انحراف

Coefficient of Mean Deviation = 9.06 / 32

### 5.5.6 مسلسل سلسلہ میں اوسط کی مدد سے اوسط انحراف کی تحسیب

(Calculation of Mean Deviation with the help of Mean)

مسلسل سلسلہ میں وقفہ جماعت کے ساتھ تعداد دی جاتی ہے۔اس صورت میں حسب ذیل مراحل کے ذریعہ اوسط انحراف محسوب کیا جاسکتا ہے۔

مثال:4 ذیل میں مضمون شماریات میں حاصل نشانات اور طلبا کی تعداد دی گئی ہے اس کے مدد سے اوسط کے ذریعہ اوسط انحراف اور اس کی قدر ضربی محسوب کیجئے۔

| وقفہ جماعت(CI) | 0-10 | 10-20 | 20-30 | 30-40 | 40-50 | 50-60 | 60-70 | 70-80 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تعدد(F) | 2 | 2 | 2 | 5 | 4 | 2 | 2 | 1 |

حل: اوسط کے ذریعہ اوسط انحراف کی تحسیب

| نشانات وقفہ جماعت (1) | طلبا کی تعداد (F) (2) | وسطی نقطہ (X) MP (3) | mf (4) | X-38 (5) | $F(X-\overline{X})$ 2x5 (6) |
|---|---|---|---|---|---|
| 0-10 | 2 | 5 | 10 | 33 (5-38) | 66 (33x2) |
| 10-20 | 2 | 15 | 30 | 23 (15-38) | 46(23x2) |
| 20-30 | 2 | 25 | 50 | 13 (25-36) | 26 (13x2) |
| 30-40 | 5 | 35 | 175 | 3(35-38) | 15 (5x3) |
| 40-50 | 4 | 45 | 180 | 7 (45-38) | 38 (4x7) |
| 50-60 | 2 | 55 | 110 | 17 (55-38) | 34 (17x2) |
| 60-70 | 2 | 65 | 130 | 27(65-38) | 54 (27x2) |
| 70-80 | 1 | 75 | 75 | 37 (75-38) | 37 (1x37) |
| | Sf = 20 | | Smf = 760 | | Sfd = 306 |

$$\text{اوسط } \overline{X} = \frac{\Sigma mf}{\Sigma F}$$

$$= \frac{760}{20}$$

$$\text{اوسط } \overline{X} = 38$$

$$\text{Mean Deviation with mean} = \frac{\Sigma f(X-\overline{X})}{\Sigma F}$$

$$= \frac{306}{20}$$

Mean Deviation = 20.4

Coefficient of Mean Deviation = Mean Deviation / Mean

Coefficient of Mean Deviation = 20.4 / 38

اوسط انحراف کی قدر ضربی = 0.5368

## 5.6 معیاری انحراف کے معنی اور تعریف

## (Meaning and Definition of Standard Deviation)

معیاری انحراف کے معنی اور تعریف کی تفہیم کے لیے ذیل کے تعریفات کا مطالعہ کیجئے۔

1۔ حسابی اوسط کے مشاہدات کے اخذ کردہ انحرافات کے مربعوں کے اوسط کے جذرالمربع کو معیاری انحراف کہتے ہیں۔

2۔ معیاری انحراف انتشار کو محسوب کرنے کا ایک طریقہ ہے زیادہ انتشار سے معیاری انحراف کی اونچی قدر حاصل ہوتی ہے اور کم انتشار کی صورت میں معیاری انحراف کی کم قدر حاصل ہوتی ہے۔

معیاری انحراف مواد کے انتشار یا پھیلاؤ کی جانچ کرتی ہیں۔ معیاری انحراف کی کم قدر اوسط (mean) سے قربت، نزدیک یا قریب کو ظاہر کرتی ہے۔ اسی طرح بلند یا اونچا معیاری انحراف اعداد کا اوسط سے دور یا پھیلاؤ کو ظاہر کرتا ہے۔ معیاری انحراف کو انگریزی حراف SD سے اور یونانی علامت (S) سگما سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

لفظ معیاری انحراف (Standrad Deviation) کو سب سے پہلے 1893 کو کارل پیرسن (Karl Pearson) نے برطانوی ماہر ریاضی داں نے استعمال کیا۔ انتشار کے مطالعہ کے لیے معیاری انحراف کا استعمال کیا جاتا ہے۔

### 5.6.1 معیاری انحراف کی نوعیت (Nature of Standard Deviation)

انحراف علم ریاضی میں استعمال ایک اہم پیمانہ ہے یہ حاصل اوسط انحراف کے مربع کے مجموعہ ہوتا ہے۔ اس کی مدد سے اوسط سے انتشار کیفیت کو محسوس کیا جاتا ہے۔ یہ اوسط سے نزدیک اور دوری یا پھیلاؤ کو ظاہر کرتا ہے۔ معیاری انحراف کی کم قدر اوسط سے قربت اور دوری اوسط سے پھیلاؤ کو ظاہر کرتا ہے۔ یعنی معیاری انحراف اوسط سے قربت کی سطح یا قربت کے معیار کو ظاہر کرتی ہے۔ تاجرین صنعت کار، تعلیمی ادارے وغیرہ اس کو استعمال کرتے ہیں۔ مکانات کی تجارت کی تاجرین مقام یا علاقہ کے حساب سے مکان کی قیمت کے تعین میں معیاری انحراف کو استعمال کرتے ہیں۔ اس کی قدر صفر تا ایک کے درمیان ہوتی ہے۔ لیکن اس کی قدر منفی نہیں ہوتی۔

### 5.6.2 معیاری انحراف کا استعمال واطلاق (Uses and Application of Standard Deviation)

معیاری انحراف کے چند اہم استعمالات کو ذیل میں بتلایا گیا ہے۔

1۔ انتشار کی کیفیت کو محسوب کرنا۔

2۔ اوسط اور انتشار کے درمیان موجود فرق یا پھیلاؤ کو محسوب کرنا۔

3۔ Volatility کو محسوب کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

4۔ مواد یا معطیات کا تقابل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

5۔ کاروباری جوکھم کی پیمائش کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

6۔ صارفین یا گاہکوں کی تشفی، رد عمل، ذخیرہ، قیمتوں کی سطح وغیرہ کو محسوب کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

7۔ صنعتی پیداوار کے معیار کی جانچ اور غلطیوں یا نقائص کی پیمائش کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

8۔ متوقع اور حقیقی مواد کے فرق کو محسوب کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

9۔ تحقیقی و تجزیہ کے ذریعہ نتائج کو محسوب کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

10۔ تجارتی و تعلیمی کا کردگی کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

### 5.6.3 معیاری انحراف کی خوبیاں(Merits of Standard Deviations)

معیاری انحراف کی اہم خوبیوں کو ذیل میں بتلایا گیا ہے۔

1۔ انتشار کے تمام پیمانوں میں معیاری انحراف کو بہتر اور برتر سمجھا جاتا ہے۔ کیوں کہ معیاری انحراف میں انتشار کے اچھے لوازمات پائے جاتے ہیں۔

2۔ معیاری انحراف معطیات کے تمام مشاہدوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

3۔ معیاری انحراف نمونہ کاری کی تبدیلی یا اتار چڑاؤ سے متاثر نہیں ہوتا۔

4۔ معیاری انحراف انتشار کے دوسرے پیمانوں کے مقابلے بہتر ہے۔

5۔ معیاری انحراف الجبرائی وضاحت کے لیے موزوں پیمانہ ہے۔

6۔ مخلوط معیاری انحراف کو آسانی سے محسوب کیا جاسکتا ہے۔

7۔ انتشار کی صحت کے ساتھ تحسیب میں مدد ملتی ہے۔

### 5.6.4 معیاری انحراف کی خامیاں(Demerits of Standard Deviations)

معیاری انحراف کی چند اہم خامیوں کو ذیل میں بتلایا گیا ہے۔

1۔ دو یا زیادہ سلسلوں کے انتشار کے تقابل میں معیاری انحراف کا استعمال نہیں کیا جاسکتا۔

2۔ معیاری انحراف کی تحسیب پیچیدہ عمل ہے۔

3۔ کھلے کنارے کی صورت میں معیاری انحراف کی تحسیب مشکل ہوتی ہے۔

4۔ معیاری انحراف کی تحسیب کے لیے علم ریاضی کے اصولوں پر کامل قدرت کا ہونا ضروری ہے۔

## 5.6.5 انفرادی سلسلہ میں معیاری انحراف کی تحسیب

(Calculation of Standard Deviation in case of Individual Series)

انفرادی سلسلہ اعداد کو پیش کرنے کا ایک اہم طریقہ ہے۔اس طریقہ ہے اعداد کو غیر گروہ بند انداز میں پیش کیا جاتا ہے۔اعداد بے ترتیب پھیلے ہوئے ہوتے ہیں۔معیاری انحراف کو راست اور بالراست دونوں طریقوں پر محسوب کر سکتے ہیں۔

معیاری انحراف کی تحسیب کا راست طریقہ(Direct Method of Standard Deviation)

مثال 1: ذیل کے مواد کی مدد سے معیاری انحراف(SD) محسوب کیجئے۔

1, 3, 5, 4, 6, 11

حل: 1۔دیے ہوئے اعداد کا اوسط محسوب کریں۔

2۔اوسط سے اعداد کے انحراف کو محسوب کریں۔

3۔حاصل انحرافی اعداد کا مربع محسوب کریں۔

ذیل میں معیاری انحراف کو محسوب کرنے کے طریقہ کو بتلایا گیا ہے۔

| اعداد(X) | $(dx=X-\bar{X})$ $\bar{X}=5$ | $dx^2$ |
|---|---|---|
| 1 | -4 | 16 |
| 3 | -2 | 4 |
| 4 | -1 | 1 |
| 5 | 0 | 0 |
| 1 | +1 | 1 |
| 11 | +6 | 36 |
| X=30 | - 7<br>+ 7<br>Σdx 0 | $\Sigma dX^2=58$ |

اوسط= $\bar{X} = \frac{\Sigma X}{\Sigma N}$

جہاں $\Sigma X =$ اعداد کا مجموعہ $= 30$، $\Sigma N$ اعداد کی تعداد $= 6$

$$\overline{X} = \frac{30}{6}$$

$$\overline{X} = 5$$

$$\Sigma D \text{ معیاری انحراف } = \sqrt{\frac{\Sigma dX^2}{N}}$$

جہاں پر $\Sigma dX^2 = 58$، $N = 6$، قیمتیں درج کرنے پر

$$= \sqrt{\frac{58}{6}}$$

$$= \sqrt{9.67}$$

$$SD\ (s) \text{ معیاری انحراف } = 3.1096$$

$$\text{Coefficient of Standard Deviation} = \frac{\sigma}{\overline{X}} = \frac{SD}{Mean}$$

$$= \frac{3.1096}{5}$$

$$\text{Coefficient of Standard Deviation} = 0.62192$$

### 5.6.6 معیاری انحراف کی تحسیب کا بالواسطہ طریقہ

(Indirect Method for Calculation of Standard Deviation)

بالراست طریقہ پر معیاری انحراف کی تحسیب کے لیے ذیل کے مراحل پر عمل کریں۔

1۔ فرضی اوسط عدد کی مدد سے انحراف محسوب کریں۔

2۔ انحراف کا مربع محسوب کریں۔

3۔ ضابطہ میں قدریں درج کریں۔

| اعداد(X) | dx = (X-AM)<br>A=5 | $\Sigma dx^2$ |
|---|---|---|
| 1 | -4 | 16 (-4 x -4) |
| 3 | -2 | 4 (-2 x -2) |
| 4 | -1 | 1 (-1 x -1) |
| 5 | 0 | 0 |
| 6 | +1 | 1 (1 x 1) |
| 11 | +6 | 36 (6 x 6) |
| | - 7<br>+ 7<br>Σdx= 0 | $\Sigma dX^2=58$ |

بالراست طور پر معیاری انحراف کی تحسیب کا ضابط

جہاں پر $58 = \Sigma dX^2$ $\quad$ $0 = \Sigma dx$ $\quad$ $6 = N$

$$\sigma = \sqrt{\frac{\Sigma dX^2}{N} - \left(\frac{\Sigma dX}{N}\right)^2}$$

$$= \sqrt{\frac{58}{6} - \frac{0}{6}}$$

$$= \sqrt{9.67 - 0}$$

SD معیاری انحراف = 3.1096

راست اور بالراست دونوں طریقوں سے معیاری انحراف کی قدر 3.1096 ہے۔ جو دونوں طریقوں میں مساوی قدر اخذ کی جاتی ہے۔

$$\text{Variance} = \sigma^2$$

$$= 3.1097 \times 3.1097$$

$$\text{Variance} = 9.670$$

## 5.6.7 تعددی سلسلہ میں معیاری انحراف کی تحسیب

(Calculation of Standard Deviation in Discrete Series)

تعددی سلسلہ میں درکار مواد کو دو قطار میں فراہم کیا جاتا ہے۔ تعددی سلسلہ میں راست اور بالراست دونوں طریقوں پر معیاری انحراف کو محسوب کیا جاتا ہے۔

1۔ راست طریقہ (حقیقی اوسط) Direct Method:

معیاری انحراف کو حقیقی اوسط کی مدد سے محسوب کرنا راست طریقہ کہلاتا ہے۔ اس طریقہ کے تحت حسب ذیل مراحل پر عمل کریں۔

1۔ حقیقی اوسط محسوب کریں۔

2۔ حقیقی اوسط کی مدد سے انحراف (dx) کو محسوب کریں۔

3۔ انحراف کا مربع محسوب کریں۔

4۔ انحراف کے مربع کو متعلقہ تعدد (F) سے ضرب دیں۔

5۔ ضابطہ میں قدریں درج کریں۔

## 5.6.8 بالواسطہ طریقہ (مفروضہ اوسط) کا طریقہ Indirect Method (Assumed Mean)

بالواسطہ یا مفروضہ اوسط کے مدد سے معیاری انحراف کو محسوب کیا جاتا ہے۔ اس طریقہ کے تحت دیے ہوئے اعداد میں سے کسی ایک عدد کو اوسط فرض کریں اور اس سے انحراف کو محسوب کریں۔ اس طریقہ کے تحت حسب ذیل مراحل پر عمل کریں۔

1۔ دیے ہوئے اعداد سے کسی ایک عدد کو بطور اوسط فرض کریں۔

2۔ فرض کیے ہوئے عدد سے اعداد کا انحراف محسوب کریں جس کو dx سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

3۔ حاصل انحرافی اعداد (dx) کا مربع محسوب کریں جس کو $(dx^2)$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

4۔ انحراف کے مربع کو متعلقہ تعدد (f) سے ضرب دیں جس کو $\sum fdx^2$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

5۔ ضابطہ میں قدریں درج کریں۔

مثال2: ذیل کے تفصیلات کی مدد سے راست اور بالراست دونوں طریقوں پر معیاری انحراف اور تفاوت/تغیر (variation) محسوب کیجئے۔

| X | 8 | 10 | 12 | 14 | 16 | 18 | 20 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تعدد(F) | 1 | 2 | 4 | 5 | 3 | 3 | 2 |

حل: راست اور حقیقی اوسط کے طریقہ پر معیاری انحراف کی تحسیب۔

| X | F | fx | d(x-x) | fd | fd2(fdxd) |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | 1 | 6 | -8 | -8 | 64 |
| 8 | 2 | 16 | -6 | -12 | 72 |
| 12 | 5 | 60 | -2 | -10 | 20 |
| 14 | 4 | 56 | 0 | 0 | 0 |
| 16 | 3 | 48 | +2 | 6 | 12 |
| 18 | 3 | 54 | +4 | 12 | 48 |
| 20 | 2 | 40 | +6 | 12 | 72 |
| | N=20 | $\sum Fx=280$ | | | $\sum Fd^2=288$ |

$$\overline{X} = \frac{280}{20}$$

$$\overline{X} = 4$$

$$\sigma = \sqrt{\frac{\Sigma dX^2}{N}}$$

$$= \sqrt{\frac{288}{20}}$$

$$= \sqrt{14.4}$$

معیاری انحراف $= 3.7947$

$$\text{Variance} = \sigma^2$$

$$= 3.7947 \times 3.7947$$

$$\text{Variance} = 14.4$$

بالراست (مفروضہ اوسط) کے طریقہ کے تحت معیاری انحراف کی تحسیب

| X | F | d A = 16 | fd | Fdxd $fd^2$ |
|---|---|---|---|---|
| 6 | 1 | -10 | -10 | 100 |
| 8 | 2 | -8 | -16 | 128 |
| 12 | 5 | -4 | -20 | 80 |
| 14 | 4 | -2 | -8 | 16 |
| 16 | 3 | 0 | 0 | 0 |
| 18 | 3 | +2 | 6 | 12 |
| 20 | 2 | +4 | 8 | 32 |
| | N = 20 | | -54<br>+14<br>∑Fd= - 40 | $\sum Fd^2=368$ |

$$\text{معیاری انحراف } \sigma = \sqrt{\frac{\Sigma fd^2}{N} - \left(\frac{\Sigma fd}{N}\right)^2}$$

$$= \sqrt{\frac{368}{20} - \left(\frac{40}{20}\right)^2}$$

$$= \sqrt{18.4 - 4}$$

$$= \sqrt{14.4}$$

$$\text{معیاری انحراف } \sigma = 3.7947$$

## 5.6.9 مسلسل سلسلہ میں معیاری انحراف کی تحسیب

(Calculation of Standard Deviation in Continuous Series)

مسلسل سلسلہ گروہی مواد ہے جس میں وقفہ جماعت کے ساتھ تعدد دیا جاتا ہے۔ مسلسل سلسلہ میں معیاری انحراف کے لیے ذیل کے مراحل پر عمل کریں۔

1۔ مسلسل سلسلہ کے ہر وقفہ جماعت کا وسطی نقطہ محسوب کریں۔

2۔ راست طریقہ پر اوسط محسوب کریں۔

3۔ حقیقی اوسط کی مدد سے وسطی نقاط کا تقابل کرتے ہوئے انحراف کی قدر کو محسوب کریں۔

مثال 3: ذیل میں دیے ہوئے مواد کی مدد سے راست طریقہ پر معیاری انحراف محسوب کریں۔

| نشانات(X) | 0-10 | 10-20 | 20-30 | 30-40 | 40-50 | 50-60 | 60-70 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تعدد(F) | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 4 | 1 |

حل: حقیقی اوسط کی مدد سے معیاری انحراف کی تحسیب

| وقفہ جماعت | F | وسطی نقطہ Mp | Mpf | d= x̄=38 Mp - x̄ | fd(1x5) 6 | $fd^2$ fdxd |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 0-10 | 1 | 5 | 5 | 33- | 33- | 1089 |
| 10-20 | 2 | 15 | 30 | -23 | -46 | 1058 |
| 20-30 | 3 | 25 | 75 | -13 | -39 | 507 |
| 30-40 | 4 | 35 | 140 | -13 | -12 | 36 |
| 40-50 | 5 | 45 | 225 | +7 | 35 | 245 |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 50-60 | 4 | 55 | 220 | +17 | 68 | 1156 |
| 60-70 | 1 | 65 | 65 | +27 | 27 | 729Type equation here. |
| | N = 20 | | Mf = 760 | | -130 +130 $\sum Fd=0$ | $\sum Fd^2=4820$ |

$$\bar{x} = \frac{\sum mf}{\sum f} \quad \bar{x}=\frac{760}{20} \quad \bar{x}=38$$

$$= \sqrt{\frac{\sum fd^2}{\sum f}} = \sqrt{\frac{4820}{20}} = \sqrt{241}$$

$$\text{(SD)معیاری انحراف} = 15.524\sigma$$

### 5.6.10 فرضی اوسط کی مدد سے معیاری انحراف کی تحسیب

(Calculation of Standard Deviation with the help of Assumed Mean)

1۔ وسطی نقطہ محسوب کریں۔

2۔ وسطی نقطہ میں سے کسی ایک عدد کو اوسط فرض کریں۔

وسطی نقطہ 35 کو اوسط عدد فرض کیا گیا۔

فرضی اوسط (35) کی مدد سے معیاری انحراف کی تحسیب

| وقفہ جماعت | تعدد F | وسطی نقطہ mp | X-A A=35 | Fd | fdxd $fd^2$ |
|---|---|---|---|---|---|
| 0-10 | 1 | 5 | -30 | -30 | 900 |
| 10-20 | 2 | 15 | -20 | -40 | 800 |
| 20-30 | 3 | 25 | -10 | -30 | 300 |
| 30-40 | 4 | 35 | 0 | 0 | 0 |
| 40-50 | 5 | 45 | +10 | +50 | 500 |
| 50-60 | 4 | 55 | +20 | +80 | 1600 |
| 60-70 | 1 | 65 | +30 | +30 | 900 |
| | N = 20 | | | -100 | $Fd^2=5000$ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | +100<br>∑fd=+60 | |

$$=\sqrt{\frac{\sum fd^2}{N}-\left[\frac{\sum fd}{N}\right]2\sigma}$$

جہاں پر $5000 = \sum fd^2$ $\quad 20 = N \quad 6 = \sum fd,$

$$=\sqrt{\frac{5000}{20}-\left[\frac{60}{20}\right]2}=\sqrt{250-9}$$

$$=\sqrt{241} = 15.524$$

اقدامی انحراف/اختصار کے طریقہ پر معیاری انحراف کے تحسیب

Calculation of Standard Deviation by Step Deviation Method

| وقفہ جماعت | F تعدد | Mp وسطی نقطہ | A=35 | d/10 | fd | $fd^2$ fdxd |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 0-10 | 1 | 5 | -30 | -3 | -3 | 9 |
| 10-20 | 2 | 15 | -20 | -2 | -4 | 8 |
| 20-30 | 3 | 25 | -10 | -1 | -3 | 3 |
| 30-40 | 4 | 35 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| 40-50 | 5 | 45 | +10 | +1 | 5 | 5 |
| 50-60 | 4 | 55 | +20 | +2 | 8 | 16 |
| 60-70 | 1 | 65 | +30 | +3 | 3 | 9 |
| | | | | | -10<br>+16<br>∑fd +6 | fd-50 |

$$\sigma = \sqrt{\frac{\Sigma fd^2}{N} - \left[\frac{\Sigma fd}{N}\right]^2} \times i$$

جہاں پر $50 = \Sigma fd^2$ $\quad 20 = N \quad 6 = \Sigma fd, \quad 10 = i,$

$$= \sqrt{2.5 - 0.09} \times 10$$

$$= \sqrt{2.41} \times 10$$

$$= 1.5524 \times 10$$

$$= 15.524$$

مندرجہ بالا تینوں طریقوں پر معیاری انحراف کی قدر 15.524 ہو گی۔ طریقہ تبدیل ہے لیکن قیمت میں کوئی تبدیلی واقع نہ ہو گی

## 5.7 اکتسابی نتائج (Learning Outcome)

طلباء نے بازی کے معنی اور تعریف اور ڈیٹا کا خلاصہ اور تشریح کرنے میں اس کی اہمیت کے بارے میں واضح سمجھ پیدا کر لی ہے۔ انہوں نے اچھی بازی کی اہم خصوصیات اور ڈیٹا سیٹس میں تغیر یا پھیلاؤ کا اندازہ کرنے کا طریقہ سیکھا ہے۔ طلباء بازی کی نوعیت کی وضاحت کر سکتے ہیں اور تغیر کے مختلف پیمانوں کے درمیان فرق کر سکتے ہیں۔ انہوں نے معیاری انحراف کا بھی علم حاصل کر لیا ہے، بشمول اس کی تعریف، حساب اور اطلاق، جس سے وہ اس بات کا اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ڈیٹا پوائنٹس وسط سے کیسے ہٹتے ہیں۔ مجموعی طور پر، سیکھنے والے ڈیٹا کی تغیرات کا مؤثر طریقے سے تجزیہ کرنے کے قابل ہوتے ہیں اور اسے زیادہ درست اور باخبر کاروباری فیصلے کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

## 5.8 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

خالی جگہوں کو پر کیجئے۔

1۔ معیاری انحراف کو سب سے پہلے .........نے استعمال کیا۔

2۔ راست طریقہ پر معیاری انحراف کو محسوب کرنے کا ضابطہ...............ہے۔

3۔ کار پیرسن کا تعلق...............ملک سے ہے۔

4۔ معیاری انحراف کو...............علامت سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

5۔ جذر المربع کو...............علامت سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

مختصر جوابات کے حامل سوالات

1۔ معیاری انحراف سے کیا مراد ہے۔ وضاحت کیجئے۔

2۔ معیاری انحراف کے استعمالات کو بیان کیجئے۔

3۔ دیے ہوئے اعداد کا معیاری انحراف محسوب کیجئے۔10,9,8,6,5,3

4۔ دیے ہوئے اعداد کی مدد سے حقیقی اوسط کے طریقہ پر معیاری انحراف محسوب کیجئے۔4,6,8,10,12,18,20,22

5۔ ذیل میں دیے ہوئے تفصیلات کی مدد سے معیاری انحراف اور اس کی قدر ضربی محسوب کیجئے۔

| X | 10 | 20 | 30 | 40 | 50 | 60 | 70 | 80 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| F | 1 | 2 | 2 | 3 | 4 | 5 | 2 | 1 |

## طویل جوابات کے حامل سوالات

6۔ دیے ہوئے اعداد کی مدد سے راست اور بالراست طریقہ پر معیاری انحراف اور تفاوت محسوب کیجئے۔

| X | 10 | 20 | 30 | 11 | 14 | 17 | 20 | 23 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| F | 1 | 2 | 2 | 3 | 4 | 5 | 2 | 1 |

7۔ ذیل میں ایک مضمون میں حاصل نشانات اور طلبا کی تعداد دی گئی ہے۔ جن کی مدد سے راست اور بالراست طریقہ پر معیاری انحراف محسوب کیجئے۔

| X | 0-10 | 10-20 | 20-30 | 30-40 | 40-50 | 50-60 | 60-70 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| F | 1 | 2 | 2 | 3 | 5 | 4 | 3 |

8۔ ذیل کے تفصیلات کی مدد سے راست بالراست اور اختصار کے طریقہ کے تحت معیاری انحراف محسوب کیجئے

| X | 10-20 | 20-30 | 30-40 | 40-50 | 50-60 | 60-70 | 70-80 | 80-90 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| F | 1 | 1 | 3 | 4 | 5 | 7 | 6 | 3 |

9۔ ایک صنعت میں ملازم مزدوروں کی یومیہ اجرت دی گئی ہے۔ جس کی مدد سے راست باالرست اور اختصار کے طریقہ پر معیاری انحراف محسوب کیجئے۔

| X | 100-200 | 200-300 | 300-400 | 400-500 | 500-600 | 600-700 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| F | 4 | 3 | 5 | 8 | 6 | 4 |

# اکائی6۔ حتمال اور احتمال کی تقسیم

(Probability and Probability Distribution)

| | |
|---|---|
| Structure | اکائی کے اجزاء |
| Introduction | 6.0 تمہید |
| Objectives | 6.1 مقاصد |
| Meaning and Definition of Probability | 6.2 احتمال کا معنی اور تعریف |
| Important Terminology of Probability | 6.3 احتمال کی اہم اصطلاحات |
| Probability Rules | 6.4 احتمال کے اصول |
| Types of Probabilities Distributions | 6.5 احتمالی تقسیم کے اقسام |
| Learning Outcomes | 6.6 اکتسابی نتائج |
| Model Examination Questions | 6.7 نمونہ امتحانی سوالات |

## 6.0 تمہید (Introduction)

احتمال ریاضی کی ایک شاخ ہے جو دی گئی شرائط کے تحت رونما ہونے والے ایونٹس کے احتمالات کی پیائش سے متعلق ہے۔ یہ کاروبار، اقتصادیات، سائنس، انجینئرنگ، اور روزمرہ کی زندگی جیسے شعبوں میں بہتر فیصلہ سازی کو قابل بنا کر، غیر یقینی صورتحال کو درست کرنے کا ایک منظم طریقہ فراہم کرتا ہے۔ احتمالی نظریہ ریاضی کے اصولوں کو استعمال کرتے ہوئے نتائج کی پیشین گوئی، خطرات کا اندازہ لگانے اور حکمت عملی بنانے میں مدد کرتا ہے۔

دوسری طرف، ایک احتمالی تقسیم بیان کرتی ہے کہ بے ترتیب متغیر کے تمام ممکنہ نتائج کے لیے احتمالات کیسے تفویض کیے جاتے ہیں۔ یہ مجرد (discrete) ہو سکتا ہے، جہاں نتائج قابل شمار ہوتے ہیں (مثال کے طور پر، سکے کو اچھالنا، ڈائیس کو رول کرنا)، یا مسلسل، جہاں نتائج ایک حد میں آتے ہیں (جیسے، اونچائی، وقت، یا وزن کی پیائش)۔ یہ تقسیمیں، جیسے بائنومیل، پوائسن، اور نارمل تقسیم، شماریاتی تجزیہ اور مفروضے کی جانچ کی بنیاد بناتے ہیں۔

ڈیٹا کا تجزیہ کرنے، حقیقی دنیا کے حالات کی ماڈلنگ، اور باخبر پیشین گوئیاں کرنے کے لیے احتمال اور احتمالی تقسیم کو سمجھنا بہت ضروری ہے۔ یہ یونٹ احتمالی تقسیم کی کلیدی اقسام کے ساتھ احتمال کے بنیادی تصورات، قواعد اور اطلاقات کا احاطہ کرے گا، جس سے سیکھنے

والوں کو تعلیمی، پیشہ ورانہ اور تحقیقی سیاق وسباق میں ان تصورات کو مؤثر طریقے سے لاگو کرنے کے قابل بنایا جائے گا۔

## 6.1 مقاصد(Objectives)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ:

- احتمال کے بنیادی تصورات اور تعریفوں ،بشمول اقسام اور نقطہ نظر کو سمجھ سکیں گے۔
- مجرد اور مسلسل احتمالی تقسیم کے درمیان فرق کر سکیں گے۔
- کلیدی احتمالی تقسیم کو لاگو کرنے کی صلاحیت حاصل کر سکیں گے جیسےBinomial،Poisson،اورNormal۔
- احتمالی نظریات اور تقسیم کے ماڈلز کا استعمال کرتے ہوئے حقیقی زندگی کے مسائل کا تجزیہ کر سکیں گے۔

## 6.2 احتمال کا معنی اور تعریف(Meaning and Definition of Probability)

ہماری روزمرہ کی زندگی میں "احتمال" یا "موقع" کی اصطلاح بہت عام استعمال ہوتی ہے۔ کبھی کبھی، ہم کہتے ہیں "شاید کل بارش ہو سکتی ہے"، "شاید مسٹرX آج اپنی کلاس لینے آئیں"، "شاید آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں"۔ یہ تمام اصطلاحات، احتمال اور احتمال کا ایک ہی مطلب ہے۔ لیکن اعداد و شمار میں احتمال کا نارمل آٹیلی کے خیال کے برعکس کچھ خاص مفہوم ہوتا ہے۔

احتمال کا نظریہ 17ویں صدی میں تیار کیا گیا تھا۔ اس کی ابتدا کھیلوں، سکے پھینکنے، نرد پھینکنے، پیکٹ سے کارڈ کھینچنے سے ہوئی ہے۔ 1954 میں Antoine Gornbandنے اس کے لیے ایک پہل اور دلچسپی لی تھی۔

| رسد | 100 | 110 | 115 | 130 | 150 | 140 | 115 | 100 |

منفی کوریلیشن:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قیمت | 10 | 15 | 20 | 25 |
| رسد | 60 | 80 | 90 | 100 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قیمت | 25 | 20 | 15 | 10 |
| رسد | 60 | 80 | 90 | 100 |

مثبت کوریلیشن سلسلے کی چند مثالیں نیچے دی گئی ہیں:

1. قداور وزن
2. خاندان کی آمدنی اور اشیائے تعیش پر خرچ
3. بارش کی مقدار اور فصل کی پیداوار
4. ایک شئے کی قیمت اور رسد

منفی کوریلیشن سلسلے کی چند مثالیں ذیل میں دی گئی ہیں:

1. ایک شئے کی طلب اور قیمت
2. ایک پرفیکٹ گیس کا حجم اور دباؤ
3. اون کے کپڑوں کی فروخت اور دن کا ٹمپریچر وغیرہ۔

2۔ سادہ مرکب اور جزوی کوریلیشن:

سادہ کوریلیشن میں ہم صرف دو متغیرات کا مطالعہ کرتے ہیں جیسے قیمت اور طلب مرکب کوریلیشن میں ہم تین یا زیادہ عناصر کے درمیان تعلق کا مطالعہ کرتے ہیں۔ جیسے پیداوار' بارش اور کھاد کا استعمال۔ جزوی کوریلیشن میں اگرچیکہ دو عناصر سے زیادہ عناصر ہوتے ہیں لیکن کوریلیشن کا مطالعہ دو عناصر کے درمیان ہوتا ہے دیگر عناصر کو مستقل طور پر فرض کیا جائے گا۔

3۔ خطی اور غیر خطی (کروی لائنر) کوریلیشن:

جب دو متغیرات کی قدروں میں تغیر برابر تناسب میں ہوں تب کوریلیشن کو خطی کہا جائے گا اگر ہر دفعہ قیمت میں10%اضافہ ہوتب رسد میں بھی20%اضافہ ہوگا۔ان دو متغیروں کے درمیان خطی تعلق پایا جاتا ہے۔ان میں تعلق کی قسم $Y = a + bx$ ہے۔ یہ خط مستقیم کی ایک مساوات ہے۔ اگر مقابل دو ایسے سلسلوں کی قدروں کو گراف پیپر پر مرتسم کریں تو خط مستقیم حاصل کیا

جاسکے۔ تاہم معاشی اور سماجی ڈاٹا میں ایسا تعلق بہت نایاب ہوتا ہے۔ ایسا نارمل طور پر سائنس میں پایا جاتا ہے۔ معاشی اعداد و شمار میں دو متغیرات میں تبدیلی عموماً یکساں یعنی Constant نہیں ہوتی۔ ایسی صورتوں میں دو متغیرات کے مقابل اعداد و شمار سے خط مستقیم حاصل نہ ہوگا کوریلیشن منحنی یا غیر خطی ہوگا۔ اس طرح خطی کوریلیشن وہ ہے جہاں متعلقہ متغیرات میں تغیرات کا تناسب مستقل (Constant) ہوگا۔ اور غیر خطی وہ ہے جہاں یہ تناسب لچکدار ہوگا۔

خطی کوریلیشن:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| X | 2 | 4 | 6 | 8 | 10 |
| Y | 5 | 10 | 15 | 20 | 25 |

غیر خطی کوریلیشن:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| X | 2 | 4 | 6 | 8 | 10 |
| Y | 5 | 8 | 12 | 15 | 25 |




*Source: http://simplypsychology.org/correlation.html*

## 7.6 کارل پیرسن کا کوفیشنٹ آف کورلیشن کی نوعیت

(Nature of Karl Pearson of Coefficient of Correlation)

کارل پیرسن (1867-1936) برطانیہ کا رہنے والا تھا۔ وہ ایک ماہر حیاتیات اور ماہر شماریات تھا۔ اس نے کوریلیشن کے کوفیشنٹ کا ضابطہ دیا۔ کوریلیشن کی پیمائش کے کئی حسابی طریقے ہیں۔ ان میں سے ایک کو کارل پیرسن کا طریقہ بھی ہے۔ یہ طریقہ Pearson's Coefficient of Correlation کے نام سے مشہور ہے اس ضابطہ کو بہت زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔ پیرسن کے کوریلیشن کے کوفیشنٹ کو "r" علامت سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ کارل پیرسن کے مطابق دو متغیرات کے کوریلیشن کے کوفیشنٹ کو دو سلسلوں کے مختلف ایٹمس کے مقابل اعداد کے اوسط حسابیہ سے لئے گئے انحراف کے حاصل ضرب کے مجموعہ کو معیاری انحراف اور زیر مشاہدہ جوڑ کی تعداد سے تقسیم

کر کے حاصل کیا جاتا ہے۔ اس طرح اگر $x_1, x_2, x_3 .............. x_n$ پہلے متغیرہ کے مختلف ایٹمس کے اوسط حسابیہ کے انحراف ہوں اور $y_1, y_2, y_3$

$y_n$.......................دوسرے مقابل متغیرہ کے اوسط حسابیہ کے انحراف ہوں ان مقابل انحراف کے حاصل ضرب کا مجموعہ $\sum xy$ ہوگا۔ اگر دو متغیروں کے معیاری انحراف بالترتیب $\sigma_1 \sigma_2$ ہوں اور اگر 'n' زیر مشاہدہ جوڑ کی تعداد ہو تب r (کوریلیشن کا کوفیشنٹ) یوں ہوگا۔

$$r = \frac{\sum xy}{n\sigma_1\sigma_2}$$

مذکورہ بالا ضابطے سے یہ بات واضح ہے کہ اگر $\sum xy$ مثبت (پازیٹیو) ہو تب کوریلیشن کا کوفیشنٹ بھی پازیٹیو ہوگا جو دونوں سلسلوں کے کوریلیشن کے مثبت ہونے کی نشاندہی کرے گا۔ اس کے برخلاف اگر $\sum xy$ نیگیٹیو (منفی) ہو تب کوریلیشن کا کوفیشنٹ بھی منفی ہوگا دونوں سلسلوں کے درمیان کوریلیشن کے نیگیٹیو ہونے کی نشاندہی کرے گا۔ نارمل طور پر اگر ایک سلسلے کے پازیٹیو اور نیگیٹیو انحراف دوسرے سلسلے کے پازیٹیو اور نیگیٹیو سے بھی جڑے ہوں تب $\sum xy$ پازیٹیو ہوگا۔ نارمل طور پر اگر ایک سلسلے کے پازیٹیو انحراف دوسرے متغیرہ کے نیگیٹیو انحراف سے جڑے ہوں یا برعکس ہوں تب $\sum xy$ کی قدر نگیٹیو ہوگی۔ اگر ایک متغیرہ کے پازیٹیو اور نیگیٹیو دوسرے متغیرہ کے انحراف سے بے نیازی/طور پر جڑے ہوں تب $\sum xy$ صفر ہوگا یا اس کے قریب ہوگا اور اس بات کی نشاندہی کرے گا کہ دو سلسلوں کے درمیان کوئی کوریلیشن نہیں ہے۔ کوریلیشن کے کوفیشنٹ کی قدر ہمیشہ 1+ اور 1- کے درمیان ہوگی۔ یہ ایک سے زیادہ بھی ہو سکتا۔

کارل پیرسن کا مذکورہ بالا ضابطہ دونوں سلسلوں کے درمیان Covariance کے مطالعہ کی بنیاد پر وضع کیا گیا ہے۔ دونوں سلسلوں کے درمیان Covariance کو یوں لکھا جاتا ہے۔

$$\text{Covariance} = \frac{\sum xy}{x}$$

جہاں x اور y دونوں سلسلوں کے اوسط حسابیہ سے انحراف سے متعلق ہیں کوریلیشن کا مطالعہ کرنے کے لئے دو سلسلوں کے Covariance کو ان کے معیاری انحراف کے حاصل ضرب سے تقسیم کیا گیا ہے لہذا

$$r = \frac{\text{Covariance of the two Series}}{\sqrt{(\text{Variance of Series 1})\ (\text{Variance of Series 2})}}$$

$$= \frac{\text{Covariance}}{\sigma_1 \times \sigma_2}$$

$$= \frac{\sum xy}{n\sigma_1\sigma_2}$$

اس فارمولے کو Product Moment formula of Coefficient of Correlation کے طور پر جانا جاتا ہے۔

راست طریقہ Direct Method

اس طریقہ میں شامل اقدامات درج ذیل ہوں گے :

1. دونوں سلسلوں کے اوسط حسابیہ (Arithmatic Mean) کو دریافت کریں۔ $(\overline{x}_1\overline{y}_2)$
2. سلسلے کے ہر ایک ایٹم کے لئے اس کے اوسط حسابیہ سے انحراف دریافت کریں (x اور y)۔
   یہاں $x = (x - \overline{x})$ اور $y = (y - \overline{y})$
3. ان انحراف کا مربع معلوم کر کے جمع کریں۔ $(\sum x^2, \sum y^2)$
4. دونوں سلسلوں کے متعلقہ انحرافی اعداد کو ضرب دے کر جمع کریں۔ $(\sum xy)$
5. مذکورہ بالا قیمتوں کو درج ذیل فارمولے کے مطابق لکھ کر مختصر کریں۔

$$r = \frac{\sum xy}{\sqrt{\sum x^2 \times \sum y^2}} \quad \text{یا} \quad r = \frac{\sum xy}{\sqrt[n]{\frac{\sum x^2}{n}} \times \sqrt[n]{\frac{\sum y^2}{n}}} = \frac{\sum xy}{n\sigma_1\sigma_2}$$

تمثیل 1: درج ذیل دس فرم کے فروخت اور اشتہار کاری کے مصارف کے درمیان کوریلیشن کا کوفیشنٹ دریافت کیجئے (اعداد 000 میں)

| فرمس | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فروخت | 50 | 50 | 55 | 60 | 65 | 65 | 65 | 60 | 60 | 50 |
| اشتہار کاری اخراجات | 11 | 13 | 14 | 16 | 16 | 15 | 15 | 14 | 13 | 13 |

Calculation of Coefficient of Correlation

| Sales | Deviation from Mean 58 | Deviation Square | اشتہاری اخراجات | Deviation from Mean 14 | Devaition Square | Product of deviation, xy |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 50 | -8 | 64 | 11 | -3 | 9 | 24 |
| 50 | -8 | 64 | 13 | -1 | 1 | 8 |
| 55 | -3 | 9 | 14 | 0 | 0 | 0 |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 60 | +2 | 4 | 16 | +2 | 4 | 4 |
| 65 | +7 | 49 | 16 | +2 | 4 | 14 |
| 65 | +7 | 49 | 15 | +1 | 1 | 7 |
| 65 | +7 | 49 | 15 | +1 | 1 | 7 |
| 60 | +2 | 4 | 14 | 0 | 0 | 0 |
| 60 | +2 | 4 | 13 | -1 | 1 | -2 |
| 50 | -8 | 64 | 13 | -1 | 1 | 8 |
| ∑x 580<br>$x=\frac{580}{10}=58$<br>∑ | -27<br>+27 = 0<br>∑x | $x^2$ =<br>∑360 | ∑y 140<br>$=1\bar{y}\frac{140}{12}$<br>4 | +6 0<br>-6 ∑y | $\sum y^2 = 22$ | xy =<br>∑70 |

$$\text{Mean of } x = \frac{\sum x}{n} = \frac{580}{10} = 58$$

$$y = \frac{\sum y}{n} = \frac{140}{10} = 14$$

$$r = \frac{\sum xy}{\sqrt{\sum x^2 \times \sum y^2}} = \frac{+70}{\sqrt{360 \times 22}} = \frac{70}{\sqrt{7920}}$$

$$= \frac{+70}{88.9943818}$$

$$= +0.7865$$

تمثیل 2: نیچے پیکنگ کی لاگت اور فروخت کے دیے گئے اعداد کے مطابق کارل پیرسن کے کوریلیشن کے کوفیشنٹ کی تحسیب کیجئے۔

| پیکنگ کی لاگت (000روپیوں میں) | 39 | 65 | 62 | 90 | 82 | 75 | 25 | 98 | 36 | 78 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فروخت(لاکھوں میں) | 47 | 53 | 58 | 86 | 62 | 68 | 60 | 91 | 51 | 84 |

Calculation of Coefficient of Correlation

| پیکنگ کی لاگت '000) (روپیوں میں | Deviation from Mean (65) | Square of Deviation | Sales in ) (lakh | Deviation from Mean (65) | Square of Deviation | Product of Deviations |
|---|---|---|---|---|---|---|

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 39 | -26 | 676 | 47 | -19 | 361 | +494 |
| 65 | +0 | 0 | 53 | -13 | 169 | 0 |
| 62 | -3 | 9 | 58 | -8 | 64 | +24 |
| 90 | +25 | 625 | 86 | +20 | 400 | 500 |
| 82 | +17 | 289 | 62 | -4 | 16 | -68 |
| 75 | +10 | 100 | 68 | +2 | 4 | +20 |
| 25 | -40 | 1600 | 60 | -6 | 36 | +240 |
| 98 | +33 | 1089 | 91 | +25 | 625 | +825 |
| 36 | -29 | 841 | 51 | -15 | 225 | +435 |
| 78 | +13 | 169 | 84 | +18 | 224 | +234 |
| $\sum x = 70$<br>$x = 10$ | $\sum x = 0$ | $x^2 =$<br>$\sum 5398$ | $y =$<br>$\sum 660$<br>$x \sum 10$ | $\sum y = 0$ | $y^2 =$<br>$\sum 2224$ | $xy =$<br>$\sum 2704$ |

$$\text{Mean of Series } (x) = \frac{\sum x}{n} = \frac{650}{10} = 65$$

$$(y) = \frac{\sum y}{n} = \frac{660}{10} = 66$$

$$r = \frac{\sum xy}{\sqrt{\sum x^2 \times \sum y^2}} = \frac{2704}{\sqrt{(65)^2(66)^2}} \frac{2704}{\sqrt{5398 \times 2224}} = \frac{2704}{\sqrt{123005152}} = \frac{2704}{3462.84516}$$

$$= 0.78086$$

تمثیل 3: درج ذیل نتائج دو سلسلوں کے درمیان ان کے اوسط حسابیہ سے حاصل کئے گئے ہیں کوریلیشن کا کوفیشنٹ تحسیب کیجئے۔

| | سلسلہ 'y' | سلسلہ 'y' |
|---|---|---|
| ایٹمس کی تعداد | 7 | 7 |
| اوسط حسابیہ | 4 | 8 |
| اوسط حسابیہ سے انحرافی اعداد کے مربعوں کا مجموعہ | 28 | 76 |
| متعلقہ اوسط حسابیہ سلسلہ x اور y کے حاصل ضرب کا مجموعہ | 46 | |

حل: دیا گیا ہے کہ:

$$x = 7,\ \bar{x} = 4,\ \bar{y} = 8,\ \sum x^2 = 28\ \sum x^2 = 76\ \sum xy = 46$$

کارل پیرسن کی کوریلیشن کا کوفیشنٹ یا

$$r = \frac{\sum xy}{\sqrt{\sum x^2 \times \sum y^2}} = \frac{46}{\sqrt{28 \times 76}}$$

$$= \frac{46}{\sqrt{2128}} = \frac{46}{46.1302504}$$

$$= 0.997$$

تمثیل 4: درج ذیل نتائج سے کوریلیشن کا کوفیشنٹ تحسیب کیجئے

$$x = 10\ \ \sum x = 100\ \ \sum y = 150$$

$$\sum (x-10)^2 = 180\ \ \sum (y-15)^2 = 215$$

$$\sum (x-10)(y-15) = 60$$

$$\sum (x-10)^2, 180,\ \sum (y-15)^2 = 215$$

$$\sum (x-10)(y-15) = 60$$

Mean of the first Series or $\bar{x} = \frac{\sum x}{n} = \frac{100}{10} = 10$

Second source or $\bar{y} = \frac{\sum x}{n} = \frac{150}{10} = 15$

$$\sum (x-10) = Sum$$

$$r = \frac{\sum xy}{\sqrt{\sum x^2 \times \sum y^2}} = \frac{60}{\sqrt{180 \times 215}} = \frac{60}{196,7213156}$$

$$= +\ 0.305$$

---

تمثیل 5: نیچے دیئے گئے اعداد و شمار سے ایٹمس کی تعداد 'n' دریافت کیجئے۔

$$r = +0.5\ \sum xy = 120,\ \sigma_y = 8, \sum x^2 = 90$$

جہاں $x$ اور $y$ انحراف اور حسابیہ سے لئے گئے ہیں۔

حل: دیا گیا ہے $r = +0.5\ \sum xy = 120,\ \sigma_y = 8, \sum x^2 = 90$

$$Now\ \sigma_x^2 = \frac{\sum x^2}{n} = \frac{90}{n}$$

$$r = \frac{\sum xy}{n\sigma_x \times \sigma_y} or\ r^2 = (0.5)^2 = 0.25$$

$$0.25 = \frac{(120)^2}{n^2 \times \left(\frac{90}{n}\right) \times 64} = \frac{14400}{n \times 90 \times 64} = \frac{14400}{5760n} = \frac{2.5}{n}$$

$$\frac{0.25}{100} \times \frac{2.5}{n} = 25n = 2.5 + 100$$

$$25n = 250 = n = \frac{250}{25} = 10$$

2. راست طریقہ(Direct method):

کوریلیشن کے کوفیشنٹ کی تحسیب سلسلوں کے مختلف اعداد، قیمتوں کے اوسط حسابیہ، مفروضہ حسابیہ کے انحراف کے بغیر کی جاسکتی ہے۔اسکے لئے درج ذیل فارمولہ استعمال کیاجاتاہے۔

$$r = \frac{N\sum xy - (\sum x)(\sum y)}{\sqrt{N\sum x^2 - (\sum x)^2}\sqrt{N\sum y^2 - (\sum y)^2}}\ or$$

تمثیل6: درج ذیل اعداد وشمار سے کارل پیرسن کے کوریلیشن کاکوفیشنٹ تحسیب کیجئےاوراس کی قیمت کی تشریح کیجیے۔

| طلباء کارول نمبر | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اکنومکس میں نشانات | 48 | 35 | 17 | 23 | 47 | = 170/5=34 |
| شماریات میں نشانات | 45 | 20 | 40 | 25 | 45 | =175/5=35 |

حل :

| x | $X^2$ | y | Y2 | xy |
|---|---|---|---|---|
| 48 | 2304 | 45 | 2025 | 2160 |
| 35 | 1225 | 20 | 400 | 700 |
| 17 | 289 | 40 | 1600 | 680 |
| 23 | 529 | 25 | 625 | 575 |
| 47 | 2209 | 45 | 2025 | 2115 |
| 170 | 6556 | 175 | 6675 | 6230 |

$$N = 5, \quad \sum xy = 6230, \sum x = 170$$
$$\sum xy = 175, \sum x^2 = 6556, \sum y^2 = 6230$$

$$r = \frac{N\sum xy - (\sum x)(\sum y)}{\sqrt{N\sum x^2 - (\sum x)^2}\sqrt{N\sum y^2 - (\sum y)^2}}$$

$$= \frac{5\times 6230 - (170*175)}{\sqrt{5\times 6556 - (170)^2}\sqrt{5\times 6675 - (175)^2}}$$

$$= \frac{5\times 6230 - (170*175)}{\sqrt{5\times 6556 - (170)^2}\sqrt{5\times 6675 - (175)^2}} = \frac{31{,}150 - 29{,}750}{\sqrt{32{,}780 - 28{,}900}\sqrt{33{,}375 - 30{,}625}}$$

$$= \frac{1400}{\sqrt{3880}\sqrt{2750}}$$

$$= \frac{1400}{62.289646\times 52.4404424}$$

$$= \frac{1400}{3266.49659}$$

$$= 0.42859$$

تمثیل 7: نیچے دیئے گئے اعداد سے راست طریقہ سے کوریلیشن کا ضرب تحسیب کیجئے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| x: | 12 | 9 | 8 | 10 | 11 | 13 | 7 |
| y: | 14 | 8 | 6 | 9 | 11 | 12 | 3 |

حل:

| x | $x^2$ | $y^1$ | $y^2$ | Xy |
|---|---|---|---|---|
| 12 | 144 | 14 | 196 | 168 |
| 9 | 81 | 8 | 64 | 72 |
| 8 | 64 | 6 | 36 | 48 |
| 10 | 100 | 9 | 81 | 90 |
| 11 | 121 | 11 | 121 | 121 |
| 13 | 169 | 12 | 144 | 156 |
| 7 | 49 | 3 | 9 | 21 |
| 70 | 728 | 63 | 651 | 676 |

$$r = \frac{N\sum xy - (\sum x)(\sum y)}{\sqrt{N\sum x^2 - (\sum x)^2}\sqrt{N\sum y^2 - (\sum y)^2}}$$

$$= \frac{7\times 676 - 70\times 63}{\sqrt{7428 - (70)^2}\sqrt{7\times 651 - (63)^2}} = \frac{4732 - 4410}{\sqrt{5096 - 4900}\sqrt{4557 - 3969}}$$

$$= \frac{4732 - 4410}{\sqrt{5096 - 4900}\sqrt{4557 - 3969}}$$

$$= \frac{322}{\sqrt{196}\sqrt{588}}$$

$$= \frac{322}{14\times 24.2487113}$$

$$= \frac{322}{339.481958}$$

$$= 0.9485$$

تمثیل 8: x اور y کی قیمتیں نیچے دی گئی ہیں ان کے درمیان کوریلیشن کا کوفیشنٹ تحسیب کیجیے۔

| $x$ : | 65 | 66 | 67 | 67 | 68 | 69 | 70 | 72 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| $y$ : | 67 | 68 | 65 | 68 | 72 | 72 | 69 | 71 |

| $x$ | $y$ | $x2$ | $y2$ | $(xy)$ |
|---|---|---|---|---|
| 65 | 67 | 4225 | 4489 | 4355 |
| 66 | 68 | 4356 | 4624 | 4488 |
| 67 | 65 | 4489 | 4225 | 4355 |
| 67 | 68 | 4489 | 4624 | 4556 |
| 68 | 72 | 4624 | 5184 | 4896 |
| 69 | 72 | 4761 | 5184 | 4968 |
| 70 | 69 | 4900 | 4761 | 4830 |
| 72 | 71 | 5184 | 5041 | 5112 |
| 544 | 552 | 3,7028 | 3,8132 | 3,7560 |

$$r = \frac{N\sum xy - (\sum x)(\sum y)}{\sqrt{N\sum x^2 - (\sum x)^2}\sqrt{N\sum y^2 - (\sum y)^2}}$$

$$= \frac{37560 - 544\times 552}{\sqrt{8\times 37560 - (544)^2}\sqrt{8\times 38132 - (552)^2}}$$

$$= \frac{3,00,480 - 300288}{\sqrt{296224 - 295936}\sqrt{305056 - 304704}}$$

$$= \frac{192}{\sqrt{288}\sqrt{352}}$$

$$= \frac{192}{16.9705627\times 18.761663}$$

$$= \frac{192}{318.395978} = 0.6030$$

شارٹ کٹ طریقے Shortcut Methods(مفروضہ اوسط حسابیہ یامبدے کی تبدیلی کے استعمال سے)

راست طریقے میں کوریلیشن کے کوفیشنٹ کی تحسیب کاری میں دونوں سلسلوں کے حقیقی اوسط حسابیہ کی تحسیب کرناہوتاہے اور ان اوسط حسابیہ سے دو سلسلوں کے مختلف ایٹمس سے انحرافی اعداد کو معلوم کیاجاتاہے۔ اگر سلسلہ کا اوسط حسابیہ اعشاریہ میں ہو جیسے 80.5 یا 94.08 میں ہو تب انحرافی اعداد کی تحسیب مشقت طلب اور تکلیف دہ ہو جاتی ہے اور یہ کام ذہنی تھکان کا باعث ہوتاہے کیونکہ جب اعداد اعشاریہ میں ہوں تب انحراف کی تحسیب اور $x^2$، $y^2$اور xy کی تحسیب اکتانے والا کام ہو جاتاہے۔ ایسی صورت میں یہ مشورہ دیاجاتاہے کہ اوسط حسابیہ کو فرض کریں اور ضابطہ (فارمولے) میں تبدیلی لائی جس کی وجہ سے انحراف کے معلوم کرنے کا عمل نہایت آسان ہو جاتاہے۔ فارمولے میں ضروری تبدیلی کے بعد اس کی اصلیت تبدیل ہوتی ہے اور نہ ہی کوریلیشن کے کوفیشنٹ کی قیمت پر کوئی فرق واقع ہوتاہے۔ r کی قدر بھی اتنی ہی ہوگی جتنی کہ حقیقی اوسط حسابیہ کے استعمال سے ہوا کرتی تھی۔

حقیقی اوسط حسابیہ کے عدم استعمال کی صورت میں فارمولہ (ضابطہ) درج ذیل ہوگا۔

$$r = \frac{\sum dxdy - \frac{(\sum dx)(\sum dy)}{n}}{\sqrt{\sum dx^2 - \frac{(\sum dx)^2}{n}}\sqrt{\sum dy^2 - \frac{(\sum dy)^2}{n}}} \text{........(1)}$$

جہاں $\sum dx$ اور $\sum dy$ بالترتیب مفروضہ اوسط حسابیہ سے سلسلہ $x$ اور $y$ کے لئے انحرافی اعداد معلوم کئے جائیں گے۔

$\sum dx^2$ اور $\sum dy^2$ بالترتیب $x$ اور $y$ مربعوں کا مجموعہ ہے۔

$\sum dxdy$ مفروضہ اوسط حسابیہ سے $x$ اور $y$ کے مقابل انحراف کے حاصل ضرب کا مجموعہ ہے۔ مذکورہ بالا فارمولہ یوں بھی لکھا جاسکتاہے۔

$$r = \frac{\sum dxdy - n\left(\frac{\sum dx}{n}\right)\left(\frac{\sum dy}{n}\right)}{n\sqrt{\frac{\sum dx^2}{n} - \frac{(\sum dx)^2}{n}}\sqrt{\sum dy^2 - \left(\frac{\sum dy^2}{n}\right)}} \text{........(2)}$$

یایوں بھی لکھا جاسکتا ہے۔

$$r = \frac{\sum dxdy - (\sum dx)(\sum dy)}{\sqrt{(n\sum dx^2 - (\sum dx)^2}\sqrt{n\sum dy^2 - (\sum dy)^2}} \text{........(3)}$$

مذکورہ بالا تمام ضابطوں کے استعمال کی صورت میں r کی قیمت میں کوئی فرق واقع نہ ہوگا۔

اقدامات

(i) x اور y سلسلوں میں کسی ایک عدد کو اوسط حسابیہ فرض کریں۔

(ii) مفروضہ اوسط حسابیہ سے x اور سلسلہ سے انحرافی اعداد معلوم کریں تب ہمیں dx اور dy حاصل ہوگا۔

(iii) dx اور dy کا مربع بنائیں اور ان مربع اعداد کا مجموعہ $\sum dx^2$ اور $\sum dy^2$ معلوم کریں۔

(iv) x اور y سلسلوں کے مقابل انحرافی اعداد کو ایک دوسرے سے ضرب دیں۔(dy اور dx) اور حاصل ضرب کا مجموعہ $\sum dxdy$ کے حصول کا باعث ہوگا۔

مذکورہ بالا فارمولے میں قیمتیں درج کر کے کوریلیشن کا کوفیشنٹ یا r معلوم کر سکتے ہیں۔

تمثیل 9: نیچے دیے گئے اعداد سے x اور y کی قیمتوں کے درمیان کوریلیشن کا کوفیشنٹ تحسیب کیجئے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| x: | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 |
| y: | 80 | 75 | 60 | 40 | 30 | 20 |

حل: Calculation of Coefficient of Correlation

| x | Dev. of x from AM 17 dx | $dx^2$ | y | Dev. of y from AM | Step Dev. 1-5 | $Dy^2$ | Dxdy |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 15 | -2 | 4 | 80 | +40 | +8 | 64 | 16 |
| 16 | -1 | 1 | 75 | +35 | +7 | 49 | -7 |
| 17 | 0 | 0 | 60 | +20 | +4 | 16 | 0 |
| 18 | +1 | 1 | 40 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| 19 | +2 | 4 | 30 | -10 | -2 | 4 | -4 |
| 20 | +3 | 9 | 20 | -20 | -4 | 16 | 12 |
| n = 6 | $\sum Dx+3$ | $\sum dx^2 19$ | x=6 | +65 | +13 | $\sum dy^2 149$ | -39 |

Step Diviation لینے پر فارمولہ میں کسی تطبیق کی ضرورت نہیں ہوتی کیونکہ Scale کی تبدیلی سے کوریلیشن پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

$$r=\frac{\sum dxdy-\frac{(\sum dx)(\sum dy)}{n}}{\sqrt{\sum dx^2-\frac{(\sum dx)^2}{n}}\sqrt{\sum dy^2-\frac{(\sum dy)^2}{n}}}$$

$$=\frac{-39-(+3)(+13)}{\sqrt{19-\frac{(3)^2}{6}}\sqrt{149-\frac{(3)^2}{6}}}=\frac{-45.5}{\sqrt{17.5}\sqrt{120.83}}$$

$$=\frac{-45.5}{4.18330013\times 10.99227}=\frac{-45.5}{45.9839645}=-0.98947$$

تمثیل10: درج ذیل اعداد و شمار سے کوریلیشن کا کوفیشنٹ تحسیب کیجئے اور نتائج پر تبصرہ کیجئے۔

| x: | 16 | 12 | 18 | 4 | 3 | 10 | 5 | 12 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Y: | 23 | 22 | 24 | 17 | 19 | 20 | 18 | 21 |

حل:

| x | dx | $dx^2$ | y | dy | $dy^2$ | Dxdy |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 16 | +12 | 144 | 23 | +6 | 36 | 72 |
| 12 | +8 | 64 | 22 | +5 | 25 | 40 |
| 18 | +14 | 196 | 24 | +7 | 49 | 98 |
| 4 | 0 | 0 | 17 | 0 | 0 | 0 |
| 3 | -1 | 1 | 19 | +2 | 4 | -2 |
| 10 | +6 | 36 | 20 | +3 | 9 | 18 |
| 5 | +1 | 1 | 18 | +1 | 1 | 1 |
| 12 | +8 | 64 | 21 | +4 | 16 | 32 |
| 80 | +48 | 506 | 164 | +28 | 140 | 259 |

$$r=\frac{\sum dxdy-\frac{(\sum dx)(\sum dy)}{n}}{\sqrt{\sum dx^2-\frac{(\sum dx)^2}{n}}\sqrt{\sum dy^2-\frac{(\sum dy)^2}{n}}}$$

$$=\frac{259-\frac{48\times 28}{8}}{\sqrt{506-\frac{(48)^2}{8}}\sqrt{140-\frac{(28)^2}{8}}}=\frac{259-168}{\sqrt{506-288}\sqrt{140-98}}$$

$$=\frac{91}{\sqrt{218}\sqrt{42}}=\frac{91}{14.765\times 6.4807}$$

$$=\frac{91}{95.688}$$

$$=0.951$$

لوگارتھم کا استعمال

$$r=\frac{91}{\sqrt{218}\sqrt{42}}=\text{AL}\left[\log 91-\frac{1}{2}(\log 218+\log 42)\right]$$

$$=\text{AL}\left[1.9590-\frac{1}{2}(2.3385+1.6232)\right]$$

$$=\text{AL}\left[1.9590-\frac{1}{2}\times 3.96177\right]$$

$$=\text{AL}\left[1.9590-1.980885\right]$$

$$\text{AL } 1.9782$$

$$=0.9506$$

تمثیل 11: ایک مسابقتی امتحان کے نتائج درج ذیل ہیں۔

| امیدوار کی عمر | 13-14 | 14-15 | 15-16 | 16-17 | 17-18 | 18-19 | 19-20 | 20-21 | 21-22 | 22-23 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شریک امتحان | 200 | 300 | 100 | 50 | 150 | 400 | 250 | 150 | 25 | 75 |
| کامیاب عمر | 124 | 180 | 65 | 34 | 99 | 252 | 145 | 81 | 12 | 33 |

مسابقتی امتحان میں کامیاب امیدوار اور ان کی عمر کے درمیان کوریلیشن کا کوفیشنٹ تحسیب کیجئے۔

حل: اس سوال کے حل کے دوران دو نکات زیر غور ہوں گے۔

(i) عمر کی وقفہ جماعت کی نمائندگی ان کی درمیانی قدر کرے گی۔

(ii) کامیاب طلباء کی تعداد نارمل بنیادی اصولوں پر کی جائے گی یعنی فیصد یا فی ہزار یا کوئی دوسری ایسی قدر/قیمت۔

لہٰذا عمر پر مبنی گروہ 13-14 کی نمائندگی وقفہ جماعت کی درمیانی قدر پر ہوگی۔

یعنی 13.5-اور کامیاب امیدواروں کا فیصد $\frac{124}{200}$x100 یا 62 ہوگا۔

اسی طرح 14-15 عمر کے گروہ کی نمائندگی 14.5 سے ہوگی اور کامیاب امیدواروں کا فیصد $\frac{180}{300}$x100 یا 68 ہوگا۔

مذکورہ بالا بنیاد پر کوریلیشن کا کوفیشنٹ بآسانی تحسیب کیا جاسکے گا۔

| عمر کا گروہ | درمیانی قدر | اوسط پر مبنی انحراف dx | مفروضہ حسابیہ $dx^2$ | کامیاب امیدواروں کا فیصد | مفروضہ اوسط حسابیہ 59 سے انحراف | $dy^2$ | dxdy |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 13-14 | 13.5 | -4 | 16 | 62 | +3 | 9 | -12 |
| 14-15 | 14.5 | -3 | 9 | 60 | +1 | 1 | -13 |
| 15-16 | 15.5 | -2 | 4 | +65 | +6 | 36 | -12 |
| 16-17 | 16.5 | -1 | 1 | 68 | +9 | 81 | -9 |
| 17-18 | 17.5 | 0 | 0 | 66 | +7 | 49 | 0 |
| 18-19 | 18.5 | +1 | 1 | 63 | +4 | 16 | +4 |
| 19-20 | 19.5 | +2 | 4 | 58 | -1 | 1 | -2 |
| 20-21 | 2.5 | +3 | 9 | 54 | -5 | 25 | -15 |
| 21-22 | 21.5 | +4 | 16 | 48 | -11 | 121 | -44 |
| 22-23 | 22.5 | +5 | 25 | 44 | -15 | 225 | -75 |
| n=10 | | ∑dx+5 | $\sum dx^2$+85 | x-10 | ∑dy-2 | $dy^2$56 ∑4 | dxdy=- ∑168 |

$$r=\frac{\sum dxdy-\frac{(\sum dx)(\sum dy)}{n}}{\sqrt{\sum dx^2-\frac{(\sum dx)^2}{n}}\sqrt{\sum dy^2-\frac{(\sum dy)^2}{n}}}$$

$$=\frac{-168-\frac{+5\times -2}{2}}{\sqrt{85-\frac{(5)^2}{2}}\sqrt{564-\frac{(-2)^2}{10}}}=\frac{-168-0}{\sqrt{85-2.5}\sqrt{564-0.4}}$$

$$=\frac{-168}{\sqrt{82.5}\sqrt{563.6}}=\frac{-168}{9.08295\times 23.7902612}$$

$$=\frac{-168}{215.631605}=-0.779$$

## 7.7 پیرسن کے کوریلیشن کے مفروضات

## (Assumptions of Pearson's Coefficient of Correlation)

پیرسن کے کوریلیشن کا کوفیشنٹ درج ذیل مفروضات پر مشتمل ہے۔

I. پہلا یہ کہ متغیرات کے درمیان خطی تعلق ہوتا ہے یعنی منتشر ڈیا گرام پر دو متغیرات کو مرتسم کیا جائے تو ایک خط مستقیم تشکیل پائے گا اس کو آپ نقاط میں مرتسم کیا ہوا پائیں گے۔

II. دوسرا یہ کہ حسب معمول (نارمل) تقسیم کی تشکیل کے لئے زیر مطالعہ دو متغیرات کئی خود سر وجوہات سے متاثر ہوں گے۔ متغیرات جیسے قد، وزن، قیمت، طلب، رسد وغیرہ متاثر ہوں گے اور ایسی قوتیں حسب معمول تقسیم کی تشکیل ہو گی۔

دو سلسلوں میں موجود ایٹمس کی تقسیم پر اثر انداز ہونے والی قوتوں کے درمیان وجہ اور اثر کا تعلق ہوتا ہے۔ اگر متغیرات کے درمیان ایسے تعلق کی تشکیل نہ ہو یعنی اگر متغیرات آزاد ہوں تب کوئی کوریلیشن نہ ہو گا۔ مثال کے طور پر آمدنی اور قد کے درمیان کوئی تعلق نہیں ہو گا کیونکہ قوتیں جو ان متغیرات پر اثر انداز ہوتی ہیں وہ نارمل نہیں ہیں۔

پیرسن کے کوفیشنٹ کی خوبیاں اور خرابیاں

خوبیاں:

تعلقات کی ڈگری کی پیمائش کے لئے مستعملہ حسابی طریقوں کے منجملہ کارل پیرسن کا طریقہ حد درجہ مشہور ہے۔ کوریلیشن کا کوفیشنٹ نہ صرف کوریلیشن کی ڈگری کو صرف ایک عدد میں ملخص کرتا ہے بلکہ قیمت کا تعین کرتا ہے کہ کوریلیشن مثبت ہے یا منفی ہے۔

تاہم کوفیشنٹ کی افادیت کا انحصار اس کے پیمانے کے علم و مفہوم کے ساتھ ساتھ خرابیوں سے بھی واقف ہو۔

خرابیاں:

1. کوریلیشن کے کوفیشنٹ کا ہمیشہ یہ مفروضہ رہا ہے کہ تعلق خطی ہوتا ہے اس حقیقت سے قطع نظر کہ مفروضہ درست بھی ہے یا نہیں۔

2. Coefficient کی قدر کی تشریح کے دوران غیر معمولی چوکس ہونا ضروری ہے کیونکہ اکثر Coeffient کی قدر کی غلط تشریح کی جاتی ہے۔

3. Coefficient کی قدر پر انتہائی ایٹمس سے حد سے زیادہ اثرانداز ہوتے ہیں۔

4. دوسرے طریقوں کے مقابلے میں یہ طریقہ کوریلیشن کے کوفیشنٹ کی قدر کو معلوم کرنے میں بہت زیادہ وقت لگتا ہے۔

---

## 7.8 کوریلیشن کے کوفیشنٹ کی تشریح (Interpretation of Coefficient of Correlation)

کوریلیشن کا کوفیشنٹ دو اعداد کے سیٹس کے درمیان تعلق کے زاویہ کی پیمائش کرتا ہے۔ چونکہ تخمینہ جات پر اعتباریت کا انحصار تعلق کی قربت پر ہوتا ہے۔ کوریلیشن کے کوفیشنٹ کی قیمت پر تشریح کرنے کے دوران انتہائی احتیاط برتنا لازمی ہے ورنہ گمراہ کن نتائج نکالے جا سکتے ہیں۔ بد قسمتی سے کوریلیشن کے کوفیشنٹ کی تشریح کا زیادہ تر انحصار تجربہ پر ہوتا ہے۔ r کی اہمیت صرف اسی وقت سمجھ میں آسکتی ہے جب کہ کوریلیشن کے کئی سوالات حل کئے جائیں اور r کی مختلف قیمتوں میں اضافہ اعداد و شمار کی نوعیت کو دیکھنے سے پتہ چلتا ہے۔ محقق کے لئے لازمی ہے کہ وہ اپنے اعداد و شمار سے اچھی طرح واقف رہے تاکہ تشریح و تائید میں کسی بھی غلطی سے پرہیز کیا جا سکے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ اعداد و شمار کے تعلقات اور نظریہ سے واقف ہو یا واقف ہو جانا چاہئے تاکہ اہم متعلقہ امور کو منطقی استدلال اور ذہانتی تحقیق کی بنیاد پر نتائج پر پہنچا جا سکے۔ تاہم درج ذیل میں نارمل اصول دئے گئے ہیں جو r کی قیمت کی تشریح میں مددگار ہوں گے۔

1۔ جب r کی قیمت 1+ ہو اس کا مطلب متغیرات کے درمیان پرفیکٹ پازیٹو تعلق ہے۔

2۔ جب r کی قیمت 1- ہو اس کا مطلب متغیرات کے درمیان پرفیکٹ نیگیٹو تعلق ہے۔

3۔ جب r کی قیمت 0 ہو اس کا مطلب متغیرات کے درمیان کوئی تعلق نہیں ہے یعنی متغیرات میں کوریلیشن نہیں پایا جاتا ہے۔

4۔ جب 1+ 'r' اور 1- سے قریب ہو متغیرات کے درمیان قربت ہوگی اور اگر r کی قیمت 0 سے قریب ہو تو یہ سمجھا جائے گا کہ تعلق میں قربت نہیں ہے۔ اس قیمت کے پرے جانا پر خطر ہوگا یعنی محفوظ نہ ہوگا۔ r کی مکمل تشریح کا انحصار صورتحال پر ہوگا ان میں سے ایک سیمپل کا سائز ہوگا۔ ایسا کہا جا سکتا ہے کہ جب ایک متغیر کی قیمت دے کر دوسرے متغیر کی قیمت کا تخمینہ کرنا ہو r کی قیمت جتنی زیادہ ہوگی اتنا ہی بہتر ہوگا۔ تعلق کی قربت r کے متناسب نہ ہو۔ اگر r کی قیمت 0.8 ہو تو اس کا مطلب یہ نہ ہوگا کہ اس کا تعلق 0.4 کے دوگنا ہے حقیقت میں یہ ایک دوسرے کے قریب ہیں۔

## 7.9 کوریلیشن کا کوفیشنٹ اوراحتمالی خطا (Coefficient of Correlation and Probable Error)

کوریلیشن کے کوفیشنٹ کی احتمالی خطا اس کی قیمت کی تشریح میں مددگار ہے۔احتمالی خطا کی مدد سے کوفیشنٹ(Coefficient) کی قیمت کی اعتباریت کا تعین ممکن ہے۔ جیسا کہ اب تک یہ مشاہدہ کیا گیا کہ اس کا انحصار Random sampling کی شرائط حالات پر تھا۔ کوریلیشن کے کوفیشنٹ کی احتمالی خطایوں حاصل کی جائے گی۔

$$\text{P.E}_r = 0.6745\frac{1-r^2}{\sqrt{N}}$$

جہاں

r = Correlaton Coefficient

N = Number of pairs of Observation

1۔ اگر 'r' کی قیمت احتمالی خطا سے کم ہو تب کوریلیشن کا کوئی ثبوت نہ ہوگا یعنی 'r' کی قیمت کوئی اہمیت کی حامل نہیں ہے۔

2۔ اگر 'r' کی قیمت احتمالی خطا کا چھ گنا زیادہ ہو تب کوریلیشن کا کوفیشنٹ عملی طور پر یقینی ہے یعنی 'r' کی قیمت اہمیت کی حامل ہے۔

3۔ کوریلیشن کے کوفیشنٹ کی قیمت سے احتمالی خطا کی قیمت جمع اور تفریق کرنے سے ہم اندرون پاپولیشن متوقع کوریلیشن کے کوفیشنٹ میں بالترتیب اوپری اور نچلے حدود معلوم کر سکتے ہیں جہاں کہ کوریلیشن کا کوفیشنٹ واقع ہوگا۔

$$\text{P} = r \pm \text{P.E}$$

جہاں P(rho) ہے جو پاپولیشن میں کوریلیشن کو ظاہر کرتا ہے۔اب ہم احتمالی خطا معلوم کریں گے یہ فرض کرتے ہوئے کہ کوریلیشن کا کوفیشنٹ 0.8 اور ایٹمس کے سیمپل جوڑ 16 ہے۔ ہمیں دستیاب ہے۔

$$P = 0.6745\frac{1-(0.8)^2}{\sqrt{16}}$$

$$= 0.6745\frac{1-0.64}{4}$$

$$= 0.6745\frac{0.36}{4}$$

$$= 0.6745 \times 0.09$$

$$= 0.060705$$

پاپولیشن میں کوریلیشن کے حدود یوں ہوں گے $r \pm P.E$ یعنی $r \pm P.E$ یا 0.74-0.86 ایسی مثالیں بالکل نارمل ہیں جہاں کوریلیشن کا کوفیشنٹ 0.5 یا حتیٰ کہ 0.4 صریحاً ایک مصنف یا محقق کے لئے بھی کوریلیشن کو موزوں طور پر زیادہ تصور کیا جائے گا۔ باوجود یہ کہ کوریلیشن کا کوفیشنٹ 0.5 کا مطلب صرف 25% تغیر کو واضح کیا گیا۔ کوریلیشن کا کوفیشنٹ 0.4 کا مطلب صرف 16% تغیر کی توضیح کی گئی۔

احتمالی خطا کے استعمال کے لئے شرائط

احتمالی خطا کو موزوں طور پر صرف اسی وقت استعمال کیا جاسکتا ہے جب کہ درج ذیل تین شرائط کی تکمیل ہو۔

1. اعداد و شمار ایک حسب معمول (نارمل) تعددی قوس کے برابر ہو (گھنٹی کے شکل کی قوس)۔
2. شماریاتی پیمائش جس کے لئے PE محسوب کیا گیا ہو لازمی طور پر سیمپل سے تحسیب کیا گیا ہو۔
3. سیمپل کا انتخاب بے لاگ انداز میں ہوا ہو اور انفرادی ایٹمس لازمی طور پر آزاد ہوں۔

تاہم عمومی طور پر ان شرائط کی تکمیل ہوتی ہے جیسا کہ کوریلیشن کے کوفیشنٹ کی اعتباریت کا تعین بڑی حد تک اس کی موزونیت کی خارجی ٹیسٹس کی بنیاد پر ہوتا ہے جن کی اکثر شماریاتی حیثیت ہوتی ہے۔

تمثیل 15: اگر $r = 0.6$ اور $N = 64$ ہو، کوریلیشن کے کوفیشنٹ کی احتمالی خطا دریافت کیجئے اور آبادی 'r' کے لئے حدود کا تعین کیجئے۔

$$P.E_r = 0.6745\frac{1-r^2}{\sqrt{N}}$$
$$= 0.6745\frac{1-(0.6)^2}{\sqrt{64}}$$
$$= 0.6745\frac{1-0.36}{8}$$
$$= 0.6745\frac{0.08}{8}$$
$$= 0.6745 \times 0.08$$
$$= 0.05396$$

Limits of Population Correlation = 0.6 ± 0.054

= 0.546 to 0.654

## 7.10 درجاتی کوریلیشن کے معنی و تعریف (Meaning and Definition of Rank Correlation)

اسپیرمین درجاتی کوریلیشن دو متغیرات کے درمیان قوت اور سمت (مثبت / منفی) کی جانچ کاری ایک طریقہ ہے۔ شماریات میں درجاتی کوریلیشن کا کوفیشنٹ دراصل چارلس ایڈورڈ اسپیرمین کے نام پر لکھا گیا ہے۔ اس کو لاطینی زبان کے حرف (p (rho سے نشاندہی کی جاتی ہے۔ درجاتی کوریلیشن کا انحصار دو متغیرات کے درمیان درجات / درجہ کی پیمائش پر ہے۔ دو متغیرات کے درمیان اسپیرمین کی کوریلیشن ان دو متغیرات کے درمیان درجاتی قدروں کے برابر ہوتی ہے۔ اسپیرمین کی کوریلیشن ایک جیسے تعلق کا جائیزہ لیتی ہے (خطی یا غیر خطی)۔ اگر سلسلوں کے درمیان ایک ہی عدد کی بار بار تکرار نہ ہو تو اسپیرمین کی مکمل کوریلیشن (1+) پائی جاتی ہے یا جب متغیرات ایک دوسرے سے مکمل طور پر ایک جیسے ہوں تب (1-) مکمل کوریلیشن پائی جاتی ہے۔

**تعریف (Definition)**

اسپیرمین کی کوریلیشن کے کوفیشنٹ کی تعریف یوں کی گئی کہ: ''درجاتی متغیرات کے درمیان کارل پیرسن کی کوریلیشن کہتے ہیں''۔

ویکیپیڈیا(Wikipedia)میں یوں تعریف کی گئی ہے کہ :''شماریات کے کئی مختلف متغیرات کے درجات کے درمیان تعلق کی پیائش یاایک ہی متغیر کے مختلف درجات کی پیائش کودرجاتی کوریلیشن کہتے ہیں''۔

بعض اوقات ایسے مسائل سے سامنا ہوتا ہے جہاں ایک سلسلے کے مختلف ایٹمس کو سلسلہ وار ترتیب دیا جاسکتا ہے لیکن ان کی قدر مقداری پیائش مشکل ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر ایک کلاس میں ٹیچر کے لئے یہ ممکن ہوتا ہے کہ وہ اپنے طلباء کو ذہانت کے اعتبار سے بڑھتی ہوئی اور گھٹتی ہوئی قدر میں ترتیب دے۔ اگرچیکہ ذہانت کی مقداری پیائش نہیں کی جاسکتی۔ بلاشبہ طلبا کی ذہانت کے بارے میں مقداری مطالعہ امتحان کے انعقاد اور نشانات(Infallible)دے کر کیا جاسکتا ہے لیکن اس طریقہ کو بھی بے خطا نہیں کہا جاسکتا۔ کئی وصف ایسے ہیں جن کی مقداری پیائش کی جاسکتی ہے مثال کے طور پر ایمانداری، کردار، اخلاق وغیرہ۔ اگر ایسے دو اوصاف کے مطالعہ کی ضرورت محسوس کی جائے جیسے ذہانت اور خوبصورتی کارل پیرسن کے کوریلیشن کے کوفیشنٹ کی تحسیب نہیں کی جاسکتی کیونکہ ان اوصاف کو ایک قطعی قدر سے متصف نہیں کیا جاسکتا۔ تاہم ایک ایسا طریقہ پایا جاتا ہے جس کی مدد سے ہم ایسے اوصاف کے درمیان کوریلیشن کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔ اس طریقہ کو برطانیہ کے ایک ماہر نفسیات چارلس ایڈورڈ اسپیرمین نے 1904 میں ترتیب دیا۔

اس طریقہ میں 'x' اور 'y' متغیروں کو رینک (درجات) A اور B کی صورت میں دئے جاتے ہیں۔ ذہانت اور خوبصورتی کے درمیان کوریلیشن کے مطالعہ کی صورت میں ہم 10 یا 20 افراد کا انتخاب کر کے ان کی ذہانت کے اعتبار سے رینک دے دیں۔ سب سے زیادہ ذہین فرد کو 1 کا رینک دیں ایسے ہی ہر ایک کو رینک ایک کے بعد دیگرے دیتے ہوئے آخری فرد تک پہنچیں۔ اسی طرح ہم خوبصورتی کو بھی رینک دے سکتے ہیں بہت خوبصورت کو 1 رینک دیں ایسے ہی ہر ایک خوبصورتی کی مناسبت سے رینک دیتے ہوئے آخر تک پہنچیں جو کم سے کم خوبصورت ہے۔

اس طرح ہمارے پاس دو اوصاف کے لئے رینکس کے دو سیٹ ہوں گے اس طریقہ پر 10 افراد کو ترتیب دیا جائے تو ہمارے پاس 1-10 رینک ہوں گے۔ ایک مرتبہ رینک دینے کا کام ہو جائے تب اسپیرمینس رینک کوریلیشن کے ضابطہ سے ان دو سلسلوں کے لئے کوریلیشن کا کوفیشنٹ معلوم کر سکتے ہیں۔ یہ ضابطہ کچھ یوں ہے

$$r_s = 1 - \frac{6\Sigma d^2}{\mathrm{n}(\mathrm{n}^2 - 1)} or 1 - \frac{6\Sigma d^2}{n^3 - n}$$

$r_s$ اسپیرمینس رینک کوریلیشن اور 'd' ایک فرد کے دو اوصاف کے لئے رینک کے فرق کو ظاہر کرتا ہے اور 'n' جوڑ کی تعداد کو ظاہر کرتا ہے۔ کوفیشنٹ کی قدر کی تشریح ایسے ہی ہو گی جیسے کارل پیرس کے کوریلیشن کے کوفیشنٹ ہوں گے۔ اس کی قدر کے حدود بھی 1+ اور 1- ہوں گے۔ جب '$r_s$+' ہو اس کا مطلب یہ ہو گا دو اوصاف ذہانت اور خوبصورتی کے درمیان مکمل یکسانیت ہے اگر کوریلیشن 1- ہو اس کا مطلب یہ ہو گا کہ ذہانت اور خوبصورتی کے درمیان یکسانیت نہیں ہے۔

اس کوفیشنٹ کی تحسیب کاری کے سوالات دو قسم کے ہیں:

(A) جب کہ حقیقی رینکس دئے جائیں۔ (B) جب کہ حقیقی رینکس نہ دئے جائیں۔

ان دو قسم کے سوالات میں ہر ایک کے لئے مشکلات اس وقت ہوتی ہیں جب کہ دو افراد کے رینکس ایک ہی ہوں۔ ایسے سوالات کے لئے ضابطہ میں تبدیلی کی ضرورت ہوتی ہے۔

A. جب کہ رینکس دئے جائیں

جہاں ایٹمس کے حقیقی رینکس دئے جائیں تب کوفیشنٹ کو معلوم کرنے کے لئے درج ذیل اقدامات کئے جائیں۔

(i) رینکس کے درمیان فرق معلوم کریں$(R_1-R_2)$اور ان کی نشاندہی 'd' سے کیجئے۔

(ii) $d_2$ کی تحسیب کیجئے اور ان کا ٹوٹل کیجئے $\sum d^2$ حاصل ہوگا۔

(iii) کوفیشنٹ کو معلوم کرنے کے لئے ضابطہ استعمال کیجئے

$$r_s = 1 - \frac{6\Sigma d^2}{n^3 - n}$$

تمثیل 1: 15 طلباء کے ریاضی اور طبیعیات میں نشانات ذیل میں دئے گئے ہیں:

| ریاضی میں رینکس | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طبیعیات میں رینکس | 10 | 7 | 2 | 6 | 4 | 8 | 3 | 1 | 11 | 15 | 9 | 5 | 14 | 12 | 13 |

رینک کوریلیشن کے کوفیشنٹ کو اسپیر مین کے ضابطے کو استعمال کرتے ہوئے کیجئے۔

| ریاضی میں رینکس $R_1$ | طبیعیات میں رینکس $R_2$ | $(R_1-R_1)$ $d$ | $d^2$ |
|---|---|---|---|
| 1 | 10 | -9 | 81 |
| 2 | 7 | -5 | 25 |
| 3 | 2 | +1 | 1 |
| 4 | 6 | -2 | 4 |
| 5 | 4 | +1 | 1 |
| 6 | 8 | -2 | 4 |
| 7 | 3 | +4 | 16 |
| 8 | 1 | +7 | 49 |
| 9 | 11 | -2 | 4 |
| 10 | 15 | -5 | 25 |
| 11 | 9 | +2 | 4 |
| 12 | 5 | +7 | 49 |
| 13 | 14 | -1 | 1 |
| 14 | 12 | +2 | 4 |
| 15 | 13 | +2 | 4 |
| $n = 15$ | | $\Sigma d = 0$ | $\Sigma d^2 = 272$ |

$$r_s = 1 - \frac{6\Sigma d^2}{n^3 - n}$$
$$= 1 - \frac{6 \times 272}{(15)^3 - 15}$$
$$= 1 - \frac{1632}{1632}$$
$$= 1 - \frac{1632}{3375 - 15}$$
$$= 1 - \frac{1632}{3360}$$
$$= 1 - 0.4857$$
$$= +0.514$$

تمثیل 2: ایک مقابلہ حسن میں تین ججوں نے درجے یوں دیئے:

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پہلا جج | 1 | 6 | 5 | 10 | 3 | 2 | 4 | 9 | 7 | 8 |
| دوسرا جج | 3 | 5 | 8 | 4 | 7 | 10 | 2 | 1 | 6 | 9 |
| تیسرا جج | 6 | 4 | 9 | 8 | 1 | 2 | 3 | 10 | 5 | 7 |

اسپیر مین کے ضابطہ سے رینک کوریلیشن محسوب کیجئے۔

حل:

| $R_1$ | $R_2$ | $R_3$ | $R_1 - R_2$ $d12$ | $R_1 - R_3$ $d13$ | $R_2 - R_3$ $d23$ | $d^2$ 12 | $d^2$ 13 | $d^2$ 23 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 3 | 6 | -2 | -5 | -3 | 4 | 25 | 9 |
| 6 | 5 | 4 | +1 | +2 | +1 | 1 | 4 | 1 |
| 5 | 8 | 9 | -3 | -4 | -1 | 9 | 16 | 1 |
| 10 | 4 | 8 | +6 | +2 | -4 | 36 | 4 | 16 |
| 3 | 7 | 1 | -4 | +2 | +6 | 16 | 4 | 36 |
| 2 | 10 | 2 | -8 | 0 | +8 | 64 | 0 | 64 |
| 4 | 2 | 3 | +2 | +1 | -1 | 4 | 1 | 1 |
| 9 | 1 | 10 | +8 | -1 | -9 | 64 | 1 | 81 |
| 7 | 6 | 5 | +1 | +2 | +1 | 1 | 4 | 1 |
| 8 | 9 | 7 | -1 | +1 | +2 | 1 | 1 | 4 |
| | | | | | | 200 | 60 | 214 |

$$r_S = 1-\frac{6\Sigma d^2}{n^3-n}$$
$$=1-\frac{6\times 14}{10^3-10}=1-\frac{1284}{100-10}$$
$$=1-\frac{284}{990}$$
$$=1-1.2969$$
$$=0.2896$$

مقابلہ حسن میں پہلے اور دوسرے جج کے درمیان کوریلیشن منفی ہے یعنی ان کی رائے ایک دوسرے سے مختلف ہے۔اسی طرح دوسرےاور تیسرے جج کی رائے بھی ایک دوسرے سے مختلف ہے۔ لیکن پہلے اور تیسرے جج کی رائے یکساں ہےان کا کوریلیشن مثبت ہے۔

تمثیل3: ایک کمپنی کے ڈبنچر کی قیمتوں اور حصص کی قیمتوں کے درمیان میں رینکس کوریلیشن+0.8 ہے اگر رینک میں فرق کے مربعوں کا مجموعہ 33 ہوتب 'n' کی قدر دریافت کیجئے۔

$$r_S = 1-\frac{6\Sigma d^2}{n^3-n} \qquad r_s=0.8 \qquad \Sigma d^2=33$$
$$0.8=1-\frac{6\times 33}{n^3-n} \ or\ 1-\frac{198}{n^3-n}$$
$$0.8=1-\frac{198}{n^3-n}=0.2(n^3-n)=198$$
$$n^3-n=\frac{198}{0.2}$$
$$n^3-n=990 \text{ یا } n^3-1000-n+10=0 \text{ یا}$$
$$\text{یا } n^3-10^3-(n-10)=0 \text{ یا } (n-10)(n^2+10n+100)-(n-10)=10$$
$$(n-10)(n^2+10n+99)=0\ \ i.e\, n\times 10 (\because a^3+b^3)=(a+b)(a^2+ab+b^2)$$
$$n^2+10n+99=0$$
$$n^2+10n=-99$$
$$n^2+n\ =$$
$$(n+0)[n^2+10n+100-1]=0$$
$$(n-10)[n^2+10n+99]=0$$
$$n-10=0\ (or)\ n^2+10n+99=0$$
$$n=10\ \ (or)\ n^2+10n+99=0$$

33 ہو تب 'n' کی قدر دریافت کیجئے۔

$$r_s = 0.8$$
$$\Sigma d^2 = 33$$

$$r_S = 1-\frac{6\Sigma d^2}{n^3-n}$$

$$0.8 = 1-\frac{6\times 33}{n^3-n} \ or\ 1-\frac{198}{n^3-n}$$

$$0.8 = 1-\frac{198}{n^3-n} = 0.2(n^3-n) = 198$$

$$n^3-n = \frac{198}{0.2}$$

$n^3 - n = 990$ یا $n^3 - 1000 - n + 10 = 0$ یا

$n^3 - 10^3 - (n-10) = 0$ یا $(n-10)(n^2+10n+100) - (n-10) = 10$ یا

$$(n-10)(n^2+10n+99) = 0 \ \ i.e\, n\times 10(\because a^3+b^3) = (a+b)(a^2+ab+b^2)$$

$$n^2+10n+99 = 0$$

$$n^2+10n = -99$$

$$n^2+n \ \ =$$

$$(n+0)[n^2+10n+100-1] = 0$$

$$(n-10)[n^2+10n+99] = 0$$

$$n-10 = 0\ (or)\ n^2+10n+99 = 0$$

$$n = 10\ \ (or)\ n^2+10n+99 = 0$$

اس گروہ میں ایٹمس کی تعداد دس ہے۔

تمثیل 4: شماریات اور اکاؤنٹنسی میں 10 طلباء کے حاصل کردہ نشانات کے رینک کوریلیشن کا کوفیشنٹ 0.2 پایا گیا۔ بعد میں پایا گیا کہ ایک طالب علم کے دو مضامین کے رینکس میں غلطی سے 7 کے بجائے 9 شمار کر لیا گیا۔ درست رینک کوریلیشن کا کوفیشنٹ دریافت کیجئے۔

اعداد دئے گئے ہیں:

$$n = 10 \quad r_s = 0.2$$

$$r_s = 1 - \frac{6\Sigma d^2}{n^3 - n}$$

$$0.2 = 1 - \frac{6\Sigma d^2}{10^3 - 10}$$

$$0.2 = 1 - \frac{6\Sigma d^2}{100 - 10} =$$

$$0.2 = 1 - \frac{6\Sigma d^2}{990}$$

$$\frac{6\Sigma d^2}{990} = 1 - 0.2$$

$$\frac{6\Sigma d^2}{990} = 0.8$$

$$6\Sigma d^2 = 0.8 \times 990$$

$$6\Sigma d^2 = 792$$

$$\Sigma d^2 = \frac{792}{6}$$

$$\Sigma d^2 = 132$$

یوں ہوگا $\Sigma d^2$ صحیح $= 132 - 9^2 - 7^2$

$$= 132 - 81 + 49$$

$$= 100$$

$$correct\ r_s = 1 - \frac{6\Sigma d^2}{n^3 - n} = 1 - \frac{6 \times 100}{100 - 10} = 1 - \frac{600}{990}$$

$$= 1 - 0.60606$$

$$= 0.39$$

(b) جب کہ رینکس نہ دئے گئے ہوں

درجاتی کوریلیشن کا ضابطہ اس وقت استعمال کیا جاسکتا ہے جبکہ ہم متغیرات سے سامنا کر رہے ہوں جن کی مقداری پیمائش کی جاسکتی ہے۔ اگر ہمیں حقیقی اعداد و شمار دئے (رینکس نہ دیں) جائیں تب ہم ان اعداد کو رینکس میں تبدیل کر سکتے ہیں۔ اعلیٰ سے ادنیٰ تک رینکس دے دیں یعنی پہلے 1 ایک اور اس کے بعد دوسرے اعداد تک رینک دیا جائے۔ یہاں رینک بڑھتی ہوئی ترتیب یا پھر گھٹتی ہوئی ترتیب میں دیا

جائے۔دونوں متغیرات کے لئے یہی طریقہ کار اپنایا جائے۔

تمثیل 5: درج ذیل اعداد سے رینک کوریلیشن کا کوفیشنٹ تحسیب کریں۔

| x: | 60 | 34 | 40 | 50 | 45 | 41 | 22 | 43 | 42 | 66 | 64 | 46 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| y: | 75 | 32 | 34 | 40 | 45 | 33 | 12 | 30 | 36 | 72 | 41 | 57 |

حل:

| X | Rank 1 | y | Rank 2 | Diff. In Ranks (d) | $d^2$ |
|---|---|---|---|---|---|
| 60 | 3 | 75 | 1 | +2 | 4 |
| 34 | 11 | 32 | 10 | +1 | 1 |
| 40 | 10 | 34 | 8 | +2 | 4 |
| 50 | 4 | 40 | 6 | -2 | 4 |
| 45 | 6 | 45 | 4 | +2 | 4 |
| 41 | 9 | 33 | 9 | 0 | 0 |
| 22 | 12 | 12 | 12 | 0 | 0 |
| 43 | 7 | 30 | 11 | -4 | 16 |
| 42 | 8 | 36 | 7 | +1 | 1 |
| 66 | 1 | 72 | 2 | -1 | 0 |
| 64 | 2 | 41 | 5 | -3 | 9 |
| 46 | 5 | 57 | 3 | +2 | 4 |
| n=12 | | | | 0 | $\sum d^2 48$ |

$$r_s = 1 - \frac{6\Sigma d^2}{n^3 - n}$$

$$= 1 - \frac{6 \times 48}{12(12^2 - 1)}$$

$$= 1 - \frac{288}{12(144 - 1)}$$

$$= 1 - \frac{288}{1728 - 12}$$

$$=1-\frac{288}{1716}$$

$$=1-0.16667$$

$$0.88$$

(c)یکساں رینکس Equal Ranks

بعض اوقات جہاں ایک سے زائد ایٹمس ہوں جن کی قیمت ایک ہو ایسے ایٹمس کو مشترکہ رینکس دئے جائیں گے۔ یہ رینک۔ رینکس کا اوسط ہوگا۔ جو ایک دوسرے سے کسی قدر مختلف ہوگا۔ جب یہ رینکس دے دئے جاتے ہیں رینک کو ریلیشن کے کوفیشنٹ کو مزید کو ریلیشن کی ضرورت ہوگی کیونکہ مذکورہ بالا ضابطہ مفروضہ کی بنیاد پر ہے مختلف ایٹمس کے رینکس مختلف ہیں اور رینک ایک سے زائد مرتبہ نہیں دیا جاسکتا۔

اگر ایک سلسلہ میں 'm' ایٹمس ہیں جن کا رینک مشترکہ ہے تب رینک کوریلیشن کے کوفیشنٹ میں تصیح ہوگی $\frac{1}{2}(m^3-m)$ کو $\Sigma d^2$ کی قدر میں جوڑا جائے گا۔ اگر ایسے گروپس جن کا رینک مشترکہ ہو اور ایک سے زائد ہوں تب اس قدر کو جوڑتے جانا ہوگا۔ لہٰذا رینک کوریلیشن کے ضابطہ کو درج ذیل طریقہ سے تبدیل کرتے جانا ہوگا۔

$$r=1-\left[\frac{\Sigma d^2+\frac{1}{12}(m^3-m)+\frac{1}{12}(m^3-m).....}{n^3-n}\right]$$

تمثیل 6: درج ذیل اعداد کے لئے رینک کوریلیشن کی تحسیب کیجئے۔

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| x: | 48 | 33 | 40 | 9 | 16 | 16 | 65 | 24 | 16 | 57 |
| y: | 13 | 13 | 24 | 6 | 13 | 4 | 20 | 9 | 6 | 19 |

حل:

| X | Rank 1 | y | Rank 2 | Diff. In Ranks (d) | $d^2$ |
|---|---|---|---|---|---|
| 48 | 3 | 13 | 5.5 | -2.5 | 6.25 |
| 33 | 5 | 13 | 5.5 | -0.5 | 0.25 |
| 40 | 4 | 24 | 1 | +3.0 | 9.00 |
| 9 | 10 | 6 | 8.5 | +1.5 | 2.25 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | 8 | 15 | 4 | +4.0 | 16.00 |
| 16 | 8 | 4 | 10 | -2.0 | 4.00 |
| 65 | 1 | 20 | 2 | -1.0 | 1.00 |
| 24 | 6 | 9 | 7 | -1.0 | 1.00 |
| 16 | 8 | 6 | 8.5 | 0.5 | 0.25 |
| 57 | 2 | 19 | 3 | 1.0 | 1.00 |
| n=12 | | | | 0 | $\sum d^2=41.00$ |

مذکورہ بالا جدول میں x سلسلے میں عدد 16 تین مرتبہ آیا ہے ان تمام ایٹمس کا رینک 8 جو 8,7 اور 9 کا اوسط ہے اعداد جن کو یہ رینک دیا گیا ہے اس کا مطلب یہ ہوگا کہ ان قیمتوں میں کچھ فرق پایا گیا ہے۔ y سلسلے میں عدد 13 اور 6 دونوں دو مرتبہ واقع ہوئے ہیں۔ ان کے رینکس بالترتیب 5.5 اور 8.5 ہیں۔ ان مشترکہ رینکس کی وجہ سے رینک کوریلیشن کو درست کرنا ہوگا۔

ان کی تصحیح کے لئے ہمیں $\left[\frac{1}{2}(m^3-m)\right]$ کو $\Sigma d^2$ کی قدر میں جوڑنا ہوگا۔ x سلسلے میں اس کی قدر $\frac{1}{2}(2^3-2)$ کے برابر ہوگی کیونکہ عدد 16 اس سلسلے میں تین مرتبہ دہرایا گیا ہے۔ y سلسلوں میں مشترکہ رینک رکھنے والے دو ایسے گروپس ہیں۔ پہلے گروپ میں یہ تصحیح $\left[\frac{1}{2}(m^3-m)\right]$ کیونکہ 13 دو مرتبہ دہرایا گیا ہے اور دوسرے گروپ میں تصحیح کی قدر $\frac{1}{2}(2^3-2)$ کے برابر ہوگی کیونکہ اس سلسلے میں عدد 6 دو مرتبہ دہرایا گیا ہے۔

$$r_s = 1 - \frac{6\left[\Sigma d^2 + \frac{1}{12}(m^3 - m) + \frac{1}{2}(m^3 - m) + \frac{1}{12}(m^3 - m)\right]}{n^3 - n}$$

$$= 1 - \frac{6\left[41 + \frac{1}{12}(3^3 - 3) + \frac{1}{2}(2^3 - 2) + \frac{1}{12}(2^3 - 2)\right]}{10^3 - 10}$$

$$= 1 - \frac{6\left(41 + \frac{1}{12}(27 - 3) + \frac{1}{2}(6 - 2) + \frac{1}{12}(6 - 2)\right)}{100 - 10}$$

$$= 1 - \frac{6\left(41 + \frac{1}{12_1}\overset{2}{24} + \frac{1}{12_1} \times \overset{1}{6} + \frac{1}{12_2}\overset{1}{6}\right)}{100 - 10}$$

$$= 1 - \frac{6\left(41 + 2 + \frac{1}{2} + \frac{1}{2}\right)}{990}$$

$$= 1 - \frac{6(44)}{990}$$

$$= 1 - \frac{264}{990}$$

$$= 1 - 0.2667$$

$$= 0.738$$

## 7.11 اسپیرمین کوریلیشن کے کوفیشنٹ کے خدوخال

(Features of Spearman's Coefficient of Correlation)

1. دو متغیروں کے درمیان رینکس کے فرق کا مجموعہ صفر ہو گا علامتی طور پر $\sum d=0$ ۔

2. اسپیرمین کا کوریلیشن کا کوفیشنٹ نان پیرامیٹرک (  ) ہے کیونکہ کسی زیر مشاہدہ نمونہ سے آبادی کی شکل کے بارے میں مشکل مفروضات نہیں لئے جاتے۔

3. اسپیرمین کوریلیشن کے کوفیشنٹ کچھ اور نہیں بلکہ کارل پیرسن کے کوریلیشن کا کوفیشنٹ ہے رینکس کے درمیان ہے لہٰذا اس کی تشریح بھی کارل پیرسن کی تشریح کی طرح کی جائے گی۔

## 7.12 رینک کوریلیشن کے فائدے اور نقصانات

(Advantages and Disadvantages of Rank Correlation)

فائدے

1. چونکہ اس طریقے میں $\sum d$ یا $R_1$ اور $R_2$ میں فرق ہمیشہ صفر کے برابر ہوتا ہے اس لئے تحسیب پر روک فراہم کرتا ہے۔

2. چونکہ اسپیرمین کے رینک کوریلیشن وہی ہے جو رینکس کے درمیان کارل پیرسن کے کوریلیشن کے کوفیشنٹ کے برابر ہے اس لئے اس کی تشریح بھی کارل پیرسن کے کوریلیشن کے کوفیشنٹ کی طرح کی جاتی ہے۔

3. رینک کوریلیشن کارل پیرسن کے کوریلیشن کے کوفیشنٹ کے برخلاف یونیورس میں نارمل حالات کے متقاضی نہیں ہوتے جس میں سے نمونہ سیمپل لیا گیا تھا۔

4. رینک کوریلیشن سمجھنے اور اطلاق کے لئے نہایت آسان ہے۔ تاہم پیرسن کا کوفیشنٹ مکمل معلومات کی بنیاد پر ہوتا ہے جب کہ اسپیرمین کا کوفیشنٹ صرف رینک کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ r کی قیمتیں عموماً دونوں طریقوں میں الگ الگ ہوتی ہیں۔

5. اسپیرمین کے رینک کا طریقہ ہی کوریلیشن کے مطالعہ کا ایک راستہ ہے جو معیاری اعداد و شمار کے درمیان کیا جاتا ہے جس کی پیمائش اعداد میں نہیں کی جاسکتی لیکن سلسلہ نشان میں ترتیب دیا جاسکتا ہے۔

نقصانات

1. یہ طریقہ دوہرے تعددی جدول میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔ یا Bivariate frequency distribution میں کی صورت میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔

2. اس کا استعمال سہولت بخش طریقہ پر صرف اسی وقت کیا جاسکتا ہے جب کہ n چھوٹا ہو ورنہ حساب دہی تکلیف دہ یا مشقت طلب ہو جاتی ہے۔

## 7.13 رینک کوریلیشن کے کوفیشنٹ کے استعمالات (Uses of Coefficient of Correlation)

1. ابتدائی اعداد و شمار رینکس کی صورت میں ہوں۔

2. اگر تعداد کم ہو (جیسے 25 یا 30) بعض اوقات داخلی اعداد و شمار پر Apply کیا جاتا ہے جہاں مشابہت پیدا کرنا ہو جب کہ r کی قیمت کی تحسیب زیادہ وقت طلب ہو۔ اس کے لئے Interval data کو دونوں متغیرات کو رینکس کی ترتیب میں منتقل کیا جاتا ہے۔ اگر 'N'30 سے زیادہ ہو تو اس کو دس کی رینکنگ مشقت طلب اور اس فارمولے کے ذریعہ متوقع وقت کی بچت کے خلاف ہو جاتی ہے۔

## 7.14 اکتسابی نتائج(Learning Outcome)

طلباء نے باہمی تعلق کے معنی، تعریف، اور نوعیت کی مکمل تفہیم تیار کی ہے اور یہ کہ یہ متغیر کے درمیان تعلق کو کیسے ماپتا ہے۔ وہ ارتباط اور سبب کے درمیان فرق کر سکتے ہیں اور ڈیٹا پیٹرن کا تجزیہ کرنے میں ارتباط کی ضرورت کو سمجھ سکتے ہیں۔ طلباء نے باہمی ربط کی اقسام اور کارل پیئرسن کے ارتباط کے گتانک کی نوعیت اور مفروضات سیکھ لیے ہیں، ساتھ ہی یہ بھی سیکھ لیا ہے کہ ارتباط کے گتانک کی تشریح کیسے کی جائے اور ممکنہ غلطی کے ساتھ اس کے تعلق کو کیسے سمجھا جائے۔ مزید برآں، انہوں نے درجہ کے ارتباط کے معنی اور تعریف، اسپیئرمین کے گتانک کی خصوصیات، اور اس کے فوائد اور نقصانات کو دریافت کیا ہے۔ مجموعی طور پر، سیکھنے والے ڈیٹا میں تعلقات کا تجزیہ کرنے اور اعداد و شمار کے ثبوت کی بنیاد پر باخبر فیصلے کرنے کے لیے پیئرسن اور اسپیئرمین کے باہمی تعلق کی تکنیکوں کو لاگو کرنے کے لیے لیس ہیں۔

## 7.15 نمونہ امتحانی سوالات(Model Exam Questions)

### معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Answer Type Questions- True of False)

1. Correlation کا مطلب ہے کہ دو یا دو سے زیادہ متغیرات کے درمیان تعلق یا رشتہ موجود ہے۔
2. شماریات میں ارتباط کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔
3. Positive اور Negative correlation ارتباط کی دو اقسام ہیں۔
4. Pearson اور Spearman کے طریقے ارتباط کو ماپنے کے دو طریقے ہیں۔
5. Correlation ہمیشہ causation یعنی سبب و اثر ظاہر کرتا ہے۔

### مختصر جوابات کے حامل سوالات(Short Answers Type Questions)

1. Correlation کا کیا مطلب ہے؟
2. شماریات میں ارتباط کیوں اہم ہے؟
3. کسی بھی دو قسم کے ارتباط کا ذکر کریں۔
4. ارتباط کی پیمائش کے کوئی دو طریقے لکھیں۔

### طویل جوابات کے حامل سوالات(Long Answers Type Questions)

1. شماریاتی تجزیہ میں ارتباط کے معنی اور اہمیت کی وضاحت کریں۔
2. مثالوں کے ساتھ ارتباط کی مختلف اقسام بیان کریں۔
3. ارتباط کی پیمائش کے لیے استعمال ہونے والے کسی بھی دو طریقوں کی وضاحت کریں۔

# اکائی 8۔ ریگریشن کا تجزیہ

(Regression Analysis)

اکائی کے اجزاء


8.0 تمہید Introduction

8.1 مقاصد Objectives

8.2 ریگریشن کا مفہوم، تعریف اور نوعیت Meaning, Definition and Nature of Regression

8.3 ریگریشن کے تجزیہ کے استعمالات Uses of Regression Analysis

8.4 کوریلیشن اور ریگریشن کے تجزیہ میں فرق Difference between correlation and Regression analysis

8.5 ریگریشن کے مطالعہ کے طریقے Methods of Studying Regression

8.6 حسابی اوسط سے انحراف کا طریقہ Methods of Deviations from Mean

8.7 اکتسابی نتائج

8.8 نمونہ امتحانی سوالات Model Examination Questions


## 8.0 تمہید (Introduction)

دو متغیروں کے درمیان اس حقیقت کا انکشاف ہونے کے بعد کہ دونوں میں قریبی تعلق پایا جاتا ہے، ہم اس بات میں دلچسپی رکھیں گے کہ ایک معلوم قیمت دینے کے بعد دوسری نامعلوم قیمت کی پیش بینی کریں۔ مثال کے طور پر اگر ہم جانتے ہیں کہ اشتہار کاری اور فروخت دونوں کوریلیٹیڈ ہیں تب ہم کو دی گئی تشہیر پر خرچ شدہ رقم کی مدد سے فروخت کی رقم معلوم کر سکتے ہیں۔ اسی طرح اگر ہم یہ جانتے ہیں کہ چاول کی پیداوار، بارش دونوں کوریلیٹیڈ ہیں تب ہم معینہ چاول کی پیداوار کے لئے بارش کی مقدار کتنی ہونی چاہئے اس کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ تجزیہ ریگریشن دو متغیرات کے درمیان اوسط تعلق کا انکشاف کرتا ہے یہی وہ عنصر ہے جو تخمینہ یا پیش بینی کو ممکن بناتا ہے۔

## 8.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کے مطالعہ کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- ریگریشن کا تجزیہ کی تعریف کر سکیں۔
- ریگریشن کا تجزیہ کے استعمالات سے واقف ہو سکیں۔
- کوریلیشن اور ریگریشن کا تجزیہ میں فرق کر سکیں۔
- ریگریشنی خطوط اور مساوات سے واقف ہو سکیں۔
- تخمینہ کی معیاری خطا کی تحسیب کر سکیں۔
- تجزیہ ریگریشن کی خامیوں سے واقف ہو سکیں۔

---

## 8.2 ریگریشن کے تجزیہ کا مفہوم، تعریف اور نوعیت

## (Meaning, Definition and Nature of Regression)

---

اصطلاح Regression کے معنی ڈکشنری میں "عمل ریگریشن" (Act of Returning) واپسی (Going back) کے ہیں۔ اصطلاح Regression کو سب سے پہلے سر فرانسس گالٹن نے 1877 میں باپ اور بیٹوں کے قد کے درمیان تعلق کے مطالعہ کے دوران استعمال کیا۔ اس نے اس لفظ کو اپنے ایک مضمون "Regression towards Mediocrity in Herditary Stature" میں استعمال کیا۔ "قد" کے بارے میں اس کے مطالعہ سے ایک ہزار "باپ اور بیٹوں" سے ایک دلچسپ تعلق کا انکشاف ہوا یعنی لانبے باپ لانبے بیٹے اور پستہ قد باپ کے پستہ قد بیٹے ہوتے ہیں لیکن لانبے قد کے والدین کے گروپ کے بیٹوں کا اوسط قد اپنے والد سے کم نکلا اور پستہ قد والد کے بیٹوں کا قد اپنے والد سے زیادہ تھا۔ وہ خط جو عمل ریگریشن کے رجحان یا واپسی کو گالٹن نے "Regression line" کہا ہے۔ یہ اصطلاح آج بھی اس خط کو بیان کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے جو نقاط کے گروہ کے رواں رجحان کی نمائندگی کے لئے کھینچا گیا ہو لیکن یہ تصور زیادہ دنوں تک باقی نہیں رہا کیونکہ یہ گالٹن کے Stepping back تصور کردہ اصل اثرات کا حامل نہیں تھا۔ ان دنوں جدید مصنفین میں Regression line کے بجائے Estimating line کے استعمال کرنے کے رجحان میں اضافہ ہوا ہے کیونکہ اصطلاح Estimating line اپنے اندر جامعیت رکھتی ہے۔

تعریف:

اصطلاح Regression کا مفہوم اچھی طرح سمجھنے کے بعد اب اس کی تعریف پر ایک اچٹتی ہوئی نظر ڈالیں گے۔ مختلف مصنفین نے اس کی تعریف الگ الگ انداز سے کی ہے۔

1. Taro Yamane کے ریگریشن انالائیسنس کی تعریف ان الفاظ میں کی ہے "دو یا دو سے زیادہ متغیرات کے درمیان موجبانہ تعلق کو دریافت کرنے کے لئے معاشیات اور کاروباری تحقیق میں اکثر استعمال کی جانے والی ٹیکنکس میں سے یہ ایک ہے۔"

2. Ya-Lun Chou کے مطابق Regression Analysis متغیرات کے درمیان تعلقات قائم کرنے کی کوشش ہے جیسے متغیرات کے درمیان تفاعلی تعلق کا مطالعہ ہے اسی وجہ سے پیشن گوئی میکانزم فراہم کرتا ہے۔

مذکورہ بالا تعریفات سے یہ بالکل صاف ہے کہ ریگریشن انالیسیس ایک آلہ ہے جس کی مدد سے ہم معلوم قدر سے دوسری نامعلوم قدر معلوم کرنے کے موقف میں ہوتے ہیں۔ وہ متغیر جس کو نامعلوم متغیر کو پیش بینی کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اس کو Independant variable یا Explanatory variable کہا جاتاہے اور جس متغیر کو ہم پیش بینی کرنے کی کوشش کررہے ہیں اس کو Dependant variable explained variable کہا جاتاہے۔ Independant variable کو x اور Depended variable کو y سے تعبیر، موسوم کیا جاتاہے۔ استعمال کردہ تجزیہ سادہ خطی ریگریشنی تجزیہ ( Simple linear regression analysis) کہا جاتا ہے۔ یہ سادہ یاآسان اس لئے ہے کہ یہاں صرف ایک ہی پیش گو یا آزاد متغیر ہوتاہے اور خطی (Linear) اس لئے کہ خود منحصر (Depended) اور آزاد متغیرات کے درمیان مفروضہ خطی تعلق ہوتاہے۔ اصطلاح Linear کا مطلب خط مستقیم کی وہ مساوات ہے جو $y=a+bx$ کو ترتیب دیتی ہے۔ جہاں a اور b اٹل ہیں جن کو دو متغیرات کے درمیان موجود اوسط تعلق کو بیان کرنے کے لئے استعمال کیا جاتاہے۔

یہ بات نوٹ کی جائے کہ اصطلاحات Dependent اور Independent دونوں Dependence کے ریاضیاتی اور تفاعلی معنی مفہوم سے متعلق ہیں۔ اس کا مطلب ہر گز یہ نہیں کہ متغیرات کے درمیان کوئی لازمی طور پر وجہ اور اثر کا تعلق ہے اس کا مطلب سادہ طور پر یہ ہے کہ Dependent متغیر y کی قیمتوں کا تخمینہ معلوم کیا جاسکتاہے بشرطیکہ x Independent variable کی قیمتیں تفاعل ریاضی میں x اور y کو شامل کرکے دی جائیں ایسی صورت میں y کی قیمتوں کا انحصار x کی قیمتوں پر ہوگا۔ چاہے متغیر x، متغیر y کی تبدیلی باعث ہو یا نہ ہو۔ مثال کے طور پر تشہیر پر خرچ کے اعداد و شمار پر ایک شئے کی فروخت کے تخمینہ کرنے کے دوران فروخت کو عموماً Dependent متغیر کے طور پر لیا جاتاہے تاہم تشہیر پر خرچ میں تبدیلی کی وجہ سے فروخت میں تبدیلی کے تناظر میں ان دو عناصر میں موقعتی بندش ہو بھی سکتی ہے اور نہیں بھی۔ حقیقت میں بعض صورتوں میں وجہ۔ اثر تعلق بظاہر نظر آنے والے تعلق کے برعکس ہوتاہے۔ سادہ ریگریشنی تجزیہ میں دو متغیرات ہوتے ہیں ایک کو Independent variable یا Regressor یا Predector یا Explanator کہتے ہیں اس متغیر کی قیمتوں کی بنیاد پر دوسرے متغیر کی پیش بینی کی جاتی ہے۔ یہ دوسرا متغیر جس کی قیمتوں کی پیش بینی کی جاتی ہے اس کو Dependent یا Regressed یا Explained متغیر کہا جاتاہے۔

ریگریشن کا مطالعہ صرف دو متغیرات کی حدتک محدود ہو تو اس کو Simple regression اور اگر ریگریشنی تجزیہ کا مطالعہ وقت واحد میں دو سے زاید متغیرات پر ہو تو اس کو Multiple regression کہا جاتاہے۔

## 8.3 ریگریشن کے تجزیہ کے استعمالات (Uses of Regression Analysis)

ریگریشنی تجزیہ شماریاتی نظریہ کی ایک شاخ ہے جس کا استعمال تمام عصری شعبہ حیات میں زیادہ سے زیادہ استعمال کیا جاتاہے۔ معاشیات میں معاشی نظریہ اور معاشی زندگی کو ترتیب دینے والے معاشی متغیرات کے درمیان تعلق کی پیائش کاری یا تخمینہ کاری کے لئے یہ ایک بنیادی ٹیکنک ہے مثال کے طور پر اگر ہم دو متغیرات قیمت x اور طلب y کا ایک دوسرے سے قریبی تعلق ہے تب ہم x کی قیمت دریافت

کر سکتے ہیں جب کہ y کی قیمت دی جائے یاy کی قیمت معلوم کر سکتے ہیں جب کہ x کی قیمت دی جائے۔ ٹھیک اسی طرح اگر ہم ٹیکس اور شئے کی قیمت میں اضافہ کا قریبی تعلق ہو تب ہم ٹیکس کی رقم کو مقدار یا شرح کی مناسبت سے شئے کی متوقع قیمت معلوم کر سکتے ہیں۔ چنانچہ ریگریشن کے مطالعہ سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ یہ ماہرین معاشیات اور تاجرین کے لئے کافی مددگار ہے۔ ریگریشن کے استعمالات صرف ماہرین معاشیات اور تاجرین کے لئے ہی محدود نہیں ہیں بلکہ اس کا اطلاق قدرتی، طبعی اور سماجی سائنس تک ہوتا ہے اس کے فائدے مختصراً ذیل میں دیکھے جا سکتے ہیں۔

1. ریگریشنی تجزیہ Dependent متغیر کی تخمینی قیمت Independent متغیر سے فراہم کی جاتی ہے اس تخمینی قیمت کے حصول کے لئے مستعملہ آلہ ریگریشنی خط (Regression line) ہے ریگریشنی خط x اور y متغیرات کے درمیان موجود وسطی تعلق کو بیان کرتا ہے یعنی یہ y کی دئی گئی قیمتوں کے لئے x کی اوسط قیمتیں نمایاں کرتا ہے۔اس خط کی مساوات کو ریگریشنی مساوات (Regression equation) کہتے ہیں۔ یہ مساوات Dependent متغیر کا تخمینہ فراہم کرتی ہے جب کہ Independent متغیر کو مساوات میں درج کیا جائے۔

2. ریگریشن تجزیہ کا دوسرا استعمال ریگریشن لائین کے بطور اساس استعمال میں درآئیں غلطیوں کا سد باب کرنا۔اس مقصد کے لئے تخمینہ کی معیاری خطا (Standard error) کی تحسیب کرنا۔

3. ریگریشن کوایفیشینٹس کی مدد سے ہم کوریلیشن کوایفیشینٹ کی تحسیب کر سکتے ہیں کوریلیشن کوایفیشینٹ (r) کا مربع Coefficient of determination کہلاتا ہے۔ یہ دو متغیرات کے درمیان کوریلیشن کے اتحاد کے زاویہ کی پیائش کرتا ہے۔ ریگریشنی مساوات کے پیش کردہ Dependent variable کے ویرینس تناسب کا جائزہ لیتی ہے۔ نارمل طور پر... کی قدر زیادہ ہو تو ارتسام کے لئے بہتر اور Predictive device کے طور پر ریگریشن مساوات اتنی زیادہ بہتر ہو گی۔

## 8.4 کوریلیشن اور ریگریشن کا تجزیہ میں فرق

(Difference between correlation and Regression analysis)

کوریلیشن اور ریگریشن تجزیہ دونوں مختلف مفروضات کے تحت ترتیب دئے گئے ہیں۔ یہ مختلف قسم کی معلومات بہم پہنچاتے ہیں لیکن ہمیشہ یہ واضح نہیں ہوتا کہ کونسا پیمانہ دئے گئے حالات کے لئے کب اور کیوں استعمال کیا جائے۔ان دونوں کے درمیان درج ذیل فرق پایا جاتا ہے۔

1. چونکہ کوفیشنٹ 'Coefficient 'x اور 'y' کے درمیان Covariability کے زاویہ کی پیائش ہے ریگریشن تجزیہ کا مقصد متغیرات کے درمیان تعلق کی نوعیت کا مطالعہ ہے تاکہ ہم ایک کی قیمت کی پیشن گوئی دوسری قیمت کی بنیاد پر کر سکیں۔ دو متغیرات کے درمیان جتنا مضبوط تعلق ہو گا اتنا ہی تخمینہ جات پر اعتماد کیا جا سکتا ہے۔

.2 کوریلیشن دو متغیرات کے درمیان تعلق کے زاویہ کی دریافت کے لئے صرف ایک آلہ ہے اور اس لئے ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ ایک متغیر وجہ(Cause)اور دوسرا اثر(Effect) ہے۔ مثال کے طور پر ایک مخصوص مدت یا ایک شئے کے لئے قیمت اور طلب کے درمیان کوریلیشن زیادہ ہو تب یہ نہیں کہا جاسکتا کہ قیمت وجہ اور طلب اثر ہے۔ تاہم ریگریشن تجزیہ میں ایک متغیر کوDependentجب کہ دوسرے کو Independent کے طور پر لیا جاسکتا ہے۔ اس طرح یہاں وجہ اوراثر تعلقات کا مطالعہ ممکن ہے۔ یہاں یہ نوٹ کیا جائے گا کہ اتحاد(Association)کی موجودگی Causationتسبیب کا باعث نہیں لیکن جہاں تسبیب(Causation)ہو وہاں اتحاد لازمی طور پر ہوتا ہے۔ متغیرات کے درمیان اتحاد کی موجودگی یا غیر موجودگی کا پتہ شماریاتی ثبوت سے لگایا جاسکتا ہے چاہے تسبیب پائی جائے یا نہ پائی جائے۔ اس کا انحصار خالصتاً استدلال(Reasoning)پر ہوتا ہے۔

.3 کوریلیشن تجزیہ میں xy سمت کی پیمائش اور دو متغیرات xاور yکے درمیان خطی تعلق(Linear relationship)کا زاویہ ہوتا ہے۔ rxyاور ryx متناسب، متشاکل(Symmetric)ہیں۔($r_{xy} = r_{yx}$)یعنی xاور yمیں کون Dependent متغیر اور کون Independent متغیر ہے کوئی معنی نہیں رکھتا۔ ریگریشن تجزیہ میں ریگریشن کوفیشنٹ bxyاور byx متناسب Symmetric نہیں ہیں یعنی bxy ≠ byxاور اس لئے یہاں کونسا متغیر Dependent ہے اور کونسا متغیر Independent ہے کافی فرق پڑ جاتا ہے۔

.4 کبھی کبھار دو متغیرات کے درمیان بے معنی، مہمل کوریلیشن بھی پایا جاتا ہے جس کا کوئی عملی تعلق نہیں ہوتا۔ جیسے گروپ کی آمدنی میں اضافہ یا وزن میں اضافہ۔ تاہم بے معنی/ مہمل ریگریشن نہیں ہوتا۔

.5 کوریلیشن کا کوفیشنٹ پیمانے اور مبدے میں تبدیلی سے آزاد ہوتا ہے۔

ریگریشن اور کوریلیشن تجزیہ میں کچھ مشترکہ ہے تو یہ ہے کہ کوریلیشن کا کوفیشنٹ(r)اور ریگریشن کوفیشنٹ(bxy)اور(byx) دونوں کی علامت(r)ایک ہی مشترک ہے۔ اگر دیئے گئے Level of significanceپرbکی قدر نمایاں ہو تو اسی سطح پرr بھی نمایاں ہوگا۔

متغیرات میں تعلق خطی(Linear)اور غیر خطی(Non linear)ہو سکتا ہے۔ دو متغیرات میں خطی تعلق اس وقت ہوگا جب کہ Independent variableیعنی xمیں ایک اکائی کی تبدیلی ہو تو 'Dependent variable 'yمیں بھی اتنی ہی تبدیلی ہوگی۔ جب دو متغیرات میں خطی تعلق ہو تب ریگریشن خطوط کو Dependent variableکی قیمتوں کو دریافت کرنے کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے جب ہم دو متغیرات (xاور y) کو ایک منتشر ڈیاگرام پر مرتسم کرتے ہیں اور دو خطوط کھینچتے ہیں جو مرتسم نقاط سے گذرتے ہیں تو ان خطوط کو Regression linesکہا جاتا ہے۔ Linear Regressionمیں یہ خط سیدھے ہوتے ہیں یہ خطوط دو مساوات کی بنیاد پر ہوتے ہیں انہیں Regression equationsکہتے ہیں۔ یہ مساوات ایک متغیر کی معلوم قیمت سے نامعلوم قیمت کو دریافت کرنے پر صحیح تخمینہ کا باعث ہوتی ہے۔

## 8.5 ریگریشن کے مطالعہ کے طریقے (Methods of Studying Regression)

ریگریشن کے مطالعہ کے دو طریقے ہیں:

(i) ترسیمی طریقہ ((ii Graphically)) الجبرائی طریقہ (Algebraically)

### (i) ریگریشن کے مطالعہ کے ترسیمی طریقہ Graphic Study of Regression

جب ریگریشن کا مطالعہ ترسیمی طریقہ سے کیا جاتا ہے تو ہمیں منتشر ڈیا گرام (Scatter diagram) کھینچنا ہوگا۔ ایک منتشر ڈیا گرام x اور y متغیرات کے ایک جوڑ مقداروں کے لئے ایک پوائنٹ پر مشتمل ہوتا ہے۔ عموماً x متغیر کو افقی پیمانے (Horizontal scale) اور y متغیر کو عمودی پیمانے (Vertical scale) پر ظاہر کیا جاتا ہے۔ جب تمام متعلقہ قیمتوں، مقداروں کو منتشر ڈیا گرام پر مرتسم کر دیا جاتا ہے تو ہمیں دو ریگریشن خطوط کھینچنے پڑتے ہیں تا کہ متغیرات x اور y کی مقداروں کی پیش گوئی کی جا سکے۔ وہ ریگریشن خط جس کو x کی قیمت، مقدار پر y کی مقداروں کی پیش گوئی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے x پر y کا ریگریشن خط (Regression line of y on x) کہلاتا ہے۔ اسی طرح ریگریشن جس کو y کی قیمت، مقدار پر x کی مقداروں کی پیش گوئی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے y پر x کا ریگریشن (Regression line of x on y) کہلاتا ہے۔ x اور y کے درمیان کوریلیشن کا کوفیشنٹ مکمل، کامل ہو یعنی اس کی قیمت 1+ یا 1- ہو تب صرف ایک ریگریشن لائین ہو گی کیونکہ ایسی صورتوں میں دو سلسلوں میں تغیرات ہمیشہ ایک اٹل عدد سے اضافہ یا کم کی صورت میں پائے جاتے ہیں۔

جب ہم Independent variable میں تبدیلیوں کے تناسب Dependent variable میں تبدیلیوں کو ظاہر کر رہے ہوتے ہیں تو سیدھے خطوط کھینچیں گے تب اس کو Linear Regression کہا جاتا ہے۔ تاہم اگر دو متغیرات کے درمیان تعلق خط مستقیم کی طرح نہ ہو بلکہ کوئی دوسرے تفاعلی تعلق ہو جیسے $y = x^2$ ایسی صورت میں متغیرات کے درمیان Non-linear Regression کا ہوتا ہے۔ زیر مطالعہ باب میں ہم صرف Linear Regression کا مطالعہ کر رہے ہیں۔

Linear Regression Lines کو کھینچیں۔ ان خطوط کو یوں کھینچا جا سکتا ہے۔

(a) حسب منشا قوس کا طریقہ (Free hand curve method)

(b) اقل ترین مربعوں کا طریقہ (Method of least squares)

### (a) حسب منشا قوس کا طریقہ Free hand Curve Method

اس طریقہ میں ہم x اور y کی قیمتوں کے جوڑوں کو منتشر ڈیا گرام کی شکل میں مرتسم کرتے ہیں۔ قیمتوں کے ایک جوڑ کے لئے ایک پوائنٹ مقرر ہوتا ہے۔ ان خطوط کے منجملہ ایک خط کو کچھ اس انداز سے کھینچا جاتا ہے کہ y سلسلے کے پازیٹیو انحراف جو اس کے اوسط حسابیہ سے لئے جاتے ہیں منفی (Negative) انحراف سے تنسیخ ہو جائے خط کے ایک جانب کے انحرافی اعداد کا مجموعہ دوسری جانب کے انحرافی اعداد کے مجموعے کے برابر، مساوی ہو۔ یہ x پر y کا ریگریشن خط ہو گا۔

دوسری ریگریشن لائین کچھ اس انداز سے کھینچی جائے گی x سلسلے کے پازیٹیوانحرافی اعداد جو اس کے اوسط حسابیہ سے لئے جاتے ہیں منفی (Negative) انحرافی اعداد سے تنسیخ، قطع ہو جائے اس ریگریشن لائین کو y پر x ریگریشن لائین کہا جائے گا۔ یہ دو ریگریشن لائین ایک دوسرے کو اوسط حسابیہ کے نکتہ پر قطع کریں گے۔ دونوں متغیرات کے درمیان کامل پازیٹیو یا نیگیٹیو کوریلیشن ہو تب صرف ایک ہی ریگریشن لائین ہو گی۔

تاہم حسب منشا قوس کے طریقہ سے ریگریشن لائین کھینچنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ عموماً منتشر ڈیا گرام میں دھاگہ کے ایک ٹکڑے کو کچھ اس انداز سے مسلسل ایڈجسٹ کیا جاتا ہے کہ پازیٹیو اور نیگیٹو انحرافی اعداد ایک دوسرے کو قطع کریں۔ ایک مرتبہ جب قوسین کھینچ لی جاتی ہیں تب ہم ریگریشن لائین x پر y کی قیمتوں کی پیش گوئی کی جاسکتی ہے۔ اسی طرح x کی قیمتوں کو y پر x ریگریشن لائین سے پیش گوئی کی جاسکتی ہے۔

Methods of least squares

حسب منشاء قوس کے طریقہ میں ریگریشن لکیر کھینچنے میں حائل دشواریوں سے بچنے کے لئے x اور y سیریز کے حرکات کے درمیان ایک ریاضیاتی تعلق قائم کیا جاتا ہے اور x اور y سلسلوں کے اضافی حرکات کی نمائندگی کے لئے الجبریائی مساوات حاصل کی جاتی ہیں۔ ایسے طریقوں میں ایک طریقہ Method of least squares بھی ہے۔ اس طریقہ میں ہم ایک متغیر کی دی گئی قیمتوں کے درمیان انحراف کے مربعوں کے مجموعہ اور لائین آف بیسٹ فٹ کی تخمینی قیمتوں کو کم سے کم کیا جاتا ہے۔ x پر y ریگریشن لائین مصرحہ کی قدر، قیمت کے لئے بہترین تخمینہ دیتی ہے اور اسی طرح y پر x ریگریشن لائین مصرحہ y کی قدر x کے لئے بہترین تخمینہ کا باعث ہے۔

اگر y کی قیمتیں y محور پر مرتسم کی جائیں تب x پر y کی ریگریشن لائین کچھ ایسی ہو گی جو Vertical انحراف کے مربعوں کے مجموعہ کم کرے گی۔ اسی طرح اگر x کی قیمتیں x محور پر مرتسم کی جائیں y پر x یگریشن لائین کچھ ایسی ہو گی جو Horizontal انحراف کے مربعوں کے مجموعہ کو کم کرے گی۔

ہم نے میتھڈ آف لیسٹ اسکوائرز پر کوریلیشن کے باب میں مختصراً بحث کی ہے اور Line of best fit خط مستقیم y=a+bx حاصل ہو گی اور یہ کہ میتھڈ آف لیسٹ اسکوائرز میں اس خط کو درج ذیل حسب معمول مساوات کی مدد سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

اگر x اور y کی قیمتیں مذکورہ بالا مساوات میں درج کی جائیں تو ہمیں a اور b کی قیمتیں حاصل ہوں گی اس کے علاوہ ہمیں x پر y ریگریشن لائین بھی حاصل ہو گی یہاں y Dependent متغیر اور 'x' Independent' متغیر ہے۔ y پر x ریگریشن لائین حاصل کرنے کے لئے ہمیں x کو Dependent متغیر اور y کو Independent متغیر تصور کرنا ہو گا اس طرح ہمیں دو ریگریشن لائینس کے لئے دو مساوات حاصل ہوں گی۔

درج ذیل مثالیں مذکورہ بالا نکات کی توضیح کریں گی۔

تمثیل 1: درج ذیل اعداد و شمار کے لئے ریگریشن لائینس کو مرتسم کیجئے۔

| x: | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
|---|---|---|---|---|---|
| y: | 166 | 184 | 142 | 180 | 338 |

خط مستقیم کی مساوات کو حاصل کرنے کے لئے دی گئی قیمتوں کو ہم حسب معمول درج ذیل مساواتوں میں استعمال کریں گے۔

$$\Sigma(y) = na + b(\Sigma x)$$

$$\Sigma(xy) = a\Sigma(x) + b(\Sigma x^2)$$

یہ مساواتیں ہمیں a اور b کی قیمتیں دیں گی ہم خط مستقیم کی مساوات میں درج کریں گے۔

$$y = a + bx$$

یہ ہمیں x پر y ریگریشن لائین دے گی اس سوال میں a = 100 اور b = 34 ہو گی۔ اس طرح مساوات یوں ہو گی:

| x | $x^2$ | $y$ | $xy$ | $y^2$ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 1 | 166 | 166 | 27556 |
| 2 | 4 | 184 | 368 | 33856 |
| 3 | 9 | 142 | 246 | 20164 |
| 4 | 16 | 180 | 720 | 32400 |
| 5 | 25 | 338 | 1690 | 114244 |
| 5 - 15 | 55 | 1010 | 3370 | 228220 |

$$\Sigma y = na + b(\Sigma x) \quad .... \ (1)$$

$$1010 = 5a + 15b$$

$$202 = a + 3b \quad .... \ (1)$$

$$\Sigma xy = a\Sigma x + b\Sigma x^2 \quad .... \ (2)$$

$$3370 = 15a + 55b$$

$$674 = 3a + 11b \quad .... \ (2)$$

مساوات نمبر (1) کو (3) سے ضرب دینے پر

$$3(202) = a + 3b \quad .... \ (1)$$

$$606 = 3a + 96$$

تفریق کرنے پر

$$674 = 3a + 116$$

$$+68 = +2b$$

$$b = \frac{68}{2}$$

$$b = 34$$

b کی قیمت مساوات نمبر (1) میں درج کرنے پر

$$202 = a + 3 \times 34$$

$$a = 202 - 202$$

$$a = 100$$

اسی طرح x اور y کا تبادل کرنے پر خط مستقیم کی مساوات ہمیں x اور y کی قیمتیں فراہم کریں گے

$$x = a + by$$

اور دو حسب معمول مساواتیں یوں ہوں گی:

$$\Sigma x = na + b(\Sigma y)$$

$$\Sigma(xy) = a\Sigma y + b(\Sigma y^2)$$

ان مساوات کے ساتھ $y$ پر $x$ خط مستقیم کی مساوات

$$\Sigma x = 5a + b1010$$

$$15 = 5a + b1010 \text{ ..........(1)}$$

$$3370 = 1010a + b\ 228220 \text{ .......(2)}$$

مساوات نمبر 1 کو 202 سے ضرب دینے پر

$$202(15 = 5a + b\ 1010)$$

$$3030 = 1010a + 204020b \text{ .......(1)}$$

$$3370 = 1010a + 228220b$$

$$+340 = +24200b$$

$$b = \frac{340}{24200} = 0.0140$$

b کی قیمت مساوات نمبر 1 میں درج کرنے پر

$$15 = 5a + 0.0140495868 \times 1010$$

$$-5a = 14.190 = 15$$

$$-5a + = 14.190 = 15$$

$$+5a = +0.8099173$$

$$a = \frac{0.8099173}{5} = 0.162$$

y پر x کی مساوات... $x = 0.162 + 0.014y$

چونکہ 'a' کی قیمت حسب معمول مساوات 0.162 اور 'b' کی 0.014 ہو گی۔
اس طرح خط مستقیم کی مساواتیں یالائین آف بیسٹ فٹ یوں ہوں گی۔

$$y = 100 + 34x \quad .... \quad (1)$$

$$y = 0.162 + 0.014y \quad .... \quad (2)$$

پہلی مساوات سے ہم y کی کوئی دو قیمتیں دریافت کریں گے اور چند x کی قیمتوں کو ترسیمی کاغذ پر y پر x کی ریگریشن لائین حاصل کرنے کے لیے مرتسم کریں گے۔ یہ دو خطوط نکتہ اواسط پر ایک دوسرے کو قطع کرے گے ان خطوط سے درج ذیل ترسیم حاصل ہو گی۔




مذکورہ بالا گراف سے یہ مشاہدہ کیا جاسکتا ہے کہ دو سلسلوں کے اوسط حسابیہ پر دو ریگریشن خطوط ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں۔
اگر ہم دی گئی x کی قیمت پر y کی کوئی قیمت دریافت کرتے ہیں تب ہم x سلسلہ سے عمودی خط (x کی دی گئی قیمت پر) کھینچیں گے تب x پر y ریگریشن لائین جس نکتہ پر قطع کرے گی وہ نکتہ y کی محسوب کردہ قیمت کی نشاندہی کرے گا جس کو y محور پر پڑھا جاسکے گا۔ (x پر y ریگریشن لائین سے x محور پر متوازی خط کو عمودی طور پر اس نکتہ سے کھینچا جائے گا جہاں یہ دونوں ملتے ہوں) تب x = 2 اور 168 'y' ہو گا۔ اسی طرح x سلسلے کی قیمتیں y پر x ریگریشن لائین کو استعمال کرتے ہوئے دریافت کی جاسکتی ہیں۔
جیسا کہ اس سے قبل نشاندہی کی گئی کہ ریگریشن لائین یالائین آف بیسٹ فٹ وہ ہے جس کو متغیر کی دی گئی قیمتوں اور تخمینی قیمتوں کے درمیان انحرافی مربع کا فرق کم ترین ہو۔ ہماری اس تمثیل میں y سلسلہ عمودی پیمانے پر ہے اس لئے اصل اعداد اور ریگریشن لائین کے درمیان (عمودی پیمانے پر ناپے گئے ہیں) کم ترین ہوں گے۔ x سلسلوں کے لئے افقی پیمانے کے مربعے کم ترین ہوں گے۔ درج ذیل دو گراف اس نکتہ کی وضاحت کریں گے۔




مذکورہ بالا گراف میں x پر y ریگریشن لائین کے ساتھ ساتھ ہم y کے اصل اعداد اور عمود اعداد' اصل اور محسوبہ اعداد کے درمیان انحراف کو ظاہر کرتے ہیں۔ ان انحرافی اعداد کا مجموعہ کم ترین ہوگا جب کہ انحراف ریگریشن لائین کی قیمتوں سے لیا جائے گا۔
درج ذیل گراف بھی y پر x ریگریشن مساوات میں x سلسلے کی قیمتوں اور اصل قیمتوں کے درمیان انحراف کو اسی طرح ظاہر کرتا ہے۔




مذکورہ بالا گراف سے یہ واضح ہے کہ x سلسلوں کے ریگریشن لائین کے انحرافی اعداد کم ترین ہیں اور اسلئے ان کے مربعوں کا مجموعہ بھی کم ترین ہوگا۔ حقیقت میں انحراف کا مجموعہ ہمیشہ صفر ہوتا ہے اس لئے انحرافی اعداد کے مربعے بھی کم ترین ہوتے ہیں۔

ریگریشن لائنیس دو ہی کیوں؟

اکثر یہ سوال بہت زیادہ پوچھا جاتا ہے کہ x اور y کی قیمتوں کو حاصل کرنے کے لئے ریگریشن لائنیس دو ہی کیوں؟ اور ایک ہی ریگریشن لائین مقصد کی تکمیل کیوں نہیں کرتی؟ جواب نہایت آسان ہے اور وہ یہ ہے کہ جب تک کہ ان کے درمیان پرفیکٹ پازیٹیو یا نیگیٹو کوریلیشن کی نشاندہی نہیں ہو جاتی دونوں x اور y سیریز کے لئے انحرافی اعداد کے مربعوں کا مجموعہ کو کم ترین نہیں کیا جاسکتا۔ پرفیکٹ کوریلیشن کی صورت میں ایک ریگریشن لائین کا ہونا کافی ہوتا ہے کیونکہ x اور y سلسلوں کے ایک ہی قسم کے انحرافی اعداد ہوتے ہیں۔ عموماً سوشیل

سائنس میں شاذ و نادر ہی پرفیکٹ کوریلیشن پایا جاتا ہے۔ اس وجہ سے x سلسلوں کے انحرافی اعداد کے مربعوں کے مجموعہ کو کم ترین کرنے کے لئے ایک ہی لائین کافی ہوتی ہے اور دوسری ریگریشن لائین y سلسلے کے انحرافی اعداد کا لحاظ کرتی ہے مذکورہ بالا کھینچے گئے گراف A اور B سے یہ نکتہ واضح ہو جاتا ہے۔ گراف نے y سلسلوں اور گراف B نے x سلسلوں کے انحرافی اعداد کے مربعوں کو کم ترین کر دیا ہے۔ پہلی صورت انحرافی اعداد کی پیائش عمودی محور اور دوسرے کو افقی محور پر پیائش کی جائے گی۔

ریگریشن مساوات (Regression equations): ریگریشن مساواتیں ریگریشن لائنیں کا الجبریائی اظہار ہیں۔ چونکہ دو ریگریشن لائنیں ہیں اور دو ریگریشن مساواتیں ہیں۔ y پر x ریگریشن لائین دی گئیں کی y قیمتوں کے لئے x کی ممکنہ حد تک اوسط قیمتیں دیتی ہے اور اسی طرح x پر y ریگریشن لائین دی گئی x کی قیمتوں کے لئے y کی ممکنہ حد تک اوسط قیمتیں دیتی ہے۔ جیسا کہ ریگریشن مساوات y پر x کو y کی دی گئی تبدیل ہوتی رہی قیمتوں کے لئے x کی قیمتوں میں تغیر کو بیان کرنے کے لئے استعمال ہوگی اور اسی طرح x پر y ریگریشن مساوات x کی دی گئی تبدیل ہوری رہی قیمتوں کے لئے y کی قیمتوں میں تغیر کو بیان کرنے کے لئے استعمال ہوگی۔

x پر y کی ریگریشن مساوات $x = a + by$ اور x پر y کی ریگریشن مساوات $y = a + bx$ ہے۔

یہ خط مستقیم کی مساواتیں ہیں۔ ان مساواتوں میں a اور b کی قیمتیں یکساں ہیں جو ریگریشن لائنیں کی جگہ یا مقام کا تعین کریں گی۔ پیرامیٹر a ریگریشن لائین کی سطح کی نشاندہی کرے گا (مبدے کے نیچے یا اوپر کے خط کا فاصلہ)۔ پیرامیٹر 'b' لائین کے ڈھلان کا تعین کرے گا یعنی y میں فی اکائی تبدیلی کے مقابل x میں تبدیلی یا اس کے برعکس۔

مذکورہ بالا مساوات میں a اور b کی قیمتیں Method of lease squares سے دریافت کی جا سکتی ہیں اس کا حوالہ پہلے دیا جا چکا ہے۔ a اور b کی قیمتیں نیچے دی گئیں سادہ مساوات کی مدد سے معلوم کی جا سکتی ہیں۔

$$\text{(i)}\ \Sigma y = na + b\Sigma x \qquad \text{(ii)}\ \Sigma x = na + b\Sigma y$$

$$\Sigma xy = a\Sigma x + b\Sigma x^2 \qquad \Sigma xy = a\Sigma y + b\Sigma y^2$$

ہم ایک تمثیل کے ذریعہ a اور b کی قیمتیں معلوم کرنے کی ٹیکنک معلوم کریں گے اور اس کی مدد سے ریگریشن مساوات بھی حاصل کریں گے۔

تمثیل 2: درج ذیل اعداد و شمار کی مدد سے Method of least squares کو استعمال کرتے ہوئے دو ریگریشن مساوات حاصل کریں گے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| x: | 2 | 4 | 6 | 8 | 10 |
| y: | 5 | 7 | 9 | 8 | 11 |

حل:

| x | $x^2$ | y | xy | $y^2$ |
|---|---|---|---|---|
| 2 | 5 | 10 | 4 | 25 |
| 4 | 7 | 28 | 16 | 49 |
| 6 | 9 | 54 | 36 | 81 |
| 8 | 8 | 64 | 64 | 64 |
| 10 | 11 | 110 | 100 | 121 |
| $\sum y=30$ | $\sum y=40$ | $\sum xy=266$ | $\sum y^2=220$ | $\sum y^2=340$ |

Regrassion equation y on x = y = a + bx

aاور bکی قیمتیں معلوم کرنے کے لئے درج ذیل دو مساواتیں استعمال کی جائیں گی۔

$$\sum x = na + b\sum y \quad ......(1)$$

$$\sum xy = a\sum x + b\sum x^2 \; + \quad ......(2)$$

جدول کی قیمتوں کو مساوات میں درج کرنے پر

$$40 = 5a + 30b \quad ......(1)$$

$$266 = 30a + 220b \quad ......(2)$$

مساوات نمبر(1) کو 6 سے ضرب دینے پر

$$240 = 30a + 180b$$

$$\underline{266 = 30a + 220b}$$

$$+26 = \; +40b$$

$$b = 26 \div 40 = 0.65$$

bکی قیمت کو مساوات نمبر 1 میں درج کرنے پر

$$40 = 5a + 30 \text{ x } 0.65$$

$$40 = 5a + 19.5$$

$$-5a = 19.5 - 40$$

$$+a = \frac{20.5}{5}$$

xپر yر یگریشن مساوات میں aاور bکی قیمتیں درج کرنے پر یہ xپر yر یگریشن مساوات ہے

$$y = 4.1 + 0.65x$$

Regression equation y on x = a + by

دوسادہ مساوات ہیں

$\Sigma x = na + b\Sigma y$ ............ (1)

$\Sigma xy = a\Sigma x + b\Sigma x^2$ ............ (2)

ان مساوات میں قیمتیں درج کرنے پر

$30 = 5a + 40b$ ............ (1)

$266 = 40a + 340b$ ............ (2)

مساوات نمبر (1) کو 8 سے ضرب دینے پر

$240 = 40a + 320b$ ............ (1)

$266 = 40a + 340b$ ............ (2)

$+26 = +20b$

$b = \frac{26}{20} = 1.3$

b کی قیمت کو مساوات نمبر 1 میں درج کرنے پر

$30 = 5a + 40 \times 1.3$ ...(1)

$30 = 5a + 52$

$-5a + 52$

$+5a + 52$

$a = \frac{-22}{5} = -4.4$

y پر x ریگریشن مساوات میں a اور b کی قیمت درج کرنے پر

$x = -4.4 + 1.3y$

یہ y پر x ریگریشن ہے۔

## 8.6 حسابی اوسط سے انحراف کا طریقہ (Method of Deviations from Mean)

Method of least squares سے ریگریشن مساوات حاصل کرنے کا طریقہ اکتانے والا اور بہت زیادہ حسابات پر مبنی ہے۔ ریگریشن مساوات کو حاصل کرنے کا آسان طریقہ وہ ہے جس میں x اور y کی حقیقی قیمتیں لینے کے بجائے ان کے حسابی اوسط سے انحراف لیا جائے۔ یہ عمل بہت زیادہ حسابات سے بچائے گا اور وہی رزلٹ حاصل ہوگا جو کہ ہمیں Method of least square سے حاصل ہوتا رہا ہے۔ اس طریقہ کے تحت ریگریشن مساوات کی تحسیب کا ضابطہ، فارمولہ یہ ہے۔

y پر x ریگریشن مساوات ہے۔

$$(x-\overline{x}) = r\frac{\sigma x}{\sigma y} = (y-\overline{y})$$

جہاں $\overline{x}$ ‘x سلسلوں کے حقیقی حسابی اوسط کو $\overline{y}$ ‘y سلسلوں کے حقیقی حسابی اوسط کو بتاتا ہے۔ ‘x r اور y کے درمیان کوریلیشن کے کوفیشنٹ کو اور $\sigma$x اور $\sigma$y، x اور y سلسلوں کے معیاری انحراف کو بتاتا ہے۔

$r\frac{\sigma x}{\sigma y}$ ‘y پر x کا ریگریشن کا کوفیشنٹ کہلاتا ہے اور اس کی bxy سے نشاندہی کی جاتی ہے۔

اس طرح

$$bxy = r\frac{\sigma x}{\sigma y} = \frac{\Sigma xy}{n\sigma x\sigma y}\times\frac{\Sigma x}{n\sigma x\sigma y}\times\frac{\sigma x}{\sigma y} = \frac{\Sigma xy}{n\sigma y^2}$$

$$= \frac{\Sigma xy}{n\times\frac{\Sigma y^2}{n}} = \frac{\Sigma xy}{\Sigma y^2}$$

جہاں x اور y حسابی اوسط سے انحراف ہے۔

اس طرح r‘ $\sigma$x اور $\sigma$y کی قیمتوں کو معلوم کرنے کے بجائے ہم راست طور پر bxy کی قیمت x اور y سلسلوں کو ان کے حسابی اوسط سے انحرافی اعداد کے حاصل ضرب کو y سلسلے کے حسابی اوسط سے انحرافی اعداد کے مربعوں کے مجموعہ سے تقسیم کرکے حاصل کر سکتے ہیں۔

x پر y ریگریشن مساوات

$$(y-\overline{y}) = r\frac{\sigma y}{\sigma x}(x-\overline{x})$$

$r\frac{\sigma x}{\sigma y}$ کو x پر کا ریگریشن کا کوفیشنٹ کہلاتا ہے۔ اس کی قیمت $\frac{\Sigma xy}{\Sigma x^2}$ ہے جیسا کہ y پر x ریگریشن مساوات کی صورت میں ثابت کیا گیا تھا۔

اس طرح دو ریگریشن مساوات کی صورت یوں ہو گی۔

i) Regression equation x on y

$$(x-\overline{x}) = \frac{\Sigma xy}{\Sigma y^2}(y-\overline{y})$$

ii) Regression equation y on x

$$(y-\overline{y}) = \frac{\Sigma xy}{\Sigma x^2}(x-\overline{x})$$

Regression coefficientکی خصوصیات

ریگریشن کے کوفیشنٹ bxyاور byxکی چند خصوصیات ذیل میں بیان کی گئی ہیں۔

1. bxyاور byx کے جیومٹریائی اوسط کو ریلیشن کے کوفیشنٹ کی قیمت معلوم کرنے کا باعث ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ $\sqrt{bxy\ x\ byx}$=اس کو یوں ثابت کیا جاسکتا ہے۔

$$bxy = r\frac{\sigma x}{\sigma y} \qquad byx = r\frac{\sigma y}{\sigma x}$$

$$bxy \times byx = r\frac{\sigma x}{\sigma y} \times r\frac{\sigma y}{\sigma x} = r^2$$

$byx = r\frac{\sigma y}{\sigma x}$ اور $bxy = r\frac{\sigma x}{\sigma y}$، $\qquad r = \sqrt{bxy \times byx}$

2. دونوں ریگریشن کے کوفیشنٹ کی الجبرائی علامتیں ایک ہی ہوتی ہیں۔دونوں پازیٹیو ہوں گی یا پھر دونوں نیگیٹو ہوں گی۔

یہ ممکن نہیں کہ ایک کی علامت '+'ہواور دوسرے کی علامت '-'ہو۔وجہ یہ ہے کہ اب تک جہاں تک معیاری انحراف کا تعلق ہے یہ ہمیشہ پازیٹیو ہوتے ہیں۔صرف کوریلیشن کے کوفیشنٹ پازیٹیو یا نیگیٹیو ہو سکتے ہیں۔چونکہ اوران کی الجبرائی علامتوں کا تعین علامت rسے کیا جاتاہے اگر یہ دونوں پازیٹیں ہوں توbxyاور byxبھی پازیٹیو ہوں گے اگر دونوں نیگیٹیو ہوں توbxyاور byxبھی نیگیٹیو ہوں گے۔

3. bxyاور byxدونوں کی قیمتیں انفرادی طور پر ایک سے زیادہ نہیں ہو سکتیں۔دونوں میں سے کسی ایک کی قیمت ایک سے زیادہ ہو سکتی ہے لیکن دونوں کی نہیں ہو سکتیں۔اس کی وجہ یہ ہے کہ $\sqrt{byx - byx}$ اور اگر دونوں bxyاور byxانفرادی طور پر قیمتیں ایک سے زیادہ ہوں تو کوریلیشن کا کوفیشنٹ یا rبھی ایک سے زیادہ ہوگا جو کہ ممکن نہیں ہے۔

درج ذیل تمثیل مذکورہ بالا ریگریشن مساواتوں کو حاصل کرنے کے طریقہ کے استعمال کو ظاہر کرے گی۔

تمثیل3: درج ذیل اعداد و شمار کی مدد سے Method of least squaresکواستعمال کرتے ہوئے دو ریگریشن مساوات حاصل کریں گے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| x: | 2 | 4 | 6 | 8 | 10 |
| y: | 5 | 7 | 9 | 8 | 11 |

حل:

| x | x-$\bar{x}$<br>x | $x^2$ | y | y-$\bar{y}$<br>y | $x^2$ | xy |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 2 | -4 | 16 | 5 | -3 | 9 | 12 |
| 4 | -2 | 4 | 7 | -1 | 1 | 2 |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 6<br>8<br>10 | 0<br>+2<br>+4 | 0<br>4<br>16 | 9<br>8<br>11 | +1<br>0<br>+3 | 1<br>0<br>9 | 0<br>0<br>12 |
| Sx 30<br>Mean 6 | Sx 0 | $Sx^2$ 40 | Sy = 40<br>Mean 8 | Sy 0 | Sy 20 | Sxy |

Regression equation *y* on *x* on *y*

$$x-\bar{x}=r\frac{\sigma y}{\sigma x}(y-\bar{y})$$

$$x-\bar{x}=\frac{\Sigma xy}{\Sigma y^2}(y-\bar{y})$$

$$x-6=\frac{26}{20}(y-8)$$

$$x-6=1.3(y-8)$$

$$x-6=1.3y-10.4$$

$$x=1.3y-10.4+6$$

$$x=1.3y-4.4$$

Regression equation *y* on *x* on *y*

$$(y-\bar{y})=r\frac{\sigma y}{\sigma x}(x-\bar{x})$$

$$(y-\bar{y})=\frac{\Sigma xy}{\Sigma x^2}(x-\bar{x})$$

$$y-8=\frac{26}{40}(x-6)$$

$$y-8=0.65(x-6)$$

$$y-8=0.65x-3.90$$

$$y=0.65x-3.9+8$$

$$y=0.65x-4.1$$

یہ مشاہدہ کیا جاسکتا ہے کہ یہ ریگریشن مساوات ویسی ہی ہیں جیسے تمثیل نمبر 2 میں Method of least squares سے حاصل کی گئی تھیں۔

## مفروضہ حسابی اوسط سے انحراف Deviations from Assumed Mean

جہاں دو x اور y سلسلوں کا حسابی اوسط اعشاریہ میں ہو ریگریشن مساوات حاصل کرنے کے لئے مذکورہ بالا طریقہ تکلیف دہ مشقت طلب ہو جاتا ہے ایسی صورت میں انحراف مفروضہ حسابی اوسط سے لیا جائے گا۔ ریگریشن مساوات میں تحسیب کردہ فارمولہ وہی رہے گا تاہم کچھ آسانی ممکن ہے y پر x ریگریشن مساوات یوں ہوگی۔

$$x-\bar{x}=r\frac{\sigma y}{\sigma x}(y-\bar{y})$$

$$bxy\ \ r=r\frac{\sigma x}{\sigma y}\left[\frac{\Sigma dxdy-\frac{(\Sigma dx\times\Sigma dy)}{N}}{\sigma x\ \ \sigma y}\right]\times\frac{\sigma x}{\sigma y}$$

$$bxy=\frac{\Sigma dxdy-\frac{\Sigma dx\times\Sigma dy}{N}}{\sigma y^2}$$

$$bxy=\frac{\Sigma dxdy-\frac{\Sigma dx\times\Sigma dy}{N}}{\Sigma dy^2-\frac{(\Sigma dy)^2}{N}}$$

اسی طرح $x$ پر $y$ ریگریشن مساوات

$$y-\bar{y}=r\frac{\sigma y}{\sigma x}(x-\bar{x})$$

$$byx\ or\ r\frac{\sigma y}{\sigma x}=\left[\frac{\Sigma dxdy-\frac{(\Sigma dx\times\Sigma dy)}{N}}{\sigma x\times\sigma y}\right]\times\frac{\sigma y}{\sigma x}$$

$$byx=\frac{\Sigma dxdy-\frac{\Sigma dx\times\Sigma dy}{N}}{\sigma x^2}$$

$$byx=\frac{\Sigma dxdy-\frac{\Sigma dx\times\Sigma dy}{N}}{\Sigma dx^2-\frac{(\Sigma dx)^2}{N}}$$

ایک بار bxy اور $byx$ کی قیمتیں راست $\sigma$(y اور $\sigma$ $r_1$x کی تحسیب کے بغیر) معلوم کر لئے جائیں تب انہیں ریگریشن مساوات کے فارمولے میں درج کیا جا سکتا ہے۔

گروہی اعداد و شمار کی صورت میں دورخی تعددی جدول کو تھوڑا تبدیل کیا جاتا ہے چونکہ کوریلیشن کے ٹیبل میں ہم کو تعدد دی جاتی ہیں اس لئے ان قیمتوں کو تعدد سے ضرب دیا جاتا ہے۔ دوسری اہم تبدیلی یہ کہ اگر Step deviation لئے گئے ہوں تب y پر x ریگریشن لائین کی صورت میں فارمولے کے ذریعے محصلہ قیمتوں کو $\frac{ix}{iy}$ سے ضرب دیا جائے اور y پر x ریگریشن لائین کی صورت میں $\frac{iy}{ix}$ سے ضرب دیا جائے۔ (ix اور iy اور y اور x سلسلوں کے وقفہ جماعت ہیں) یہ ضروری ہے کیونکہ جب تک کہ کوریلیشن کا کوفیشنٹ غیر مشابہ نہ ہو ریگریشن کے کوفیشنٹ پیمانے میں تبدیلی سے متاثر ہوں گے اگرچہ کہ یہ مبداء کی تبدیلی سے متاثر نہیں ہوتے۔

3 اس طرح گروہی اعداد کی صورت میں

$$bxy \text{ or } r\frac{\sigma x}{\sigma y} = \frac{\Sigma dxdy - \frac{(\Sigma fdx \times \Sigma fdy)}{N}}{\Sigma fdy^2 - \frac{(\Sigma fdy)^2}{N}} \times \frac{ix}{iy}$$

$$byx = r\frac{\sigma y}{\sigma x} = \frac{\Sigma dxdy - \frac{(\Sigma fdx \times \Sigma fdy)}{N}}{\Sigma fdy^2 - \frac{(\Sigma fdy)^2}{N}} \times \frac{iy}{ix}$$

اس کو درج ذیل تمثیل سے سمجھا جاسکتا ہے۔

تمثیل 4: تمثیل نمبر 2 میں دیئے گئے اعداد و شمار سے x سلسلے سے 5 اور y سلسلے سے 6 کو مفروضہ حسابی اوسط لے کر ریگریشن مساوات ترتیب دیجئے۔

| $x$ | Deviation from AM 5 $dx$ | $dx^2$ | $y$ | Deviation from AM 6 $dy$ | $dy^2$ | $dxdy$ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 2 | -3 | 9 | 5 | -1 | 1 | +3 |
| 4 | -1 | 1 | 7 | +1 | 1 | 1 |
| 6 | +1 | 1 | 9 | +3 | 9 | +3 |
| 8 | +3 | 9 | 8 | +2 | 4 | +6 |
| 10 | +5 | 25 | 11 | +5 | 25 | +25 |
| S$x$ 30 | S$dx$ 5 | S$d^2$ 45 | S$y$=40 | S$dy$ +10 | S$y^2$ 40 | S$dxdy$ +36 |

$$bxy = \frac{\Sigma dxdy - \frac{\Sigma dx \times \Sigma dy}{N}}{\Sigma dy^2 - \frac{(\Sigma fdy)^2}{N}} = \frac{36 - \frac{5\times 10}{5}}{40 - \frac{(10)^5}{5}} = \frac{26}{20} = +1.3$$

$$byx = \frac{\Sigma dxdy - \frac{\Sigma dx \times \Sigma dy}{N}}{\Sigma dx^2 - \frac{(\Sigma dx)^2}{N}} = \frac{36 - \frac{5\times 10}{5}}{40 - \frac{(5)^2}{5}} = \frac{26}{40} = +0.65$$

bxy اور byx کی قیمتیں وہی ہیں جن کو ہم نے تمثیل نمبر 2 اور 3 میں پایا تھا۔

تمثیل 5: نیچے دیئے گئے اعداد و شمار سے Method of least squares سے ریگریشن مساوات کی تحسیب کیجئے۔ دو ریگریشن لکیروں کو مرتسم کیجئے اور گراف سے x کی قیمت معلوم کیجئے جب کہ y=110 ہو اور y کی قیمت معلوم کیجئے جب کہ x =23 ہو۔ نتیجہ کی جانچ الجبریائی طریقہ سے کیجئے۔ کوریلیشن کے کوفیشنٹ کی قیمت بھی معلوم کیجئے۔

| $x$ : | 10 | 15 | 35 | 40 | 50 |
|---|---|---|---|---|---|
| $y$ : | 100 | 30 | 110 | 80 | 120 |

حل:

| $x$ | $x^2$ | $y$ | $xy$ | $y^2$ |
|---|---|---|---|---|
| 10 | 100 | 1000 | 100 | 10,000 |
| 15 | 90 | 1350 | 225 | 8,100 |
| 35 | 110 | 3850 | 1225 | 12,100 |
| 40 | 80 | 3200 | 1600 | 6,400 |
| 50 | 120 | 6000 | 2500 | 14,400 |
| S$x$ 150 | S$y$ 500 | S$xy$ 15400 | S$x^2$ 5652 | S$y^2$ 51000 |

Regression equation $y$ on $x = y = a + by$

Two normal equations are

$$\Sigma y = na + b\Sigma x \qquad 150 = 5a + 500b \qquad ....(1)$$

$$\Sigma xy = a\Sigma x + b\Sigma x^2 \qquad 15400 = 500a + 51000b \; .....(2)$$

ہم ایک تمثیل کے ذریعہ $a$ اور b کی قیمتیں معلوم کرنے کی ٹیکنک معلوم کریں گے اور اس کی مدد سے ریگریشن مساوات بھی

مساوات نمبر (1) کو 100 سے ضرب دینے پر

$$15400 = 500a + 50000b \; .....(1)$$

$$15400 = 500a + 51000b \; .....(1)$$

$$+400 = 1000b$$

$$b = +\frac{400}{1000} = 0.4$$

b کی قیمت مساوات نمبر 1 میں درج کرنے پر

$$150 = 5a + 500 \times 0.4$$

$$50 = 5a + 200$$

$$-5a = 200 - 150$$

$$-a = \frac{50}{5}$$

$$a = -10$$

مساوات میں درج کرنے پر

$$x = -10 + 0.4y$$

Regression equation $y$ on $x = y = a + by$

دوحسب معمول مساوات

$$\Sigma y = na + b\Sigma x \qquad 500 = 5a + 150b$$

$$\Sigma xy = a\Sigma x + b\Sigma x^2 \qquad 15400 = 150a + 5650b$$

$$500 = 5a + 150b \qquad .....(1)$$

$$15400 = 150a + 5650b \quad .....(2)$$

مساوات نمبر (1) کو 30 سے ضرب دینے پر

$$15000 = 150a + 4500b \quad .....(1)$$

$$15400 = 150a + 5650b \quad .....(2)$$

$$+ \ 400 = \ +1150b$$

$$b = \frac{400}{450} = 0.3478 - 0.347826087$$

$b$ کی قیمت مساوات نمبر (1) میں درج کرنے پر

$$500 = 5a + 150b \quad ....(1)$$

$$500 = 5a + 150 \times 0.347826087$$

$$500 = 5a + 52.1739131$$

$$-5a = 52.1739131 - 500$$

$$+5a = +447.826087$$

$$+a = \frac{447.826087}{5} = 89.5652134$$

$$y = 89.5652175 + 0.347826087x$$

۔ ہونگی اس طرح دو ریگریشن مساوات یوں

ان ریگریشن مساوات کو مرتسم کرنے کے لئے ہمیں x کی دو قیمتیں اور کچھ قیمتیں y کی درکار ہیں تاکہ x پر y کی ریگریشن لائین کھینچ سکیں۔اسی طرح ہمیں y کی دو قیمتیں اور کچھ x کی قیمتیں درکار ہیں تاکہ y پر x کی ریگریشن لائین کھینچ سکیں۔

ہم جانتے ہیں کہ دو ریگریشن لائین x اور y سلسلے کے حسابی اوسط کے نکتہ پر ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں۔ لہٰذا ہر صورت میں دو نکتوں میں ایک نکتہ سلسلے کی حسابی اوسط قیمت ہو گی۔

Mean x = 30, Mean y = 100

لائینس کھینچنے کے لئے ہمیں x کی ایک قیمت اور y کی ایک قیمت کی ضرورت ہو گی۔ چلیں x کی قیمت دریافت کرتے ہیں جب کہ y = 70 ہو۔اس مقصد براری کے لئے ہم y پر x ریگریشن مساوات کا استعمال کریں گے۔ وہ مساوات ہے۔

$$x = -10 + 0.4y$$

اگر y کی قیمت 70 ہو تب (x = -10 + (0.4y x 70 = 18

اس طرح ہمیں x کی دو قیمتیں حاصل ہوئیں جب کہ 30 = x' 100 = y جب کہ 70 = y اور 18 = x ہیں۔
اسی طرح اب ہم y کی قیمت معلوم کریں گے جب کہ x=23 ہو ہم اس مقصد کے لئے x پر y کی ریگریشن مساوات استعمال کریں گے۔

$$y = 89.562174 + 0.3467826087\ x$$

اگر x = 23 ہو تو

$$y = 89.562174 + 0.3467826097\ x\ 23$$

$$y = 89.562174 + 8 = 97.56$$

اس طرح ہمیں y کی دو قیمتیں حاصل ہوئیں x = 30' y = 100 جب کہ x = 23، y = 97.56
ان قیمتوں کے ساتھ ہم دو ریگریشن لائنس کھینچ سکتے ہیں گراف یوں ہو گا۔(صفحہ نمبر 126)
مذکورہ بالا نتائج کی الجبریائی طور پر یوں جانچ کر سکتے ہیں۔

(i) y کی دریافت جب کہ x = 23 ریگریشن مساوات x پر y استعمال کریں۔

$$y = \frac{10,300}{115} + \frac{40}{115}$$ جبکہ x = 23

(ii) x کی دریافت جب کہ y = 110 ریگریشن مساوات y پر x استعمال کریں۔ جبکہ y = 10 ہو

$$x = -10 + 0.4y$$

$$= 10 + 0.4\ x\ 110$$

$$= -10 + 44 = 34$$

الجبریائی مساوات سے گرافی نتائج درست پائے گئے۔

Coefficient of Correlation is $\sqrt{bxy\ x\ byx}$

چونکہ دونوں bxy اور byx پازیٹیو ہیں اس لئے کوریلیشن بھی پازیٹیو ہو گا۔

تمثیل 6: درج ذیل اعداد و شمار سے دو ریگریشن مساوات حاصل کیجئے۔

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فروخت | 91 | 97 | 108 | 121 | 67 | 124 | 51 | 73 | 111 | 57 |
| خرید | 71 | 75 | 69 | 97 | 70 | 91 | 39 | 61 | 80 | 47 |

Compulation of Regression Euqation

| Sales x | Dev. from Mean 90x | x | $x^2$ | Dev. from Mean 70 | $y^2$ | xy |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 91 | +1 | 1 | 71 | +1 | 1 | 1 |
| 97 | +7 | 49 | 75 | +5 | 25 | 35 |
| 108 | +18 | 324 | 69 | -1 | 1 | -18 |
| 121 | +31 | 961 | 97 | +27 | 729 | +837 |
| 67 | -23 | 529 | 70 | 0 | 0 | 0 |
| 124 | +34 | 1156 | 91 | +21 | 441 | 714 |
| 51 | -39 | 152 | 39 | +21 | 961 | 1209 |
| 73 | -17 | 289 | 61 | -9 | 81 | 153 |
| 111 | +21 | 441 | 80 | +10 | 100 | 210 |
| 57 | -33 | 1089 | 47 | -23 | 529 | 759 |
| Sx 900 | Sx 0 | $Sx^2$ 6360 | Sy 700 | Sy 0 | $Sy^2$ 2868 | Sxy 3900 |

$$\text{Mean } \bar{x} = \frac{900}{10} = 90 \quad \text{Mean } \bar{y} = \frac{700}{100} = 70$$

$$bxy = \frac{\Sigma xy}{\Sigma x^2} = \frac{3900}{63900} = 0.6132$$

$$bxy = \frac{\Sigma xy}{\Sigma y^2} = \frac{3900}{28686} = 1.361$$

Regresrew equation $x$ on $y = x - \bar{x} = bxy\,(y - \bar{y})$

$$= (x-90) = +1.361(y-70)$$

$$= (x-90) = +1.361y - 95.27$$

$$= x = 1.361y - 95.27 + 90$$

$$x = 1.361y - 5.27 \qquad \text{.... (1)}$$

Regression equation $y$ on $x$ - $(y-\bar{y}) = bxy(x-\bar{x})$

$$(y-70) = 0.6132(x-90)$$

$$y - 70 = 0.6132x - 55.188$$

$$y = 0.6132x - 55.188 + 70$$

$$y = 0.6132x + 14.812 \qquad \text{.... (2)}$$

تمثیل 7: دو ججوں کے ایک پیانل C اور D نے ایک خوبصورتی کے مقابلے میں آزادانہ طور پر سات امیدواروں کو درج ذیل نشانات دیئے۔

| :مظاہرہ | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| C: کے نشانات | 46 | 42 | 44 | 40 | 43 | 41 | 45 |
| D: کے نشانات | 40 | 38 | 36 | 35 | 39 | 37 | 41 |

آٹھویں مظاہرے میں جج D شریک نہ ہوسکے اس لئے جج C نے 37 نشانات دیئے اگر جج D بھی شریک ہوئے ہوتے تو آٹھویں مظاہرے میں ان سے کتنے نشانات کی توقع کی جاسکتی تھی۔

حل: C کی جانب سے دیئے گئے نشانات کی نشاندہی x سے اور جج D کی جانب سے دیئے گئے نشانات y سے کی جائے گی ہمیں y کی قیمت معلوم کرنی پڑے گی جب کہ $x = 37$ ہو۔ایسا ریگریشن مساوات x پر y معلوم کرنے پر ہوگا۔

Compulation of Regression Euqation y on x

| Sales $x$ | Dev. from Mean 90$x$ | $x$ | $y$ | Dev. from Mean 28 $y$ | $y^2$ | $xy$ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 46 | +3 | 9 | 40 | +2 | 4 | +6 |
| 42 | -1 | 1 | 38 | 0 | 0 | 0 |
| 44 | +1 | 1 | 36 | -2 | 4 | -2 |
| 40 | -3 | 9 | 35 | -3 | 9 | +9 |
| 43 | 0 | 0 | 39 | +1 | 1 | 0 |
| 41 | -2 | 4 | 37 | -1 | 1 | +2 |
| 45 | +2 | 4 | 41 | +3 | 9 | +6 |
| S$x$ 301 | 0 | S$x^2$ 28 | S$y$ 266 | 0 | S$y^2$ = 28 | S$xy$ = +21 |

$$\text{Mean } x \text{ or } \overline{x} = \frac{301}{7} = 43 \quad \text{Mean } y \text{ or } \overline{y} = \frac{266}{7} = 38$$

$$bxy = \frac{\Sigma xy}{\Sigma x^2} = \frac{+21}{28} = +0.75$$

Regresrew equation $x$ on $y = (y - \overline{y}) = \text{by}x\,(x - \overline{x})$

$$y - 38 = 0.75(x - 43)$$

$$y - 38 = 0.75x - 32.25$$

$$y = 0.75x - 32.25 + 38$$

$$y = 0.75x + 5.75$$

اگر $x = 37$ ہو تو $y = 0.75 \times 37 + 5.75$

$$y = 27.75 + 5.75 = 33.5$$

اس طرح اگر جج D موجود ہوتے تو وہ 33.5 نشانات دئے ہوتے۔

## 8.9 اکتسابی نتائج (Learning Outcome)

طلباء نے ریگریشن کے معنی، تعریف، اور نوعیت اور متغیر کے درمیان تعلقات کا تجزیہ کرنے میں اس کے کردار کے بارے میں ایک جامع سمجھ حاصل کی ہے۔ انہوں نے نتائج کی پیشن گوئی کرنے اور ڈیٹا پر مبنی فیصلہ سازی کی حمایت میں ریگریشن کے تجزیہ کے استعمال کو سیکھا ہے۔ طلباء اب کوریلیشن اور رجعت کے تجزیے کے درمیان فرق کر سکتے ہیں، یہ سمجھتے ہوئے کہ ہر طریقہ شماریاتی تجزیہ میں مختلف مقاصد کو کیسے پورا کرتا ہے۔ انہوں نے ریگریشن کا مطالعہ کرنے کے طریقوں اور وسط سے انحراف کے طریقوں کی کھوج کی ہے، جس سے وہ رجعت

کے گتانکوں کی درستگی سے حساب اور تشریح کر سکتے ہیں۔ مجموعی طور پر، سیکھنے والے ریگریشن کی تکنیکوں کو ماڈل تعلقات میں لاگو کرنے، پیشین گوئیاں کرنے،اور کاروباری تناظر میں قابل عمل بصیرت فراہم کرنے کے لیے لیس ہیں۔

---

## 8.8 نمونہ امتحانی سوالات(Model Examination Questions)

---

معروضی جوابات کے حامل سوالات Objective type questions

1. __________ متغیروں میں قریبی تعلق پایا جاتا ہے۔ (دو)
2. اصطلاح(Regression)کے معنی __________ ہے۔ (واپسی)
3. __________ نےRegressionکو پہلے استعمال کیا۔ (سر فرانسیس گالٹن)
4. ریگریشنی تجزیہ __________ کی ایک شاخ ہے۔ (شماریاتی نظریہ)
5. ریگریشن کے مطالعہ کے دو طریقے ایک ترسیمی دوسرا __________ ہے۔ (الجبرائی)
6. اصطلاح ریگریشن کو گالٹن نے 1877 میں استعمال کیا۔ (صحیح/غلط)
7. انحراف کا مجموعہ ہمیشہ صفر ہوتا ہے۔ (صحیح/غلط)
8. ریگریشنی خطوط الجبریائی اظہار نہیں ہیں۔ (صحیح/غلط)
9. معیاری انحراف ہمیشہ پازیٹیو ہوتا ہے۔ (صحیح/غلط)
10. تخمینی قیمت کے حصول کے لیے مستعملہ آلہ ریگریشنی خط ہے۔ (صحیح/غلط)

مختصر جوابات کے حامل سوالات Short answer type questions

1. ریگریشن کے کیا معنی ہیں؟
2. ریگریشنی تجزیہ سے کیا مراد ہے؟
3. ترسیمی طریقہ کا کیا مطلب ہے؟
4. الجبریائی طریقہ کیا ہے؟
5. جسب منشا قوس کے طریقہ کے بارے میں کیا جانتے ہو؟

طویل جوابات کے حامل سوالات Long answer type questions

1. تجزیہ ریگریشن کی تعریف کیجیے اور اس کے استعمالات واضح کیجیے۔
2. کوریلیشن اور ریگریشن تجزیہ کے درمیان فرق کیجیے۔

3. ریگریشن کے مطالعہ کے طریقہ کیا ہیں؟ تفصیل سے بحث کیجیے۔

4. ریگریشن کے کوفیشنٹ کی خصوصیات بیان کیجیے۔

5. ریگریشن مساوات ترتیب دیجیے۔

| سال | : | 2001 | 2002 | 2003 | 2004 | 2005 | 2006 | 2007 | 2008 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| انتظمی اخراجات (ہزاروں میں) | Q: | 12 | 13 | 15 | 23 | 24 | 38 | 42 | 48 |
| فروخت (لاکھوں میں) | y: | 5.0 | 5.6 | 5.8 | 7.0 | 7.2 | 8.8 | 9.2 | 9.5 |

جواب: $y=3.87+0.125x$

6. ریگریشن مساوات ترتیب دیجیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| A: | 6 | 2 | 10 | 4 | 8 |
| B: | 9 | 11 | 5 | 8 | 7 |

7. ریگریشن مساوات ترتیب دیجیے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| M: | 15 | 27 | 27 | 30 | 34 | 38 | 46 |
| N: | 120 | 140 | 150 | 170 | 180 | 200 | 250 |

جواب: y on x $y=40.62 + 4.2657\ x$

x on y $k=0.2189\ y-6.8383$

# اکائی 9۔ وقتی سلسلہ کا تجزیہ

(Time Series Analysis)

اکائی کے اجزا


9.0 تمہید — Introduction

9.1 مقاصد — Objectives

9.2 وقتی سلسلہ کا تجزیہ۔ معنی اور تعریف — Meaning and Definition of Time Series Analysis

9.3 وقتی سلسلہ کی نوعیت اور دائرہ کار — Nature and Scope of Time Series

9.4 وقتی سلسلوں کی اہمیت، مقاصد اور افادیت — Importance and Utility of Time Series Analysis

9.5 وقتی سلسلہ کے اجزاء — Components of Time Series

9.6 ابتدائی ترمیمات — Introductory Modification

9.7 رجحان کی پیمائش — Measurement of Trend

9.8 اکتسابی نتائج

9.9 نمونہ امتحانی سوالات — Model Examination Questions


## 9.0 تمہید (Introduction)

وقتی سلسلے دراصل ایسے سلسلوں سے متعلق ہے جن کا ایک عنصر وقت بھی ہے۔ یعنی اگر ہم متواتر ادوار کے لیے تاریخ وار قدروں یا قیمتوں کو ترتیب دیں یہ بھی ایک سلسلہ ہوگا۔ جیسے پیداوار، طلب، رسد، لاگتیں، قیمتیں، قومی آمدنی وغیرہ کا سلسلہ جو دس یا بیس یا زاید برسوں پر مشتمل ہو۔ اسی طرح ہم ہمارے ملک کی آبادی کا سات دہوں کا جائزہ لیں۔ یہ بھی ایک سلسلہ کی مثال ہوگی۔ ایسی ہی مثالیں دی جاسکتی ہیں۔ ایسے سلسلوں کا تجزیہ وقت سلسلوں کا تجزیہ Analysis of Time Series کہلاتا ہے۔ وقتی سلسلوں کا تجزیہ پیش قیاسی اور ماضی کے مظاہرہ کا جائزہ لینے کے لیے کیا جاتا ہے۔ تاجر، ماہر شماریات اور ماہر معاشیات، آبادی، قومی آمدنی، اُجرتیں، تنخواہیں اور اشیاء کی قیمتوں وغیرہ کی تخمینہ کاری کے لیے فطرتاً دلچسپی رکھتے ہیں۔ حقیقت میں ماہر معاشیات اور تجّار کی کامیابی اور ناکامی کا انحصار بڑی حد تک درست پیش بینی پر ہوتا ہے۔ مستقبل کے تعلق سے پیش بینی زیر مشاہدہ متغیر کے برتاؤ کے تجزیہ کی بنیاد پر کی جاتی ہے۔ اس طرح کسی شئے کی مستقبل میں طلب یا کسی

فرم یا کمپنی کے منافع کے حصول کی پیش بینی گذشتہ برسوں میں کمائے گئے نفع یا طلب کے تجزیہ پر کی جاسکتی ہے۔لہٰذا کسی ملک کے تمام معاشی مسائل کے مطالعہ کی اہمیت وقتی سلسلوں کے تجزیہ پر ہوتا ہے۔ یہاں یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ وقتی سلسلوں کا تجزیہ صرف تجار، ماہرین معاشیات یا ماہرین شماریات کے لیے ہی فایدہ بخش ہے۔ بلکہ دیگر شعبہ حیات میں بھی کافی اہمیت کا حامل ہے۔ جیسے ماہر سماجیات اگر کسی ملک جرائم اور حادثات سے متعلق صورتحال کا مطالعہ کرنا اور ان کے تدارک کے لیے سفارشات پیش کرنا چاہتا ہو تو اس کے ضروری ہے کہ وہ گذشتہ برسوں میں اس ملک کے امن وضبط اور لا اینڈ آرڈر سے متعلق اعداد و شمار کا جائیزہ لے کر ہی ایسا کر سکتا ہے۔

## 9.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کے مطالعہ کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ

- وقتی سلسلوں کے تجزیہ کے پس منظر معنی اور تعریف کی توضیح کر سکیں۔
- وقتی سلسلوں کی تعریف بیان کر سکیں۔
- وقتی سلسلوں کی افادیت کو واضح کر سکیں۔
- وقتی سلسلوں کے اجزائے ترکیبی کو سمجھا سکیں۔
- وقتی سلسلوں کے تجزیہ کے اقدامات کا خلاصہ کر سکیں۔
- رجحان کی پیائش کے طریقے شمار کر سکیں۔
- رجحان کی پیائش پر سوالات حل کر سکیں۔

## 9.2 وقتی سلسلے کا تجزیہ-معنی اور تعریف

(Meaning and Definitionof Analysis of Time Series)

وقتی سلسلے کا تجزیہ ایک شماریاتی ٹیکنک ہے جو مختلف ادوار سے متعلق اعداد و شمار یا رجحان کا تجزیہ ہے۔وقتی سلسلوں میں ایک مخصوص مدت کے اعداد و شمار کا سلسلہ ہوتا ہے۔اس کا اطلاق اسٹاک مارکٹ کے تجزیہ، زلزلے کی پیش قیاسی، معاشی پیش بینی، مردم شماری وغیرہ بہت زیادہ ہوتا ہے۔ مشاہدات کا یہ سلسلہ جاری رہتا ہے، کبھی تھمتا نہیں۔ مشاہدات کی لگاتار پیائش ہوتی رہتی ہے۔آج کے عصری دور میں جبکہ دنیا ٹیکنک رُخی ہو گئی ہے۔ یہی وجہ ہے اعداد و شمار کی جمع بندی بھی ٹیکنالوجی کی مدد سے بڑی آسان ہو گئی ہے۔ اگر اس جمع شدہ اعداد و شمار کا تجزیہ کیا جائے تو بیش قیمت نتائج ہاتھ آتے ہیں۔ حالیہ برسوں میں ڈاٹا سائنس اور مشینوں کے ذریعہ اکتساب کا تصور زندگی کے تمام شعبہ جات کا مرکزی رجحان کا مرکز بن چکا ہے۔ پیش بینی کے طریق عمل میں انقلابی تبدیلیاں رونما ہو چکی ہیں۔ شماریاتی ماڈلنگ بھی کم خرچ پر مبنی تشریحی ٹیکنک میں تبدیل ہو چکی ہے۔ وقتی سلسلوں کا تجزیہ کا آغاز خود رجعتی Auto Regression اور حرکتی اوسط Moving Average سے ہوتا

ہے۔اس لیے وقتی سلسلوں کا گہرائی سے مطالعہ آج کے دور میں ضروری ہو گیا ہے۔یہی وجہ ہے کہ مختلف مفکرین اور مصنفین نے بڑی گہرائی و گیرائی سے جائزہ لے کر اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ان کو ذیل میں مختصر اور جامع انداز میں پیش کیا جاتا ہے۔

1) Kenny and Keeping کے مطابق ''وقت کی بنیاد پر اعداد و شمار کا ایک جوڑ وقتی سلسلہ کہلاتا ہے''۔

2) Croxton and Cowden نے یوں تعریف کی ہے ''وقتی سلسلہ تاریخ وارانہ اعداد و شمار کی ترتیب پر مشتمل ہوتا ہے''۔

3) Patterson کے الفاظ میں ''وقتی سلسلہ شماریاتی اعداد و شمار پر مشتمل ہوتا ہے جو بغور متواتر افزائش جمع بندی، اندراج کا نتیجہ ہے''۔

4) Maslow نے وقتی سلسلوں کی تعریف یوں کی ہے ''وقت سلسلے کو ایک مدت کے دوران ایک مظاہرے میں تبدیلیوں کو ظاہر کرتے ہیں، یعنی تغیرات کی وجہ سے تاریخ وار مقدار میں تبدیلیوں کی شدت''۔

5) Morris Hamburg کے خیال میں ''وقتی سلسلے شماریاتی مشاہدات کا تاریخ وار ترتیب کا ایک جوڑ ہے''۔

## 9.3 وقتی سلسلوں کی نوعیت اور دائرہ کار (Nature and Scope of Time Series)

وقتی سلسلہ کے اعداد و شمار کی قدر و خصوصیت ایک جیسی ہونی چاہیے، یعنی اعداد و شمار یکساں ہونے چاہیں۔ ساتھ ہی ساتھ وقتی سلسلوں کی تمام اصطلاحات ایک مظاہر سے متعلق ہونی چاہیے۔ جیسے فی کس آمدنی، قومی آمدنی وغیرہ۔ یہ اعداد و شمار بیس سال، پچیس سال تک درج شدہ حالت میں دستیاب ہونا چاہیے۔ سلسلہ میں شامل مختلف قیمتوں کے درمیان وقفہ مساوی اور یکساں ہو۔ وقتی سلسلے معاشیات اور کاروباری میدان میں زیادہ مددگار ہوتے ہیں، اور ساتھ ساتھ آج کل محققین بھی زیادہ استعمال کر رہے ہیں۔

## 9.4 وقتی سلسلوں کی اہمیت، مقاصد اور افادیت

## (Importance & Utility Analysis of Time Series)

وقتی سلسلوں کی اہمیت، مقاصد اور افادیت درجہ ذیل نکات سے ظاہر ہوتی ہے۔

1۔ پیش قیاسی میں مددگار (Support in Forecasting)

کسی بھی زیر مطالعہ متغیر کے مستقبل میں رویہ کی پیش قیاسی سال گذشتہ کے حالات کے تجزیہ کی بنیاد پر کی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر فروخت سے متعلق وقتی سلسلہ کے تجزیہ سے مستقبل میں فروخت کی مقدار کی پیش قیاسی کی جاسکتی ہے۔ یہ اعداد و شمار مستقبل کے لیے لائحہ عمل کی ترتیب میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ مستحکم معیشت میں منصوبہ کاری کا انحصار زیر مطالعہ مدت کے دوران مختلف متغیرات کے تجزیہ پر ہوتا ہے، تاکہ ملک کی ترقی کی شرح میں اضافہ کیا جاسکے۔

2۔ حصول کامیابی کے جائزہ میں مددگار(Support in Evaluation of Achievement)

منصوبہ کی ترقی کا جائزہ اور نظرثانی وقتی سلسلوں کے اعداد و شمار کی بنیاد پر کی جاتی ہے۔ جیسے پنج سالہ منصوبہ کی ترقی کا فیصلہ خام قومی اشیاء میں سالانہ نشوونما کی شرح کی روشنی میں کیا جاتا ہے۔اسی طرح ہمارے ملک میں افراطِ زر اور بڑھتی قیمتوں پر قابو پانے کے طریقہ کار کا جائزہ وقتی سلسلوں کے تجزیہ کی بنیاد پر مختلف اشیاء کی قیمتوں کا مطالعہ کرکے لیا جاتا ہے۔اس طرح وقتی سلسلے حصول کامیابی میں مددگار ہوتے ہیں۔

3۔ متغیر کے گذشتہ برسوں میں طرزِ عمل کے تجزیہ میں مددگار

(Support in the Analysis of Past Behaviour of a Variable)

کسی زیرِ مشاہدہ متغیر پر مختلف عناصر کے اثرات کا جائزہ بھی گذشتہ برسوں کے اعداد و شمار کے تجزیہ کے بعد لیا جاسکتا ہے۔ یہ مشاہدات دراصل زیرِ مطالعہ مسئلہ پر مختلف ایک جیسے عناصر کے جوڑ کے اثرات کا تجزیہ کرکے انہیں الگ الگ کرتے ہیں۔ جیسے کسی متغیر پر مختلف موسم کے اثرات کا انکشاف کریں گے اور ٹیکنالوجیائی ترقی یا آبادی میں اضافہ ، قومی آمدنی میں تبدیلی کو وقتی سلسلوں کے تجزیہ کے ذریعہ الگ کیا جاسکتا ہے، جبکہ یہ مذکورہ عناصر طویل مدتی ہوتے ہیں۔

4۔ تقابلی مطالعہ میں مددگار(Support in Comparative Studies)

آپ نے وقتی سلسلوں کی تعریف پڑھی ہوگی۔ یہ تاریخ وار اور متواتر ہوتے ہیں۔ جس کی وجہ سے مختلف ادوار اور عناصر کا تقابلی مطالعہ اور تجزیہ بہتر انداز میں کیا جاسکتا ہے۔وقتی سلسلے تقابل کے لیے عصری بنیاد فراہم کرتے ہیں اور ان اجزاء کے اثرات کو الگ الگ کرتے ہیں۔اسی بنیاد پر جغرافیائی تقابل بھی کیا جاسکتا ہے۔

## 9.5 وقتی سلسلوں کے اجزاء(Components of Time Series)

کسی مدت سے متعلق متغیر کی قیمت میں تبدیلیوں کے عناصر کے اثرات کا نتیجہ ہوتی ہے۔ جیسے صارفین کے ذوق میں تبدیلی، عادات میں تبدیلی، پیداواری لاگت میں تبدیلی، قومی آمدنی میں تبدیلی وغیرہ ایک متغیر کی قیمت میں تبدیلی ایسی وقتوں کے آپسی ٹکراؤ کا نتیجہ ہوتی ہے۔اگر ان قوتوں کی ترکیب میں تبدیلی نہ ہو تو یہ متغیرات کی قدر و قیمت میں تبدیلی نہ ہوتی، اگر توازن میں ذرا سا بھی خلل پڑ جائے تو ان کی قیمتوں میں بھی خلل واقع ہوگا، یعنی قدر و قیمت میں تبدیلی ہوگی اور پھر توازن میں آجاتے ہیں۔ لیکن حقیقت میں یہ منورملہ اس کے برعکس ہوتا ہے۔یہ قوتیں توازن میں نہیں ہوتیں بلکہ ان قوتوں کے درمیان مسلسل خلل ہونے پر ایک عرصہ کے بعد متغیرات کی قدروں میں تبدیلی ہوتی ہے۔ان تبدیلیوں کی شدت کا اندازہ نہیں لگایا جاسکتا۔ہاں ان کے درمیان تبدیلی کی شدت کا اندازہ اس وقت ہوتا ہے جب ہم متعلقہ متغیرات کی قیمتوں میں تبدیلیوں کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ان قوتوں کے اثرات کی درجہ بندی کی جاسکتی ہے۔اس زمرہ بندی کو Components of Time Series کہا جاتا ہے۔ان کی تفصیل درجہ ذیل ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Secular Trend or Long Term Movement (T) | طویل مدتی حرکت/سیکولر رجحان |
| 2. | Seasonal Variations (S) | موسمی تغیرات |
| 3. | Cyclical Variations (C) | چکری تغیرات |
| 4. | Irregular Variations (I) | غیر مسلسل تغیرات |

ایک مظاہر کی قیمت (y) کا کسی وقت مشاہدہ (t) مذکورہ بالا وقتی سلسلوں کے اجزاء کے خالص اثرات ہیں۔ ان اجزاء کی تفصیل ذیل میں دی گئی ہے۔

1۔ سیکولر رجحان/طویل مدتی حرکت (Secular Trend / Long Term Movement)

ایک طویل عرصہ کے دوران وقتی سلسلوں کے اعداد و شمار کے نارمل رجحان میں کبھی اضافہ، کبھی کمی یا الگ الگ بھی ہو سکتے ہیں۔ اس رجحان کو سیکولر رجحان کہتے ہیں۔ لفظ Secular لاطینی زبان کے لفظ "Speculum" سے اخذ کیا گیا ہے۔ اس کے معنی مہد یا نسل کے ہیں۔ اس طرح سیکولر رجحان کا مطلب کسی مظاہر کا طویل مدتی رجحان ہے۔ سمپسن اور کافکا کے الفاظ میں رجحان کو سیکولر یا طویل مدتی رجحان بھی کہتے ہیں۔ یہ دراصل ایک سلسلہ کا بنیادی رجحان ہے۔ ایک مدت کے دوران رجحان میں اضافہ یا کمی بھی ہو سکتی ہے۔ رجحان کے تصور میں مختصر مدت، اہتزاز شامل نہیں، لیکن ایک طویل مدت کے دوران بتدریج مسلسل حرکت ہے۔

a) سیکولر رجحان اوپر کی طرف یا نیچے کی طرف ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ہمارے ملک کی آبادی کا اضافی رجحان ہے۔ اسی طرح بچوں کی شرح اموات میں کمی کا رجحان ہے۔ تاہم اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ رجحان ہمیشہ اضافی یا کمی کا ہوتا ہے۔ کبھی رجحان اضافی ہو سکتا ہے اور کبھی کمی کا ہو سکتا ہے یا پھر یکساں اور مستحکم ہو سکتا ہے۔ لیکن عمومی طور پر طویل مدت میں رجحان اضافی، کمی اور مستحکم ہو سکتا ہے۔

b) نارمل طور پر رجحان ایسی قوتوں کا نتیجہ ہوتا ہے جن میں کم و بیش طویل مدت میں بتدریج یا پھر آہستہ تبدیلی عمل میں آتی ہے۔ ان عناصر میں عوام کے ذوق و شوق آبادی اور عادات میں تبدیلیاں، ٹیکنالوجیائی تبدیلیاں، نئے قدرتی وسائل کی دریافت وغیرہ شامل ہیں۔ یہ عناصر بتدریج آہستہ اثرانداز ہوتے ہیں۔

c) اصطلاح طویل مدت ایک اضافی اصطلاح ہے۔ یہ طویل مدت کسی پسِ منظر میں استعمال ہوتی ہے۔ اس کا جواب آسان نہیں ہے۔ لیکن اس جواب کا انحصار زیر مشاہدہ مسئلہ کی نوعیت پر ہوتا ہے، اگر ہم قومی آمدنی، زرعی پیداوار، درآمدات و برآمدات کے چار، پانچ، چھ برس پر مشتمل اعداد و شمار کی ضرورت ہو گی۔ مختصراً ایک عمومی اصول یہ ہے کہ کسی سلسلہ کی مدت طویل ہو تو نتائج بہترین حاصل ہوتے ہیں۔

d) خطی اور غیر خطی رجحانات کا انحصار بھی اعداد و شمار پر ہوتا ہے۔ اگر ہم ان اعداد و شمار کو گراف پر مترسم کریں تو خط سیدھا ہو تو خطی رجحان ہو گا۔ اسی طرح کسی مظاہر کے اعداد و شمار کو مرتسم کرنے پر خط سیدھا نہ تو یہ غیر خطی رجحان ہو گا۔

e) یہ ضروری نہیں کہ وقتی سلسلے ہمیشہ بڑھتے اور گھٹتے رجحان کے حامل ہوں۔ بعض اوقات قیمتوں میں لچک ہو بڑھتے گھٹتے ہوں تو وقت کے گذرنے کے ساتھ اس میں تبدیلی نہیں آتی۔ جیسے درجہ حرارت ہمیشہ تبدیل ہوتا رہتا ہے۔ موسمی حالات ہمیشہ ایک جیسے نہیں رہتے۔ ایسی صورت میں تقابل مشکل ہوتا ہے۔ اس لیے اگر مدت زیادہ ہو تو اعداد و شمار کا ایک سلسلہ ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم دوادوار پر مبنی سلسلوں کا تقابل آسانی سے کر سکتے ہیں۔ اگر ہم رجحانی قدروں کو مظاہر کی قدروں سے الگ کر دیں تو لچک رہ جاتی ہے۔ جیسے موسمی چکری اور غیر مسلسل۔ اب ہمارے لیے یہ ممکن ہو جاتا ہے کہ ہم مختصر مدتی اس لچک کے سلسلوں کا مشاہدہ کریں۔

### 2۔ موسمی تغیرات (S) (Seasonal Variations)

موسمی تغیرات وقتی سلسلوں کی ان حرکات سے متعلق ہے جو قوتوں کی وجہ سے جن کی نوعیت متوازن ہم آہنگ اور بالترتیب ہوتی ہے اور ہر موسم میں ایک مدت کے بعد دہرائی جاتی ہیں۔ ان کے تغیرات کے درمیان مدت ایک سال سے بھی کم ہوتی ہے۔ انSeasons کی مدت ہفتہ اور ماہوار، سہ ماہی، ششماہی ہو سکتی ہے۔ اس کا انحصار مظاہر کی نوعیت پر ہوتی ہے۔ یہ ایسے عناصر کا نتیجہ ہوتی ہے جن کی مقدار میں یکساں طور پر یا مسلسل کمی و بیشی ہوتی رہتی ہے۔ نارمل طور پر یہ سلسلہ معاشی اعداد و شمار سے متعلق ہوتا ہے جو تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ جیسے اشیاء کی پیداوار، ان کی قیمتیں، صرف کی مقدار، طلب و رسد کی مقدار وغیرہ۔ ان میں تبدیلی موسمیSeasonal ہوتی ہے۔ ان تبدیلیوں کو مسلسل اور یکسانیت کے ساتھ دیکھا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر کسی موسم میں پھل یا غذائی اجناس کی پیداوار کاٹی جاتی ہے۔ اس موسم میں اس شئے کی قیمتیں کم ہوتی ہیں۔ اس کے برخلاف دوسرے موسم میں قیمتیں زیادہ ہوتی ہیں۔ قیمتوں میں، پیداوار میں، طلب اور رسد میں تبدیلی ہمیشہ ہوتی رہتی ہے۔ اس کی وجوہات کو ذیل میں دیکھا جا سکتا ہے۔

a) موسمی اثرات جیسے موسمی حالات اور آب و ہوا: یہ عناصر ادواری اور موسمی تغیرات میں بہت بڑا کردار ادا کرتے ہیں۔ جیسے ٹھنڈے مشروبات اور آئیس کریم کی طلب موسم گرما میں بڑھ جاتی ہے۔ موسم برسات میں چھتریوں کی فروخت میں اضافہ ہوتا ہے۔ موسم سرما میں چائے اور گرم ملبوسات کی فروخت میں اضافہ ہوتا ہے۔

b) مقامی رہن سہن: عادات رسم و رواج کا مختلف موسم میں الگ الگ اثر پڑتا ہے۔ اسی طرح شادیوں کے سیزن میں نارمل طور پر سونے کے بھاؤ میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ عیدین، رمضان، دیوالی، دسہرہ، کرسمس وغیرہ کے موقع پر کئی اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ سال بہ سال ان کی مقدار طلب و رسد، اشیاء خوردنی وغیرہ کی قیمتوں میں تبدیلی کی پیش قیاسی آسانی سے کی جا سکتی ہے۔ کیونکہ ان عوامل کا اثر مدتی اور مسلسل ہوتا ہے۔

سلسلوں پر مبنی تغیرات کا مشاہدہ و مطالعہ تاجر، صارفین پیدا کنندے، فیصلہ سازی میں مصروف عمل افراد کے لیے مفید ثابت ہوتا ہے۔

### 3۔ چکری تغیرات (C) (Cyclical Variations)

کسی سلسلے میں چکری تغیرات متوالی تغیرات ہوتے ہیں۔ جن کا دورانیہ ایک سال سے زاید ہو سکتا ہے۔ چکری تغیرات اگرچیکہ مسلسل ہوتے ہیں لیکن ان کے دورانیہ میں یکسانیت نہیں ہوتی۔ ایسا اس لیے ہوتا ہے کہ دورانیہ ہمیشہ یکساں نہیں ہوتا۔ ان تغیرات کا بغور

مشاہدہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ معاشیات اور کاروبار میں چکری تغیرات دراصل کاروباری چکر کا نتیجہ ہوتے ہیں۔کاروباری چکر کا آغاز خوشحالی Boom سے ہوتا ہے۔اس کے نیچے کی طرف حرکت کرتا ہے۔یعنی ریگریشن Recession کے دور میں آتا ہے۔مزید نیچے کی طرف حرکت کرنے پر سرد بازاری Depression کی طرف آجاتا ہے۔یوں کاروباری چکر کے چار مراحل ہوتے ہیں۔خوشحالی، ریگریشن، سرد بازاری اور بحالی۔ان مراحل کو یکساں طور پر دیکھا جاسکتا ہے۔لیکن دورانیہ مستقل ودائمی نہیں ہوتا۔ماہرین معاشیات کا کہنا ہے کہ بعض اوقات یہ دورانیہ تین سال، چار سال، پانچ سال کبھی سات یا دس سال میں مکمل ہوتا ہے۔

4۔ غیر مسلسل تغیرات (Irregular Variations)

بعض اوقات غیر مسلسل تغیرات مختلف عناصر کی وجہ سے وجود میں آتے ہیں۔یہ عناصر کبھی کبھار اثرانداز ہوتے ہیں۔ان کی نوعیت حادثاتی ہوتی ہے۔جیسے قحط، ہڑتال، تالہ بندی، سیلاب، جنگیں، زلزلے وغیرہ یہ کسی خاص مدت کے دوران وقوع پذیر نہیں ہوتے، بلکہ ہنگامی طور پر سامنے آجاتے ہیں۔اس لیے انہیں Random Fluctuations یا Chance Fluctuations کہتے ہیں۔بعض اوقات ان کی شدت اتنی ہوتی ہے کہ چکری لچک میں اضافہ ہو جاتا ہے۔چونکہ غیر متوالی ہوتے ہیں۔اس لیے اس نقصانات سے نمٹنے یا تلافی کے بچاؤ اقدامات نہیں کیے جاسکتے۔ان کے اثرات بھی غیر متوقع اور غیر یقینی ہوتے ہیں۔لیکن ان کے اثرات کو چکری اور موسمی اثرات سے الگ نہیں کیا جاسکتا۔

---

## 9.6 ابتدائی ترمیمات (Introductory Modifications)

وقتی سلسلوں کے تجزیہ سے قبل دستیاب اعداد و شمار میں چند ضروری تبدیلیاں کرنا ہوتا ہے۔تاکہ اعداد و شمار میں یکسانیت لائی جاسکے۔ نارمل طور پر درجہ ذیل نکات میں یکسانیت لائی جاتی ہے۔

1۔ معیادی کمی وبیشی (Time Disparity)

اگر اعداد ماہوار دستیاب ہیں تو معیادی کمی وبیشی کی ضرورت ہوتی ہے۔کیونکہ سال کے تمام مہینوں میں دنوں کی تعداد یکساں نہیں ہوتی۔جیسے جنوری میں 31، فبروری میں 28 یا 29، مارچ میں 31 وغیرہ۔اگر تاجر کے پاس ماہانہ پیداواری سلسلہ ہو تو اور ہر دن پیداوار میں تبدیلی نہ ہو یکسانیت ہو تو ایسی صورت میں ہر مہینہ میں دنوں کی تعداد یکساں نہ ہونے کی وجہ سے ہر مہینہ پیداوار مختلف ہوگی۔ تبدیلی میں بھی یکسانیت نہیں ہوگی۔مثال کے طور پر جنوری، فبروری، مارچ، جون، جولائی، اگست وغیرہ میں پیداوار میں تبدیلی ہوگی۔اگر ان اعداد و شمار میں یکسانیت نہ ہو تو تجزیہ کے نتائج صحیح ودرست نہ ہوں گے۔اس لیے اعداد و شمار کی اس کمی وبیشی کو ہر ماہ کی پیداوار کو اس مہینہ کی دنوں کی تعداد سے بھی تقسیم کر کے اعداد و شمار میں یکسانیت لائی جاتی ہے۔ہر دن کی اوسط پیداوار کو 12/365 سے ضرب دے کر تقسیم کیا جاتا ہے۔سال کبیسہ Leap Year ہونے کی صورت میں 12/366 سے ضرب دے کر تقسیم کیا جائے گا۔

2۔ آبادی میں تبدیلیاں(Population Changes)

آبادی میں تبدیلی اس وقت ضروری ہو جاتی ہے جبکہ آبادی میں تبدیلی کی وجہ سے متغیر پر اثرات مرتب ہوتے ہوں۔ جیسے اگر ہم قومی آمدنی کے اعداد و شمار کا تجزیہ کر رہے ہوں یا پیداوار کے اعداد و شمار کا تجزیہ کر رہے ہوں تب آبادی میں بھی تبدیلیاں کرنا ضروری ہوتا ہے۔ قومی آمدنی میں اس وقت اضافہ ہوتا ہے جبکہ کام سے وابستہ آبادی میں تبدیلی ہو۔ کسی شئے کی پیداوار میں بھی اس وقت تبدیلی ہوتی ہے جب کام پر لگائے گئے مزدوروں کی تعداد میں کمی ہوتی ہے۔ دونوں صورتوں میں اعداد و شمار میں یکسانیت متعلقہ کام سے وابستہ افراد کی تعداد سے تقسیم کر کے لائی جاسکتی ہے۔ ایسا کرنے سے فی کس آمدنی اور فی مزدور پیداوار کو بآسانی معلوم کیا جاسکتا ہے۔ اعداد و شمار میں یکسانیت ہونے کی وجہ سے تجزیہ بھی ثمر آور ہوتا ہے۔ ان نتائج پر اعتماد کیا جاسکتا ہے۔

3۔ قیمتوں میں تبدیلیاں(Price Changes)

جہاں کہیں قیمتوں میں تبدیلی ناگزیر ہو جائے اور جہاں کہیں ہمارے پاس رواں قیمتوں کا سلسلہ ہو اور ہم حقیقی قدر میں تبدیلیاں چاہتے ہوں تو تطبیقات لازماً کرنا پڑتا ہے۔ جبکہ ہمارے پاس قیمت سے متعلق سلسلے موجود ہوں۔ اور ہمارے دلچسپی کا مرکز مقداری تبدیلیوں کا مشاہدہ مطالعہ ہو۔ پہلی صورت میں رواں قدروں کو رواں قیمتوں کے تناسب کو اساسی قیمتوں پر محمول کریں، جیسے

$$\text{Current Value x}\frac{\textit{Base Price Index}}{\textit{Current Price Index}}$$

4۔ اعداد و شمار کی تقابل پذیری(Comparability of the Data)

ٹھوس اور مضبوط نتائج حاصل کرنے کے لیے وہ اعداد و شمار جن کا تجزیہ کیا جارہا ہو تقابلی جائزے کے لائق ہو۔ تاہم جب ہم وقتی سلسلوں کے تعلق سے نتائج اخذ کر رہے ہوں تو ضروری ہے کہ سال گذشتہ کے اعداد و شمار بھی ہوں۔ اعداد و شمار میں یکسانیت ایک مسئلہ ہوتا ہے۔ بعض اوقات اصطلاح تبدیلی کی تعریف اور بعض اوقات نمونہ Sample کے سائیز میں تبدیلی یا پھر کبھی جغرافیائی حدود میں تبدیلی کی تعریف مختلف ہونے کی وجہ سے اعداد و شمار تقابل پذیری نہیں ہوتے۔ اس لیے اعداد و شمار کی نوعیت میں یکسانیت لائی جا کر تقابل پذیر بنایا جاتا ہے۔

وقتی سلسلوں کا تجزیہ(Analysis of Time Series)

وقتی سلسلوں کا تجزیہ دو اہم اقدامات پر مشتمل ہوتا ہے۔ ان کو ذیل میں بیان کیا جاتا ہے۔

1) ان قوتوں کی نشاندہی جن کے تنور ملل سے وقتی سلسلوں میں تغیرات پیدا ہوتے ہیں۔

2) دیگر عناصر کو برقرار رکھتے ہوئے ان قوتوں کے اثرات کو الگ کر کے تجزیہ اور پیمائش آزادانہ کریں۔

وقتی سلسلوں کے تجزیہ کے لیے ریاضیاتی ماڈلس(Mathematical Models for Analysis of Time Series)

وقتی سلسلوں کے تجزیہ کے لیے کئی ماڈلس ہیں۔ لیکن وقتی سلسلوں سے مختلف اجزاء کے انحلال کے لیے عمومی طور پر دو ماڈلس استعمال کیے جاتے ہیں۔ ان کو ذیل میں بیان کیا جاتا ہے۔

1۔ جمعی ماڈل/پیمانہ(Addition Model)

اس طریقہ کے مطابق وقتی سلسلوں کا انحلال اس مفروضہ پر کیا جاتا ہے کہ مختلف اجزاء کے اثرات کی نوعیت جمعی ہوتی ہے، یعنی

$$y = T + S + C + I$$

جہاں

y = Time Series

T = Trend

S = Seasonal

C = Cyclical

I = Irregular Variation

اس ماڈل کے مفروضہ کے مطابق وقتی سلسلوں کے چار اجزاء ایک دوسرے سے آزاد ہوتے ہیں۔ کسی ایک عنصر کا باقی تین عناصر پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ یعنی رجحان Trend کا موسمی، چکری، غیر مسلسل تغیر پر اثر نہیں پڑتا۔ اسی طرح یہ بھی فرض کیا جائے کہ موسمی کا چکری پر اور چکری کا غیر مسلسل تغیر پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ لیکن اس کے برعکس عملی نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو یہ مفروضہ حقیقت سے بعید ہے۔ یہ عناصر ایکدوسرے پر اثرانداز ہوتے ہیں۔

2۔ ضربی ماڈل(Multiplication Model)

ضربی ماڈل کے مطابق وقتی سلسلوں کا انحلال اس مفروضہ پر کیا جاتا ہے کہ وقتی سلسلوں کے چار اجزاء(T, S, C & I) کے اثرات ایکدوسرے سے الگ نہیں ہوتے۔ حقیقت میں اس ماڈل کا یہ مفروضہ ہے کہ ان کے اثرات باہمی طور پر مربوط ہیں، یعنی

$$y = T \times S \times C \times I$$

C,S اور I اضافی تغیرات ہیں، اور انہیں شرح یا اعشاری اعداد کی صورت میں بتایا جاتا ہے اور یہ عدد ایک سے اوپر اور نیچے قیمت بدلتے رہتے ہیں۔ یہ فرض کیا جاتا ہے کہ C,S اور I کا جیومیٹریائی اوسط ایک ہوگا۔ اس ضربی ماڈل کو Logs کی اصطلاح میں ظاہر کیا جاسکتا ہے۔

$$\log y = \log T + \log S + \log C + \log I$$

مذکورہ بالا کا یہ مطلب ہوا کہ دیے گئے وقتی سلسلوں کی قدروں کو logs کی صورت میں ضربی ماڈل جمعی ماڈل ہے۔ کاروبار اور معاشیات میں ضربی ماڈل کو اپناتے ہیں۔ اسی طرح کئی مخلوط ماڈل بھی ہوتے ہیں۔ جیسے

$$y = TCS + I$$

$$y = TC + SI$$

$$y = T + SCI$$

$$y = TS + CI$$

جمعی اور ضربی ماڈل تفریق اور تقسیم کے طریق عمل میں وقتی سلسلوں کے مختلف اجزاء کی قدروں کو حاصل کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ اگر ہمیں رجحانی قدر یں معلوم ہوں تو تب جمعی ماڈل کے مطابق

$$y - T = S - C + I$$

ضربی ماڈل میں

$$SxCxl=\frac{y}{T}=\frac{Original\ Value}{Trend\ Values}$$

اگر اعداد و شمار سالانہ ہوں تب اس میں موسمی اتار چڑھاؤ نہ ہوں گے۔

$$y = T \times C \times I$$

یا

$$C \times I = \frac{y}{T}$$

اس طرح وقتی سلسلوں کے تجزیہ کے لیے ہمیں پہلے رجحانی قدریں معلوم کرنا ہوگا۔

## 9.7 رجحان کی پیمائش (Measurement of Trend)

رجحانی قدروں کے تعین کے لیے درجہ ذیل طریقے پائے جاتے ہیں۔

1) ترسیمی/اختیاری طریقہ (Freehand / Graphic Method)
2) نصف اوسط کا طریقہ (Method of Semi - Averages)
3) حرکتی اواسط کا طریقہ (Method of Moving Averages)
4) اقل ترین مربعوں کا طریقہ (Method of Least Squares)

### 1۔ ترسیمی/اختیاری طریقہ (Freehand / Graphic Method)

رجحانی قدروں کی دریافت کا سب سے سادہ اور آسان طریقہ ہے۔ سب سے پہلے وقتی سلسلے کی قیمتوں کو ترسیمی کاغذ پر ہسٹو گرام (مستطیلی ترسیم) کی شکل میں مرتسم کر دیا جاتا ہے۔ اس کے بعد ان ہسٹو گرام کے کناروں کو ملاتے ہوئے ہاتھ سے ایک قوس کھینچی جاتی ہے۔ یہ قوس اعداد و شمار کے عمومی رجحان کی نمایندگی کرتی ہے۔ ایک ہموار قوس کھینچنے کے طریقِ عمل کے دوران موسمی، چکری اور غیر مسلسل تغیرات نکال دیے جاتے ہیں۔ تاہم اختیاری طریقہ کے تحت ہموار قوس کھینچنا ایک مشکل کام ہے۔ کیونکہ ہر شخص اپنے اپنے اسٹائیل سے قوس کھینچتا ہے، جبکہ اعداد و شمار وہی ہوتے ہیں۔

#### فائدے (Advantages)

ترسیمی طریقہ کے فایدے درجہ ذیل ہیں۔

1) اختیاری طریقہ کے تحت رجحانی ترسیم وقتی سلسلوں کی خصوصیت کو سمجھنے میں مددگار ہے،ان خصوصیات میں اتار چڑھاؤ اور سادگی ہے۔

2) یہ طریقہ خطی اور غیر خطی تمام قسم کے رجحان کو بیان کرنے میں استعمال کیا جاتا ہے۔

**نقصانات(Disadvantages)**

ترسیمی طریقہ کے نقصانات درجہ ذیل ہیں۔

1) انفرادی اختیاری تمیزی اور فیصلہ پر حد سے زیادہ انحصار کرنا ہے جو کہ غلط بھی ہو سکتا ہے۔

2) اس میں پیچیدہ ریاضیاتی ٹیکنکس شامل نہیں ہیں، جس کی وجہ سے اس پر اعتماد کرنا مشکل ہوتا ہے۔

3) یہ طریقہ مقداری تناظر میں رجحان کی پیائش کرنے میں مددگار نہیں ہے۔

4) ایک ہی قسم کے اعداد و شمار کے لیے مختلف افراد کو مختلف رجحانی قوسیں حاصل ہوتی ہیں۔ جس کی وجہ سے نتائج اخذ کرنے میں مشکل ہوتی ہے۔

**طریقہ کار**

اس طریقہ کے تحت گراف پر اعداد و شمار اور قوس کھینچنے کا طریقہ ذیل میں دیا گیا ہے۔

1) ترسیم Graph پر وقتی سلسلہ کے اعداد و شمار کو مرتسم کریں۔

2) مرتسم کردہ معلومات یعنی نقاط کے رجحان کی سمت کا جائیزہ لیں۔

3) اپنی اختیار تمیزی کے مطابق سیدھا خط کھینچیں جو اعداد و شمار کی بہترین ترجمانی کرتا ہو، یہی خط رجحان کی سمت کو ظاہر کرے گا۔

تمثیل 1 : درجہ ذیل اعداد و شمار کے لیے اختیاری طریقہ سے رجحانی خط مرتسم کیجیے۔

| سال | 2012 | 2013 | 2014 | 2015 | 2016 | 2017 | 2018 | 2019 | 2020 | 2021 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آمدنی روپیوں میں | 30 | 40 | 50 | 40 | 55 | 60 | 65 | 60 | 70 | 80 |

2۔ نصف اواسط کا طریقہ (Method of Semi Averages)

اس طریقہ Semi Averages تحسیب کرکے رجحانی قیمتیں معلوم کی جاتی ہیں۔ نصف اوسط کا مطلب سلسلہ کو دو حصوں میں تقسیم کرکے اوسط نکالا جاتا ہے۔ جیسے اگر اعداد و شمار 2011-2020 تک دیے جائیں۔ ہمیں اندازہ ہے کہ یہ اعداد و شمار دس سال پر مشتمل ہیں۔ پہلا نصف 2011-2015 اور دوسرا نصف 2016-2020 ہوگا۔ اوسط کا مطلب حسابی اوسط ہے۔ ان دونوں کا اوسط معلوم کیا جاتا

ہے۔ان اوسط کی دونوں قیمتوں کو ہر نصف کے درمیان میں مرتسم کیا جاتا ہے اور پھر ان دو نقاط کو ایک سیدھی لکیر کے ذریعہ ملادیا جاتا ہے۔یہی رجحانی خط ہو گا۔

| | دوسرا نصف | پہلا نصف | |
|---|---|---|---|
| | 2016-2020 | 2011-2015 | مدت |
| | $\bar{x}_2 = \frac{y_6+y_7+y_8+y_9+y_{10}}{5}$ | $\bar{x}_1 = \frac{y_1+y_2+y_3+y_4+y_5}{5}$ | نیم/نصف اوسط |
| | $\bar{x}_2 = \frac{2016+2017+2018+2019+2020}{5}$ | $\bar{x}_1 = \frac{2011+2012+2013+2014+2015}{5}$ | |
| | $= \frac{10,090}{5}$ | $= \frac{10,065}{5}$ | |
| | $= \underline{2018}$ | $= \underline{2013}$ | |

تمثیل 2 : نصف/نیم اوسط کو استعمال کرتے ہوئے درجہ ذیل اعداد و شمار سے رجحان کا تعین کیجیے۔

| سال | 2011 | 2012 | 2013 | 2014 | 2015 | 2016 | 2017 | 2018 | 2019 | 2020 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نفع | 50 | 47 | 60 | 55 | 40 | 65 | 70 | 65 | 70 | 75 |

اب ترسیمی کاغذ پر 51 کو پہلے پانچ سال کے درمیان میں 50.4 کو اور دوسرے پانچ سال کے درمیان 69 کو مرتسم کیا جائے گا اور ان نقاط کو سیدھی لکیر کے ذریعہ جوڑا جائے گا۔

1۔ نیم اوسط کے طریقہ کے فایدے (Advantages of Semi - Average Method)

نیم اوسط کے طریقہ کے فایدے درجہ ذیل ہیں۔

1) یہ طریقہ نہایت سادہ اور سمجھنے میں آسان ہے۔

2) اس کو پیمائش اقل ترین مربعوں کے طریقہ کے حرکتی اوسط سے تقابل کیا جاسکتا ہے۔

3) اس کا سب سے بڑا فایدہ شخصی فیصلہ پر منحصر نہیں ہوتا۔

4) اس کا اطلاق خطی رجحان یا تقریباً خطی رجحان پر بھی ہوتا ہے۔

2۔ نیم اوسط کے طریقہ کے نقصانات (Disadvantages of Semi - Average Method)

نیم اوسط کے طریقہ کے نقصانات درجہ ذیل ہیں۔

1) یہ طریقہ اس مفروضہ پر ہے کہ خطی رجحان ہوتا ہے، جبکہ یہ صحیح نہیں ہے۔

2) یہ اس وقت موزوں نہیں ہے جبکہ اس کی پیشکشی کا اوسط چھوٹا ہو۔

3) نیم اوسط کے حصول کے لیے اوسط حسابیہ کا استعمال بھی مناسب نہیں، کیونکہ اس کے اسعمال کے نقصانات ہیں۔

3۔ حرکتی اوسط کا طریقہ(Method of Moving Average)

حرکتی اوسط اتار چڑھاؤ کو کم کرنے کا ایک سادہ آلہ ہے۔ ساتھ ہی اس کے نتائج صحیح اور درست ہوتے ہیں۔ اس طریقہ میں حرکتی اوسط کے درمیانی نقطہ کے لیے اوسط نکالا جاتا ہے۔ اس طریقہ کار میں قوس سطح اور ہموار ہوتی ہے اور اتار چڑھاؤ میں بھی کمی کا باعث ہوتی ہے۔ اس طریقہ میں حرکتی اوسط معلوم کرنے کے لیے مدت کے تعلق سے فیصلہ لیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر حرکتی اوسط کے لیے مدت پانچ سال مقرر کی جاتی ہے تب پہلے سال کے ایٹمس کا اوسط نکالا جاتا ہے اور اس کے سامنے لکھ دیا جاتا ہے۔ پھر 2، 3، 4، 5، 6 کے ایٹمس کا اوسط نکالکر اس کے سامنے لکھ دیا جاتا ہے۔ پھر 3، 4، 5، 6، 7 کے ایٹمس کا اوسط نکال کر اس کے سامنے لکھ دیا جاتا ہے۔ اس عمل کو اس وقت تک جاری رکھا جاتا ہے جب تک کہ آخری پانچ ایٹمس شامل نہ ہو جائیں۔ اس کو ایسا بھی بتایا جاسکتا ہے۔

پہلی قدر کا حرکتی اوسط $= \frac{I}{t}(x_1 + x_2 + x_3..........)$

دوسری قدر کا حرکتی اوسط $= \frac{I}{t}(x_2 + x_3 + x_4..........)$

تیسری قدر کا حرکتی اوسط $= \frac{I}{t}(x_3 + x_4 + x_5..........)$

4۔ حرکتی اوسط کے طریقہ کے فائدے(Advantages of Method of Moving Average)

حرکتی اوسط کے طریقہ کے فایدے درجہ ذیل ہیں۔

1) دوسرے طریقوں کے مقابلے میں یہ طریقہ نہایت سادہ اور تحسیب کے لیے آسان ہے۔

2) وقتی سلسلوں کے تجزیہ میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ چاہے وہ رجحانات موسمی ہوں، چکری یا غیر مسلسل اجزا ہوں۔

3) اس کی تحسیب ریاضیاتی تحسیب کی طرح پیچیدہ نہیں ہے۔

4) اس طریقہ میں اوسط کے تعین کے لیے سلسلے کی تمام قیمتوں کو حساب میں لیا جاتا ہے۔

5) یہ ایک معروضی طریقہ ہے، شخصی قیاس اور فیصلوں کی گنجائش نہیں ہوتی۔

5۔ حرکتی اوسط کے طریقہ کے نقصانات(Disadvantages of Method of Moving Average)

حرکتی اوسط کے طریقہ کے نقصانات درجہ ذیل ہیں۔

1) اس طریقہ میں ابتدائی اور اختتامی اعداد کو چھوڑ دینا ہوتا ہے۔

2) اس طریقہ میں چکر یا دیگر حرکات سامنے آسکتے ہیں، جبکہ ان وجود اصل اعداد و شمار میں نہیں ہوتا۔

3) اس طریقہ کے تحت مدت اور متغیرات کی قدر کے درمیان کو تفاعلی تعلق قایم نہیں کیا جاسکتا۔

4) اس طریقہ کے تحت غیر مسلسل تغیرات کا مکمل تعین نہیں کیا جاسکتا۔

تمثیل 3: تین سالہ حرکتی اوسط کے طریقہ سے رجحانی قدریں دریافت کیجیے۔

| سال | 2014 | 2015 | 2016 | 2017 | 2018 | 2019 | 2020 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نفع | 56 | 69 | 73 | 77 | 85 | 92 | 95 |

حل:

| سال | نفع | تین سالہ حرکتی میزان | تین سالہ حرکتی اوسط | مرکزی قیمت<br>Central Value |
|---|---|---|---|---|
| 2014<br>2015<br>2016<br>2017<br>2018<br>2019<br>2020 | 56<br>69<br>73<br>77<br>85<br>92<br>95 | 198<br>219<br>235<br>254<br>272 | =66.0$\frac{198}{3}$<br>=73.0$\frac{219}{3}$<br>378.33$\frac{235}{3}$<br>=84.67$\frac{254}{3}$<br>=90.67$\frac{272}{3}$ | 69.5<br>75.5<br>81.5<br>87.67<br>2020 |

تمثیل 4: درجہ ذیل اعداد و شمار کے لیے چار سالہ حرکتی اوسط تحسیب کیجیے۔

| سال | 2011 | 2012 | 2013 | 2014 | 2015 | 2016 | 2017 | 2018 | 2019 | 2020 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیداوار (ٹنوں میں) | | | | | | 270 | 280 | 285 | 295 | 305 |

حل:

| سال | پیداوار | چار سالہ میزان | چار سالہ اوسط |
|---|---|---|---|
| 2011 | 250 | | |
| 2012 | 260 | 250+260+275+235=1120 | $\frac{1120}{4}=280.0$ |
| 2013 | 275 | 260+275+235+255=1025 | $\frac{1025}{4}=256.25$ |
| 2014 | 235 | 275+235+255+270=1035 | $\frac{1040}{4}=260.0$ |
| 2015 | 255 | 235+255+270+280=1040 | $\frac{1090}{4}=272.5$ |
| 2016 | 270 | 255+270+280+285=1090 | $\frac{1130}{4}=282.5$ |
| 2017 | 280 | 270+280+285+295=1130 | $\frac{1165}{4}=291.25$ |
| 2018 | 285 | 280+285+295+305=1165 | |
| 2019 | 295 | | |
| 2020 | 305 | | |

4۔ اقل ترین مربعوں کا طریقہ (Least Squares Methods)

رجحانی قدروں کو حاصل کرنے کا سب سے اچھا طریقہ اقل ترین مربعوں کا طریقہ ہے۔ اس طریقہ کو اپنا کر سیدھا رجحانی خط حاصل کیا جاسکتا ہے۔ ان خطوط کو Line of best Fit کہتے ہیں۔ یہ وہ خط ہے جہاں مختلف نکات سے انحراف کا مجموعہ صفر کے برابر ہوتا ہے۔ یعنی خط ایک جانب مختلف نقاط کا عمودی فاصلہ کی پیمائش اور میزان کیا جائے تو حاصل عدد دوسری جانب مختلف نقاط کے فاصلہ کی پیمائش اور میزانی کے برابر ہوگا۔ ایسا اس لیے ہوتا ہے کیونکہ ان انحراف کے مربعوں کا مجموعہ دوسرے خطوط کے استعمال سے حاصل انحراف کے مربعوں کے مجموعہ سے کم ہوگا۔ اوسط حسابیہ سے انحراف کا مجموعہ صفر ہوتا ہے اور یہاں لائین آف بیسٹ فٹ سے انحراف کے مربعوں سے کم ہوتا ہے۔ اسی حقیقی تصور کی بنیاد پر اس طریقہ کو Method of Least Square کہتے ہیں۔

**فائدے (Advantages)**

اقل ترین مربعوں کے طریقہ کے فائدے درجہ ذیل ہیں۔

(1) یہ ایک مقصدی طریقہ ہے جس کے نتائج میں اتار چڑھاؤ نہیں ہوتا۔

(2) اس کی تحسیب نہایت آسان ہے۔

(3) یہ طریقہ رجحانی قدروں کا تعین کرتا ہے اور موسمی، چکری اور غیر مسلسل تغیرات پر روشنی ڈالنے کا باعث ہے۔

(4) چونکہ اس طریقہ میں رجحان کی تحسیب کی بنیاد الجبراء پر ہے، اس لیے یہاں قیاس کے لیے کوئی جگہ نہیں۔

(5) یہ ایک لچکدار طریقہ ہے۔ کسی بھی دور کے رجحانی قدریں تحسیب کیجیے جواب بالکل درست ہوتا ہے۔

### نقصانات (Disadvantages)

اقل ترین مربعوں کے طریقہ کے نقصانات درجہ ذیل ہیں۔

(1) یہ طریقہ مختصر سلسلوں کے لیے موزوں ہے اور ایسے سلسلوں کے لیے غیر ضروری ہے۔

(2) مدت/دور (x) اور ایک متغیر (y) کی قیمتوں کے درمیان تفاعلی تعلق قائم نہیں کرتا۔

(3) یہ ایک مشقت طلب طریقہ ہے۔ دوسرے طریقوں کی بہ نسبت حسابی عمل زیادہ ہوتا ہے۔

(4) یہ صرف مستقبل قریب کی قیمت کا تخمینہ کر سکتا ہے۔ لیکن مستقبل متغائیر کا تخمینہ نہیں کر سکتا۔

### 'a' اور 'b' کی قدروں کا تخمینہ ('Computation of Values of 'a' and 'b)

'a' اور 'b' کی قدروں کو درجہ ذیل دو مساوات کو حل کر کے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

$$\sum y = Na + b\sum x \text{..........1}$$

$$\sum xy = a\sum x + b\sum x^2 \text{.....2}$$

یہاں 'N' رجحانی قدروں کی مدت ہے اور 'x' وقت کی اکائی ہے۔

اس طرح y کا مطلب حقیقی قدریں ہیں۔ $y_c$ - na

مساوات کو بتایا جاسکتا ہے۔

$$y = a + b\,x$$

رجحانی قدروں کے لیے اقل ترین مربعوں کا طریقہ

$$y_c = a + bx$$

$$a = \frac{y}{n}, \quad b = \frac{xy}{x^2}$$

مساوات کی مزید وضاحت اچھی طرح سمجھ لیں۔

| | |
|---|---|
| (انحراف) آزادانہ متغیر | $x =$ |
| جدار کھنا y intercept | $a =$ |
| ڈھلان کی نشاندہی اور 'x' میں تبدیلیوں کو نمایاں کرنا | $b =$ |
| مشاہدہ کی تعداد | $n =$ |
| xاور y کا حاصل ضرب | $xy =$ |
| x کا مربع | $x^2 =$ |
| y کی قدروں کا مجموعہ | $\sum y =$ |
| x کی قدروں کا مربع | $\sum y^2 =$ |

تمثیل4: اقل ترین مربعوں کے طریقہ سے رجحانی خطِ مستقیم مرتسم کیجیے۔اور 2021 میں نفع کی پیش بینی کیجیے۔

| سال | 2013 | 2014 | 2015 | 2016 | 2017 | 2018 | 2019 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نفع(روپیوں میں) | 80 | 90 | 92 | 83 | 94 | 99 | 92 |

حل:

رجحانی قدروں کی تخمین

| سال | نفع $x$ | $x$ | $x^2$ | $xy$ | رجحانی قدریں Trend Values (y) |
|---|---|---|---|---|---|
| 2013 | 80 | -3 | 9 | -240 | 84 |
| 2014 | 90 | -2 | 4 | -180 | 86 |
| 2015 | 92 | -1 | 1 | -92 | 88 |
| 2016 | 83 | 0 | 0 | 0 | 90 |
| 2017 | 94 | +1 | 1 | +94 | 92 |
| 2018 | 99 | +2 | 4 | +198 | 94 |
| 2019 | 92 | +3 | 9 | +276 | 96 |
| $n = 7$ | 30 | $\sum x = 0$ | $\sum x^2 28$ | 56 | |

خطِ مستقیم کی مساوات $y_c = a + bx$

$$a = \frac{\sum y}{n} = \frac{630}{7} = 90, \quad b = \frac{\sum xy}{\sum x^2} = \frac{56}{28} = 2$$

$$y_c = a + bx$$

2013 = 90+2(-3) = 90-6=84

2014 = 90+2(-2) = 90-4=86

2015 = 90+2(-1) = 90-2=88

2016 = 90+2(0) = 90-0=90

2017 = 90+2(+1) = 90+2=92

2018 = 90+2(+2) = 90+4=94

2019 = 90+2(+3) = 90+6=96

2021 = 90+2(5) = 90+10=100 پیش بینی

## 9.8 اکتسابی نتائج (Learning Outcome)

طلباء نے ٹائم سیریز کے تجزیہ کے معنی اور تعریف اور وقت کے ساتھ جمع کیے گئے ڈیٹا پوائنٹس کی جانچ میں اس کے کردار کے بارے میں واضح سمجھ پیدا کرلی ہے۔ انہوں نے ٹائم سیریز کی نوعیت اور دائرہ کار سیکھ لیا ہے اور یہ کہ ڈیٹا میں پیٹرن، رجحانات اور تغیرات کی شناخت کے لیے اسے کس طرح استعمال کیا جاتا ہے۔ طلباء پیشن گوئی اور حکمت عملی کی منصوبہ بندی میں ٹائم سیریز کے تجزیہ کی اہمیت اور افادیت کی وضاحت کر سکتے ہیں۔ انہوں نے ٹائم سیریز کے اجزاء کا بھی مطالعہ کیا ہے، بشمول رجحان، موسمی، چکری، اور فاسد تغیرات، اور ڈیٹا کا مؤثر طریقے سے تجزیہ کرنے کے لیے تعارفی ترمیم کو سمجھتے ہیں۔ آخر میں، سیکھنے والے رجحان کی پیمائش کے لیے طریقوں کو لاگو کر سکتے ہیں، جو انہیں تاریخی ڈیٹا کی تشریح کرنے اور کاروباری فیصلہ سازی کے لیے باخبر پیشین گوئیاں کرنے کے قابل بنا سکتے ہیں۔

## 9.9 نمونہ امتحانی سوالات (Model Examination Questions)

### معروضی جوابات کے حامل سوالات

1) __________ کا تجزیہ ایک شماریاتی ٹیکنک ہے۔ (وقتی سلسلے)

2) لفظ __________ لاطینی زبان سے اخذ کیا گیا ہے۔ (سیکولر)

3) __________ متوالی تغیرات ہوتے ہیں۔ (چکری تغیرات)

4) غیر مسلسل تغیرات کی مثالیں __________ ہیں۔ (قحط، تالہ بندی، سیلاب، جنگیں)

5) سال کبیسہ میں __________ دن ہوتے ہیں۔ (366)

6) آج کی دنیا ٹیکنک رُخی ہے۔ (صحیح/غلط)

7) وقتی سلسلوں کے اعداد و شمار کی خصوصیات یکساں ہونی چاہیے۔ (صحیح/غلط)

8) رجحان کو سیکولر یا طویل مدتی رجحان نہیں کہتے۔ (صحیح/غلط)

9) ہنگامی حالات غیر متوالی ہوتے ہیں۔ (صحیح/غلط)

10) جمعی ماڈل میں اجزا کے اثرات کی نوعیت جمعی نہیں ہوتی۔ (صحیح/غلط)

## مختصر جوابات کے حامل سوالات

1) وقتی سلسلوں کا تجزیہ کیا ہے؟

2) وقتی سلسلوں کے تجزیہ کی تعریف کیجیے۔

3) درجہ ذیل پر مختصر نوٹ لکھیے۔

i. سیکولر رجحان ii. موسمی تغیرات iii. چکری تغیرات iv. غیر مسلسل تغیرات

4) جمعی ماڈل کسے کہتے ہیں؟

5) اختیاری طریقہ کیا ہے؟

## طویل جوابات کے حامل سوالات

1) وقتی سلسلوں کے تجزیہ کی تعریف کیجیے اور ان کی اہمیت کو واضح کیجیے۔

2) وقتی سلسلوں کے اجزاء کو بیان کیجیے۔

3) ابتدائی تطبیقات کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

4) رجحان کی پیمائش کے مختلف طریقوں کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

5) درجہ ذیل اعداد و شمار کے رجحان کو اختیاری طریقہ سے گراف کیجیے۔

| سال | 2014 | 2015 | 2016 | 2017 | 2018 | 2019 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نفع (روپیوں میں) | 100 | 120 | 95 | 105 | 108 | 102 |

6) سادہ نیم اواسط کے طریقہ کے تحت درجہ ذیل اعداد و شمار کے لیے رجحان کا تعین کیجیے۔

| سال | 2001 | 2002 | 2003 | 2004 | 2005 | 2006 | 2007 | 2008 | 2009 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیداوار (ٹنوں میں) | 16 | 14 | 20 | 18 | 19 | 12 | 23 | 28 | 25 |

7) نیم اواسط کے طریقہ سے درجہ ذیل اعداد و شمار کے لیے رجحانی خط مرتسم کیجیے۔

| سال | 2016 | 2017 | 2018 | 2019 | 2020 | 2021 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فروخت | 100 | 120 | 140 | 150 | 130 | 200 |

8) درجہ ذیل اعداد سے تین سالہ حرکتی اواسط کے طریقہ سے رجحان کا تعین کیجیے۔

| سال | 2012 | 2013 | 2014 | 2015 | 2016 | 2017 | 2018 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| خرید (ہزاروں میں) | 4 | 12 | 2 | 10 | 6 | 14 | 4 |

9) درجہ ذیل اعداد و شمار کو استعمال کرتے ہوئے تین سالہ حرکتی اواسط کے طریقہ سے رجحان کو مرتسم کیجیے۔

| سال | 2010 | 2011 | 2013 | 2013 | 2014 | 2015 | 2016 | 2017 | 2018 | 2019 | 2020 | 2021 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نفع | 85 | 80 | 74 | 88 | 90 | 83 | 85 | 80 | 74 | 58 | 70 | 53 |

10) درجہ ذیل اعداد و شمار کی مدد سے سیدھا خطی رجحان اقل ترین مربعوں کے طریقہ سے ترتیب دیجیے۔

| سال | 2015 | 2016 | 2017 | 2018 | 2019 |
|---|---|---|---|---|---|
| مدات | 45 | 46 | 35 | 46 | 85 |

11) اقل ترین مربعوں کے طریقہ سے رجحانی قدروں کی تحسیب کیجیے اور 2012 کے لیے پیداوار کا تخمینہ کیا ہوگا۔

| سال | 2016 | 2017 | 2018 | 2019 | 2020 |
|---|---|---|---|---|---|
| پیداوار (ٹنوں میں) | 18 | 24 | 28 | 32 | 40 |

12) ذیل میں سالانہ فروخت کی مقدار دی گئی۔

| سال | 2013 | 2014 | 2015 | 2016 | 2017 | 2018 | 2019 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فروخت | 30 | 33 | 40 | 41 | 43 | 44 | 45 |

a) اقل ترین مربعوں کے طریقہ سے رجحانی خط مستقیم مرتسم کیجیے۔

b) 2022 کے لیے فروخت کا تخمینہ کیا ہوگا۔

13) درجہ ذیل پیداوار سے متعلق اعداد و شمار کو استعمال کرتے ہوئے اقل ترین مربعوں کے طریقہ سے رجحانی خط مستقیم مرتسم کیجیے اور رجحانی قدروں کی تحسیب کیجیے اور 2022 کے لیے پیداوار کا تخمینہ کیجیے۔

| سال | 2014 | 2015 | 2016 | 2017 | 2018 | 2019 | 2020 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیداوار (ٹنوں میں) | 64 | 60 | 68 | 62 | 66 | 70 | 72 |

# اکائی 10۔ نمونے بندی کا نظریہ اور ٹیسٹ آف سگنیفیکنس

(Sampling Theory and Test of Significance)

| Structure | | اکائی کے اجزاء |
|---|---|---|
| Introduction | 10.0 | تمہید |
| Objectives | 10.1 | مقاصد |
| Sampling Theory and Tests of Significance | 10.2 | نمونہ بندی کا نظریہ اور ٹیسٹس آف سگنیفیکنس |
| The Basics of Sampling | 10.3 | نمونہ بندی کا بنیادی جایزہ |
| Sampling Procedures | 10.4 | نمونہ بندی کے طریقہ کار |
| Sample Size Determination | 10.5 | نمونے کے حجم کا تعین |
| Sampling Distribution | 10.6 | نمونہ جاتی تقسیم |
| Central Limit Theorem | 10.7 | مرکزی حد کا نظریہ |
| Hypothesis Testing | 10.8 | مفروضے کی جانچ : |
| Large Sample Test and Small Sample Test | 10.9 | لارج سیمپل ٹیسٹ اور اسمال سیمپل ٹیسٹ |
| Keywords | 10.10 | کلیدی الفاظ |
| Model Exam Questions | 10.11 | نمونہ امتحانی سوالات |
| Suggested Learning Resources | 10.12 | مزید مطالعے کے لیے تجویز کردہ کتابیں |

## 10.0 تمہید(Introduction)

پچھلے یونٹ میں ہم نے ٹائم سیریز تجزیہ (Time Series Analysis) پر بات کی تھی جس میں بااصول و قفوں پر جمع کیے گئے ڈیٹا کی مدد سے رجحانات(trends) موسمی تبدیلیوں(seasonal fluctuations) چکراتی تغیرات (cyclic variations)اور بےاصول اتار چڑھاؤ (irregular movements) کا جائزہ لیا گیا تھا۔اس ضمن میں فری ہینڈ کرو-free) hand curve)سیمی ایوریجز(semi averages) موونگ ایوریجز (moving averages) اور لیسٹ اسکوائر میتھڈ (least squares method)جیسے مختلف طریقوں پر تفصیلی گفتگو کی گئی تھی تاکہ مستقبل کے رجحانات کی بہتر پیش گوئی کی جاسکے۔

اسی تجزیاتی سفر کو جاری رکھتے ہوئے یونٹ 10 میں ہم نمونے بندی کا نظریہ (Sampling Theory) اور ٹیسٹ آف سگنیفیکنس (Tests of Significance) کا تعارف کروا رہے ہیں۔مکمل آبادی (population) کا تجزیہ وقت لاگت اور دستیابی کی وجوہات کی بنا پر اکثر مشکل یا ناممکن ہوتا ہے ایسے میں نمونہ بندی (sampling) ایک اہم حل فراہم کرتی ہے۔اس یونٹ کے آغاز میں ہم نمونے بندی کے بنیادی تصورات اور طریقہ کار پر روشنی ڈالیں گے جس میں رینڈم (Random) اور نان رینڈم (Non-Random)طریقے اور نمونے کے مناسب حجم (sample size) کے تعین کے اہم پہلوؤں کو واضح کیا جائے گا۔اس کے بعد ہم نمونے کے تقسیمی طریقہ کار (sampling distributions) اور مرکزی حد نظریہ (Central Limit Theorem) پر تفصیل سے گفتگو کریں گے جو نمونوں کی اوسط (sample mean) کی نارمل تقسیم (normal approximation) کی وضاحت کرنے والا اہم اصول ہے چاہے اصل تقسیم (original distribution) کوئی بھی ہو۔

مزید اس تفہیم کی بنیاد پر یونٹ کے آخر میں ہم مختصراً لیکن نہایت اہم موضوع مفروضے کی جانچ (Hypothesis Testing)کا تعارف پیش کریں گے۔یہاں بڑے نمونہ (large sample) اور چھوٹے نمونہ (small sample) کے لئے ٹیسٹ آف سگنیفیکنس (Tests of Significance) کو بیان کیا جائے گا تاکہ نمونے کے ڈیٹا کی مدد سے آبادی کے بارے میں دعووں یا مفروضات کا جائزہ لیا جاسکے۔یہ معلومات کاروباری تجزیہ کاری (business analytics) میں فیصلہ سازی کے عمل کو مزید مستحکم اور مؤثر بنانے کے لئے نہایت مفید ثابت ہوں گی۔

## 10.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد آپ مندرجہ ذیل نکات کو سمجھ سکیں گے:

- نمونہ بندی (Sampling) کے بنیادی تصورات اور طریقہ کار کی وضاحت کر سکیں۔
- نمونے کے حجم (Sample Size) کا درست تعین کرنے کے اصول اور طریقے سمجھ سکیں۔
- مرکزی حد کے نظریے (Central Limit Theorem) کی اہمیت اور اس کے عملی استعمال کو واضح کر سکیں۔

- مفروضے کی جانچ (Hypothesis Testing) کے بنیادی طریقے اور ٹیسٹس آف سگنیفیکنس (Tests of Significance) کی اہمیت بیان کر سکیں۔

## 10.2 نمونہ بندی کا نظریہ اور ٹیسٹس آف سگنیفیکنس

## (Sampling Theory and Tests of Significance)

نمونہ بندی کا نظریہ (Sampling Theory) شماریات کا ایک بنیادی اور انتہائی اہم شعبہ ہے جو کسی آبادی (population) کے منتخب کردہ نمائندہ حصے یا نمونہ کی مدد سے پوری آبادی کی خصوصیات کے بارے میں نتائج اخذ کرنے میں ہماری مدد کرتا ہے۔ مکمل آبادی کے تمام عناصر (elements) کا مطالعہ کرنا اکثر وقت پیسہ اور دیگر وسائل کے لحاظ سے عملی طور پر ممکن نہیں ہوتا۔ ایسی صورتحال میں نمونہ بندی کے ذریعے آبادی کی نمائندگی کرنے والے منتخب عناصر کی مدد سے شماریاتی نتائج اخذ کیے جاتے ہیں۔

نمونہ بندی کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ نمونے کی خصوصیات آبادی کی خصوصیات سے قریب تر ہوں تاکہ حاصل ہونے والے نتائج قابل اعتماد ہوں۔ اس ضمن میں اہم پہلو نمونے کی نوعیت اور حجم (sample size) کا درست تعین ہے۔ غلط یا غیر مناسب نمونہ منتخب کرنے سے نتائج غلط یا غیر معتبر ہو سکتے ہیں۔

دوسری جانب ٹیسٹس آف سگنیفیکنس (Tests of Significance) شماریاتی تجزیے کا وہ اہم جزو ہیں جن کے ذریعے نمونے کے ڈیٹا سے آبادی کے متعلق کیے گئے مفروضات (hypotheses) کی جانچ کی جاتی ہے۔ ان ٹیسٹس کے ذریعے معلوم کیا جاتا ہے کہ آبادی کے بارے میں بیان کردہ مفروضہ یا دعویٰ نمونے کے نتائج کی روشنی میں قابل قبول ہے یا اسے مسترد کیا جانا چاہیے۔

ٹیسٹس آف سگنیفیکنس کو عمومی طور پر دو اقسام میں تقسیم کیا جاتا ہے: بڑے نمونہ کے ٹیسٹس (Large Sample Tests) اور چھوٹے نمونہ کے ٹیسٹس (Small Sample Tests) ۔ یہ دونوں اقسام ڈیٹا کی نوعیت اور نمونے کے حجم کے مطابق استعمال کی جاتی ہیں۔

مختصراً نمونہ بندی کا نظریہ اور ٹیسٹس آف سگنیفیکنس ہمیں محدود ڈیٹا سے درست نتائج حاصل کرنے کے لیے بنیادی اصول اور طریقے فراہم کرتے ہیں جن سے کاروباری فیصلوں اور شماریاتی تجزیوں کو بہتر اور مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔

## 10.3 نمونہ بندی کا بنیادی جائزہ (The Basics of Sampling)

نمونہ بندی (Sampling) شماریاتی تجزیہ کا ایک ایسا طریقہ ہے جس میں کسی بڑی آبادی (population) میں سے کچھ مخصوص عناصر (elements) کو منتخب کیا جاتا ہے تاکہ آبادی کی خصوصیات کا اندازہ لگایا جا سکے۔ دوسرے الفاظ میں نمونہ بندی کا عمل پوری آبادی کا مکمل مطالعہ کرنے کے بجائے اس کے کچھ منتخب نمائندہ عناصر پر مشتمل چھوٹے گروپ (sample) کا مطالعہ کرنے پر مشتمل ہوتا ہے۔

نمونہ بندی کی تعریف یوں کی جا سکتی ہے:

"نمونہ بندی ایک ایسا شماریاتی عمل ہے جس کے ذریعے بڑی آبادی میں سے چند عناصر منتخب کر کے ان عناصر کی خصوصیات اور نتائج کو بنیاد بنا کر پوری آبادی کے بارے میں اندازے اور تجزیے کیے جاتے ہیں۔"

نمونہ بندی کی ضرورت اس لیے پیش آتی ہے کیونکہ مکمل آبادی کا براہِ راست مطالعہ کرنا اکثر اوقات عملی طور پر مشکل یا ناممکن ہوتا ہے۔ یہ طریقہ کار اخراجات وقت وسائل اور محنت کو نمایاں طور پر کم کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ تاہم اس طریقے کی کامیابی کا انحصار منتخب کردہ نمونے کی درستگی اور نمائندگی (representativeness) پر ہوتا ہے۔ ایک اچھا نمونہ آبادی کی خصوصیات کا درست اور حقیقی عکاس ہوتا ہے۔

مختصراً نمونہ بندی آبادی کے وسیع تجزیے کی بنیادی رکاوٹوں کو عبور کرنے میں مدد دیتی ہے اور قابلِ اعتماد نتائج فراہم کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے بشرطیکہ نمونے کا انتخاب درست اور نمائندہ ہو۔

---

## 10.4 نمونہ بندی کے طریقہ کار (Sampling Procedures)

نمونہ بندی کے طریقہ کار (Sampling Procedures) شماریاتی تجزیے کا اہم جزو ہیں جن کے ذریعے آبادی (population) میں سے نمائندہ نمونے (representative samples) منتخب کیے جاتے ہیں۔ نمونہ بندی کے طریقہ کار کو بنیادی طور پر دو اہم اقسام میں تقسیم کیا جاسکتا ہے:

رینڈم طریقہ کار (Random Sampling Methods)

نان رینڈم طریقہ کار (Non-Random Sampling Methods)

1. رینڈم طریقہ کار :(Random Sampling Methods) رینڈم طریقہ کار سے مراد وہ طریقے ہیں جن میں آبادی کے ہر عنصر (element) کو منتخب ہونے کا مساوی موقع (equal chance) حاصل ہوتا ہے۔ اس سے نمونے کی نمائندگی میں انصاف اور غیر جانبداری برقرار رہتی ہے۔ رینڈم طریقہ کار کی ذیلی اقسام درج ذیل ہیں:

سادہ رینڈم نمونہ بندی :(Simple Random Sampling) اس میں آبادی کے ہر عنصر کے منتخب ہونے کے مساوی مواقع ہوتے ہیں۔ یہ طریقہ نارمل طور پر قرعہ اندازی (lottery) کے ذریعے انجام دیا جاتا ہے۔

منظم نمونہ بندی :(Systematic Sampling) اس میں آبادی کو ایک ترتیب (systematic order) میں رکھا جاتا ہے اور ہر مخصوص وقفے پر عناصر منتخب کیے جاتے ہیں۔

طبقاتی نمونہ بندی :(Stratified Sampling) اس طریقے میں آبادی کو مختلف ذیلی گروہوں یا طبقات (strata) میں تقسیم کر کے ہر طبقے سے رینڈم نمونے منتخب کیے جاتے ہیں۔

کلسٹر نمونہ بندی :(Cluster Sampling) اس میں پوری آبادی کو مختلف گروہوں یا کلسٹرز (clusters) میں تقسیم کر کے چند کلسٹرز کا انتخاب کیا جاتا ہے اور پھر ان منتخب کلسٹرز میں موجود تمام عناصر یا چند عناصر کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

2. نان رینڈم طریقہ کار :(Non-Random Sampling Methods) یہ طریقے ایسے ہیں جن میں آبادی کے ہر عنصر کو منتخب ہونے کا مساوی موقع حاصل نہیں ہوتا۔ان میں جانبداری (bias) کا احتمال موجود ہوتا ہے۔اس کی ذیلی اقسام مندرجہ ذیل ہیں:

سہولتی نمونہ بندی :(Convenience Sampling) اس میں آسانی اور سہولت کی بنیاد پر عناصر کو منتخب کیا جاتا ہے۔

مقصدی نمونہ بندی :(Purposive Sampling) اس میں تحقیق کے مقصد کے مطابق عناصر کو جان بوجھ کر منتخب کیا جاتا ہے۔

کوٹہ نمونہ بندی :(Quota Sampling) اس میں آبادی کے مخصوص کوٹے مقرر کر کے نمونے منتخب کیے جاتے ہیں۔

سنوبال نمونہ بندی :(Snowball Sampling) اس طریقے میں ابتدائی طور پر چند عناصر منتخب کیے جاتے ہیں جو مزید عناصر کی شناخت اور انتخاب میں مدد کرتے ہیں۔

مختصراً نمونہ بندی کے طریقہ کار (Sampling Procedures) کا درست انتخاب تحقیق کے مقصد اور حالات پر منحصر ہوتا ہے۔ درست طریقہ کار کا انتخاب نتائج کی درستگی اور قابل اعتماد ہونے کو یقینی بناتا ہے۔

---

## 10.5 نمونے کے حجم کا تعین (Sample Size Determination)

---

نمونے کے حجم (Sample Size) سے مراد وہ منتخب شدہ عناصر (Elements) کی تعداد ہے جنہیں آبادی (Population) کی نمائندگی کے لیے نمونے میں شامل کیا جاتا ہے۔ تحقیق کے نتائج کی درستگی اور قابل اعتماد ہونے کا براہِ راست تعلق نمونے کے حجم کے درست تعین کے ساتھ ہے۔اگر نمونے کا حجم ضرورت سے زیادہ کم ہو تو نتائج غیر معتبر (Unreliable) ہو سکتے ہیں اور اگر حجم بہت زیادہ ہو تو اضافی وقت محنت اور مالی وسائل ضائع ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔

نمونے کے حجم کے تعین میں مندرجہ ذیل بنیادی عوامل اہمیت رکھتے ہیں:

نمونے کے حجم کو متاثر کرنے والے عوامل:

a) آبادی کا حجم:(Population Size)

جس آبادی سے نمونہ منتخب کرنا ہو اس کا کل حجم اہمیت رکھتا ہے۔ عموماً بڑی آبادیوں کے لیے نسبتاً بڑے نمونے درکار ہوتے ہیں۔

b) مطلوبہ درستگی کی سطح:(Desired Level of Precision)

نتائج کی درستگی یا ٹھیک ٹھیک (Accuracy) ہونا جتنی زیادہ ضروری ہو اتنا ہی نمونے کا حجم بڑا ہونا چاہیے۔مثال کے طور پر اگر ہم 95% یقین (Confidence) کے ساتھ نتیجہ حاصل کرنا چاہتے ہیں تو نمونے کا حجم اس حساب سے مقرر کرنا ہوگا۔

c) اعتماد کی سطح:(Confidence Level)

تحقیقی مطالعے میں عمومی طور پر اعتماد کی سطح 90% 95% یا 99% مقرر کی جاتی ہے۔اعتماد کی سطح جتنی زیادہ ہو اتنا ہی بڑا نمونے کا حجم درکار ہوگا۔

d) آبادی میں تغیر کی شرح:(Population Variability)

اگر آبادی میں تغیر یا تنوع (Variability) کی شرح زیادہ ہو تو نمائندہ نمونہ حاصل کرنے کے لیے نسبتاً بڑے حجم کا نمونہ منتخب کرنا پڑتا ہے۔

نمونے کے حجم کے تعین کے طریقے:

نمونے کے حجم کو تعین کرنے کے لیے مندرجہ ذیل اہم طریقے اختیار کیے جاتے ہیں:

a) شماریاتی فارمولے:(Statistical Formulas)

نمونے کے حجم کا تعین کرنے کے لیے درج ذیل بنیادی شماریاتی فارمولہ استعمال کیا جاتا ہے:

$$n = \frac{Z^2 \cdot p \cdot q}{e^2}$$

جہاں:

- n نمونے کا مطلوبہ حجم
- Z اعتماد کی سطح کے لحاظ سے Z ویلیو (مثلاً 95% اعتماد کے لیے 1.96)
- p آبادی میں متوقع تناسب یا اوسط (Expected proportion)
- q تناسب کا بقیہ حصہ (p-1)
- e قابل قبول غلطی کا حاشیہ (Margin of error)

مثال کے طور پر اگر ہم 95 % اعتماد کی سطح کے ساتھ 5% غلطی کے مارجن کے ساتھ نمونہ منتخب کرنا چاہتے ہیں اور متوقع تناسب 50% (0.5) فرض کر لیں تو نمونے کے حجم کا فارمولا کچھ اس طرح ہوگا:

$$n \approx \frac{(1.96)^2 \times 0.5 \times 0.5}{(0.05)^2} = 384.16$$

یعنی تقریباً 384 عناصر کا نمونہ اس صورتحال میں ضروری ہوگا۔

b) ماہرین کی رائے:(Expert Judgment)

کبھی کبھی تحقیقی حالات میں شماریاتی فارمولے کا استعمال ممکن نہ ہو تو ماہرین کی رائے کی بنیاد پر بھی نمونے کا حجم متعین کیا جاسکتا ہے۔ یہ طریقہ عموماً ابتدائی (exploratory) تحقیقات میں استعمال ہوتا ہے۔

c) سابقہ مطالعات:(Previous Studies)

بعض اوقات گزشتہ تحقیقی مطالعات کی بنیاد پر بھی نمونے کے حجم کا تعین کیا جاتا ہے۔ اس طریقے میں سابقہ مطالعات میں استعمال ہونے والے نمونوں کو بنیاد بنا کر مناسب حجم کا انتخاب کیا جاتا ہے۔

نمونے کے حجم کا درست تعین تحقیق کے معیار اور نتائج کی درستگی کو یقینی بنانے کے لیے انتہائی اہم ہے۔ نمونے کا حجم جتنا درست طریقے سے طے کیا جائے گا تحقیق کے نتائج اتنے ہی قابل بھروسہ اور مؤثر ہوں گے۔

## 10.6 نمونہ جاتی تقسیم(Sampling Distribution)

نمونہ جاتی تقسیم (Sampling Distribution) شماریات کا وہ اہم تصور ہے جو نمونے (Sample) کے ذریعے حاصل کیے گئے شماریاتی اشاریوں (جیسے اوسط تناسب وغیرہ) کی ممکنہ اقدار کی تقسیم کو ظاہر کرتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں جب ایک ہی آبادی (Population) سے مختلف نمونے بار بار منتخب کیے جائیں تو ہر نمونے سے حاصل کردہ نتائج میں کچھ فرق ہوگا۔ انہی نتائج کی تقسیم کو نمونہ جاتی تقسیم (Sampling Distribution) کہتے ہیں۔

مثال کے طور پر اگر کسی یونیورسٹی میں 5000 طلبہ کی آبادی میں سے 50 طلبا کا ایک نمونہ منتخب کر کے ان کی اوسط عمر (Mean age) معلوم کی جائے اور یہی عمل بار بار دہرایا جائے تو ہر مرتبہ اوسط کی قدر تھوڑی بہت مختلف ہوگی۔ ان تمام ممکنہ اوسطوں کی تقسیم کو ہی "نمونہ جاتی تقسیم" یا Sampling Distribution کہتے ہیں۔

اہم نکات:

- نمونہ جاتی تقسیم کی شکل نارمل طور پر نارمل تقسیم (Normal Distribution) کے قریب ہوتی ہے۔
- اس تقسیم کی خصوصیات مثلاً اس کی اوسط تغیر (Variance) اور معیاری انحراف (Standard Deviation) کو آبادی کی خصوصیات کا اندازہ لگانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
- اگر نمونے کا حجم کافی بڑا ہو تو نمونہ جاتی تقسیم ہمیشہ ایک نارمل ڈسٹری بیوشن (Normal distribution) کے قریب ہوتی ہے جیسا کہ مرکزی حد کا نظریہ (Central Limit Theorem) بتاتا ہے۔

نمونہ جاتی تقسیم (Sampling Distribution) تحقیقی نتائج کے شماریاتی تجزیے کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ اس کی مدد سے محققین کو آبادی کے متعلق درست اندازے لگانے اور شماریاتی امتحانات (Tests of Significance) کے لیے بنیاد فراہم کرنے میں آسانی ہوتی ہے۔

## 10.7 مرکزی حد کا نظریہ :(Central Limit Theorem)

مرکزی حد کا نظریہ (Central Limit Theorem) شماریات کا ایک بنیادی اصول ہے جو بیان کرتا ہے کہ اگر کسی بھی آبادی (Population) سے مختلف نمونے (Samples) بار بار منتخب کیے جائیں اور ہر نمونے کے اوسط (Mean) کا حساب لگایا جائے تو یہ اوسطیں ایک خاص نمونہ جاتی تقسیم (Sampling Distribution) تشکیل دیتی ہیں۔ یہ تقسیم نارمل طور پر نارمل ڈسٹری بیوشن (Normal Distribution) کے قریب ہوتی ہے خاص طور پر جب نمونے کا حجم (Sample Size) بڑا ہو۔ مرکزی حد کے نظریے کے مطابق اگر نمونے کا حجم عموماً 30 یا اس سے زائد ہو تو چاہے آبادی کی اصل تقسیم کی نوعیت کوئی بھی ہو (چاہے نارمل ہو یا نہ ہو) نمونہ جاتی اوسطوں کی تقسیم ہمیشہ Normal تقسیم کے قریب ہوگی۔

مثال کے طور پر اگر بھارت کے مختلف شہروں سے اشیاء کی قیمتوں کا مطالعہ کرنے کے لیے متعدد نمونے منتخب کیے جائیں تو ہر نمونے کی اوسط قیمت میں کچھ نہ کچھ فرق آئے گا۔ لیکن اگر ایسے متعدد نمونوں کی اوسطیں جمع کر کے دیکھا جائے تو ان کی تقسیم ہمیشہ ایک نارمل ڈسٹری بیوشن (Normal Distribution) کے قریب ہو گی۔ اس اصول کی وجہ سے محققین نسبتاً چھوٹے نمونوں سے بھی پورے ملک کی آبادی کے متعلق قابلِ اعتماد نتائج اخذ کر سکتے ہیں۔

مرکزی حد کا نظریہ شماریاتی تجزیے میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے کیونکہ یہ محققین کو یقین دلاتا ہے کہ بڑے نمونے سے حاصل کردہ نتائج نارمل ڈسٹری بیوشن کی صورت اختیار کرتے ہیں۔ یوں شماریاتی تجزیے میں درستگی اور آسانی پیدا ہوتی ہے۔

---

## 10.8 مفروضے کی جانچ: (Hypothesis Testing)

---

ٹیسٹس آف سگنیفیکنس (Tests of Significance) کا ایک اہم اور بنیادی جزو مفروضے کی جانچ (Hypothesis Testing) ہے۔ یہ شماریاتی طریقہ کار ہے جس کے ذریعے آبادی (Population) کے بارے میں بنائے گئے کسی دعوے یا مفروضے (Hypothesis) کو نمونے (Sample) کے ڈیٹا کے ذریعے پرکھا جاتا ہے۔

مفروضے کی جانچ کے بنیادی تصورات:

مفروضے کی جانچ میں دو اہم مفروضے قائم کیے جاتے ہیں:

a) بنیادی مفروضہ: (Null Hypothesis - $H_0$)

یہ وہ ابتدائی مفروضہ ہے جسے تحقیق کے آغاز میں درست مان کر جانچ کا آغاز کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر "کالج کے طلباء کی اوسط عمر 22 سال ہے۔" یہ بنیادی مفروضہ کہلاتا ہے۔

b) متبادل مفروضہ: (Alternative Hypothesis - $H_1$)

یہ وہ مفروضہ ہے جو بنیادی مفروضے کی نفی یا مخالفت میں ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر "کالج کے طلباء کی اوسط عمر 22 سال نہیں ہے۔" اس مفروضے کو نمونے کے شواہد سے ثابت کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

ٹیسٹس آف سگنیفیکنس (Tests of Significance) کے ذریعے فیصلہ کیا جاتا ہے کہ بنیادی مفروضہ ($H_0$) قبول کیا جائے یا رد کر کے متبادل مفروضے ($H_1$) کو قبول کیا جائے۔ اس فیصلے کا انحصار نمونے سے حاصل شدہ شماریاتی شہادتوں (Statistical evidence) پر ہوتا ہے۔

## 10.9 لارج سیمپل ٹیسٹ اوراسمال سیمپل ٹیسٹ (Large Sample Test and Small Sample)

a) لارج سیمپل ٹیسٹ:(Large Sample Test)

لارج سیمپل ٹیسٹ وہ ٹیسٹس آف سگنیفیکنس (Tests of Significance) ہیں جنہیں نمونے کے حجم (Sample Size) کے بڑے ہونے کی صورت میں استعمال کیا جاتا ہے۔ نارمل طور پر اگر نمونے کا حجم 30 یا اس سے زائد ہو تو اسے "لارج سیمپل" تصور کیا جاتا ہے۔ بڑے نمونے کے ٹیسٹس کا استعمال عموماً Z- ٹیسٹ کی مدد سے کیا جاتا ہے۔ **مثال:** اگر ہم بھارت میں صارفین کی ایک بڑی تعداد (مثلاً 100 صارفین) کی ماہانہ اوسط آمدنی کو جانچ کر یہ جاننا چاہتے ہیں کہ آیا یہ اوسط آمدنی ₹25000 سے نمایاں طور پر مختلف ہے یا نہیں تو ہم لارج سیمپل ٹیسٹ کا استعمال کرتے ہوئے Z- ٹیسٹ کی مدد سے اس مفروضے کو جانچیں گے۔

b) اسمال سیمپل ٹیسٹ:(Small Sample Test)

اسمال سیمپل ٹیسٹ وہ ٹیسٹ ہیں جو عموماً تب استعمال کیے جاتے ہیں جب نمونے کا حجم 30 سے کم ہو۔ چھوٹے نمونوں میں نارمل طور پر T- ٹیسٹ (t-Test) کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اس ٹیسٹ کے لیے یہ فرض کرنا ضروری ہے کہ آبادی کی تقسیم نارمل (Normal) یا اس کے قریب ہو۔ مثلاً اگر کسی کمپنی میں صرف 15 ملازمین موجود ہیں اور کمپنی یہ جانچنا چاہتی ہے کہ ان ملازمین کی اوسط ماہانہ تنخواہ ₹30,000 سے مختلف ہے یا نہیں تو اسمال سیمپل ٹیسٹ (T-Test) کا استعمال کر کے اس مفروضے کو پرکھا جائے گا۔

لارج سیمپل ٹیسٹ (Large Sample Test) اور اسمال سیمپل ٹیسٹ (Small Sample Test) دونوں اہم شماریاتی تکنیک ہیں جو مختلف حالات میں نمونے کے حجم اور ڈیٹا کی نوعیت کے مطابق استعمال کی جاتی ہیں۔ یہ ٹیسٹس کاروباری اور انتظامی فیصلوں میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔

## 10.10 اکتسابی نتائج

طلباء نے نمونے لینے کی بنیادی باتوں اور شماریاتی تجزیہ کے لیے نمائندہ نمونوں کے انتخاب کی اہمیت کے بارے میں ٹھوس سمجھ حاصل کر لی ہے۔ انہوں نے نمونے لینے کے مختلف طریقہ کار اور قابل اعتماد نتائج کو یقینی بنانے کے لیے نمونے کے مناسب سائز کا تعین کرنے کا طریقہ سیکھا ہے۔ طلباء نمونے لینے کی تقسیم کے تصور اور مرکزی حد نظریہ کی وضاحت کر سکتے ہیں، جو تخمینہ شماریات کی بنیاد بناتے ہیں۔ انہوں نے مفروضے کی جانچ کرنے، بڑے نمونے کے ٹیسٹ اور چھوٹے نمونے کے ٹیسٹ کے درمیان فرق کرنے، اور نمونے کے سائز اور ڈیٹا کی خصوصیات کی بنیاد پر درست طریقے استعمال کرنے کی صلاحیت تیار کی ہے۔ مجموعی طور پر، سیکھنے والے نمونے لینے کی تکنیکوں اور شماریاتی ٹیسٹوں کا استعمال کرنے سے لیس ہوتے ہیں تاکہ درست اندازہ لگایا جا سکے اور ڈیٹا پر مبنی کاروباری فیصلوں کی حمایت کی جا سکے۔

## 10.11 نمونہ امتحانی سوالات(Model Exam Questions)

### معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Answer Type Questions)

1. نمونہ بندی (Sampling) سے کیا مراد ہے؟
2. بے ترتیب نمونہ بندی (Random Sampling) کا ایک طریقہ لکھیں۔
3. مرکزی حد کے نظریے (Central Limit Theorem) کے مطابق نمونے کا کم سے کم حجم کتنا ہونا چاہیے؟
4. نمونے کے حجم (Sample Size) کا تعین کیوں ضروری ہے؟
5. اسمال سیمپل ٹیسٹ (Small Sample Test) کب استعمال کیا جاتا ہے؟
6. بنیادی مفروضہ (Null Hypothesis) کو کس علامت سے ظاہر کرتے ہیں؟
7. نمونہ جاتی تقسیم (Sampling Distribution) کی اہمیت کا کوئی ایک نکتہ بیان کریں۔
8. مرکزی حد کے نظریے (Central Limit Theorem) کا بنیادی مقصد کیا ہے؟
9. دانستہ نمونہ بندی (Judgmental Sampling) کیا ہے؟
10. ٹیسٹس آف سگنیفیکنس (Tests of Significance) کس لیے استعمال کیے جاتے ہیں؟

### مختصر جوابات کے حامل سوالات (Short Answers Type Questions)

1. نمونہ بندی (Sampling) کی اہمیت کو مختصراً وضاحت کریں۔
2. بے ترتیب (Random) اور غیر بے ترتیب (Non-Random) نمونہ بندی میں فرق واضح کریں۔
3. نمونے کے حجم (Sample Size) کو متاثر کرنے والے کسی تین عوامل کی وضاحت کریں۔
4. نمونہ جاتی تقسیم (Sampling Distribution) کو مختصراً بیان کریں۔
5. مرکزی حد کے نظریے (Central Limit Theorem) کا عملی استعمال مختصر مثال کے ذریعے واضح کریں۔

### طویل جوابات کے حامل سوالات (Long Answers Type Questions)

1. نمونہ بندی کے طریقہ کار (Sampling Procedures) تفصیل کے ساتھ بیان کریں اور ہر طریقے کی ایک مناسب مثال دیں۔
2. مفروضے کی جانچ (Hypothesis Testing) کیا ہے؟ بنیادی اور متبادل مفروضے کو مثالوں کے ذریعے واضح کریں۔
3. نمونے کے حجم (Sample Size Determination) کا تعین شماریاتی فارمولے (Statistical Formula) کے ذریعے وضاحت کریں ایک فرضی مثال بھی دیں۔

4. لارج سیمپل ٹیسٹ (Large Sample Test) اوراسمال سیمپل ٹیسٹ (Small Sample Test) میں فرق کومثالوں کے ساتھ واضح کریں۔

5. ٹیسٹس آف سگنیفیکنس (Tests of Significance) کیاہیں؟کاروباری فیصلوں میں ان کی اہمیت کووضاحت کریں۔

# اکائی 11۔کائی اسکوائر کا تجزیہ

(Chi Square Analysis)

| Structure | اکائی کے اجزاء |
|---|---|
| Introduction | 11.0 تمہید |
| Objectives | 11.1 مقاصد |
| Meaning and Definition of Chi-Square Analysis | 11.2 کائی اسکوائر تجزیہ کے معنی اور تصور |
| Importance of Chi Square Analysis in Business Analytics | 11.3 کاروباری تجزیات میں کائی اسکوائر تجزیہ کی اہمیت |
| Test for Goodness of Fit | 11.4 ٹیسٹ فار گڈ نیس آف فٹ |
| Test for Independence of Attributes | 11.5 ٹیسٹ فار انڈیپینڈنس آف ایٹریبیوٹس |
| Limitations or Conditions of Chi-Square Test | 11.6 کائی اسکوائر ٹیسٹ کی حدود یا شرائط |
| Learning Outcomes | 11.7 اکتسابی نتائج |
| Model Exam Questions | 11.8 نمونہ امتحانی سوالات |

## 11.0 تمہید (Introduction)

گزشتہ یونٹ(یونٹ10)میں آپ نے نمونہ بندی کے نظریے (Sampling Theory) اور ٹیسٹس آف سگنیفیکنس (Tests of Significance) کے بنیادی تصورات کو تفصیل کے ساتھ سمجھا۔آپ نے دیکھا کہ آبادی (Population) کے متعلق نمونے کے ذریعے حاصل کردہ معلومات کی مدد سے مفروضات (Hypotheses) کو کس طرح جانچا جاتا ہے۔اس سلسلے میں آپ نے بڑے اور چھوٹے نمونوں سے متعلق شماریاتی ٹیسٹس Z- ٹیسٹ اور t- ٹیسٹ) بھی پڑھے۔

اب اسی موضوع کو آگے بڑھاتے ہوئے موجودہ یونٹ (یونٹ 11) میں آپ ایک اہم غیر پیرامیٹرک ٹیسٹ یعنی **کائی اسکوائر تجزیہ (Chi-Square Analysis)** کے بارے میں جانیں گے۔ کائی اسکوائر ٹیسٹ ایک ایسا شماریاتی طریقہ کار ہے جس کے ذریعے مختلف کیٹیگریز (Categories) یا خصوصیات (Attributes) کے مابین تعلق یا وابستگی کا تجزیہ کیا جاتا ہے۔ اس یونٹ میں آپ خاص طور پر دو اہم ٹیسٹس، ٹیسٹ فار گڈنیس آف فٹ (Test for Goodness of Fit) اور ٹیسٹ فار انڈیپینڈنس آف ایٹریبیوٹس (Test for Independence of Attributes) کو تفصیل سے پڑھیں گے۔

اس یونٹ کا مقصد آپ کو عملی مثالوں کے ذریعے کائی اسکوائر ٹیسٹ کا مؤثر استعمال سکھانا ہے تاکہ آپ کاروباری مسائل اور تحقیقی تجزیات میں بہتر نتائج حاصل کر سکیں۔

---

## 11.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد، آپ مندرجہ ذیل نکات کو سمجھ سکیں گے:

- کائی اسکوائر تجزیہ (Chi-Square Analysis) کے بنیادی تصور اور استعمال کو واضح کر سکیں۔
- ٹیسٹ فار گڈنیس آف فٹ (Test for Goodness of Fit) کا عملی استعمال سمجھ کر اس کی وضاحت کر سکیں۔
- ٹیسٹ فار انڈیپینڈنس آف ایٹریبیوٹس (Test for Independence of Attributes) کے ذریعے خصوصیات کے درمیان تعلق کو جانچ سکیں۔
- کائی اسکوائر ٹیسٹ کے عملی اطلاق میں موجود حدود یا شرائط (Limitations or Conditions) کو واضح کر سکیں۔

---

## 11.2 کائی اسکوائر تجزیہ کے معنی اور تعریف

## (Meaning and Definition of Chi-Square Analysis)

کائی اسکوائر تجزیہ (Chi-Square Analysis) شماریات میں استعمال ہونے والا ایک اہم غیر پیرامیٹرک (Non-parametric) ٹیسٹ ہے، جس کے ذریعے دو یا زیادہ خصوصیات (Attributes) یا زمرہ جات (Categories) کے درمیان موجود تعلق یا فرق کو جانچا جاتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں، یہ ٹیسٹ کسی آبادی (Population) میں خصوصیات کے حقیقی مشاہدہ شدہ تعدد (Observed Frequency) اور متوقع تعدد (Expected Frequency) کے مابین فرق کو واضح کرتا ہے۔

کائی اسکوائر تجزیے کا تصور:(Concept)

کائی اسکوائر تجزیہ بنیادی طور پر مشاہداتی ڈیٹا (Observed Data) اور متوقع ڈیٹا (Expected Data) کے درمیان فرق (Difference) کو ظاہر کرتا ہے۔اس کا بنیادی فارمولا یہ ہے:

$$\chi^2 = \sum \frac{(O - E)^2}{E}$$

یہاں:

O = مشاہدہ کردہ قدر(Observed Value)

E = متوقع قدر(Expected Value)

کائی اسکوائر تجزیے کا نتیجہ جتنا بڑا ہو گا، اتنا ہی واضح طور پر دونوں ڈیٹا(مشاہدہ شدہ اور متوقع) کے درمیان فرق نمایاں ہو گا۔

مثال کے طور پر، فرض کریں کہ بھارت میں ایک موبائل کمپنی کا دعویٰ ہے کہ اس کی مصنوعات ملک کے چار مختلف علاقوں (شمال، جنوب، مشرق اور مغرب) میں یکساں مقبول ہیں۔ اب اس دعوے کو جانچنے کے لیے ہر علاقے سے مصنوعات کی فروخت کا ڈیٹا حاصل کیا جائے گا۔اس کے بعد کائی اسکوائر ٹیسٹ کی مدد سے دیکھا جائے گا کہ کیا حقیقی فروخت (Observed) اور کمپنی کی توقع کردہ فروخت (Expected)کے درمیان فرق نمایاں (Significant) ہے یا نہیں۔

اگر حساب کردہ $\chi^2$ کی قدر مخصوص معیار (Critical value) سے زیادہ ہو تو کمپنی کا دعویٰ رد کر دیا جائے گا، بصورتِ دیگر قبول کر لیا جائے گا۔

کائی اسکوائر تجزیہ (Chi-Square Analysis) آبادی کے زمرہ جاتی ڈیٹا کے تجزیے کے لیے ایک اہم اور مؤثر شماریاتی ٹیسٹ ہے۔ اس کی مدد سے کاروباری ادارے اور محققین مختلف خصوصیات یا زمرہ جات کے درمیان تعلق اور اختلاف کو جانچ کر بہتر اور قابل اعتماد فیصلے کر سکتے ہیں۔

---

## 11.3 کاروباری تجزیات میں کائی اسکوائر تجزیہ کی اہمیت

## (Importance of Chi Square Analysis in Business Analytics)

---

کائی اسکوائر تجزیہ (Chi-Square Analysis) کاروباری تجزیات (Business Analytics) کا ایک اہم شماریاتی طریقہ ہے جو کاروباری فیصلوں کے لیے کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔اس ٹیسٹ کے ذریعے کاروباری ادارے مختلف خصوصیات یا عوامل (Attributes or Factors)کے مابین تعلقات کا تعین کر کے بہتر فیصلہ سازی کر سکتے ہیں۔

کاروباری تجزیات میں کائی اسکوائر تجزیہ کی اہمیت درج ذیل پہلوؤں سے واضح ہوتی ہے:

1) گاہک کے رویے کا تجزیہ:(Customer Behavior Analysis)

کاروباری ادارے اکثر جاننا چاہتے ہیں کہ صارفین کی مخصوص خصوصیات (مثلاً صنف، عمر، علاقہ) کا خریداری کے رویے کے ساتھ کیا تعلق ہے۔ کائی اسکوائر ٹیسٹ کے ذریعے ان تعلقات کو جانچا جا سکتا ہے۔ **مثال** :اگر بھارت میں کوئی ای-کامرس کمپنی یہ جاننا چاہتی ہے کہ صارفین کی عمر (Age) اور مصنوعات کے انتخاب (Product Choice) کے درمیان کوئی تعلق ہے یا نہیں تو کائی اسکوائر ٹیسٹ سے یہ تعلق واضح طور پر معلوم کیا جا سکتا ہے۔

2) صارفین کے رویے کی تحقیق:(Consumer Behavior Analysis)

کائی اسکوائر تجزیہ کاروبار میں صارفین کے رویے اور رجحانات کی شناخت کے لیے وسیع پیمانے پر استعمال ہوتا ہے۔ اس کے ذریعے صارفین کی ترجیحات، خریداری کے نمونے(Buying Patterns) ، اور مصنوعات کی مقبولیت جانچی جاتی ہے۔ **مثال:** ایک ریٹیل اسٹور (Retail Store) یہ تجزیہ کر سکتا ہے کہ کیا گاہک کی آمدنی اور مخصوص برانڈ کے انتخاب کے درمیان تعلق موجود ہے یا نہیں۔

3) مارکیٹ سیگمنٹیشن:(Market Segmentation)

کائی اسکوائر تجزیہ مارکیٹ کو مختلف سیگمنٹس یا حصوں میں تقسیم کرنے کے لیے مؤثر ٹول ہے۔ اس کے ذریعے یہ معلوم کیا جا سکتا ہے کہ مختلف صارفین کے گروہوں (مثلاً مرد، خواتین، طلبا، پیشہ ور افراد) کی ترجیحات کس طرح مختلف ہیں۔ **مثال:** ایک موبائل کمپنی بھارت میں مختلف عمر یا پیشوں سے تعلق رکھنے والے صارفین کی ترجیحات کو جانچ کر مارکیٹ کو مؤثر انداز سے تقسیم کر سکتی ہے۔

4) مصنوعات اور خدمات کی منصوبہ بندی:(Product Planning)

کائی اسکوائر تجزیہ اداروں کو مصنوعات کی طلب یا مقبولیت کے بارے میں فیصلہ سازی میں مدد فراہم کرتا ہے۔ ادارے مصنوعات کی فروخت کے رجحانات کا تجزیہ کر کے مستقبل کے کاروباری فیصلے لے سکتے ہیں۔ **مثال:** ایک بھارتی FMCG کمپنی کائی اسکوائر تجزیہ کے ذریعے یہ فیصلہ کر سکتی ہے کہ مختلف شہروں میں کون سی مصنوعات زیادہ مقبول ہیں، اور اسی کے مطابق پروڈکشن یا سپلائی میں تبدیلیاں کر سکتی ہے۔

کائی اسکوائر تجزیہ (Chi-Square Analysis) کاروباری تجزیات (Business Analytics) میں فیصلہ سازی کو مستحکم بنانے کے لیے اہم ہے۔ اس ٹیسٹ کی مدد سے کاروبار میں شماریاتی شواہد کی بنیاد پر مؤثر فیصلے کیے جاتے ہیں، جس سے نہ صرف درست منصوبہ بندی ممکن ہوتی ہے بلکہ کاروباری کارکردگی بھی بہتر ہوتی ہے۔

## 11.4 ٹیسٹ فار گڈ نیس آف فٹ(Test for Goodness of Fit)

ٹیسٹ فار گڈ نیس آف فٹ (Test for Goodness of Fit) شماریاتی تجزیے کا ایک اہم طریقہ ہے جس کی مدد سے معلوم کیا جاتا ہے کہ کیا نمونے (Sample) سے حاصل شدہ ڈیٹا کسی مخصوص شماریاتی تقسیم(Statistical Distribution) ، مثلاً نارمل تقسیم(Normal Distribution) ، بائنومیئل تقسیم (Binomial Distribution) یا دیگر نظریاتی تقسیموں سے مطابقت رکھتا ہے یا نہیں۔ دوسرے الفاظ میں، یہ ٹیسٹ جانچتا ہے کہ نمونے سے حاصل کردہ مشاہدہ شدہ اقدار (Observed Values) نظریاتی طور پر متوقع اقدار (Expected Values) کے ساتھ کس حد تک مطابقت رکھتی ہیں۔

یہ ٹیسٹ کائی اسکوائر تجزیے (Chi-Square Analysis) کے ذریعے انجام دیا جاتا ہے، جس کے تحت حقیقی طور پر مشاہدہ کردہ ڈیٹا (Observed Data) کو متوقع ڈیٹا (Expected Data) سے موازنہ کرکے ان کے فرق کی اہمیت کو جانچا جاتا ہے۔

کائی اسکوائر کی قدروں کا حساب لگا کر اسے ٹیبل ویلیو سے موازنہ کیا جاتا ہے۔ اگر حساب شدہ کائی اسکوائر کی قدر ٹیبل میں دی گئی اہم قدر (Critical value) سے کم یا برابر ہو تو نمونہ متوقع تقسیم (Expected distribution) سے مطابقت رکھتا ہے، بصورت دیگر اسے رد کر دیا جاتا ہے۔

مثلاً، فرض کریں کہ ایک بھارتی کنفیکشنری کمپنی دعویٰ کرتی ہے کہ اس کے تیار کردہ ٹافیوں کے پانچ مختلف ذائقے صارفین میں یکساں مقبول ہیں۔ اس دعوے کو پرکھنے کے لیے مارکیٹ سے 500 ٹافیوں کا نمونہ لیا گیا۔ اب کائی اسکوائر ٹیسٹ فار گڈ نیس آف فٹ کے ذریعے دیکھا جائے گا کہ کمپنی کا دعویٰ صارفین کی اصل ترجیحات کے مطابق ہے یا نہیں۔ اگر مشاہدہ شدہ فروخت متوقع فروخت سے نمایاں طور پر مختلف ہو تو کمپنی کا دعویٰ مسترد کر دیا جائے گا۔ ٹیسٹ فار گڈ نیس آف فٹ (Test for Goodness of Fit) کاروباری تجزیات (Business Analytics) میں وسیع پیمانے پر استعمال ہونے والی تکنیک ہے، جس کے ذریعے ڈیٹا کے عملی اور نظریاتی ماڈل کے درمیان مطابقت جانچی جاتی ہے۔ اس ٹیسٹ کے نتائج کاروباری فیصلہ سازی، منصوبہ بندی اور کارکردگی کی بہتری کے لیے اہم ہوتے ہیں۔

سوال:

ایک سکہ 100 بار اُچھالا گیا۔ اس میں 58 بار ہیڈ (Heads) اور 42 بار ٹیل (Tails) آیا۔ کیا ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ سکہ منصفانہ (Fair) ہے یا نہیں؟ اس بات کو جانچنے کے لیے "ٹیسٹ فار گڈ نیس آف فٹ (Test for Goodness of Fit)" کو 5% سطحِ اہمیت (level of significance) پر استعمال کریں۔

جواب:

ہم یہ جانچنے کے لیے کہ سکہ منصفانہ ہے یا نہیں، کائی اسکوائر آزمائش (Chi-square Test for Goodness of Fit) استعمال کریں گے۔ اگر سکہ منصفانہ ہو تو ہم توقع کرتے ہیں کہ 100 بار اُچھالنے پر 50 بار ہیڈ اور 50 بار ٹیل آئے گا۔

ہم درج ذیل فارمولا استعمال کرتے ہیں:

$$\chi^2 = \sum \frac{(O - E)^2}{E}$$

For **Heads**: Observed (O) = 58, Expected (E) = 50

$$\frac{(58 - 50)^2}{50} = \frac{64}{50} = 1.28$$

For **Tails**: Observed (O) = 42, Expected (E) = 50

$$\frac{(42 - 50)^2}{50} = \frac{64}{50} = 1.28$$

Now, we add both values:

$$\chi^2 = 1.28 + 1.28 = 2.56$$

اب ہم اس کو تنقیدی قیمت (critical value) سے موازنہ کریں گے۔ 5% سطحِ اہمیت اور 1 درجہ آزادی (degree of freedom) کے لیے جدول سے تنقیدی قیمت=3.841 حاصل ہوتی ہے۔

چونکہ $2.56 < 3.841$

لہٰذا ہم صفر مفروضہ (Null Hypothesis) کو رد نہیں کرتے۔ اس کا مطلب ہے کہ ہمارے پاس یہ کہنے کے لیے کافی ثبوت نہیں کہ سکہ غیر منصفانہ ہے۔ لہٰذا ہم نتیجہ نکالتے ہیں کہ یہ سکہ منصفانہ ہے۔

---

## 11.5 ٹیسٹ فار انڈیپینڈنس آف ایٹریبیوٹس (Test for Independence of Attributes)

---

ٹیسٹ فار انڈیپینڈنس آف ایٹریبیوٹس (Test for Independence of Attributes) کائی اسکوائر تجزیے (Chi-Square Analysis) کا اہم اور کثرت سے استعمال ہونے والا شماریاتی ٹیسٹ ہے۔ اس ٹیسٹ کے ذریعے دو یا زائد خصوصیات یا اوصاف (Attributes) کے درمیان تعلق (Relationship) یا آزادی (Independence) کو جانچا جاتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں، یہ معلوم کیا جاتا ہے کہ دو صفات آپس میں آزاد (Independent) ہیں یا ان کے درمیان کوئی واضح تعلق موجود ہے۔

اس ٹیسٹ کا بنیادی مقصد یہ جانچنا ہوتا ہے کہ دو مختلف خصوصیات کے درمیان موجود تعلق حقیقی اور شماریاتی لحاظ سے نمایاں (Significant) ہے یا محض اتفاقیہ (by chance) ہے۔

اگر کیلکولیٹ کردہ $\chi^2$ ویلیو جدول میں دی گئی اہمیت کی سطح (Significance Level) کی کریٹیکل ویلیو سے زیادہ ہو تو ہم کہتے ہیں کہ خصوصیات کے درمیان تعلق موجود ہے اور یہ اتفاقی نہیں بلکہ شماریاتی طور پر نمایاں ہے۔ دوسری صورت میں ہم ان خصوصیات کو ایک دوسرے سے آزاد (Independent) تصور کرتے ہیں۔

مثلاً، فرض کریں کہ ایک بھارتی کمپنی یہ جاننا چاہتی ہے کہ اس کی مصنوعات کو پسند کرنے میں صارفین کی جنس (مرد/خواتین) اور ان کی عمر کا گروپ (نوجوان/بالغ/بزرگ) کے درمیان کوئی تعلق ہے یا نہیں۔ اس مقصد کے لیے کمپنی ایک سروے کرتی ہے اور صارفین کے جواب کی مدد سے ڈیٹا تیار کرتی ہے۔ پھر کمپنی اس ڈیٹا پر "ٹیسٹ فار انڈیپینڈنس آف ایٹریبیوٹس" لاگو کرتی ہے۔ اگر ٹیسٹ کے نتائج نمایاں (Significant) ہوں تو کمپنی یہ تسلیم کرتی ہے کہ جنس اور عمر صارفین کی پسند پر اثرانداز ہوتے ہیں۔

**مثال**

| | بزرگ | بالغ | نوجوان |
|---|---|---|---|
| مرد | 80 | 120 | 100 |
| خواتین | 70 | 130 | 150 |

اوپر دی گئی جدول (Table) کے ذریعے کائی اسکوائر ٹیسٹ کا اطلاق کیا جائے گا اور دیکھا جائے گا کہ آیا جنس اور عمر کے گروپ کے درمیان صارفین کی پسندیدگی کا تعلق ہے یا دونوں خصوصیات آزاد ہیں۔ اگر تعلق نمایاں (Significant) پایا گیا تو کمپنی اپنی مارکیٹنگ پالیسی کو اس مناسبت سے ترتیب دے گی۔

ٹیسٹ فار انڈیپینڈنس آف ایٹریبیوٹس (Test for Independence of Attributes) کاروباری اور تحقیقی میدانوں میں فیصلہ سازی کے لیے اہم ہے۔ اس ٹیسٹ سے دو خصوصیات یا عوامل کے تعلق کو درست طریقے سے سمجھ کر کاروباری حکمت عملیوں اور انتظامی فیصلوں میں بہتری لائی جا سکتی ہے۔

سوال:

ایک سروے میں 100 افراد سے پوچھا گیا کہ وہ چائے پسند کرتے ہیں یا کافی، اور ان کی جنس (male/female) بھی نوٹ کی گئی۔

مندرجہ ذیل جدول میں ان کے جوابات دیے گئے ہیں:

| | **Tea** | **Coffee** | **Total** |
|---|---|---|---|
| Male | 30 | 20 | 50 |
| Female | 10 | 40 | 50 |
| **Total** | 40 | 60 | 100 |

**کیا جنس** (Gender) **اور مشروب کی پسند** (Drink Preference) **ایک دوسرے سے آزاد** (Independent) **ہیں؟ 5% سطحِ اہمیت (level of significance) پر ٹیسٹ فار انڈیپینڈنس آف ایٹریبیوٹس** (Test for Independence of Attributes) **کریں۔**

جواب:

اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے ہم کائی اسکوائر آزمائش (Chi-Square Test) کا استعمال کریں گے تاکہ یہ جان سکیں کہ جنس اور مشروب کی پسند کے درمیان کوئی تعلق ہے یا نہیں۔

**Step 1: State the Hypotheses**

H0: Gender and drink preference are **independent** (no association).

H1: Gender and drink preference are **not independent** (there is an association).

Step 2: Calculate Expected Frequencies

We use the formula:

$$E = \frac{(\text{Row Total}) \times (\text{Column Total})}{\text{Grand Total}}$$

| | Tea (Expected) | Coffee (Expected) |
|---|---|---|
| Male | 50×40/100=20 | 50×60/100=30 |
| Female | 50×40/100=20 | 50×60/100=30 |

Step 3: Apply the Chi-square Formula

$$\chi^2 = \sum \frac{(O - E)^2}{E}$$

| **Category** | **Observed (O)** | **Expected (E)** | **$(O-E)^2 / E$** |
|---|---|---|---|
| Male - Tea | 30 | 20 | 5.00 |
| Male - Coffee | 20 | 30 | 3.33 |
| Female - Tea | 10 | 20 | 5.00 |
| Female - Coffee | 40 | 30 | 3.33 |
| **Total** | | | **16.66** |

$$\chi^2 = 5.00 + 3.33 + 5.00 + 3.33 = 16.66$$

**Step 4: Find the Critical Value**

Degrees of freedom: $(df) = (rows - 1) \times (columns - 1) = (2 - 1)(2 - 1) = 1$

At 5% level of significance and 1 degree of freedom, the **critical value** from the Chi-square table is **3.841**.

**Step 5: Decision**

$$\chi^2_{calculated} = 16.66 > \chi^2_{critical} = 3.841$$

Since

We **reject the null hypothesis**.

## 11.6 کائی اسکوائر ٹیسٹ کے تحدیدات و یا شرائط

(Limitations or Conditions of Chi-Square Test)

کائی اسکوائر ٹیسٹ (Chi-Square Test) شماریاتی تجزیہ کا ایک مقبول طریقہ کار ہے لیکن اس ٹیسٹ کے درست استعمال کے لیے کچھ شرائط (Conditions) اور حدود (Limitations) ہوتی ہیں، جنہیں ذہن میں رکھنا ضروری ہے۔ ان حدود کو نظرانداز کرنے سے ٹیسٹ کے نتائج غلط یا غیر معتبر ہو سکتے ہیں۔

کائی اسکوائر ٹیسٹ کی اہم شرائط و حدود درج ذیل ہیں:

ڈیٹا کا آزاد ہونا:(Independence of Observations)

کائی اسکوائر ٹیسٹ استعمال کرنے کے لیے ضروری ہے کہ نمونے کے مشاہدات ایک دوسرے سے آزاد ہوں۔ یعنی ایک مشاہدہ دوسرے مشاہدے پر اثرانداز نہ ہو۔

1) نمونے کا حجم:(Sample Size)

نمونے کا حجم کافی بڑا ہونا چاہیے۔ عام طور پر یہ شرط ہے کہ ہر خانے (Cell) میں متوقع تعدد (Expected frequency) کم از کم 5 ہونی چاہیے۔ اگر متوقع تعدد 5 سے کم ہو تو نتائج قابلِ اعتماد نہیں ہوتے۔

2) زمرہ جاتی ڈیٹا:(Categorical Data)

کائی اسکوائر ٹیسٹ صرف زمرہ جاتی (Categorical) یا معیاری (Qualitative) ڈیٹا پر لاگو ہوتا ہے۔ مقداری ڈیٹا (Quantitative Data) پر اس کا اطلاق درست نہیں ہوتا۔

3) فری کوئنسی ڈیٹا:(Frequency Data)

یہ ٹیسٹ صرف تعدد کی صورت میں حاصل کردہ ڈیٹا (Frequency Data) کے لیے موزوں ہے۔ فیصد یا تناسب کی صورت میں براہِ راست استعمال کرنا درست نہیں۔

4) آزاد مشاہدات:(Independent Observations)

مشاہدات آزاد (Independent) ہونے چاہئیں۔ایک مشاہدہ دوسرے کو متاثر نہ کرے، یعنی ایک جواب دوسرے جواب پر منحصر نہیں ہونا چاہیے۔

5) مخصوص شماریاتی تقسیم پر انحصار نہ ہونا:

کائی اسکوائر ٹیسٹ ایک غیر پیرامیٹرک ٹیسٹ ہے۔اس لیے اس کی اطلاق کے لیے آبادی کی کوئی خاص شماریاتی تقسیم فرض کرنا ضروری نہیں ہوتا۔

کائی اسکوائر ٹیسٹ کے درست استعمال کے لیے مذکورہ بالا حدود اور شرائط کا خیال رکھنا ضروری ہے۔ان شرائط کو مد نظر رکھتے ہوئے نتائج قابل اعتماد اور درست ثابت ہوتے ہیں۔

## 11.7 اکتسابی نتائج(Learning Outcome)

طلباء نے Chi-Square Analysis کے معنی اور تعریف کے بارے میں واضح فہم پیدا کر لیا ہے اور واضح ڈیٹا کا تجزیہ کرنے میں اس کی مطابقت ہے۔انہوں نے مفروضوں کی جانچ کرنے اور ڈیٹا پر مبنی فیصلے کرنے کے لیے کاروباری تجزیات میں Chi-Square Analysis کی اہمیت کو جان لیا ہے۔طلباء اب یہ تعین کرنے کے لیے فٹ کی خوبی کے لیے ٹیسٹ کر سکتے ہیں کہ مشاہدہ کیا گیا ڈیٹا متوقع تقسیم سے کس حد تک میل کھاتا ہے، اور صفات کی آزادی کے لیے ٹیسٹ متغیرات کے درمیان تعلقات کو جانچنے کے لیے۔مزید برآں، انہوں نے Chi-Square ٹیسٹ کی حدود اور شرائط کو سمجھ لیا ہے، بشمول وہ مفروضے جنہیں درست نتائج کے لیے پورا کرنا ضروری ہے۔ مجموعی طور پر، سیکھنے والے دوٹوک ڈیٹا میں پیٹرن کا اندازہ لگانے اور اسٹریٹجک کاروباری فیصلوں کی حمایت کرنے کے لیے Chi-Square تکنیکوں کو لاگو کرنے کے لیے لیس ہیں۔

## 11.8 نمونہ امتحانی سوالات(Model Exam Questions)

معروضی جوابات کے حامل سوالات (Objective Answer Type Questions)

1. کائی اسکوائر ٹیسٹ (Chi-Square Test) کا بنیادی مقصد کیا ہے؟
2. کائی اسکوائر ٹیسٹ کا فارمولا کیا ہے؟
3. کائی اسکوائر ٹیسٹ کا اطلاق کس قسم کے ڈیٹا پر کیا جاتا ہے؟
4. کائی اسکوائر ٹیسٹ میں "E" سے کیا مراد ہے؟
5. ٹیسٹ فار گڈنیس آف فٹ (Test for Goodness of Fit) کس لیے استعمال ہوتا ہے؟

6. ٹیسٹ فار انڈیپینڈنس آف ایٹریبیوٹس (Test for Independence of Attributes) کا بنیادی مقصد کیا ہے؟
7. کائی اسکوائر ٹیسٹ کے لیے ڈیٹا کا آزاد (Independent) ہونا کیوں ضروری ہے؟
8. کائی اسکوائر ٹیسٹ کی متوقع تعدد (Expected Frequency) کم از کم کتنی ہونی چاہیے؟
9. کیا کائی اسکوائر ٹیسٹ مقداری (Quantitative) ڈیٹا پر لاگو ہو سکتا ہے؟
10. کاروبار میں کائی اسکوائر ٹیسٹ کا کوئی ایک استعمال لکھیں۔

## مختصر جوابات کے حامل سوالات (Short Answers Type Questions)

1. کائی اسکوائر تجزیہ (Chi-Square Analysis) کے معنی اور تصور کو مختصر وضاحت کے ساتھ بیان کریں۔
2. ٹیسٹ فار گڈنیس آف فٹ (Test for Goodness of Fit) کو مثال کے ساتھ واضح کریں۔
3. کائی اسکوائر ٹیسٹ میں متوقع (Expected) اور مشاہدہ شدہ (Observed) تعدد سے کیا مراد ہے؟ مثال دیں۔
4. کائی اسکوائر ٹیسٹ کی کوئی تین اہم حدود (Limitations) بیان کریں۔
5. کاروباری تجزیات میں کائی اسکوائر ٹیسٹ (Chi-Square Test) کی اہمیت مختصراً بیان کریں۔

## طویل جوابات کے حامل سوالات (Long Answers Type Questions)

1) کائی اسکوائر تجزیہ (Chi-Square Analysis) کیا ہے؟ اس کا فارمولا، بنیادی تصورات اور کاروبار میں استعمال واضح کریں۔
2) ٹیسٹ فار انڈیپینڈنس آف ایٹریبیوٹس (Test for Independence of Attributes) کیا ہے؟ تفصیلی مثال دے کر اس کی وضاحت کریں۔
3) ٹیسٹ فار گڈنیس آف فٹ (Test for Goodness of Fit) کی اہمیت واضح کریں، نیز اسے کاروباری میدان میں مثال کے ساتھ بیان کریں۔
4) کائی اسکوائر ٹیسٹ کی حدود اور شرائط (Limitations or Conditions) کون سی ہیں؟ ان کی تفصیلی وضاحت کریں۔
5) کاروباری تجزیات (Business Analytics) میں کائی اسکوائر تجزیے کی اہمیت واضح کریں اور عملی زندگی سے متعلق کم از کم دو مثالیں دیں۔

# اکائی 12۔ تغیر کا تجزیہ

(Analysis of Variance)

| اکائی کے اجزاء | Structure |
|---|---|
| 12.0 تمہید | Introduction |
| 12.1 مقاصد | Objectives |
| 12.2 انووا(ANOVA) کی تعریف | Meaning of ANOVA |
| 12.3 انووا (ANOVA) کی ضرورت | Need for ANOVA |
| 12.4 انووا (ANOVA) کا مقصد | Objective of ANOVA |
| 12.5 ایک طرفہ انووا(ANOVA)ر | One-Way ANOVA |
| 12.6 دوطرفہ انووا (ANOVA) | Two-Way ANOVA |
| 12.7 دوطرفہ انووا(ANOVA) کے اقسام | Types of Two-Way ANOVA |
| 12.8 کاروباری تجزیات میں انووا (ANOVA) کی اہمیت | Importance of ANOVA in Business Analytics |
| 12.9 اکتسابی نتائج | Learning Outcomes |
| 12.9 نمونہ امتحانی سوالات | Model Exam Questions |

## 12.0 تمہید(Introduction)

گزشتہ یونٹ (یونٹ 11) میں آپ نے کائی اسکوائر تجزیہ (Chi-Square Analysis) کے بنیادی تصورات سیکھے، جس میں ٹیسٹ فار گڈنیس آف فٹ (Test for Goodness of Fit) اور ٹیسٹ فار انڈیپینڈنس آف ایٹریبیوٹس (Test for Independence of Attributes) شامل تھے۔ ان ٹیسٹس کے ذریعے مختلف زمرہ جاتی (Categorical) متغیرات کے مابین تعلق یا آزادی کو پرکھنے کا طریقہ سمجھا گیا۔

اب یونٹ 12 میں ہم ایک اور اہم شماریاتی تکنیک تجزیہ تغیر (Analysis of Variance - ANOVA) پر گفتگو کریں گے، جو دو یا زیادہ گروپوں کے درمیان اوسط (Mean) کے فرق کو جانچنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ جب ہمیں یہ معلوم کرنا ہو کہ مختلف گروپس کے اوسط میں کوئی معنی خیز فرق موجود ہے یا نہیں، تو ANOVA ایک مؤثر تکنیک ثابت ہوتی ہے۔

اس یونٹ میں آپ ایک طرفہ تجزیہ تغیر (One-Way ANOVA) اور دو طرفہ تجزیہ تغیر (Two-Way ANOVA) کا تجزیہ کریں گے۔ ساتھ ہی، دو طرفہ ANOVA کے وہ کیسز بھی سیکھیں گے جہاں عوامل کے درمیان تنور ملل (Interaction) موجود ہوتا ہے اور وہ کیسز بھی جہاں تنور ملل موجود نہیں ہوتا۔

یہ یونٹ آپ کو کاروباری اور تحقیقی تجزیات میں ANOVA کے عملی استعمال کو سمجھنے میں مدد دے گا، خاص طور پر جب مختلف گروپوں کے ڈیٹا کا موازنہ درکار ہو۔

---

## 12.1 مقاصد (Objectives)

اس اکائی کا مطالعہ کرنے کے بعد، آپ مندرجہ ذیل نکات کو سمجھ سکیں گے:

- تجزیہ تغیر (ANOVA) کے بنیادی تصورات کو سمجھ سکیں اور اس کی ضرورت و مقصد کو واضح کر سکیں۔
- ایک طرفہ تجزیہ تغیر (One-Way ANOVA) اور دو طرفہ تجزیہ تغیر (Two-Way ANOVA) کے درمیان فرق کو مثالوں کے ذریعے بیان کر سکیں۔
- Two-Way ANOVA میں تنور ملل (Interaction) کی موجودگی اور عدم موجودگی کے اثرات کو جانچ سکیں۔
- ANOVA کی کاروباری تجزیات، تحقیق اور دیگر عملی میدانوں میں اہمیت کو واضح کر سکیں۔

---

## 12.2 انووا (ANOVA) کی تعریف (Definition of Analysis of ANOVA)

نووا (Analysis of Variance - ANOVA) ایک شماریاتی تکنیک ہے جو دو یا زیادہ گروپوں کے درمیان اوسط (Mean) کے فرق کو جانچنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ اگر ہم یہ جاننا چاہتے ہیں کہ مختلف گروپس کے درمیان کوئی معنی خیز فرق موجود ہے یا نہیں، تو ANOVA اس کا بہترین طریقہ ہے۔

یہ طریقہ اس مفروضے (Hypothesis) کو پرکھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے کہ تمام گروپوں کے اوسط برابر ہیں یا نہیں۔ اگر فرق پایا جائے تو ANOVA یہ طے کرنے میں مدد دیتا ہے کہ آیا یہ فرق محض اتفاقیہ (By Chance) ہے یا شماریاتی طور پر نمایاں (Statistically Significant) ہے۔

## 12.3 انووا(ANOVA) کی ضرورت (Need for ANOVA)

جب ہمیں دو سے زیادہ گروپوں کے اوسط (Mean) کا موازنہ کرنا ہو، تو ANOVA ایک مؤثر شماریاتی تکنیک ثابت ہوتی ہے۔ اگر صرف دو گروپس کا موازنہ کرنا ہو تو t-Test استعمال کیا جا سکتا ہے، لیکن اگر گروپوں کی تعداد تین یا زیادہ ہو تو t-Test بار بار کرنے سے شماریاتی غلطیوں (Errors) کا احتمال بڑھ جاتا ہے۔ اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے ANOVA استعمال کیا جاتا ہے، جو تمام گروپوں کا بیک وقت موازنہ کرنے میں مدد دیتا ہے۔

ANOVA کی ضرورت درج ذیل وجوہات کی بنا پر محسوس کی جاتی ہے:

1. متعدد گروپس کے موازنے میں آسانی:

اگر ہمارے پاس تین یا اس سے زیادہ گروپس ہوں تو ANOVA ہمیں ایک ہی ٹیسٹ کے ذریعے ان کا موازنہ کرنے میں مدد دیتا ہے، بجائے اس کے کہ ہم متعدد t-Tests استعمال کریں۔

2. شماریاتی غلطیوں سے بچاؤ:

بار بار t-Test استعمال کرنے سے غلطی (Type I Error) کے احتمالات بڑھ جاتے ہیں، جبکہ ANOVA ایک ہی بار میں تمام گروپس کا موازنہ کر کے اس خطرے کو کم کرتا ہے۔

3. گروپس کے اندر اور گروپس کے درمیان تغیر کا موازنہ:

ANOVA صرف اوسط کا موازنہ نہیں کرتا، بلکہ یہ گروپوں کے اندرونی (Within-Group) اور باہری (Between-Group) تغیر (Variance) کا بھی جائزہ لیتا ہے۔

4. کاروباری اور تحقیقی تجزیہ میں مدد:

مارکیٹ ریسرچ، ہیلتھ کیئر، تعلیمی میدان، اور فنانس میں مختلف گروپوں کے ڈیٹا کا تجزیہ کرنے کے لیے ANOVA کا استعمال ناگزیر ہے۔

## 12.4 انووا ANOVA() کا مقصد (Objective of ANOVA)

ANOVA کا بنیادی مقصد یہ طے کرنا ہے کہ آیا دو یا زیادہ گروپوں کے درمیان اوسط میں کوئی معنی خیز فرق موجود ہے یا نہیں۔ اگر فرق پایا جاتا ہے تو ANOVA یہ بھی بتاتا ہے کہ آیا یہ فرق محض اتفاقیہ (Random) ہے یا شماریاتی لحاظ سے اہم (Significant) ہے۔

ANOVA کے مقاصد درج ذیل ہیں:

متعدد گروپس کے اوسط کا شماریاتی تجزیہ کرنا ANOVA: اس بات کو پرکھنے میں مدد دیتا ہے کہ کیا مختلف گروپوں کے درمیان کوئی حقیقی فرق موجود ہے یا نہیں۔

شماریاتی اہمیت (Statistical Significance) کی جانچ ANOVA: اس فرق کی اہمیت کو جانچ کر یہ طے کرتا ہے کہ کیا گروپس کے درمیان پایا جانے والا فرق صرف اتفاقیہ (By Chance) ہے یا واقعی کسی وجہ سے ہے۔

کاروباری اور سائنسی فیصلوں میں معاونت: کاروباری ادارے اور تحقیقاتی ادارے ANOVA کی مدد سے بہتر فیصلے کر سکتے ہیں، مثلاً مختلف مارکیٹنگ اسٹریٹیجیز، پروڈکٹ کی کارکردگی، یا کسی طبّی علاج کے اثرات کا تجزیہ۔

گروپس کے اندر اور گروپس کے درمیان تغیر کی شناخت ANOVA: یہ بھی دیکھتا ہے کہ کسی تجربے میں گروپس کے اندرونی فرق (Within-group variance) اور گروپس کے درمیان فرق (Between-group variance) کتنا نمایاں ہے۔

---

## 12.5 ایک طرفہ انووا (ANOVA) (One-Way ANOVA)

---

ایک طرفہ تجزیہ تغیر (One-Way ANOVA) ایک شماریاتی تکنیک ہے جو ایک آزاد متغیر (Independent Variable) کی بنیاد پر تین یا زیادہ گروپوں کے اوسط (Mean) کا موازنہ کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ اس کا بنیادی مقصد یہ جانچنا ہوتا ہے کہ کیا مختلف گروپوں کے اوسط میں کوئی معنی خیز فرق (Significant Difference) موجود ہے یا نہیں۔

One-Way ANOVA کا مطلب یہ ہے کہ ہم صرف ایک آزاد متغیر (Factor) کو تبدیل کر کے گروپوں کے اوسط میں فرق کا تجزیہ کر رہے ہیں۔

One-Way ANOVA کے مفروضے:(Assumptions)

One-Way ANOVA کو درست طریقے سے لاگو کرنے کے لیے درج ذیل شرائط پوری ہونی چاہیے:

1. نمونے آزاد ہونے چاہیے:(Independence of Samples)

ہر گروپ میں موجود مشاہدات ایک دوسرے سے آزاد (Independent) ہونے-چاہیے

2. گروپس میں ڈیٹا نارمل ڈسٹری بیوشن (Normally Distributed) ہونا چاہیے:

گروپس کے اندر موجود ڈیٹا نارمل تقسیم (Normal Distribution) کے قریب ہونا چاہیے۔

3. واریانس (Variance) یکساں ہونا چاہیے:(Homogeneity of Variance)

تمام گروپس میں تغیر (Variance) تقریباً برابر ہونا چاہیے تاکہ موازنہ درست ہو۔

One-Way ANOVA کا شماریاتی فارمولا:

$$F = \frac{\text{Between Group Variance}}{\text{Within Group Variance}}$$

جہاں:

- Between Group Variance: مختلف گروپس کے اوسط (Mean) میں پائے جانے والا فرق۔
- Within Group Variance: ہر گروپ کے اندر موجود ڈیٹا میں پائے جانے والا فرق۔
- F-Statistic: یہ شماریاتی قدر (Statistic) ہمیں بتاتی ہے کہ آیا گروپس کے درمیان پایا جانے والا فرق معنی خیز (Significant) ہے یا نہیں۔

---

## 12.6 دوطرفہ 12.2 انووا (Two-Way ANOVA)

---

دوطرفہ تجزیہ تغیر (Two-Way ANOVA) ایک شماریاتی تکنیک ہے جو دو آزاد متغیرات (Independent Variables) کے اثر کو جانچنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ One-Way ANOVA کے برعکس، جہاں صرف ایک فیکٹر (Factor) کا اثر جانچا جاتا ہے، Two-Way ANOVA میں دو مختلف عوامل (Factors) کے مشترکہ اثرات کو بھی پرکھا جاتا ہے۔

یہ تکنیک خاص طور پر اس وقت استعمال کی جاتی ہے جب یہ جانچنا ہو کہ دو مختلف متغیرات کسی ایک تابع متغیر (Dependent Variable) پر کس طرح اثرانداز ہو رہے ہیں اور آیا ان دونوں کے درمیان کوئی تنورملل (Interaction Effect) موجود ہے یا نہیں۔

Two-Way ANOVA کے مفروضے: (Assumptions)

Two-Way ANOVA کے درست اطلاق کے لیے درج ذیل مفروضے پورے ہونا ضروری ہیں:

1. ڈیٹا نارمل تقسیم (Normally Distributed) ہونا چاہیے۔
2. تمام گروپوں میں واریانس (Variance) یکساں ہونا چاہیے۔
3. مشاہدات آزاد ہونے چاہئیں (Independent Observations)۔
4. دو مختلف آزاد متغیرات (Factors) کا اثر جانچنے کے لیے مناسب نمونے ہونے چاہئیں۔

Two-Way ANOVA کا شماریاتی فارمولا:

$$F = \frac{\text{Variation Due to Factor A, Factor B, and Interaction}}{\text{Within-Group Variation}}$$

جہاں:

- Factor A پہلا آزاد متغیر
- Factor B دوسرا آزاد متغیر
- Interaction دونوں عوامل کے مشترکہ اثرات
- Within-Group Variation ہر گروپ کے اندر موجود تغیر

## 12.7 دوطرفہ انووا کی اقسام (Types of Two-Way ANOVA)

Two-Way ANOVA کو نارمل طور پر **دو اقسام** میں تقسیم کیا جاتا ہے:

1) Two-Way ANOVA بغیر تنور ملل (Two-Way ANOVA Without Interaction)

یہ وہ صورت ہے جہاں دو آزاد متغیرات (Independent Variables) کا اثر ایک تابع متغیر (Dependent Variable) پر جانچا جاتا ہے، لیکن یہ فرض کیا جاتا ہے کہ ان دونوں متغیرات کے درمیان کوئی تنور ملل (Interaction) موجود نہیں ہے۔ اس تجزیے میں دونوں عوامل (Factors) کا الگ الگ اثر دیکھا جاتا ہے، لیکن یہ پرکھا نہیں جاتا کہ آیا یہ دونوں عوامل ایک دوسرے پر اثرانداز ہوتے ہیں یا نہیں۔

فرض کریں کہ ایک تعلیمی تحقیق میں یہ جانچنا ہو کہ طلبہ کی جنس (Male/Female) اور تدریسی طریقہ (Lecture-based/Practical-based) کس حد تک طلبہ کی تعلیمی کارکردگی پر اثرانداز ہوتا ہے۔

- آزاد متغیر 1 (Factor A): طلبہ کی جنس (Male, Female)
- آزاد متغیر 2 (Factor B): تدریسی طریقہ (Lecture-based, Practical-based)
- تابع متغیر: امتحانی نمبرز

Two-Way ANOVA Without Interaction **یہ بتائے گا کہ:**

- کیا تدریسی طریقہ کارکردگی پر اثر ڈالتا ہے؟
- کیا جنس کے لحاظ سے کارکردگی میں فرق پایا جاتا ہے؟
- لیکن یہ نہیں بتائے گا کہ آیا تدریسی طریقہ اور جنس ایک ساتھ مل کر کارکردگی پر اثر ڈالتے ہیں یا نہیں۔

2) Two-Way ANOVA ساتھ تنور ملل (Two-Way ANOVA With Interaction)

یہ وہ صورت ہے جہاں دو آزاد متغیرات کے انفرادی اثرات کے ساتھ ساتھ ان کے باہمی تنور ملل (Interaction Effect) کا بھی تجزیہ کیا جاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم یہ بھی جانچ سکتے ہیں کہ آیا ایک متغیر کا اثر دوسرے متغیر کی موجودگی میں مختلف ہوتا ہے یا

نہیں۔اس تجزیے میں دونوں عوامل کے انفرادی اثرات کے علاوہ یہ بھی دیکھا جاتا ہے کہ کیا یہ دونوں عوامل ایک دوسرے پر اثر انداز ہوتے ہیں؟

فرض کریں کہ ایک بھارتی موبائل کمپنی یہ جانچنا چاہتی ہے کہ مختلف شہروں (ممبئی، دہلی، حیدرآباد) اور تشہیری مہم (TV Ads, Social Media Ads) کس حد تک موبائل فون کی فروخت پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

- آزاد متغیر1 (Factor A): شہر (ممبئی، دہلی، حیدرآباد)
- آزاد متغیر2 (Factor B): اشتہاری طریقہ (TV Ads, Social Media Ads)
- تابع متغیر: موبائل فون کی فروخت

Two-Way ANOVA With Interaction کے ذریعے درج ذیل سوالات کے جوابات حاصل ہوں گے:

- کیا مختلف شہروں میں فروخت کا فرق معنی خیز ہے؟
- کیا TV اور Social Media اشتہارات کی تاثیر میں فرق پایا جاتا ہے؟
- کیا کسی مخصوص شہر میں کوئی خاص اشتہاری طریقہ زیادہ مؤثر ہے؟ یہ تنور ملل کا اثر ہے

**Illustration 1:** Two random samples were drawn from two normal populations and their values are:

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **A** | **65** | **66** | **73** | **80** | **82** | **84** | **88** | **90** | **92** |
| B | 64 | 66 | 74 | 78 | 82 | 85 | 87 | 92 | 93 |

Test whether the two populations have the same variance at the 5% level of significance.

(Given: $F = 3.36$ at 5% level for $v_1 = 10$ and $v_2 = 8$)

**Solution:** Let us take the null hypothesis that the two populations have not the same variance.

Applying F-test:

$$F = \frac{S_1^2}{S_2^2}$$

| A ($X_1$) | $(X_1 - \bar{X}_1) = x_1$ | $x_1^2$ | B ($X_2$) | $(X_2 - \bar{X}_2) = x_2$ | $x_2^2$ |
|---|---|---|---|---|---|

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 65 | -15 | 225 | 64 | -19 | 361 |
| 66 | -14 | 196 | 66 | -17 | 289 |
| 73 | -7 | 49 | 74 | -9 | 81 |
| 80 | 0 | 0 | 78 | -5 | 25 |
| 82 | 2 | 4 | 82 | -1 | 1 |
| 84 | 4 | 16 | 85 | 2 | 4 |
| 88 | 8 | 64 | 87 | 4 | 16 |
| 90 | 10 | 100 | 92 | 9 | 81 |
| 92 | 12 | 144 | 93 | 10 | 100 |
| | | | 95 | 12 | 144 |
| | | | 97 | 14 | 196 |

$$\Sigma X_1 = 720, \quad \Sigma x_1 = 0, \quad \Sigma x_1^2 = 798$$

$$\Sigma X_2 = 913, \quad \Sigma x_2 = 0, \quad \Sigma x_2^2 = 1298$$

$$\bar{X}_1 = \frac{\Sigma X_1}{n_1} = \frac{720}{9} = 80$$

$$\bar{X}_2 = \frac{\Sigma X_2}{n_2} = \frac{913}{11} = 83$$

$$S_1^2 = \frac{\Sigma x_1^2}{n_1 - 1} = \frac{798}{9 - 1} = 99.75$$

$$S_2^2 = \sum x_2^2 / n_2 - 1 = \frac{734}{11 - 1} = 129.8$$

$$F = \frac{S_1^2}{S_2^2} = \frac{99.75}{129.8} = 0.768$$

At 5 percent level of significance, for $v_1 = 10$ and $v_2 = 8$, the table value of $F_{0.05} = 3.36$.

The calculated value of F is less than the table value. The hypothesis is accepted. Hence the two populations have not the same variance. ✓

## 12.8 کاروباری تجزیات میں ANOVA کی اہمیت

## (Importance of ANOVA in Business Analytics)

تجزیہ تغیر (ANOVA - Analysis of Variance) کاروباری تجزیات میں ایک انتہائی مؤثر شماریاتی تکنیک ہے، جو مختلف عوامل (Factors) کے کاروباری کارکردگی پر اثرات کو جانچنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ ANOVA کے ذریعے ادارے یہ معلوم کر سکتے ہیں کہ آیا مختلف گروپس کے درمیان کارکردگی یا نتائج میں کوئی شماریاتی لحاظ سے نمایاں فرق موجود ہے یا نہیں۔

ANOVA کا بنیادی مقصد یہ ہوتا ہے کہ کاروباری ادارے اپنے فیصلوں کو ڈیٹا پر مبنی شواہد (Data-Driven Evidence) کے ذریعے بہتر بنا سکیں، اور کسی خاص پالیسی یا حکمت عملی کی مؤثریت (Effectiveness) کو جانچ سکیں۔

کاروباری تجزیات میں ANOVA کی اہمیت:

*1) مارکیٹ ریسرچ:(Market Research)*

مارکیٹ ریسرچ میں ANOVA ایک طاقتور ٹول کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ کمپنیاں مختلف مارکیٹ سیگمنٹس میں مصنوعات کی فروخت کا موازنہ کرنے کے لیے ANOVA استعمال کرتی ہیں۔ مثال: ایک بھارتی فاسٹ فوڈ چین یہ جاننا چاہتی ہے کہ کیا ممبئی، دہلی، اور حیدرآباد میں اس کی مصنوعات کی اوسط فروخت میں کوئی نمایاں فرق موجود ہے یا نہیں۔ ANOVA کے ذریعے کمپنی فیصلہ کر سکتی ہے کہ کون سے شہر میں سب سے زیادہ مانگ (Demand) ہے اور اپنی کاروباری حکمت عملی کو اس کے مطابق ترتیب دے سکتی ہے۔

*2) قیمتوں کی پالیسی:(Pricing Strategy)*

ANOVA قیمتوں کے تعین (Pricing Strategy) میں بھی مددگار ثابت ہوتا ہے۔ اگر کسی کمپنی کو مختلف قیمتوں کے ماڈلز کا تجزیہ کرنا ہو تو ANOVA کے ذریعے وہ یہ معلوم کر سکتی ہے کہ کون سی قیمت زیادہ مؤثر ہے۔ مثال: اگر ایک موبائل کمپنی اپنے فون کی ₹15,000، ₹20,000، اور ₹25,000 کی قیمتوں پر فروخت کے اثرات کا موازنہ کرنا چاہتی ہے تو One-Way ANOVA کی مدد سے وہ دیکھ سکتی ہے کہ کون سی قیمت صارفین کے لیے زیادہ پرکشش ہے۔

*3) اشتہارات اور مارکیٹنگ:(Advertising & Marketing)*

ANOVA مختلف اشتہاری مہمات (Ad Campaigns) کی مؤثریت کو جانچنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے تاکہ کاروباری ادارے یہ معلوم کر سکیں کہ کون سی حکمت عملی زیادہ کامیاب ہے۔ مثال: فرض کریں کہ ایک ای-کامرس کمپنی سوشل میڈیا، ٹی وی، اور بل بورڈز کے ذریعے اشتہار چلا رہی ہے۔ Two-Way ANOVA کے ذریعے کمپنی یہ جانچ سکتی ہے کہ کون سا پلیٹ فارم سب سے زیادہ مؤثر ہے اور آیا مخصوص اشتہاری پلیٹ فارم کسی خاص عمر کے گروپ (مثلاً نوجوان، بالغ، یا بزرگ) پر مختلف اثر ڈال رہا ہے یا نہیں۔

4) انسانی وسائل اور کارکردگی کا تجزیہ:(HR & Performance Analysis)

ANOVA مختلف ملازمین کی کارکردگی کے تجزیے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے، جس سے ادارے اپنی ہیومن ریسورس پالیسی کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ مثال: ایک کمپنی اپنے ملازمین کی کارکردگی کو تین مختلف تربیتی پروگرامز (Training Programs) میں تقسیم کر کے جانچنا چاہتی ہے۔ ANOVA کی مدد سے معلوم کیا جا سکتا ہے کہ کون سا تربیتی پروگرام سب سے زیادہ مؤثر ہے اور کس سے ملازمین کی کارکردگی میں سب سے زیادہ بہتری آئی ہے۔

5) مصنوعات کی کوالٹی کنٹرول:(Product Quality Control)

مینوفیکچرنگ انڈسٹری میں ANOVA مصنوعات کے معیار (Quality Control) کو جانچنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ مختلف پروڈکشن لائنز کے درمیان معیار کے فرق کو جانچنے کے لیے ANOVA کا اطلاق کیا جاتا ہے۔ مثال: ایک آٹوموبائل کمپنی اپنے تین مختلف مینوفیکچرنگ یونٹس میں بننے والی گاڑیوں کی اوسط کارکردگی کا موازنہ کرنے کے لیے One-Way ANOVA کا استعمال کر سکتی ہے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ کون سی پروڈکشن لائن سب سے زیادہ معیاری نتائج دے رہی ہے۔

ANOVA کاروباری تجزیات (Business Analytics) میں فیصلہ سازی کے لیے ایک طاقتور شماریاتی ٹول ہے، جو مختلف عوامل (Factors) کے اثرات کو جانچنے اور مختلف گروپس کے درمیان نمایاں فرق کو پرکھنے میں مدد دیتا ہے۔ اس کی مدد سے مارکیٹ ریسرچ، مصنوعات کی قیمتوں، اشتہارات، ملازمین کی کارکردگی، اور کوالٹی کنٹرول جیسے اہم کاروباری فیصلوں کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔

ANOVA کا درست استعمال کاروباری اداروں کو ڈیٹا پر مبنی شواہد کے ساتھ بہتر اور مؤثر فیصلے کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے، جس سے مسابقتی برتری (Competitive Advantage) حاصل کی جا سکتی ہے۔

## 12.9 نمونہ امتحانی سوالات (Model Exam Questions)

معروضی جوابات کے حامل سوالات(Objective Answer Type Questions)

1) تجزیہ تغیر (ANOVA) کا بنیادی مقصد کیا ہے؟
2) ANOVA میں **F-Statistic** کس چیز کا تجزیہ کرتا ہے؟
3) One-Way ANOVA میں کتنے آزاد متغیرات (Factors) کا تجزیہ کیا جاتا ہے؟
4) Two-Way ANOVA میں کتنے آزاد متغیرات (Factors) ہوتے ہیں؟
5) One-Way ANOVA اور Two-Way ANOVA میں بنیادی فرق کیا ہے؟
6) ANOVA میں تنور ملل (Interaction Effect) سے کیا مراد ہے؟
7) ANOVA میں صفر مفروضہ (Null Hypothesis - $H_0$) کیا ظاہر کرتا ہے؟
8) اگر ANOVA کی $p\text{-value} < 0.05$ ہو تو اس کا کیا مطلب ہے؟

9) ANOVA میں Between Group Variance اور Within Group Variance کا کیا مطلب ہے؟

10) Two-Way ANOVA کس قسم کے ڈیٹا پر استعمال کیا جاتا ہے؟

مختصر جوابات کے حامل سوالات (Short Answers Type Questions)

1) ANOVA کی ضرورت اور اس کے عملی استعمال کی وضاحت کریں۔

2) One-Way ANOVA کے مفروضے (Assumptions) کیا ہیں؟ تفصیل سے بیان کریں۔

3) Two-Way ANOVA کے دو مختلف اقسام (With & Without Interaction) میں فرق واضح کریں۔

4) کاروباری تجزیات (Business Analytics) میں ANOVA کا کردار بیان کریں۔

5) ANOVA اور t-Test میں کیا فرق ہے؟ تقابلی جائزہ پیش کریں۔

طویل جوابات کے حامل سوالات (Long Answers Type Questions)

1) تجزیہ تغیر (ANOVA) کی بنیادی تعریف، ضرورت اور کاروباری و تحقیقی میدان میں اس کی اہمیت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

2) One-Way ANOVA کا تفصیل سے تجزیہ کریں، اس کا فارمولا، مفروضے اور عملی مثال کے ساتھ وضاحت کریں۔

3) Two-Way ANOVA کے مفہوم کو واضح کریں، اس کے استعمال اور مختلف اقسام (With & Without Interaction) کو مثالوں کے ساتھ بیان کریں۔

4) ANOVA میں F-Statistic کی تشریح کریں، اس کے حساب کے طریقہ کار اور عملی اطلاق کو تفصیل سے بیان کریں۔

5) کسی کاروباری یا تعلیمی تحقیق کے لیے ANOVA کے استعمال کی وضاحت کریں اور ایک حقیقی مثال کے ساتھ اس کے اطلاق کا طریقہ کار بیان کریں۔

# MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY

## CENTRE FOR DISTANCE AND ONLINE EDUCATION

MBA I SEMESTER

Semester Examination, Nov/Dec 2025

Course Code: MMBA123CCT Subject: Business Analytics & Statistics

Total Marks: 70 Times: 3 Hours

---

یہ پرچہ تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے الفاظ کی تعداد اشارہ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں دس لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات / خالی جگہوں پر کرنا / مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر ہے۔ (1x10 = 10 marks)
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً (100) الفاظ پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ (5x6 = 30 marks)
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً (250) الفاظ پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ (3x10 = 30 marks)

---

## حصہ اول

**درج ذیل تمام سوالوں کا جواب دیں۔** **(10 x 01 = 10 Marks)**

1) بزنس اینالیٹکس کیا ہے؟
2) بزنس اینالیٹکس کی کسی بھی دو قسموں کے نام بتائیں۔
3) مارکیٹ کے غیر یقینی حالات میں پیش گوئی کرنے والے تجزیات اسٹریٹجک فیصلوں کے معیار کو کیسے بڑھا سکتے ہیں؟
4) کسی تنظیم کے اندر ڈیٹا سے چلنے والی ثقافت کو فروغ دینے میں قیادت کیا کردار ادا کرتی ہے؟
5) طاق اعداد کی مثالیں...............ہیں۔
6) کارپیرسن کا تعلق...............ملک سے ہے۔
7) ایک ناممکن ایونٹ کا احتمال صفر ہے۔ صحیح
8) جمعی ماڈل میں اجزا کے اثرات کی نوعیت جمعی نہیں ہوتی۔ (صحیح/غلط)
9) تجزیہ تغیر (ANOVA) کا بنیادی مقصد کیا ہے؟
10) ANOVA میں **F-Statistic** کس چیز کا تجزیہ کرتا ہے؟

## حصہ دوم

**درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کی وضاحت کریں۔** **(5 x 6 = 30 Marks)**

1. وضاحتی تجزیات میں استعمال ہونے والے ٹولز پر مثالوں کے ساتھ بحث کریں۔
2. ایک کمپنی کس طرح انتظام کی تمام سطحوں پر ڈیٹا پر مبنی کلچر بنا سکتی ہے؟
3. مؤثر فیصلہ سازی میں ڈیٹا گورننس اور ڈیٹا کا معیار کیا کردار ادا کرتا ہے؟
4. ایک ایسے منظر نامے کی وضاحت کریں جہاں ڈیٹا کی ناقص تشریح کی وجہ سے کاروباری فیصلہ غلط ہوا۔ تجزیات سے نتیجہ کیسے بدل سکتا ہے؟
5. ذیل کے مواد کی عدد سے بہتانیہ محسوب کیجئے۔

| تعدد | 9 | 12 | 14 | 18 | 19 | 20 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| F | 3 | 4 | 3 | 2 | 6 | 10 |

6. دیے ہوئے اعداد کی مدد سے راست اور بالراست طریقہ پر معیاری انحراف اور تفاوت محسوب کیجئے۔

| X | 10 | 20 | 30 | 11 | 14 | 17 | 20 | 23 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| F | 1 | 2 | 2 | 3 | 4 | 5 | 2 | 1 |

7. احتمالی تقسیم میں متوقع قدر کے تصور کی وضاحت کریں۔

سادہ نیم اواسط کے طریقہ کے تحت درجہ ذیل اعداد و شمار کے لیے رجحان کا تعین کیجیے۔

| سال | 2001 | 2002 | 2003 | 2004 | 2005 | 2006 | 2007 | 2008 | 2009 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پیداوار (ٹنوں میں) | 16 | 14 | 20 | 18 | 19 | 12 | 23 | 28 | 25 |

8. کاروباری تجزیات (Business Analytics) میں ANOVA کا کردار بیان کریں۔

## حصہ سوم

**درج ذیل سوالات میں سے کسی تین کی وضاحت کریں۔** **(3 x 10 = 30 Marks)**

1) سوشل میڈیا اینالیٹکس کی اہمیت اور مختلف پلیٹ فارمز اسے کاروباری بصیرت کے لیے کس طرح لاگو کرتے ہیں اس کی وضاحت کریں۔

2) اینالیٹکس لائف سائیکل کے آغاز میں مسئلہ کی تعریف تجزیاتی پروجیکٹ کے نتائج کو کیسے متاثر کر سکتی ہے ؟

3) ایم بی اے کے طلباء انٹرن شپ یا لائیو پروجیکٹس کے دوران ڈیٹا پر مبنی فیصلہ سازی، اصولوں کا اطلاق کیسے کر سکتے ہیں ؟

4) ذیل میں دیئے گئے تفصیلات کی مدد سے $Q_1$, $Q_2$ اور $Q_3$ محسوب کیجئے۔

| وقفہ جماعت نشانات | 0-10 | 10-20 | 20-30 | 30-40 | 40-50 | 50-60 | 60-70 | 70-80 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تعداد F | 1 | 3 | 5 | 7 | 11 | 9 | 2 | 2 |

5) کسی کاروباری یا تعلیمی تحقیق کے لیے ANOVA کے استعمال کی وضاحت کریں اور ایک حقیقی مثال کے ساتھ اس کے اطلاق کا طریقہ کار بیان کریں۔